U. 9107

مرمّت

مرتبہ

وصل بلگرامی

مرقع کے قواعد و ضوابط

۱ - مرقع حتی الامکان ہر انگریزی مہینے کی ۱۵ تاریخ تک شایع ہوا کریگا۔

۲ - مرقع کی قیمت عام خریداروں کے لئے پانچ روپیہ سالانہ مع محصول ڈاک مقرر ہے جو پیشگی وصول ہونا چاہیے۔

۳ - مرقع کا نمونہ بغیر ۸ر نقد وصول ہوئے روانہ نہیں ہو سکتا۔

۴ - مرقع کی قیمت روسا، و دیگر معزز اصحاب اور اُس کے مربیوں سے اُن کی ہمت افزائی پر منحصر ہے۔

۵ - جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ کا آنا لازمی ہے۔

۶ - خط و کتابت کے سلسلے میں خریداری کا نمبر لکھنا ضروری ہے۔

۷ - رسالہ نہ پہونچنے کی اطلاع ہر ماہ کی ۲۵ تاریخ تک آجانا چاہیئے۔

۸ - کوئی مضمون ایسا شایع نہ ہوگا جو مخرب اخلاق ہو یا کوئی خراب اثر پیدا کر سکے

۹ - تعلیم یافتہ خواتین کے صرف وہ مضامین نظم و نثر درج ہوں گے جو اپنی خوبیوں کے لحاظ سے بہترین اور اپنے اثرات کے لحاظ سے نہایت خوشگوار ہوں گے۔

۱۰ - مرقع کو موجودہ پالیٹکس یا مذہبی مباحث سے کوئی سروکار نہ ہوگا

۱۱ - تنقیدی مضامین بھی اسمیں شایع ہوں گے۔ مگر وہی جنمیں خلوص ہوگا۔ باہمی نزاعات یا کسی قسم کے تعصب یا کسی رنج کی بنا پر لکھے ہوئے مضامین سے احتراز کیا جائیگا۔

۱۲ ایسے مضامین جنمیں کسی شخص پر چوٹ کی گئی ہو یا اسمیں ایسے الفاظ ہوں جن سے دوسرے کو رنج کا شائبہ بھی پیدا ہو ہرگز شایع نہ ہونگے

۱۳ جس نظم و نثر کے مضمون میں زبان لغت یا فن کی غلطیاں ہوں گی اُسوقت تک شایع نہ ہوگا جب تک اُسکی مناسب ترمیم اطلاع چلنے پر خود صاحب مضمون نہ کردیں۔

۱۴ - مرقع کا مسلک صلح کل ہے وہ انشاء اللہ کبھی دل آزار یا متعصب ثابت نہ ہوگا۔

۱۵ - مرقع کو واتیات سے کبھی تعلق نہ ہوگا - وہ اپنے معاصرین سے خواہ وہ اہل جرائد ہوں، یا اہل اخبار اتفاق اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کریگا۔ اور انشاء اللہ وہ ہمیشہ اسمیں ثابت قدم رہیگا۔

مدیر "مرقع" لکھنؤ

مرقع میں اشتہارات بھیجتے وقت

(ذیل کا نرخ ملاحظہ فرمائیے)

تعداد طبع	ایک صفحہ	نصف صفحہ	چوتھائی صفحہ
ایک سال کے لئے	۵ر	۳ر	۲ر
چھ ماہ کے لئے	۳ر	۲ر	۱ر
تین ماہ کے لئے	۲ر	۱ر	۸ر
ایک ماہ کے لئے	۱ر	۸ر	۵ر

ضروری نوٹ

ٹائٹل پیج کے صفحہ ۲ و ۳ و ۴ کی اجرت کا نرخ اس کے علاوہ ہے جو خط و کتابت سے طے ہو سکتا ہے۔ اجرت کا پیشگی آنا ضروری ہے

منیجر "مرقع" لکھنؤ

ڈاکٹر سر در حسین - ایچ - ایل - ایم - ایس - مشہور ہومیو پیتھ و دندان ساز و عینک ساز نمبر ۳ و ۴ - امین آباد پارک لکھنؤ

مرقع کے قواعد و ضوابط

۱ [illegible] ماہانہ ہو [illegible] ہوا کریگا۔

۲ [illegible] قیمت [illegible] خریدنے کے لئے پانچ روپیہ سالانہ [illegible] حصول مقررہ جو پیشگی وصول ہونا چاہیے۔

۳ [illegible] نقد وصول ہوئے روانہ نہیں ہو سکتے۔

۴ مرقع کی قیمت [illegible] دیگر [illegible] اصحاب اور [illegible] کے [illegible] سے [illegible] ذمہ ہے۔

۵ [illegible] طلب مرقع کے [illegible] کا آنا لازمی ہے۔

۶ [illegible] خریداروں کا نمبر لکھنا ضروری ہے

۷ [illegible] صاحب [illegible] تک آجانا چاہیئے

۸ [illegible] اخلاق پر [illegible] اثر پیدا کر سکے

۹ [illegible] صرف وہ مضامین [illegible] شائع ہوں گے جو اپنی [illegible] سے بہترین اور اپنے اثرات کے لحاظ سے [illegible]

۱۰ [illegible] پالیٹکس یا مذہبی بحث سے کوئی مدد کار نہ ہوگا

۱۱ تنقیدی مضامین بھی اسمیں شائع ہوں گے۔ مگر وہی جنمیں [illegible] ہوگا۔ باہمی نزاعات یا کسی قسم کے تعصب یا کسی رنج کی بنا لکھے ہوئے مضامین سے احتراز کیا جائیگا۔

۱۲ ایسے مضامین جنمیں کسی شخص پر چوٹ کی گئی ہو یا اسمیں [illegible] الفاظ ہوں جن سے دوسرے کو رنج کا شائبہ بھی پیدا ہو ہرگز شائع نہ ہونگے

۱۳ جس نظم و نثر کے مضمون میں [illegible] زبان کی [illegible] اسوقت تک شائع نہ ہوگا جب تک کہ [illegible] مناسب [illegible] اصلاح پانے پر خود صاحب مضمون نہ دیں

۱۴ مرقع کا ایک صیغہ کل ہے وہ [illegible] بھی دل آزار یا [illegible] ثابت نہ ہوگا۔

۱۵ مرقع کو [illegible] آیات سے [illegible] پنے معاصرین سے خواہ وہ [illegible] ہوں [illegible] اتفاق [illegible] پیدا کرنے کی کوشش کریگا۔ [illegible] ثابت قدم رہیگا۔

مدیر مرقع لکھنؤ

مرقع میں اشتہارات بھیجتے وقت

(ذیل کا نرخ ملاحظہ فرمائیے)

[illegible]	ایک صفحہ	نصف صفحہ	چوتھائی صفحہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چھ ماہ کے لئے	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تین [illegible] کے لئے	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ایک [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ضروری نوٹ

ٹائٹل پیج کے صفحہ ۲ و ۳ و ۴ کی اجرت کا نرخ اس کے علاوہ ہے جو خط و کتابت سے طے ہو سکتا ہے۔ اجرت کا پیشگی آنا ضروری ہے

منیجر "مرقع" لکھنؤ

[illegible] ایل۔ یم۔ ایس۔ مشہور [illegible] دندان ساز و عینک ساز نمبر ۳ و ۴ - امین آباد پارک لکھنؤ)

عالیجناب معلی القاب نواب سالار جنگ بہادر دام اقبالہ (حیدر آباد دکن)
کے دست و قلم مبارک کی لکھی ہوئی تحریر کا عکس
(یعنی عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر کا اعزاز صحیفہ اپنے نادم رداست
جناب مولوی سید امین الحسن صاحب رضوی بسمل موہانی کے نام)

HYDERABAD,
DECCAN

۲۶ دسمبر

ناظم صاحب - مرقعے میں دیکھتا ہوں پرچہ اچھا ہے
لیکن ظاہری و باطنی ترقی کی گنجائش ہے - طباعت اور
صاف ہونا چاہئے - ادبی مضامین کا معیار زیادہ بلند
رہے تو اچھا ہے -

سالار

قیمت سالانہ مع محصول ڈاک
ساڑھے چھ روپیہ

فہرستِ مضامین جنوری ۱۹۲۸ء

نمونے کا پرچہ آٹھ آنے
افسانہ نمبر کی قیمت (صہ)

(۱) عکسِ تحریر گرامی عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر دام اقبالہٗ (حیدر آباد دکن) — صفحۂ خاص
(۲) مرقع — وصل بلگرامی — ۲
(۳) عکسِ تحریر جناب مولانا آشہر لکھنوی
(۴) عکسِ تحریر جناب مولوی مشیر احمد علوی بی اے — صفحۂ خاص
(۵) تحریر دست و قلم خاص جناب منشی پریم چند صاحب بی اے
(۶) تحریر دست و قلم خاص جناب صدر افسن صاحب — صفحۂ خاص
(۷) افسانے کی اہمیت — مولانا آشہر لکھنوی — ۹
(۸) فکرِ رسا (غزل) جناب قاضی احمد الیاس صاحب ایم بی اے وکیل — ۱۰
(۹) افسانہ کیا ہے؟ مولوی مشیر احمد علوی۔ بی۔ اے — ۱۱
(۱۰) مزارِ آتشین (فسانہ) منشی پریم چند صاحب بی اے — ۱۷
(۱۱) روح جسم سے جدا ہونے کے بعد (فسانہ) حضرت نیاز فتحپوری — ۲۴
(۱۲) ہنس کی چال (فسانہ) جناب سدرشن صاحب — ۳۱
(۱۳) کلامِ آخر (غزل) جناب خان صاحب مرزا جعفر علی خاں صاحب لکھنوی۔ بی۔ اے — ۳۸
(۱۴) عکسِ تحریر جناب مجنوں گورکھپوری۔
(۱۵) تحریر دست و قلم خاص جناب بابو جگت موہن لال صاحب رواں۔ ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی وکیل — صفحۂ خاص
(۱۶) عکسِ تحریر جناب مولانا احسن مارہروی نائب مدیر رسالہ "نالہ" کانپور
(۱۷) تحریر دست و قلم خاص جناب بابو رگھوپت سہائے صاحب فراق بی۔ اے۔ گورکھپوری — صفحۂ خاص
(۱۸) شکستِ بے صدا (فسانہ) جناب مجنوں گورکھپوری — ۳۹
(۱۹) جذباتِ کیفی (غزل) جناب علامہ کیفی چریاکوٹی — ۵۸
(۲۰) قبرستان کے کتبے (فسانہ) جناب رواں۔ ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ وکیل — ۵۹
(۲۱) تین بلیاں۔ (فسانہ) جناب مولانا احسن مارہروی — ۶۳
(۲۲) روحِ سخن (غزلیات) جناب محمود الہ آبادی و جناب فرخ نیازی — ۷۲
(۲۳) گوپال اور چرواہا (فسانہ) جناب فراق گورکھپوری بی اے — ۷۳
(۲۴) تحریر دست و قلم خاص جناب آنسر میرٹھی۔ بی۔ اے۔
(۲۵) تحریر دست و قلم خاص جناب پروفیسر راما گیان دویدی ایم اے — صفحۂ خاص
(۲۶) عکسِ تحریر جناب جلیل قدوائی۔ بی۔ اے
(۲۷) عکسِ تحریر جناب سری کرشن صاحب برق کانپوری — صفحۂ خاص
(۲۸) دوا کی قیمت (فسانہ) جناب آنسر میرٹھی۔ بی اے — ۷۷
(۲۹) بہشت کا گناہ (فسانہ) پروفیسر راما گیان دویدی ایم اے — ۷۹
(۳۰) افکارِ تائب (غزل) جناب عبد الرشید صاحب تائب میرٹھی — ۸۱
(۳۱) نوشتۂ مظلوم (فسانہ) جناب جلیل قدوائی۔ بی اے۔ — ۸۲
(۳۲) رشحاتِ ناظم (غزل) جناب امیر الانشا دبیر الملک مولوی سید علی اصغر صاحب ناظم۔ ٹونک۔ — ۸۶
(۳۳) مین اکیلا ہوں (فسانہ) جناب بابو سری کرشن صاحب برق کانپوری — ۸۷
(۳۴) پھولوں کی ڈالی (نظم) جناب محمود اسرائیلی صاحب — ۹۲
(۳۵) تخمِ تاثیرِ صحبت کا اثر (فسانہ) جناب سید ممتاز حسین صاحب جونپوری — ۹۳
(۳۶) عکسِ تحریر جناب بابو شیام کشور صاحب نور کانپوری — صفحۂ خاص
(۳۷) عکسِ تحریر جناب حامد جمال صاحب
(۳۸) عکسِ تحریر سریمتی اما نہرو صاحبہ — صورتِ خاص
(۳۹) عکسِ تحریر جناب نذر سجاد حیدر صاحبہ۔
(۴۰) سوشیلا (فسانہ) جناب نور کانپوری — ۱۰۳
(۴۱) خدا حافظ (فسانہ) جناب حامد جمال صاحب — ۱۰۶
(۴۲) اسنہلتا (فسانہ) سریمتی اما نہرو صاحبہ — ۱۱۲
(۴۳) کشتگانِ محبت (فسانہ) جناب نذر سجاد حیدر صاحبہ — ۱۱۹
(۴۴) لمعاتِ تبسم (غزل) جناب مولوی سید امین الحسن صاحب رضوی تبسم موہانی۔ — ۱۲۷
(۴۵) نقد و تبصرہ (دنیائے افسانہ اور سیر گل پر ریویو) وصل بلگرامی — ۱۲۸

اصغر علی محمد علی تاجر عطر کی شہرت کا باعث صرف عطرِ حنا ہے

جلد (۳) مرقع نمبر (۱)

مرقع کے دورِ حیات کا یہ تیسرا سال ہے، دل چاہتا ہے کہ اسکے مرقعِ حیات پر ایک سیر حاصل تبصرہ کرون لیکن

گوش سخن شنو، کجا دیدۂ، اعتبار کو

پھر بھی اتنا عرض کرنے کی جرأت کرون گا کہ جن مقاصد کو پیش نظر رکھکر مرقع کا اجرا عمل مین آیا تھا، اس مختصر مدت مین انہین نظر انداز نہین کیا گیا، بلکہ حصول مقصد مین اسکا قدم آگے ہی بڑھتا رہا، اگر اس عرصے مین اسکا معیار بلند نہین ہوا جسمین مجھے شک ہے، تو یہ تو یقین اور وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ کہین سے پست بھی نہین ہونے پایا، اگر ناظرین نے یہ محسوس کیا ہو تو بھی میرے لئے عین کامیابی ہے، مین یہ سمجھون گا کہ میری مساعی مشکور ہوئین اور میری کوششین بار آور، بعض مقاصد جو مرقع کے اجرا کے وقت پیش نظر تھے وہ اب دو سال کی مسلسل کوششون کے بعد پورے ہوتے دکھائی دے رہے ہین، مرقع کے قواعد وضوابط کی چودھوین دفعہ یہ ہے کہ "مرقع" کا مسلک صلح کل ہے وہ انشاءاللہ کبھی دل آزار ثابت نہ ہوگا" اس قاعدے کے پابندی کا نتیجہ آج اس "لاجواب افسانہ نمبر" کی صورت مین پیش ہے جسکو خصوصیت کے ساتھ آپ اس مسلک کا صحیح مرقع پائین گے، اسمین اگر ایک طرف آپ نیاز، مجنون، احسن، افسر، جلیل، نذر سجاد حیدر ایسے مسلمان مسلم الثبوت اور نامور افسانہ نگارون کے شاہکار ملاحظہ فرمائین گے تو دوسری جانب انہین کے دوش بدوش پریم چند، سدرشن، روان، فراق برق، امادیوی ایسے مستند اور مشہور ہندو افسانہ نویسون کی سحر طرازیون کے نقوش بھی پائین گے، اس تقابل کی یہانتک کوشش کی گئی ہے کہ اس نمبر مین آپ ہندو اور مسلمان افسانہ نگارون کی تعداد مساوی پائین گے "مرقع" کے صلح کل، غیر دل آزار، غیر متعصب (اور اتفاق و اتحاد کے حامی) ہونے کا اس سے بڑھکر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔

اس افسانہ نمبر کی ترتیب مین ہمین جو کوشش کرنا پڑی ہے اسکا اندازہ کچھ اس امر سے ہو سکتا ہے کہ ہمنے مصمم ارادہ کر لیا تھا کہ ہندو اور مسلمان افسانہ نگارون کے تعداد ہر حال مین مساوی ہو، افسانے کثرت سے آئے، لیکن زیادہ تر مسلمان صاحبان کے، ہندو صاحبان کے صرف دو افسانے آئے، انہین بھی لکھوانے اور منگوانے پر، مگر اس کوشش کا نتیجہ یہ ضرور نکلا کہ اب ہمارے ہندو افسانہ نگار حضرات کے افسانے

علاوہ عطریات کے اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کے تیار کردہ روغن اور نہایت اعلیٰ عرقیات طلب فرمائیے

آنے کی زیادہ امید ہوگئی، جنہون نے افسانے نہین لکھے ہین اور وہ لکھ سکتے ہین اُنکی نسبت یقین ہے کہ وہ لکھنے کی کوشش کرینگے اور اشاعت کے لئے بھیجین گے، اسطرح اب ہندو افسانہ نگارون کی تعداد بہت کافی ہوجائے گی، اہل جرائد کو خاص کوشش کرنا چاہیے، کہ ہندو اور مسلمان مضمون نگارون کے تعداد اُنکے رسایل مین برابر یا اُسکے قریب قریب ہو، یہ اتحاد اتفاق کا ایک خاص ذریعہ ہے۔

اس سلسلے مین سب سے بڑی دقت سے جو مجھے دوچار ہونا پڑا وہ یہ تھا کہ جناب نذر سجاد حیدر صاحبہ کا افسانہ آچکا تھا، اب تلاش ہوئی کہ کوئی مشہور افسانہ نگار ہندو خاتون بھی ملجائین، تاکہ تقابل پورا رہے، یہ مشکل نہ حل ہوتی اگر جناب ڈاکٹر تارا چند صاحب سکریٹری ہندوستانی اکاڈیمی صوبہ متحدہ کی نوازش میرے شامل حال نہ ہوتی، موصوف کی وساطت سے مین جناب اُما دیوی نہرو صاحبہ (مسز شیام لال نہرو) سے ایک افسانہ حاصل کرنے مین کامیاب ہوگیا، نا انصافی ہوگی اگر مین موصوفہ کے اخلاق و کرم کا شکریہ ادا نکرون جس لطف و عنایت کے ساتھ آپنے اپنا افسانہ بھیجکر اپنی وسیع الاخلاقی اور ہمدردی کا ثبوت دیا وہ بھول نہین سکتا، مین ہر دو اصحاب کا رہین منت ہون۔

پرچے کی کتابت مین بعض افسانون کے بدیر آنے اور چند مجبوریون سے تاخیر ہو ہی گئی، میرے لئے "عذر گناہ" سے بہتر اعتراف گناہ ہی ہے، لیکن مین یہ یقین دلاتا ہون کہ جس محنت و کاوش سے یہ پرچہ مرتب کیا گیا ہے اس پر غور کرنے اور پرچہ دیکھنے کے بعد آپ میرے جرم تاخیر کو بھول جانے پر مجبور ہوجائین گے۔

پرچے کے بدیر نکلنے کا ایک سبب یہ بھی ہوا کہ جناب سردار موہن سنگھ صاحب دیوانہ ایم اے پروفیسر سناتن دھرم کالج کانپور کا ایک افسانہ مکتوب ہوکر مطبع مین جاچکا تھا کہ ہمین معلوم ہوا کہ افسانہ مذکور مین بعض شخصیتون پر عریان حملے کئے گئے ہین، یہ معلوم کرکے ہمین بیحد افسوس ہوا اور کاپیون کو پریس سے منگا لینا پڑا، اسی کے ساتھ جناب شاہ نذیر صاحب ہاشمی غازی پوری کا افسانہ جسکی کاپیان بھی جناب دیوانہ کے افسانے کے ساتھ پریس مین جاچکی تھین روک لی گئین کیونکہ جناب دیوانہ کے سوا کسی دوسرے ہندو افسانہ نگار صاحب کا افسانہ موجود نہ تھا، اس ایک افسانے کی وجہ سے دوسرا افسانہ بھی نہ شایع ہوسکا اور اکثر کاپیون کی ترتیب از سر نو کرنا پڑی، مالی نقصان برداشت کرنا پڑا، ہمین امید ہے کہ ہمارے افسانہ نگار حضرات آیندہ ایسے امور سے محترز رہین گے جسمین ہر طرح سے مصنف، طابع اور ناشر سب کا نقصان ہی نقصان ہے، علاوہ برین اخلاقی نقطۂ نظر سے بھی یہ فعل محمود و مستحسن نہین، ہم یقین کرتے ہین کہ جناب دیوانہ بھی ہماری اس تحریر پر کافی غور فرمائین گے اور ہماری معذوریون کو دیکھکر ہم سے آزردہ خاطر نہونگے۔

ان واقعات، ان مجبوریون کو دیکھتے ہوئے قدردان مرقع یقین ہے کہ مجھے تاخیر کے بارے مین بالکل معذور سمجھین گے اور ممکن ہے کہ کسی حد تک آئندہ پابندی اشاعت کا وعدہ بھی اُنکی خفگی کو دور کرسکے۔ لکھنؤ لاہور نہین ہے۔ نیرنگ خیال، عالمگیر، قوس قزح ہمایون، اپنے اپنے سالنامہ اور سالانہ نمبر جس دیدہ زیب کتابت، طباعت، دلکش مصوری کے نمونون اور ایک خاص شان کے ساتھ

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطر شمامۃ العنبر کی خوبی اسکے استعمال ہی سے معلوم ہوسکتی ہے

نکلے ہین وہ یہان ابھی ممکن ہین، لیکن اسی کے ساتھ یہ کہنا بھی بیجا نہ ہوگا کہ اپنے افسانون کے لحاظ سے ممکن ہے کہ یہ نمبر اپنے کسی معاصر سے کم نہ ثابت ہو اور اس طرح لاہور سے لکھنؤ بھی شاید کم نہ رہے۔

بہرحال اگر یہ نمبر آپ کو پسند آئے تو اسکی کامیابی کا سہرا محض میرے سر نہ رکھئے بلکہ اُن اصحاب کی جنبش قلم کا شکرگزار ہونا چاہیے جنکے افسانون نے اس نمبر کو افسانہ نمبر بنایا اور مین بھی اس اظہار تشکر مین آپ کا ہمنوا ہون گا۔

اگر آپ اینده سے مرقع مین اس نمبر کی طرح صرف افسانے ہی افسانے دیکھنا چاہتے ہین تو کیا آپ تکلیف کرکے ایک کارڈ لکھکر مجھے اپنی قیمتی رائے سے مطلع کردین گے۔ بہرحال یہ امر آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

ظلم ہے اگر مین اُن حضرات کی خدمت مین معذرت نہ پیش کرون جنکے افسانے اس نمبر مین جگہ نہ پاسکے، بالخصوص شاہ محمد نذیر صاحب ہاشمی، سید ظہیر حسین صاحب رضوی ایم اے ال ال بی وکیل، مولانا محمد اعظم خان صاحب، مولانا عابد بلہوری، سید علی عباس حسینی، ماسٹر باسط بسوانی، مولانا نگہت شاہجہانپوری، مسٹر محمود بریلوی، مسٹر صادق ایوبی، مولانا نازش بدایونی، سید امتیاز احمد صاحب اشرفی بی اے، مولانا طالب آلہ آبادی، مسٹر شہود وزائر، مسٹر غنی صدیقی، جناب شمیم بلہوی، مسٹر جمال کے لطف و کرم کا مین بیحد ممنون ہون کہ ان حضرات نے میرے اصرار پر فسانہ لکھنے اور بھیجنے کی تکلیف گوارا کی اور مرقع کی قدردانی فرمائی۔ مین مجبوریون کی وجہ سے ان افسانون کو اس نمبر مین کسی طرح شایع نہ کرسکا جسکے لئے مین بہت ہی محجوب ہون یہی نہین بلکہ اور افسانے بھی جنکی تعداد بہت زیادہ ہے اور جو اس افسانہ نمبر ہی کے لئے آئے تھے اس نمبر مین شایع نہ ہوسکے، ظاہر ہے کہ اس ایک پرچے مین اتنے افسانے کسی طرح نہین آسکتے تھے۔

جن حضرات کے افسانے اس نمبر مین مندرج نہ ہوسکے وہ یہ ہرگز نہ سمجھین کہ اُن کے افسانے اس نمبر مین جگہ پانے کے مستحق نہ تھے بلکہ یہ سمجھ لینا چاہئے کہ اگر مدیر کی ذمہ داریان اُنکے سر ہوتین جسکو ایسی دقتون سے ہمیشہ سابقہ رہتا ہے تو وہ بھی اسی قسم کے ترتیب پر مجبور ہوجاتے، حتی الامکان اُن کے آئے ہوئے افسانون کی اشاعت کا جلد از جلد انتظام کیا جائے گا اور اسی وجہ سے فروری نمبر بھی اسی افسانہ نمبر کا ایک نمونہ ہوگا۔ فروری کے نمبر بھی قریب قریب تیار ہے۔ لیکن بہرحال مین اسکا خیال رہنا چاہئے کہ ایک رسالہ مین جگہ محدود ہوتی ہے، ایک مدیر کی دقتون کو دیکھتے ہوئے مجھے امید ہے کہ وہ حضرات جنکے افسانے اور مضامین افسانہ نمبر کے لئے آئے اور اس نمبر مین شایع نہ ہوسکے مجھے قابل معافی تصور کرین گے۔

اس وقت تک جن حضرات نے مرقع کی قلمی امداد فرمائی اُنکا ہم شکریہ ادا کرتے رہے ہین اور اب بھی ادا کرتے ہین اور اپنا فرض سمجھ کر ہمیشہ ادا کرتے رہین گے حقیقت یہ ہے کہ یہ اعانت ایسی زبردست اعانت ہے جس سے مدیر کے نہایت اہم فرض کا بار کم ہوجاتا ہے اور اسی پر رسالہ کی زینت اور وقعت کا دارومدار ہے۔

اکثر ہر عطر بیچ کہکر فروخت کیا جاتا ہے مگر اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ صرف گلاب خس اور پانڈی کی بیع کے سوا کسی عطر سے فرع کا کاتا ثابت نہین کرتے

ہم اُن معاونین کے شکریہ کے سلسلہ مین جنہون نے اسوقت تک ہماری مالی امداد فرمائی خصوصیت کے ساتھ سب سے پہلے عالیجناب مولانا مولوی سید محمد سبحان اللہ صاحب رئیس اعظم گورکھپور کی سرپرستانہ عنایت اور مربیانہ نوازشون کا شکریہ ادا کرتے ہین جنکے بار کرم سے ہم کبھی سبکدوش نہین ہوسکتے ۔

ہم اپنے قدیم کرمفرما سراپا فیوض و برکات جناب مولوی سید امین الحسن صاحب رضوی بسمل موہانی ناظم ریاست عالی جناب نواب سالار جنگ بہادر دام اقبالہ حیدرآباد دکن جناب قاضی محمد خلیل صاحب متخلص بہ حیران رئیس اعظم بریلی، جناب امیر الانشاء دبیر الملک، مولوی سید علی اصغر صاحب ناظم ٹونک اور جناب حاجی محمد اصطفا خان صاحب اصطفا مالک کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے بھی متشکر ہین جنہون نے ہمیشہ ہم کو اپنا رہین منت بنایا اور جنکی قدردانی سے ہمیشہ مرقع کامیاب ہوتا رہتا ہے ۔

جناب سید فضل علی صاحب بیرسٹرایٹ لا پٹنہ ۔ جناب خان بہادر سید شاہ زاہد علی صاحب سبزپوش رئیس اعظم گورکھپور، جناب مولانا کیفی چڑیاکوٹی، نواب فصاحت جنگ جلیل القدر حضرت جلیل، جناب مولوی انعام اللہ خان صاحب عارف، جناب مولوی سید محمود الحق صاحب حقی بی اے ال ال بی وکیل، جناب مولوی سید انعام الحق صاحب حقی، جناب حافظ انوار الرحمن صاحب رئیس بڑاگاؤن ضلع بارہ بنکی، جناب باسٹواسطہ ابوالی جناب بابو جگت موہن لال صاحب رواں ام اے اِل اِل بی وکیل، جناب فرخ بنارسی، جناب مولوی اصغر حسین صاحب اصغر مختار مین پوری، جناب جگر مرادآبادی، جناب ہوش بلگرامی، جناب مولوی سید علی اصغر صاحب بلگرامی، جناب تسکین سورونوی، جناب راجہ غلام احمد صاحب دہلی، جناب مولانا مولوی سید محمد مقصود علی صاحب، جناب سید جمال احمد صاحب رضوی لکھیم پور اور اُن تمام حضرات کا شکرگزار ہون جنہون نے مرقع کے ترقی کا ہر وقت خیال رکھا اور اسکی اشاعت مین کافی امداد فرمائی ۔

میری یہ حکایت دراز ہو ہی گئی، سلسلہ کلام ٹوٹتا ہی نہین دکھائی دیتا، مین اُسے ختم کرنا چاہتا ہون اور اس دعا پر ختم کرنا چاہتا ہون کہ اللہ تعالیٰ یہ سال بھی مرقع ناظرین اور قدردانان مرقع کے لئے مبارک اور مسعود ثابت کرے اور ناظرین مرقع کی قدردانیان مرقع کو اس قابل بنا سکین کہ مرقع کو مین جس سطح پر لانا چاہتا ہون وہ نزدیک تر ہو جاے ۔

اس افسانہ نمبر مین افسانون کے علاوہ دو مضمون اور بھی ہین لیکن دونون افسانے سے متعلق ۔ ایک جناب اشہر لکھنوی کا "افسانے کی اہمیت" اور دوسرا "جناب مشیر احمد صاحب علوی بی اے کا "افسانہ کیا ہے" ۔

دونون مضمون اپنی اپنی جگہ پر خوب ہین ۔ جناب اشہر کا مضمون گو مختصر ہے مگر افسانے کی اہمیت پر بہت کچھ روشنی ڈالتا ہے جناب مشیر احمد صاحب کا مضمون نہایت کاوش و جانفشانی سے لکھا گیا ہے اور معلومات افسانہ کا ایک اچھا خاصہ آئینہ ہے ۔ یہ مضمون ایک بڑا مضمون

صرف اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا بنایا ہوا عطر حنا ایسا ہے جسکو تمام ہندوستان مین مقبولیت حاصل ہے

تھا لیکن مرقع کے صفحات پر نظر کرتے ہوئے حواشی کو چھوڑ کر متن کو لیلیا گیا ہے یعنی وہ مباحث یا واقعات یا بیانات سب اسمین آگئے ہین جنسے عنوان مضمون کا تعلق ہے یقین ہے ناظرین ان دونون مضامین سے لطف اندوز ہون گے۔

افسانون کے سلسلے مین پہلا افسانہ اردو کے مشہور افسانہ نگار منشی پریم چند کا ہے، ہندوستان کی دیہاتی عورت کا جو کردار موصوف نے کھینچا ہے ہرچند وہ کسی بلند پایہ عورت کا بلند کردار نہین ہے اور نہ مصنف کا مقصد ہی ایسا کردار دکھانا تھا لیکن ہندوستانی عورت کے کردار مین ایک عمق ہے جو مس میئو کی پرواز تخئیل سے کہین دور ہے، رکمن کی شخصیت اسکی کامیاب مظہر ہے،

حضرت نیاز فتحپوری کا افسانہ روح جسم سے علیحدہ ہونے کے بعد، ماخوذ ہے ایک انگریزی افسانے سے میرے خیال مین کسی سی باہر کے مصنف کے افسانے کو ہضم کرنا ایک نئے افسانے کے لکھنے سے کہین زیادہ مشکل ہے اور وہ بھی جب مصنف ایچ۔ جی۔ ویلس ہو، جسکے افسانون مین انتقال کی صلاحت بدرجۂ نفی ہوتی ہے، یہ صرف حضرت نیاز کا کمال تھا کہ وہ جسطرح اور تخئیل افسانون مین کامیاب ہوئے یہان بھی کامیاب رہے،

مسٹر سدرشن کا افسانہ ہنس کی چال" اس بات کا شاہد ہے کہ مصنف نے عورت کا غایر مطالعہ کیا ہے، مصنف نے عورت کا ایک رخ پیش کرنے مین جسکے لئے کوئی نام تلاش کرنا کم از کم میرے لئے نہایت مشکل کام ہے "بسیار شیوہ ہاست بتان را کہ نام نیست" پوری دقت نظر سے کام لیا ہے۔ (میرے کہنے پر جناب سدرشن نے اس فسانے کا کچھ حصہ اور اضافہ کیا تھا لیکن کاپیان جوڑی جا چکی تھین اسلئے وہ حصہ شامل فسانہ نہ ہوسکا اگر جناب سدرشن کی رائے ہوگی تو آئندہ وہ اضافہ بھی شایع کردیا جائے گا)۔

جناب مجنون کا افسانہ شکست بے صدا" اردو زبان مین شخصیت نگاری کا ایک نیا باب کہولتا ہے ہماری زبان مین شخصیت نگاری کے لحاظ سے کم افسانے اس پائے کے لکھے گئے ہین۔

جناب روان کا افسانہ ترجمہ ہے فرانسیسی سحر طراز موپاسان کے ایک افسانے کا، ترجمے مین جو خوبیان ہونا چاہئے وہ اسمین بدرجۂ اتم موجود ہین بلکہ اسطرح کا ترجمہ ہے کہ ترجمہ نہین معلوم ہوتا، شستگی زبان، بندش کی چستی اور الفاظ کا بامحل استعمال یہ سب باتین اس فسانے کے لئے طغرائے امتیاز ہین۔

جناب احسن سمبھلی کا فسانہ بلحاظ شاعرانہ تخئیل اور زبان اس نمبر مین ممتاز ہے جسمین ملک کے اکثر مشہور فسانہ نگارون کی سحر طرازیون کے نمونے موجود ہین عبارت کی رنگینی زبان کی پاکیزگی نے افسانے کو نہایت دلکش اور دلچسپ بنا دیا ہے۔

اس کے بعد جناب فراق کا افسانہ ہے جو نہایت سادہ اور سلیس اردو مین لکھا گیا ہے۔ یہ فسانہ ترجمہ ہے مسٹر ٹیگور کا cradle tales of India کے ایک قصے کا جو نہایت پاکیزہ خیالات کا نمونہ نتیجہ خیز اور سبق آموز ہے۔

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت کا باعث صرف عطر حنا ہے

جناب آفسر میرٹھی کا افسانہ "دوا کی قیمت" ایک امریکن افسانہ نگار کے افسانے سے ماخوذ ہے جو امریکہ مین ۱۹۲۴ء کا بہترین افسانہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ جناب آفسر نے اس خوبی سے اس کو لکھا کہ اپنا بنا لیا۔ اس افسانہ نمبر مین یہ سب سے مختصر افسانہ ہے مگر خوب ہے۔

پروفیسر اماگیان دیویدی کا مختصر افسانہ "بہشت کا گناہ" کاہلی کی کرشمہ زائیون کا صحیح نقشہ ہے۔ افسانے کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ کاہلی نے انسان کو بیکار و فضول امور مثلاً تزئین و آرایش کا درس دیا جو دنیا کے اکثر برائیون کی جڑ ہے۔

جناب جلیل قدوائی دنیاے افسانہ مین کافی شہرت حاصل کر چکے ہین آپکی روایت پسند طبیعت کا نوشتۂ مظلوم اچھا مظہر ہے

جناب بابو سرکیشن صاحب برق کا افسانہ "مین اکیلا ہون" موپسان کے ایک فسانے کا ترجمہ ہے جن مین اُن واقعات کا بیان ہے جس سے ہم سب گزر چکے ہین لیکن عام طور سے یہ واقعات زبان پر نہین لائے جاتے ترجمہ بھی اچھا ہے اور اہمیت کے لحاظ سے موپاسان کے فسانے کا ترجمہ کہنا کافی ہے۔

جناب حامد جمال کا افسانہ "خدا حافظ" طبعزاد ہے۔ جناب حامد قدرت سے جلد اثر لینے والی طبیعت اور پر درد دل لیکر آئے ہین۔ اس فسانے مین بھی درد اور اثر کی جھلک کافی موجود ہے۔ جناب حامد جمال کی افتاد طبیعت روسی افسانہ نویسون تلخ حقیقت نگاری زیادہ پسند کرتی ہے وہی اثر اُنکے افسانے مین بھی نمایان ہو گیا ہے۔

سریمتی اما دیوی نمرو کا افسانہ "جھنجھلتا عورت" کے اُن حقوق پر روشنی ڈالتا ہے جنکو ہندوستانی والدین اب تک غصب کئے ہوئے ہین۔ ہیروئن نے اپنے طرز عمل سے ہماری ہمدردی اپنے ساتھ کر لی اس حیثیت سے افسانہ یقیناً کامیاب کہے جانے کا مستحق ہے۔

سریمتی اما دیوی نمرو اب تک جو کچھ لکھتی رہین، ہندی مین لکھتی رہین اور جہانتک آپنے مجھے بتایا اس بنا پر مین کہ سکتا ہون کہ اردو لکھنے کی آپ کو مہارت نہین لیکن یہ افسانہ جسطرح پر اردو مین لکھا گیا وہ ہر حیثیت سے قابل تحسین ہے۔

جناب نذر سجاد حیدر صاحبہ کا افسانہ ہر چند کہ آخر مین اور سب سے آخر مین درج ہوا ہے لیکن بلحاظ اہمیت کسی افسانے سے کم نہین، دونون خاتونون کے فسانون کا حاصل اور تخیل ایک ہے، اور دونون کی سعی تگ و دو اور جد و جہد بھی ایک ہی میدان اور ایک ہی مقصد کے لئے ہے۔ اور وہ یہ کہ اب عورتین کسیطرح موجودہ غلط رسم و رواج کی پابند زیادہ دنون تک نہین رہ سکتین۔ کم از کم شادی کے معاملے مین وہ آزاد ہو کر رہنا چاہتی ہین۔ اور وہ دن بھی جلد آنے والا ہے جب عورتین یہ حق لیکر رہین گی۔

حصۂ نظم اپنی خصوصیت کے ساتھ علیحدہ ترتیب نہین دیا گیا۔ جہان صفحہ مین جگہ بچ گئی وہان گنجایش کے مطابق اُن اصحاب کے کلام مین سے چند کا کلام درج کر دیا گیا جنکو مرقع سے خاص خصوصیت ہے لیکن کسی کی غزل یا نظم مین کسی ترتیب یا تقدم و تاخر کا لحاظ نہ ہو سکا، جو قابل معافی ہے۔

مرقع کی خصوصیات مین عکس تحریر اور تحریر مشاہیر شعرا اور ادبا کا بالالتزام ماہ بماہ شایع ہونا بھی ہے۔ جہان ملک کے دوسرے رسالے ماہ بماہ تصویر مین شایع کرتے ہین وہان ہمنے یہ طے کر لیا ہے کہ ہم ماہ بماہ کسی مشہور ناظم یا کسی نامور ناثر کا خط یا عکس خط شایع کرین اسی سلسلے مین ہم

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت باعث صرف عطر حنا ہے

عکس تحریر جناب مولانا اشہر لکھنوی

جناب مصباح صاحب

تسلیم - مجکو بہت افسوس ہے کہ میرا نومبر ۲۷ء کا خط آپ کو
نہیں ملا - زبان افسوس اسلئے کہ اوس مسودہ میں شاید
دو تین مقامات ایسے تھے جو میں نے کہیں نوٹ نہیں کئے تھے -
اوس وقت فکر تھی - اسوقت وہ دماغ میں محفوظ نہیں رہے
لہذا جتنا مضمون یاد ہے میں مرحوم سنا اور اسال عدم مشق
عمدہ سمجھا ہے کہ اس مضمون کا مصنف ابتدا ہی زیادہ
آسکتا ہے

اشہر

(خاص شمارہ ۲ نومبر ۲۷ء)

مشتہر احمد علوی القادری بی اے علیگ

نام دیا ہے؟
اور
مصباح کیا ہے؟
(تصویر مصباح)

اتبک غالب - اسیر - بحر - قدر - امیر - داغ - شبلی - حالی - شرر - شاد - آسی - منیر - ریاض - اقبال - حسرت - عزیز - صفی - اصغر - جگر - فانی جوش وغیرہم جیسے مشاہیر کی تحریریں آپ کے سامنے پیش کر چکے ہیں - ملک آج بھی اس جدت کو پسند کرتا ہے لیکن آنے والی نسلوں کے لئے ان تحریروں کا ہر نقطہ گوہر گرانمایہ ثابت ہوگا - اس ماہ میں تحریر یا عکس تحریر ان حضرات کا ہے جنکے جنبش قلم کے افسانہ نمبر کے صفحات رہین منت ہیں ہم حضرت نیاز فتحپوری اور میر ممتاز حسین صاحب جونپوری کی تحریریں نہیں شایع کر رہے ہیں کیونکہ انمیں سے اول الذکر کی تحریر اس سے قبل مرقع کے صفحات کی زینت بن چکی ہے موخر الذکر کی جنبش قلم کا مرقع کا سر ورق خود مظہر ہے یعنی لفظ "مرقع" جناب میر ممتاز حسین صاحب ہی کا لکھا ہوا ہے -

اسی نمبر میں موعودہ تحریر عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر دام اقبالہ حیدرآباد دکن کے بلاک کے شایع کرنے کا شرف حاصل ہو رہا ہے اس بلاک کے شایع کرنے میں پورے ایک سال کی تاخیر ہوئی جسکے لئے ہم نادم ہیں اور محجوب بھی - بہرحال میرے لئے یہ کیا کم شرف ہے کہ مرقع کے ایک اعلیٰ ترین سرپرست اور بہترین قدردان ہستی کی تحریر کا بلاک شایع تو کر سکا گو دیر سہی، اس تحریر کے حاصل کرنے میں ہم اپنے محترم جناب مولوی امین الحسن صاحب رضوی بسمل موہانی ناظم ریاست عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر دام اقبالہ کے ہمہ تن ممنون ہیں جنکی توجہ سے یہ تحریر ہمکو حاصل ہوئی جسکو اب ناظرین مرقع کے سامنے ہم نہایت فخر کے ساتھ پیش کرتے ہیں

ہم مدت سے ارادہ کر رہے تھے کہ ہم اپنے صوبے کی ہندوستانی اکاڈیمی کا ذکر کریں لیکن اس وقت تک موقع نہ ملا - اس نمبر میں بھی اگر کچھ بھی ذکر نہ کیا جائے تو اور بھی تاخیر ہوگی اسلئے ہم اس نمبر کے باوجود افسانہ نمبر ہونے کے - بہت ضرورت سمجھتے ہیں کہ ہندوستان اکاڈیمی کا ضرور ذکر دیں جس سے ہمارے صوبے میں ایک ادبی روح دوڑ گئی ہے اور ایسی زبانوں کی ترقی کی بہت کچھ امیدیں اسکے وجود و قیام سے وابستہ ہیں - صوبہ ہذا کی ہندوستانی اکاڈیمی کے وجود سے دیسی زبانوں کی عام ترقی اور ادبی نشات کے ثانیہ کا دور شروع ہوتا ہے جسکے محرک آنریبل راجہ اجیشور بلی صاحب وزیر تعلیمات ہماری شکرگزاری اور صحیح اعتراف کے مستحق ہیں جسکے معتمد جناب پرنسپل ڈاکٹر تارا چند صاحب ہزاروں ستائش کے لائق ہیں اور یہ اسی ذوق علمی کی بدولت ہے جو ان دونوں لائق ہستیوں کو ہندوستان کی دیسی زبانوں اور ہندوستان کے جملہ علوم و فنون سے ہے - سب سے زیادہ ہم اس نظام لوبیہ کو اس بارے میں خوش نصیب سمجھتے ہیں کہ اسکو جناب ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو صاحب ایسا اردو ادیب اور فاضل اہل قلم صدارت کیلئے ملا جن لوگوں کے پاس کشمیر درپن کے مجلات قدیم موجود ہیں وہ ڈاکٹر صاحب موصوف کے مضامین سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ آپ کو ادب اردو پر کسقدر عبور ہے اور آپکا انداز نگارش کسقدر دلکش اور موثر ہے - ڈاکٹر تارا چند صاحب کے علمی - تاریخی اور فاضلانہ لکچر جن لوگوں نے سنے ہونگے وہ آپ کے علمی تبحر کی ضرور معترف ہونگے آپ کے مضامین انگریزی میں شایع ہوتے رہتے ہیں جنسے ہمارے اس دعوے کی کافی تائید ہو سکتی ہے ہم بہت جلد کوشش کرینگے کہ آپ کے انگریزی مضامین کو اردو کا جامہ پہنائیں - اور آپ کے علم و فیوض سے اردو دان اصحاب بھی بہرہ مند ہو سکیں اور وہ مضامین اردو رسائل کے زیب و زینت کا باعث ہوں

اس کے ساتھ ہی ہم اسکی بھی تعریف کرتے ہیں کہ ہندوستانی اکاڈیمی کے ارکان مشاورت ادبیہ نے مولانا کیفی چڑیا کوٹی کو اکاڈیمی کی ادبی خدمات کے لئے منتخب کیا - مولانا کیفی استاذ الملک علامہ فاروق چڑیا کوٹی مرحوم کے فرزند رشید اور صحیح جانشین ہیں یہ اس خاندان کے درخشان آفتاب ہیں جسکی شعاعیں عربی، عبرانی، فارسی، اردو، ہندی اور سنسکرت کے ادبیات نظم و نثر میں بہت زمانہ تک چمکتی رہیں گی -

علامہ کیفی بھی ایک متبحر عالم ماہر ادب اور کامیاب شاعر ہیں - اس انتخاب سے بہتر دوسرا انتخاب مشکل سے ہو سکتا تھا جو اکاڈیمی نے کیا ہم علامہ کیفی کی موجودگی کو اکاڈیمی کی کامیابی کی ایک ضمانت سمجھتے ہیں - یہ اردو کی خوش نصیبی ہے کہ اسکو ایسے لائق لوگ اسکی کے نگران حال ملگئے ہیں - یہ وطن کی حیات ملی کی مبارک فال ہے کیونکہ جب کوئی ملک ترقی کرتا ہے تو اسکا پیشرو ہمیشہ اسکا ادب اور اسکے علمبردار اسکے ادیب ہوتے ہیں دوسرے ملکوں

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطر شمامۃ العنبر کی خوبی اسکے استعمال ہی سے معلوم ہو سکتی ہے

تحریر دست و قلم خاص جناب منشی پریم چند صاحب بی اے

جناب مکرم بندہ۔ تسلیم۔ ارشاد کی تعمیل کر رہا ہوں۔ عجلت میں
لکھا ہے۔ گر دیکھئے کہ قصہ پسند آئیگا۔ والسلام۔

نیازمند
پریم چند

بخدمت مخدوم وصل بلگرامی

تحریر دست و قلم خاص جناب سدرشن صاحب

جناب وصل صاحب! تسلیم۔ مزاج شریف!

افسانہ کا پہلا حصہ پیشتر ازیں روانہ کر چکا ہوں۔ بقیہ
حصہ اب روانہ کیا جاتا ہے۔ امید ہے۔ آپ پسند
فرمائیں گے۔

آپکا واقف
سدرشن

افسانے کی اہمیت

(از جناب [illegible] صاحب لکھنوی)

[illegible] کے سبزہ زار میں مختلف اقسام کے نگین پھول پڑھنے والوں کو اپنی طرف کھینچتے ہیں اور ہر رنگ ایک خاص مذاق رکھنے والے کے لئے باعث [illegible] ہے [illegible] تعلق ایک خاص مذاق سے ہے۔ اس محل پر میرا موضوع بحث صرف نثر کا [illegible] ہے جبکہ صرف واقعات سے لگاؤ ہو [illegible] اس سے کہ یہ واقعات [illegible] یا ایسے قالب میں ڈھالے گئے ہوں جن چیز پڑھنے والوں کو سست کا شبہ ہو لیکن [illegible] حالتوں میں ایسے واقعے کی دلچسپی برقرار رہتی [illegible] کی [illegible] ہے کہ [illegible] تحریروں سے زیادہ خطا اٹھاتی ہے جو بنی نوع انسان کے عادات و اطوار، معاشرت و معاشت کی تصویریں پیش کریں [illegible] خواہ وہ کسی رنگ سے مرتب ہی گئی ہوں کسی زبان میں لکھی گئی ہوں کسی قلم سے نکلی ہوں۔ **افسانہ** بھی اسی شق میں آتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ آیا یہ افسانہ [illegible] یکساں اثر کرتا ہے یا اس اثر کے بھی مختلف طابع اور درجات ہیں جن میں افسانے کو سمویا جاتا ہے۔ ہاں اس اثر کے مدارج ہیں اور ضرور ہیں۔ لہذا یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک افسانے کو کس قالب میں پیش کیا جائے اور کن مدارج سے کام لیا جائے تاکہ پڑھنے والے پر حاطر خواہ اثر ہو۔ چونکہ افسانے کا مطمح نظر ذہنی سرور کرنا ہے لہذا اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ افسانہ خوانوں کے طبائع کی موافقت و مخالفت کا لحاظ کیا جائے۔ [illegible] مذاق مختلف ہوتے ہیں۔ لہذا افسانہ نویس کے بھی مختلف اصول ہونے چاہئیں۔ نہ صرف ایک [illegible] شاید مسلمہ ہے کہ ہم [illegible] مختلف دلچسپیوں سے پڑھتے ہیں۔ عام طور سے جب کوئی افسانہ ہمارے نظر کے سامنے آتا ہے تو ہم میں یہ خواہش پیدا ہوتی ہے کہ ہم کسی خاص چیز یا کسی خاص فرد کے متعلق جو ہم سے بہت پہلے عالم وجود میں تھا۔ کچھ معلومات حاصل کریں۔ اگر اس پر کوئی پردہ سا [illegible] ہو تو ہمارے جذبات علم بھی ساتھ ہی ساتھ ابھر جائیں۔ اگر اس کے متعلق کوئی مسرت خیز واقعہ ہو تو اس خوشی کے ساتھ [illegible] جذبات [illegible] ہو جائیں اگر کوئی شبہ دل خوش کن مسائل کا اس کی طرف منسوب ہو [illegible] تو ہماری بھی تفریح طبع کا باعث ہو۔ ایسے واقعات سے متاثر ہونے کے لئے [illegible] جذبات [illegible] ہو اور آخر کار مطمئن ہو جاتی ہے۔ مثلاً کبھی ہم نے ایک شخص کو دیکھا تھا جو پولیس کی حفاظت میں عدالت کی طرف [illegible] کے بعد ہم نے اسی شخص کو [illegible] حالت میں دیکھا جو [illegible] ہر اعزاز سے آراستہ تھا۔ اب ہمارے تعجب اور تجسس کی کوئی حد نہیں ہو سکتی۔ لہذا ہماری پہلی خواہش یہ ہوگی کہ ہم اس شخص کے متعلق وہ تمام معلومات [illegible] تا آخر فراہم کریں جو اس کی ابتدائی زندگی سے لیکر کم از کم اب تک روشنی ڈالتے ہوں اور جو کچھ ہمیں اس شخص کی گزشتہ زندگی کے متعلق علم ہو گا وہ ہمارے لئے افسانہ ہو۔ میرے خیال میں افسانے کی مختلف شعبوں میں افسانۂ عشق و محبت کو زیادہ اہمیت ہے۔ [illegible] اس کے [illegible] میں پڑھنے والے [illegible] دلچسپی بھی پیدا ہوتی ہے۔ اگر پڑھنے والا [illegible] ہے تو اس کو ان احساسات عشق و محبت کا اندازہ ہو سکے گا جو اس کی ذات میں بتدریج ترقی کر [illegible] ان احساسات کو [illegible] اندازہ کرے گا جو آئندہ آئیں ابھرنے والی ہیں ان کے محل وقوع کا علم کوئی معمولی دلچسپی نہیں [illegible] دوسری طرف اس [illegible] ہونے کی کوئی حد نہیں [illegible] اس سے زیادہ [illegible] کا لطف کسی کو نہیں حاصل ہو سکتا۔

[illegible]

اب آخر مین ایسے افسانہ پڑھنے والون کی باری آتی ہے جو مدارج زندگی طے کر چکے ہین جن کے حسیات نشو و نما پاکے گھٹ چکے۔ جنکے قوائے مدرکہ اپنا کام ختم کر چکے یعنی سن رسیدہ حضرات۔ یہ نہ سمجھ لینا چاہئے کہ افسانہ عشق و محبت اُن کے لئے کوئی دلچسپی نہین رکھتا ضرور رکھتا ہے۔ اسوجہ سے کہ اُنکی بجھی ہوئی طبیعت مین واقعات گزشتہ ایک وقتی شگفتگی پیدا کردین گے اور اُن کی نظر کے سامنے اُن کے شباب زندگی کی دھندلی تصویرین ایک نئے جامے مین نمودار ہو جائین گی۔ متذکرۂ بالا اثرات افسانہ ایسے مین جن سے کسی فرد کو بہ حیثیت قوائے فطری انکار نہین ہو سکتا۔ اور سب سے زیادہ افسانے کی دلچسپی کا سبب یہ ہے کہ ہر پڑھنے والا اپنے حالات گزشتہ و موجودہ سے افراد واقعات افسانہ کا تطابق کرتا ہے اور جس قدر اُس کے حالات واقعات و افراد افسانہ سے مطابقت کرتے ہین اُتنا ہی اُسکی طبیعت پر افسانے کا اثر ہوتا ہے۔ ورنہ اگر یہ تطابق ذاتی عین افسانہ سے قطع کر دیا جائے تو افسانہ محض ایک غیر دلچسپ تحریر رہی جاتی ہے۔ اسکی مثال یون ہو سکتی کہ اگر کوئی شخص دور و دراز صدیون کے واقع شدہ افسانۂ بحر کو بیان کرے۔ کسی جہاز کے طوفان مین آجانے کے واقعات تحریر کرے اور اُسکے بعد یہ نتیجہ نکالے کہ بہزار دقت اور بمساعدت قسمت وہ ایک غیر معلوم جزیرے کے ساحل پر پہونچا۔ جہان کی ہوائین۔ مناظر مختلف انسان مختلف۔ بالمختصر ہر شے عجیب تھی۔ جب ہم موجودہ اور گزشتہ انسانی مراحل کا موازنہ کرتے ہین تو ہمارے لئے اس واقعے مین ہزارون دلچسپیان موجود ہو جاتی ہین ہمارے خیال کی لہر ہم کو گزشتہ علم و عمل جہاز رانی کی طرف لے جاتی ہے اور کبھی پھر موجودہ ترقی کیطرف کھینچ لاتی ہے۔ کبھی ہم اُن جہازیون کے جوش و خروش کی طرف نظر ڈالتے ہین جو وقت سفر اُنمین موجود تھا اور کبھی اُس طوفانی کشمکش مین اہل طوفان کی پریشانی کے ساتھ ہمارے ہمدردانہ جذبات مل جاتے ہین وغیرہ۔ اگر اتفاقاً کسی پڑھنے والے نے سفر بحر کیا ہے تو کیا کہنا۔ اسی طرح موجودہ صفحون مین پڑھنے والے کی نظر سے مختلف افسانے گزرین گے جن کو پڑھتے وقت اُسکے مختلف ذاتی واقعات زندگی ایک دھندلی تصویر مین پیش ہو جائینگے۔ یا اگر کوئی افسانہ کسی پڑھنے والے کی موجودہ حالت سے مطابقت کرتا نظر آئیگا تو اُسکی دلچسپی کی انتہا نہین۔

ممکن ہے کہ بہت سے ایسے پڑھنے والے ہون جنکو زندگی کے بعض اہم معاملات مین پڑنے کا اتفاق نہوا ہو۔ ایسے لوگون کے لئے نتیجہ خیز افسانے ایک غیر عمل تجربے کی حد تک پہونچتے ہین۔ یورپ مین موجودہ افسانہ نویسی کے اغراض یہ نہین کہ انکو بہ حیثیت افسانہ پڑھا جائے۔ بلکہ اُسکی خاص غرض یہ خیال کی جاتی ہے کہ اس سے افسانہ خوان حلقون مین کوئی عملی اثر پیدا کیا جائے۔ اور سب سے زیادہ غرض افسانہ یہ ہے کہ افسانہ نویس کے ذاتی افعال و عادات (کیرکٹر) کا اثر افسانے مین دیکھا جاتا ہے جسقدر افسانہ نویس مین بحیثیت عادات کشش ذاتی ہوگی اُتنا ہی افسانہ دلکش ہوگا۔ گزشتہ تاریخ ہمارے لئے افسانہ ہے۔ مگر فرق اتنا ہے کہ تاریخ کا موضوع وقوع واقعہ ہے۔ اور افسانہ احتمال وقوع واقعہ کا نام ہے۔ ہندوستان مین افسانے کے متعلق یہ خیال بہت درست ہے کہ ہندوستانی افسانہ خوانی کو معمولی دلچسپی یا وقت گزاری سے زیادہ اہمیت نہین دیتے۔ اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ ہمارے دماغ اس دلچسپی کے پہلے سے عادی نہین جسکی بنیاد یورپ مین تقریباً سو برس پہلے رکھی گئی اور مختلف وقتون مین پرزور قلمون کی مدد سے آج اُس کامیاب حد پر پہونچی ہے جو قابل تقلید ہے۔ اور ہندوستان کو تو سوائے تقلید یورپ کے چارہ بھی نہین اسوجہ سے کہ ہماری زندگی کا ہر ایک رخ مغربی زندگی سے اکتساب عمل کر رہا ہے۔ خدا کرے کہ زبان اُردو مین افسانہ نویسی اور افسانہ خوانی اُن حدون تک پہونچ جائے جسکی ضرورت ہے۔

فکر رسا

(از جناب قاضی احمد الیاس صاحب ادیبی۔ بی اے ال ال بی وکیل۔ ہردوئی)

دشمن ناموس الفت چشم تر ہونے لگی
باعث رسوائی زخم جگر ہونے لگی
سوزش دل ہائے محروم اثر ہونے لگی

اب مری مشق تصور کارگر ہونے لگی
صورت زیبا کوئی پیش نظر ہونے لگی
دائے ناکامی سلامت ہے ابھی جان حزین
مبتلائے فکر درمان چارہ گر پھر ہو گئے
ہر جراحت پھر رہین تکسیہ گر ہونے لگی

فکر درمان چارہ سازون کو تمہاری کیا کمی
جب طبیعت خوگر درد جگر ہونے لگی
لے رسا اپنی رگون مین آج وہ گرمی نہین
کوشش اخفائے غم کرنے لگا افشائے راز
بے وفا داری خود ہماری پردہ در ہونے لگی
سست کچھ جلنے مین اب شمع سحر ہونے لگی

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی تیار کردہ اشیا خالص عمدہ و بکفایت ہوتی ہے

فسانہ کیا ہے؟

اور

افسانہ کس طرح لکھنا چاہیئے؟

مختصر و مجمل تاریخ

(خاص مرقع کے فسانہ نمبر کے لئے)

از جناب مشیر احمد صاحب علوی القادری۔ بی اے علیگ
اسسٹنٹ سکرٹری انجمن اردوے معلیٰ علیگڑھ

(۱)

دنیا جس قدر ترقی کرتی جائیگی افسانون کی قدر و منزلت بڑھتی جائیگی عمرین کم ہین ذمہ داریان زیادہ اور اہم لامحالہ جب دنیا کے مصائب سے چھٹکارا (بمشکل) پاکر ہماری کسی وقت ادب لطیف سے دل بہلانے کی خواہش ہوگی اُسوقت "طلسم ہوشربا" "بوستان خیال" "فسانۂ آزاد" "الف لیلہ" تو ہم پڑھنے سے رہے نہ تو محدود اوقات مین ان طویل داستانون کو ختم کرسکتے ہین اور سچی بات یہ ہے کہ نہ اب ان طویل کتابون سے دور حاضر کی ترقیون اور دلکشیون پر نظر کرتے ہوئے کوئی دلچسپی حاصل ہوسکتی ہے مجبوراً اس وقت اگر کسی کتاب سے دلچسپی ہوگی تو وہ لازماً بلکہ یقیناً "مختصر افسانے" ہونگے "افسانہ نگاری" آجکل بہت مقبول ہے لیکن میرے خیال مین نہایت درجہ مشکل ہے۔ مشرقی طبائع پر افسانون کا فطرتاً اثر ہوتا ہے کیونکہ مشرق کو افسانہ سے ایک قدیم تعلق ہے۔ یہان افسانہ نگاری اُس وقت سے بھی مدتون نہین قرنون قبل عالم وجود مین آچکی تھی جب کہ "مغرب" "خیر سے" "مدنیت" اور "تہذیب" سے بھی کوسون دور تھا۔ ماضی تجزیہ سے پتہ چلتا ہے کہ سب سے زیادہ جوشے انسانی طبائع کو اپنی جانب منعطف کرسکتی ہے وہ "افسانہ" ہے اور یہی وجہ تھی کہ مسیح ناصری کو اپنے "پیام" کی تکمیل کے لیے بھی افسانہ (تمثیل) سے کام لینا پڑا۔ امم سابقہ مین صحائف کی تعلیم کا ذریعہ بھی تمثیل یا افسانہ تھی اور یہی رنگ بغیر تشبیہ اُس مقدس مذہب کی برگزیدہ کتاب مجید مین بھی کسی حد تک نمایان ہے جو فاران کی چوٹی پر چمکا تھا اور ان محترم افسانون کو جناب احدیت سے "احسن القصص" کا مفتخر لقب دیکر حیات جاوید عطا کردی گئی۔ بنی اعمام کا تذکرہ تو ہوچکا اُسکے زرین کارنامے ہمارے پیش نظر ہین دیکھئے

علاوہ عطریات کے اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا تیار کردہ روغن اور نہایت اعلیٰ عرقیات طلب فرمائیے

"تناسخ پرست" طبقے مین افسانہ نگاری ازل سے موجود تھی یا نہین "آریاورت" کی الہامی کتاب وید مقدس کے بعد ودنیم مذہبی کتب جنکو دور حاضرہ مین ہندی کی "ادبیات عالیہ" کا حق حاصل ہے انکا بھی تمامتر ماخذ محض "افسانہ" ہے ایک کتاب مین راجہ دسرتھ کے عزیز از جان لڑکے رام چندر کے بن باس کا افسانہ ہے اور باوفا و باعصمت "سیتا" کی گم شدگی اور جیتنے کی زندہ متحرک تصویر دکھلائی گئی ہے اور انجام لنکا کی فتح پر ہوتا ہے دوسری مین اُس جنگ عظیم کی داستان ہوشربا بیان کی گئی ہے جو "حق و باطل" یا کوروون پانڈون کے نام سے "خانقاہ عظمت اسلام" (دہلی) کی پراسرار گلی کوچون سے لیکر قصر بکنگھم کیا بلکہ جملہ متمدن اقوام مین یاد کیجاتی ہے مشرق مین سب سے پہلا متمدن ملک مصر ہے اور مصریون ہی سے افسانہ نگاری کا آغاز بھی ثابت ہوتا ہے فراعنۂ مصر کے عہد قدیم کا لکھا ہوا ایک افسانہ جو تین ہزار سال پیشتر لکھا گیا تھا۔ ایک پیپائرس[1] پر لکھا ہوا لندن کے برٹش میوزیم مین موجود ہے۔ اسکا ترجمہ بھی ڈاکٹر برگش نے المانی زبان مین ۱۸۶۵ء مین شائع کیا تھا۔ اس افسانہ کو ایک مصری افسانہ نگار نے "رامسس ثانی" فرعون مصر کے ولیعہد "ستی شی فانہ" کی تفریح کے لئے تصنیف کیا تھا۔ اسکی عبارت سادہ اور صاف ہے لیکن شاعرانہ نکات و تخیلات سے معرا نہین۔ اس قصہ کا لب لباب یہ ہے کہ دو بھائی ہین بڑے بھائی کی بیوی اپنے چھوٹے دیور کے ساتھ بعینہ وہی سلوک کرتی ہے جو عزیز مصر (پوطیفار) کی بیوی زلیخا نے "حضرت یوسف" کے ساتھ کیا تھا بھاوج اپنے شوہر کی نظر مین اشرمندہ و ناکامیاب ہوکر خائن و مجرم ثابت کرتی ہے چھوٹا بھائی بڑے بھائی کے خوف سے جلاوطن ہوکر سورج دیوتا کی امداد سے پیکر انسانی چھوڑ کے ایک نئے قالب کو اختیار کرلیتا ہے حق کی فتح ہوتی ہے بڑا بھائی اصل معاملہ پر واقف ہوتا ہے اور مکارہ کیفر کردار کو پہونچتی ہے چھوٹا بھائی پیکر انسانی دوبارہ اختیار کرتا ہے الفت و محبت کے پینگ دونون بھائیون مین بڑھتے ہین اور انجام یہ ہوتا ہے کہ بڑا بھائی عزیز مصر ہوجاتا ہے ..... ایران و عربستان اور دیگر متمدن ممالک مشرقیہ مین قدیم ایام سے خیالی اور طبعزاد افسانون کا رواج تو بہت عام تھا انہین سے یونانیون نے افسانہ خوانی اور افسانہ نگاری سیکھی۔ انسے رومیون نے حاصل کیا چنانچہ لاطینی زبان مین رومیون نے سب سے پہلے "ارسٹائڈیز" کا ترجمہ نہایت اہتمام سے شائع کیا یہ ترجمہ اُس دور مین ہوا تھا جب رومیون مین عنان حکومت لینے کے لئے خونریزی ہو رہی تھی اور ماریوس اور سیلا" ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ رومیون مین یہ افسانے "بیحد مقبول ہوئے اور ان مین افسانہ نگاری کا رواج ہوگیا۔ انگریزی افسانون کا آغاز بھی رومیون کے افسانون کے ترجمہ سے شروع ہوا مصنفین نے ان افسانون سے اپنے افسانون کے لئے کردار حاصل کئے اور مختلف جنکے بھی لیے اور جو انکی عام پسند بامذاق دلچسپ طبیعت افسانون سے ماخوذ تھے انھین طبعزاد افسانون سے تاریخی افسانون کی داغ بیل پڑی اندلس کے افسانون کا سولھوین صدی مین ترجمہ شروع ہوا جنکا ماخذ تمامتر عربی معاشرت اور اسلامی مذاق تھا۔ جان لیلیا فرنگی مصنف نے ان افسانون کا ترجمہ کیا جسکی عبارت سادہ اور صاف تھی عبارت آرائی اور رنگینی مطلقاً مفقود تھی۔ سترھوین صدی مین ایک خاتون نے نئی شاہراہ کھولی جسمین انسانی معاشرت اور خانگی زندگی کے نمونے پیش کیے گئے۔ اور ایک دوسری خاتون نے معاشرتی خامیون اور مروجہ غلط کاریون کے نمونے دکھلائے۔ بعد ازان یہی رنگ مقبول ہوگیا۔ اور سب مصنف اسی رنگ مین رنگ گئے مسلمانون

[1] مصریون کا ایک پرانا کاغذ جو ایک خاص قسم کے درخت کی لکڑی کے اوراق اتار کر تیار کیا جاتا تھا بہت قیمتی ہوتا تھا ۱۲ منہ

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا ٹیلیفون نمبر ۱۳۹ ہے

نے اپنے عہد مین افسانہ نگاری کو کسی قوم سے نہین لیا اسلیے کہ خود انہین حد سے زیادہ داستان گوئی کا رواج تھا عربی نثر اور افسانون کا ترجمہ الف لیلہ آج بھی "مہذب کائنات" کو نفس حیرت بنائے ہوئے ہے ان افسانون کے مصنف یا مؤلف کا نام نہین معلوم ہے مگر تحقیق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ فارسی کے ہزار افسانہ سے ماخوذ ہے جو ساسانیون کے عہد حکومت مین فارس مین مروج اور عجمیون کی محفل مین مقبول تھا ان مین خلفائے عباسیہ کی مکمل و اعلیٰ ترین معاشرت کی خاکہ موجود ہے مگر فنی کمال یہ ہے کہ باوجود اسلامی معاشرت کی ہر ملت اور ہر مذہب کے، فسانہ نگارون نے "اپنا لیے" ہین دور حاضرہ مین یہ عام غلط فہمی پھیل گئی ہے کہ افسانہ نگاری مغرب کی امانت ہے حالانکہ "فسانہ" محض مشرق کا حصہ خاص ہمیشہ سے رہا ہے اور آفتاب کی تیز روشنی اور مہتاب کی خفیف خنکی مین بھی یہ واقعہ ہمیشہ تاریخ مین دھرایا جائیگا۔ پہلے دور مین خیالی اور طبعزاد افسانہ لکھے گئے مذہبی رنگ لیے ہوئے لیکن رنگینی اور عبارت آرائی کا بھی اس دور مین دخل تھا۔ دوسرے دور مین خیال آفرینی ترک کردی گئی تاریخی عناصر شامل کیے گئے یہ رنگ بہت مقبول ہوا اور اب بھی پسندیدہ ہے لیکن رنگ آمیزی یا عبارت آرائی ترک نہین کی گئی چنانچہ اس دور کی مستند کتابین طلسم ہوشربا، فسانۂ آزاد، فسانہ عجائب اور بوستان خیال کہی جا سکتی ہین تیسرے دور مین حیات انسانی کے واقعات نئے اسلوب سے بیان کیے گئے۔ رنگین بیانی چھوڑ دی گئی۔ اب جو تھے دور مین جہان انسان کے جزوی واقعات پر تبصرہ کیا گیا معاشرتی نقائص کو طشت از بام کرنا مقصد وحید ہوا۔ اصلاح ضروری سمجھی گئی۔ افسانون کی زبان بھی عام فہم ہوگئی۔ دور از کار بعید از قیاس تشبیہات اور استعارات کو ترک کیا گیا اور میری نظر مین اب افسانہ نگاری عروج کمال پر پہنچ گئی ہے کیونکہ معمولی انسان کے متعلق اب افسانے لکھے جا رہے ہین دور حاضرہ مین افسانون کا جو رنگ ہے یقیناً یہی ہونا چاہیے ابھی اس مین ترقی کی گنجایش بہت ہے لیکن کوشش شرط ہے۔

(۲)

اس سے انکار نہین کہ عرصہ سے ہندوستان مین یہ فن لطیف قریب قریب قالب بے روح" کی حیثیت رکھتا تھا اسی غفلت کی بدولت فرنگی مصنفین نے اس فن کو "اپنا لیا" کہ آج ہزارہا واقف یہ کہنے کے لئے تیار ہوگیا کہ افسانہ نگاری مغرب سے ملی ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ مسلمانون نے اپنے عہد زرین مین اس فن لطیف کو منتہاے کمال تک پہنچا دیا۔ ہان اس سے انکار نہین کہ اہل فرنگ نے بہتر فسانہ لکھے اور اس فن کو کمال تک پہنچایا اب ہندوستان مین بھی دوبارہ فسانہ کی نشات ثانیہ ہوئی ہے انشاءاللہ اس مین بھی ایک سے ایک قابل فسانہ نگار پیدا ہو سکیگا فسانہ ادبیات کا ایک موقر شعبہ ہے اور فطرت بشری قصص و امثال سے متاثر ہوتی ہے اسلیے معلمین اخلاق نے بھی تعلیم کا ذریعہ فسانہ ہی تصور کیا ہے۔ فارسی مین سعدی رومی نظامی نے حکایات و اساسات ہی کے ہلکے خوبصورت پردون سے رموز الٰہیہ کی تعلیم دی۔ اردو مین فارسی افسانون کا ترجمہ ہوا چنانچہ اس دور کی کامیاب کتابین چہار درویش فسانۂ عجائب داستان امیر حمزہ الف لیلہ ہیں اور انیسوین صدی عیسوی کے وسط تک اس رنگ کی خوب واہ واہ ہوئی۔ اور موسم سرما کی طویل راتین انہین افسانون کے نذر ہوا کرتین اور میرا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ خدا معلوم کیون یہ رنگ ہمیشہ سے اب تک خواتین مین مقبول رہا ہے ممکن ہے اسکی وجہ بیکاری ہو! کیونکہ اب بھی ان

موسم گرما مین روح حنا اصغر عطر محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا استعمال کیجئے

کتابون سے دلچسپی لینے والی محض خواتین ہی ہین ۔ فسانہ نگار کا اصل مقصد سامع کو متاثر کرنا ہے اگر وہ متاثر ہوگیا تو اُسکا فسانہ یقیناً کامیاب ہے جب تک فسانہ مین زمانے کی صحیح و زندہ چلتی پھرتی تصویر پیش نہ کیجائیگی اُس وقت تک انسانون کی وقعت نہین ہوسکتی ۔ فسانہ نگار کو اپنے ماحول کی نسبت بہت مکمل علم ہونا چاہیے افسانہ مین اصل شے سیرت اور کردار ہے ڈکنس کی قدر اس بنا پر ہے کہ وہ اپنے موقلم کی ہلکی سی جنبش سے اپنے افراد کو حیات جاودانی عطا کر دیتا ہے فسانہ نگار کے لیے ایک دردمند قلب کی ضرورت ہے ۔ اور اسی بنا پر معلم اول ارسطو نے فسانہ نگار کو شعرا کی صف مین شمار کیا ہے ۔ فسانہ نگاری فنون لطیفہ سے تعلق رکھتی ہے ۔ فسانہ نگار تو مکمل فطرت پرست ہونا چاہیے کیونکہ بشری فطرت کی صحیح ترجمانی اور اسرار عمیق کو آشکارا کرنا بھی اُسکے فرائض مین داخل ہے اسلوب بیان کے اعتبار سے اس امر کی بیحد ضرورت ہے کہ الفاظ و تفصیلات مین کفایت سے کام لیا جائے تناسب بھی ضروری ہے اسلوب بیان کو ذریعہ ہی تصور کرنا چاہیے مقصد نہ بنانا چاہیے ورنہ فنی باریکیون کی امید فضول ہے مجموعی طور پر افسانہ نام ہے عمیق مطالعۂ فطرت، روزمرہ کے واقعات مقامی رنگ اسلوب بیان سلاست زبان کے اجتماع کا ہندوستانی اکیڈمی کے افتتاح کے موقع پر ہز اکسلنسی سر ولیم میرس گورنر ممالک متحدہ آگرہ اودھ نے کہا تھا کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ اصلی اور سیدھے سادے افسانے نہ لکھے جائین اور انھین لوگ نہ پڑھین لیکن ان افسانون مین جو واقعات لکھے جائین وہ ایسے ہون جنکا تعلق ملکی معاشرت سے ہو ۔ میدان فسانہ نگاری کے لیے بہت وسیع ہے فطرت سے جنگ کرنا اس ملک مین اتنا ہی ضروری ہے جتنا امریکہ کے مغربی اضلاع مین تھا ۔ علوم کے حاصل کرنے اور روزی کمانے مین یہان اتنی ہی جدوجہد کرنا پڑتی ہے جتنی اسکاٹ لینڈ کے طالب علمون کو عرصہ تک کرنا پڑی تھی ۔ ہندوستانی ادب مین اتنی گنجایش ہے کہ وہ مذہبی افسانے پیش کرسکے ۔ پیدائش حیات ممات شادی و غمی کے ایسے واقعات مین جو کسی ملک اور کسی وقت کے لیے مخصوص نہین کیے جاسکتے اُن کے افراد تلاش کرنے مین دقت نہ ہوگی ۔ بلکہ انھین زمیندار کاشتکار وکلا، سوداگر، پنشن یافتہ سپاہی اخبار نویس طلبا، صوفی اور رند سب کام آسکتے ہین اور ہندوستانی افسانون کی دنیا مین وہ ایسے ہی بھلے معلوم ہونگے جیسے اسکاٹ اور بالزاک کے صفحات مین ۔ صرف ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک سمجھدار مصنف غور سے نظر کرے اور ہمدردی سے ان کی تصاویر کھینچے اگر اُسکے الفاظ مین تصاویر کی سی دلکشی ہوگی تو اُسکی کتابین لوگ دل سے پسند کرین گے انکو خریدین گے اور پڑھین گے تاکہ اُنسے اونکی ضرورتین پوری ہون "

افسانہ نہ اس درجہ مختصر ہو کہ لطیفہ کی صورت اختیار کرلے اور نہ اسقدر طویل ہو کہ ایک ناول ہوجائے کردار غیر مانوس نہ ہون یہ بھی لازمی ہے کہ ایک مرکزی شخصیت ہو جس کے محور کے چارون طرف چند منتخب مستند افراد ہون کیونکہ عناصر اور واقعات کا اختصار اور سادگی فسانہ کو مربوط اور منظم بناتی ہے افسانون مین محبت عشق و حسن کی چاشنی بھی چاہیے ۔ فسانہ نگار کے لیے ضروری ہے کہ وہ کائنات کو نفسیاتی اصول پر دیکھنے کا عادی ہو ایک فسانے کے پلاٹ کے لیے نہین بلکہ ایک ایک کردار کے لیے فسانہ نگار کو ہفتون گزارنا ہونگے صبح و مسا کی فضاؤن کو بنظر غایر مطالعہ کرنا ہوگا اُس ماحول کی رسم و رواج کو جاننا ہوگا لندن کے ایک انگریزی رسالہ نے بہترین فسانہ نگارون سے سوال کیا تھا کہ انہین اپنے افسانون کے پلاٹ کس طرح ملے ان مین سے بعض کے جوابات یہ ہین ۔

روح گلاب جو تمام عطرون سے زیادہ قیمتی مشہور عالم اور پسند ہے کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے فی تولہ ۵ طلب فرمائیے

مسٹر آرنلڈ بنٹ نے اپنی مشہور کتاب اولڈ اویز ٹیل کے متعلق لکھا "۱۹۰۳ء کی خزان مین پیرس کے دوران قیام مین مجھے ایک رات ایک سن رسیدہ عورت کے ساتھ کھانا کھانے کا اتفاق ہوا۔ اُسکا جسم فربہ بدقطع اور اعضا غیر متناسب تھے اُسکی آواز مضحکہ خیز اور سجید کرخت تھی اُسکے موٹے اور بھدے ہاتھون مین متعدد پارسل تھے جن مین کوئی نہ کوئی ضرور گر پڑتا تھا اُسنے قہوہ خانہ کی پہلے ایک جگہ پسند کی اور پھر دوسری، اسی طرح چند منٹون مین مہمان خانے کا جایزہ لیکر سب لوگون کو تمسخر انگیز قہقہون کے ساتھ اپنی جانب متوجہ کرلیا اسی دوران مین میرے تخیل نے اُس عورت کی جوانی کی تصویر میری آنکھون کے سامنے پیش کی "یہ ہستی ضرور کبھی حسن و شباب کی ملکہ ہوگی اُس وقت اس کی شخصیت مین ان مضحکہ انگیز حرکات کو ہرگز دخل نہ ہوگا..... غالباً وہ اس وقت بھی اپنے ان خوارق عادات سے ناواقف ہے۔ اُسکی شخصیت ایک مکمل "خزینہ" ہے اُسکی ہستی ایک فسانہ نگار کے لیے ایک جدید عبرت انگیز فسانہ کا بہترین مواد مہیا کرتی ہے! ہر ایک فربہ ضعیف عورت کی شخصیت مین کوئی خاص اہمیت نہین ہوتی ہے مگر یہ تصور کہ وہ کبھی اپنے حرکات اور خیالات مین شباب کی نادر صورت رکھتی تھی کسقدر افسوس ناک ہے اور یہ واقعہ کہ ایک حسین و جمیل دوشیزہ ہزارہا مختلف سوانح کے زیر اثر رہ کر آہستہ آہستہ ایک پیر زال مین تبدیل ہوجاتی ہے اور ہمارے جذبات مین افسوس اور عبرت کا اضافہ ہوجاتا ہے یہ وہ واقعہ تھا جس نے اس "فسانہ" کا پلاٹ مہیا کیا مین اس امر سے خوب واقف ہون کہ یہ عورت جس نے اپنی حرکات نازیبا سے تمام قہوہ خانہ کو مسرور کیا تھا صحیح تمثیل "ہیروئن" کی نہین ہوسکتی کہ علاوہ سن رسیدہ ہونے کے اسکی شخصیت مین کوئی خاص اہمیت نہین ہوتی اور یہ ایک مسلمہ مسئلہ ہے کہ ہر ایک فسانہ کے خاص مماثل مین لوگون کو متوجہ کرنے کے لیے اہمیت کا ہونا ضروری ہے اسکے علاوہ جدید فسانہ نگاری کے احوال کے مطابق ایک کردار مین غیر فطری باتین بتانیسے جسقدر احتراز ہو اُتنا ہی اچھا ہے"۔

مسٹر ڈبلو جے لوکی کے جواب کا ضروری اقتباس یہ ہے۔ "میرا ایک فسانہ آف روڈ ہے اُسکا پلاٹ ایک واقعہ سے وابستہ ہے جسکے بیان کے لیے مجھے اپنی بابت کچھ کہنا پڑے گا اور شاید وہ خانگی ہی ہے لڑائی کے دوران مین ایک روز مین اور میری بیوی اسی کمرے مین کھانے کے بعد آرام کر رہے تھے اُس وقت ہمارا موضوع سخن جنگ تھا اور غالباً اُس وقت طبقہ کا موضوع سخن بھی ہوگا۔ کچھ دیر کے بعد ہم دونون خاموش ہوگئے مین اٹھکر کمرے مین ٹہلنے ہی لگا تھا کہ میری بیوی کی آواز نے مجھے اپنی طرف متوجہ کیا۔ "کیا آپ کو کچھ کام نہین ہے جو آرام سے آپ ٹہل رہے ہین" مین مطلب سمجھ گیا وہ مجھے میری کاہلی پر ملامت کر رہی تھی وہ چاہتی تھی کہ میرا دماغ ہر وقت افسانون کے پلاٹ کی خاکہ کشی مین مشغول و مصروف رہتا ہے اس کا مقصد یہ تھا کہ مین اپنی دماغی کاوش کو کتابی صورت مین تبدیل کرون میری بیوی کو ابھی روبہ صحت ہوئے عرصہ نہ گزرا تھا وہ بہت نحیف ہوگئی تھی وہ اس وقت سوفون کے چمکدار تکیون کی گھرائیون مین بہ آرام لیٹی ہوئی تھی۔ مین نے فوراً جواب دیا کہ "فسانہ نگاری ختم ہوچکی آج کل یہ کس کو پرواہ ہے کہ میری کی شادی "جان" سے ہوگی یا نہین؟ اور تم ہی بتلاؤ کہ دنیا کے جملہ فسانون ناولون کا اسکے علاوہ کیا پلاٹ ہوتا ہے؟ مگر میری بیوی نے رعنائیت کے خفیف تبسم سے جو اس بات کا بین ثبوت تھا کہ میرے جملہ دلائل و براہین لاطائل تھے اُسنے اپنے کتے کو اٹھا کر گود مین بٹھا لیا..... اور ایک مخصوص ادائے نسائیت سے گود مین لیکر کھلانے لگی اور اُسکی جانب نہایت تعجب سے دیکھ کر کہا "پیارے تیرے لیے کوئی افسانہ نہین لکھتا" مین بے جملہ گفتگو نہ

کارخانہ صفدر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی سچائی، معاملات کی صفائی اور مال کی عمدگی ہندوستان بھر مین مشہور ہے۔

اور مین نے کہا کہ مین ضرور ایک "ردی" بابت ایسا افسانہ لکھونگا جو کتے کی طرح محبت سے پالا گیا ہو۔ اور پھر جنگ کے میدان مین بھیجدیا گیا ہو مین فوراً نوشت وخواند کے کمرہ مین چلا گیا اور "رف روڈ" کے پلاٹ کا خاکہ کھینچنے مین مشغول ہوگیا اس واقعہ کی وجہ سے اس فسانہ کے بطل کا نام ڈوگی ہوا اسکے علاوہ افسانہ کے پلاٹ مین مجھے اور ذرائع سے بھی معقول مدد ملی میرے ایک دوست کے ذریعہ سے مجھے ایک ٹومی کا فسانہ سننے کا اتفاق ہوا جو اپنی رجمنٹ سے دور فاصلہ پر زخمی پایا گیا تھا اور سب جیبین اوسکی مالا مال تھین۔ ایک مہمانخانہ مین دو ٹومی کھانا کھا رہے تھے ایک غریب لڑکی نے اُس سے کہا کہ میرے گھر کا سب مال و زر ایک رسی مین باندھ کر ایک کوئین مین لٹکا دیا گیا ہے جو اُس کے رجمنٹ کے قریب ہے ایک ویران خطہ مین واقع ہے ٹومی نے ہمدردی سے وعدہ کیا اور اُس کوئین کی طرف جانے لگا لیکن راستہ بھول گیا اور عجیب وغریب طریقہ سے "جین" کی خاطر ڈوگی ٹومی کوئین تک گیا۔ اور وہان وہ زخمی ہوا خندق مین گر پڑا جب یہ فسانہ شایع ہوا تو مجھکو یقین واثق تھا کہ ضرور کوئی نقاد اس واقعہ کو میرے تخیل کے مطلق العنانی کی ایک بیہودہ مثال قرار دیگا لیکن معاملہ اسکے برعکس ہوا تو مین سچ کہتا ہون کہ مجھکو اپنی زندگی کی سب سے بڑی ناکامی کا صدمہ ہوا۔

جے جے بیل فسانہ نگار کا جواب سنیے۔

"کشتی" اور "نلف" کو ساحل چھوڑے دس روز گزر چکے تھے مگر کہر آلود فضا اور طوفان کے سبب سے خاطر خواہ "وہیل" کا شکار نہین ملا تھا جہاز نے سینٹ کلڈا" کے کئی چکر لگائے برانڈ سے گزرتے ہوئے "اوکرہل" کو مغربی جانب چھوڑ کر کئی سو میل آگے نکل گیا تھا۔ یہان آخر متلاطم سمندر مین دو وہیلون کا شکار کیا مگر بہت جلد طوفان کی شدت کی بنا پر ساحل مین پناہ گزین ہونے پر مجبور کیا دو بڑے وہیلون کا وزن اور اس بارش وطوفان کی شدت..... جہاز کا ساحل تک پہونچنا کوئی آسان کام نہ تھا۔ اسکے علاوہ ہر طرف سمندر ہی سمندر دکھائی دیتا تھا جس سے گفتگو کرو سوا وہیل کے کوئی تذکرہ ہی نہ تھا طبیعت سخت پریشان تھی..... مین نے یہ خطرات اس لیے پیش کیے ہین کہ معلوم ہو جائے کہ اس نازک وقت مین میرے دماغ مین کس قسم کے خیالات جمع تھے۔ محبت۔ عشق۔ حزینہ فسانہ کے خاکہ میرے ذہن سے کوسون دور تھے۔ اس شب کی یاد اب تک میرے دماغ مین بالکل تازہ ہے جب دس بجے کے قریب ہم نے بحر الکاہل کو اپنے پیچھے چھوڑ کر بندرگاہ کی طرف جہاز کا رُخ کیا تھا سمندر کی سوزش سطح پر چٹانون کے سرے پانی سے باہر نکلے ہوئے بڑی بڑی مچھلیون کی ہیئت معلوم ہو رہے تھے اور ہمارا جہاز اُڑاتا ہوا ان مین ہوشیاری سے چلا جا رہا تھا۔ مین نے بے پرواہی سے نگاہین سامنے کو اٹھائین کہر آلود فضا مین کوئی ایک میل کے فاصلہ پر ایک چٹانی جزیرہ کا ایک مضمحل سا خاکہ دکھائی دیا۔ جو دھندلی فضا مین بے حد سنسان اور پُرعظمت معلوم ہو رہا تھا مین سن چکا تھا کہ یہ جزیرہ بالکل غیر آباد ہے اس لیے کہ سردی کی شدت اور سمندر کا تلاطم انسان کو وہان آباد ہونے سے مانع ہے مگر یکبارگی میرے تخیل نے اُسے آباد کر دیا ایک سن رسیدہ شخص اسکا ایک لڑکی اور ایک ملازم وہان ایک لکڑی کے بنے ہوئے سفید مکان مین رہتے تھے جو نارو ے طرز کا تھا۔ اس شخص نے اپنے آپ کو ایک عالم ہیئت کا ماہر مشہور کیا تھا جسکے وہان قیام کا سبب واحد سمندر سے سونا نکال کر تجارت کرنا تھا مگر حقیقت یہ تھی بلکہ دراصل یہ شخص جعلی نوٹ بنایا کرتا تھا جو اس غیر آباد جزیرہ مین پولیس کی دسترس سے باہر اور لوگون کے مشاہدہ سے مضمون دیکھکر اپنی قسمت بنانے مین مشغول تھا مختصر یہ کہ فسانہ نگار کا فرض ہے کہ وہ فطرت کا مشاہدہ کرے ہر ممکن جگہ سے فسانہ کی کردار تلاش کرے اہم اور غیر اہم عناصر کو مناسب جگہ قائم رکھے اگر مرد زنانہ کیساتھ امتیازی تبدیلی افراد فسانہ مین نہ ہوئی تو فسانہ فنی نکات سے گر جائیگا۔ فسانہ نگار کو بیک وقت اعتماد پیدا ہونے کیلئے شاعر بھی ہونا چاہیے (خواہ وہ نثر ہی مین شاعر نہ کہر سکے) اور شارح بھی۔ مقرر بھی ہونا چاہیے اور محرر بھی مصور بھی ہونا چاہیے اور ماہر موسیقی بھی کیونکہ فسانہ نگار ایک پامال عامیانہ کہانی کو بھی ادبیات عالیہ کا درجہ عطا کر سکتا ہے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا تیار کردہ بانو سیرآیل استعمال کیجیے قیمت فی شیشی دو روپیہ واحد روپیہ

مزارِ آتشین

(از جناب منشی پریم چند صاحب بی اے اڈیٹر مادھری لکھنؤ)

اہل کمال کی صحبت میں بُرے بھی بھلے ہو جاتے ہیں مگر پیاگ کی بدنصیبی تھی کہ اُسپر اُس کا الٹا اثر ہوا۔ اسے گانجہ چرس اور بھنگ کی چاٹ پڑ گئی۔ اور کاہلی تو اُس کا لازمی نتیجہ تھی۔ تگ و دو اور تگ و تاز میں یہ لطف کہاں کسی برگد کے سائے میں دھونی لگی ہوئی ہے ایک جٹا دھاری مہاتما رونق افروز ہیں۔ عقیدتمندوں کا ایک حلقہ مودب بیٹھا ہوا ہے۔ چرس کے دم لگ رہے تھے۔ چلم بھرنا پیاگ کا کام تھا۔ عقیدتمندوں کو ثواب کے پرلوک کا انتظار کرنا پڑتا تھا۔ پھر پیاگ کی تقدیر! اپنے ہاتھ میں تھی، چلم پر پہلا حق اُسی کا ہوتا تھا۔ آہ! مہاتماؤں کی ان صحبتوں میں اسے کتنا روحانی سرور حاصل ہوتا تھا۔ اُسپر بیخودی طاری ہو جاتی تھی۔ وہ کسی دوسری منور اور مرصع دنیا میں پہونچ جاتا تھا۔ اس لئے جب اُس کی بیوی رکمن رات کے دس گیارہ بج جانے پر اُسے بلانے آتی تو پیاگ کو حقیقت تلخ کا تجربہ ہوتا۔ دنیا اُسے ایک پرخار جنگل سی نظر آتی۔ بالخصوص جب گھر آنے پر اُسے معلوم ہوتا کہ چولھا نہیں جلا اور چنے چبینے کی کچھ فکر کرنا ہے۔ وہ ذات کا بھر تھا۔ گاؤں کی چوکیداری اُس کی ملکیت تھی دو روپے اور کچھ آنے تنخواہ کے ملتے تھے۔ وردی اور صافہ مفت تھا۔

ہفتے میں ایک دن تھانے جاتا، وہاں حکام کے دروازوں پر جھاڑو لگاتا، اصطبل صاف کرتا اسی قبیل کے اور دوسرے کام کرتا جو بہ ضرورت کئے جاتے تھے کیونکہ سرکشی مالی اور جسمانی دونوں ہی پہلوؤں سے مہنگی پڑتی تھی۔ آنسوئیں پچھتے تھے کہ چوکیداری میں اگر کوئی کام تھا تو اتنا ہی اور چپراسیوں کے لئے دو روپے کئی آنے کم نہ تھے۔ پھر گاؤں میں اگر بڑے آدمیوں پر نہیں تو رذیلوں پر رعب تھا۔ تنخواہ پنشن تھی اور جب سے مہاتماؤں کی صحبت شروع ہوئی پیاگ کے صرف خاص کی مد میں آگئی اور معاش کا سلسلہ روز بروز تشویشناک صورت اختیار کرنے لگا۔ ان صوفیانہ چرچوں کے قبل دونوں گاؤں میں مزدوری کرتے تھے، رکمن لکڑیاں توڑ کر بازار لے جاتی۔ پیاگ کبھی آراکشی کرتا، کبھی ہل جوتتا۔ اُسے کسی کام سے عار نہ تھا۔ ہنس مکھ، زندہ دل، نیک نیت اور محنتی آدمی تھا۔ اور ایسا آدمی کبھی بھوکوں نہیں مرتا۔ پھر خدمتگزار ایسا کہ کسی کام کے لئے نہیں نہ کرتا، کسی نے کچھ کہا اور وہ اچھا بھیا کہہ کر دوڑا۔ اس لئے گاؤں میں اُس کا رسوخ اور وقار کافی تھا۔ اُس کی بدولت صوفیانہ مجلسوں کے باوجود دو تین سال تک اُسکی آرام سے بسر ہوئی۔ دونوں وقت کا تو ذکر ہی کیا جب مہتو کو یہ بات حاصل نہ تھی جس کے دروازے پر چھ بیل بندھے نظر آتے تھے تو پیاگ کی کیا ہستی تھی۔ ہاں ایک وقت کی دال روٹی میں کلام نہ تھا مگر یہ سلسلہ روز بروز دشوار تر ہوتا جاتا تھا۔ اُسپر مزید یہ کہ رکمن بھی اب کسی وجہ سے اتنی وفاکیش،

خالص روغن بادام کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

اتنی جان سپار، اتنی جفاکش نہ تھی۔ اُس کے قوت اظہار اور بیان میں حیرت انگیز تغیر ہوتا جاتا تھا۔ اور پیاگ کسی ایسے سخی کی تلاش میں تھا جو اُسے فکر معاش سے آزاد کردے اور وہ بے غل وغش سرور روحانی سے بہرہ اندوز ہو۔ ایک دن رکمنی بازار سے لکڑیاں بیچکر لوٹی تو پیاگ نے کہا "لا کچھ پیسے مجھے دیدے، دم لگا آؤں" رکمنی نے منہ پھیر کر کہا "دم لگانے کا شوق ہے تو کام کیوں نہیں کرتے، کیا آج کل کوئی بابا نہیں ہیں؟"

پیاگ:۔ بھلا چاہتی ہے تو پیسے دیدے۔ نہیں اس طرح تنگ کریگی تو ایک دن میں کہیں نکل جاؤنگا۔ تب روئیگی۔

رکمنی نے انگوٹھا دکھا کر کہا "روئے میری بلا۔ تم نکل جاؤگے تو میں بھوکوں نہ مرجاؤنگی۔ اب بھی چھاتی پھاڑ کر کماتی ہوں تب بھی چھاتی پھاڑ کر کماؤنگی۔

پیاگ:۔ تو یہی بھید ہے

رکمنی:۔ ہاں ہاں کہہ تو دیا میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ تمھارا جو جی چاہے کرو۔

پیاگ:۔ گہنے بنوانے کے لئے پیسے ہیں اور میں چار پیسے مانگتا ہوں تو یوں جواب دیتی ہے۔

رکمنی نے تنک کر کہا:۔ گہنے بنواتی ہوں تو تمھاری چھاتی کیوں پھٹتی ہے۔ تم نے تو ایک پیتل کا چھلا بھی نہیں دیا۔ پیاگ اُس دن گھر نہ آیا۔ رات کے نو بج گئے تب رکمنی نے کھانا پکا کر کواڑ بند کرلئے سمجھی کہیں گاؤں میں چھپا بیٹھا ہوگا۔ سمجھتا ہوگا مجھے منانے آئیگی۔ میری بلا جاتی ہے۔ دوسرے دن بھی پیاگ نہ آیا۔ تب رکمنی کو اندیشہ ہوا۔ گاؤں بھر دیکھ آئی۔ کسی اڈے پر چڑیا نہ ملی۔

اُس دن اس نے رسوئیں نہیں بنائی۔ رات کو لیٹی بھی تو بہت دیر تک آنکھیں نہ لگیں۔ خوف ہو رہا تھا پیاگ سچ مچ تو سادھو نہیں ہوگیا۔ اُس نے سوچا سویرے چلکر پتا پتا چھان ڈالونگی کسی سادھو سنت کے پاس بیٹھا ہوگا۔ سویرے وہ چلنے کی تیاری کر رہی تھی کہ پیاگ آتا ہوا دکھائی دیا۔ مگر اکیلا نہ تھا۔ اُس کے پیچھے پیچھے ایک عورت تھی۔ اُس کی چھینٹ کی نئی ساری رنگی ہوئی چادر اور شرمیلی چال دیکھکر رکمنی کا کلیجا دھک سے ہوگیا وہ ایک لمحہ تک مفلوج سی کھڑی رہی۔ تب اس نے بڑھکر نئی سوت کو ہاتھوں سے سنبھال لیا اور اُسے اس طرح آہستہ آہستہ گھر کے اندر لے چلی جیسے کوئی مریض علاج سے مایوس ہوکر زہر کا گھونٹ حلق کے اندر لے جائے جب محلے کی عورتوں کا ہجوم کم ہوا تو رکمنی نے پیاگ سے پوچھا "اسے کہاں سے لائے؟" پیاگ نے ہنسکر کہا "گھر سے بھاگی جاتی تھی مجھے راستے میں مل گئی، ساتھ لے آیا، گھر کا کام دھندا کریگی پڑی رہیگی۔

رکمنی:۔ معلوم ہوتا ہے مجھ سے تمھارا جی بھر گیا

پیاگ:۔ دت پگلی اسے تیرے سیوا ٹہل کرنے کو لایا ہوں۔

رکمنی نے ترچھی نظروں سے دیکھکر کہا "نئی کے آگے پرانی کو کون پوچھتا ہے!"

پیاگ چل:۔ من جس سے ملے وہی نئی ہے جس سے من نہ ملے وہ پرانی ہے۔ لاکھ پیسے ہوں تو دیدے۔ تین دن سے دم نہیں لگائی۔ پیر سیدھے نہیں پڑتے۔ ہاں دیکھ دو چار دن اس بیچاری کو کھلا پلا دے، پھر تو آپ ہی کام کرنے لگے گی۔

رکمنی نے سمجھا چار روپیہ لاکر پیاگ کو دیدیا دوسری بار کہنے کی

انشانی قوام کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے منگائیے

ضرورت نہ پڑی

(۲)

پیاگ میں چاہے کوئی مادہ ہو یا نہ ہو مگر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ سیاست کے ابتدائی اصولوں سے واقف تھا اُس نے افتراق کی پالیسی پر عمل کرنے کا تہیہ کر لیا تھا۔ ایک مہینے تک کسی قسم کی پریشانی نہ ہوئی رکمنی بے عذر ہو گئی تھی۔ بڑے سویرے اُٹھتی۔ اور کبھی لکڑیاں توڑ کر، کبھی چارا کاٹ کر، کبھی اُپلے پاتھ کر بازار چلی جاتی۔ وہاں جو کچھ ملتا اُس کا نصف تو پیاگ کے ہتھے چڑھتا اور نصف میں گھر کا کام چلتا۔ وہ سوت کو کوئی کام نہ کرنے دیتی۔ پڑوسیوں سے کہتی بہن سوت ہے تو کیا ہے تو ابھی بھریا۔ دو چار مہینے بھی آرام سے نہ رہیگی تو کیا یاد کریگی۔ میں تو کام کرنے کو ہوں ہی۔ گاؤں بھر میں اُس کی وضعداری کی چرچا ہو لیگا مگر صحبت یافتہ گھاگ پیاگ سب کچھ سمجھتا تھا اور اپنی پالیسی کی کامیابی پر خوش ہوتا تھا۔

ایک دن نئی بہو نے کہا "دیدی اب تو گھر میں بیٹھے بیٹھے جی اوبتا ہے۔ مجھے بھی کوئی کام دلا دو۔"

رکمنی:۔ کیا میرے منہ میں کالکھ پتوانے پر لگی ہوئی ہے۔ بھیتر کا کام کئے جا۔ باہر کیواسطے تو میں ہوں ہی۔

بہو کا نام سلیا تھا۔ اسوقت تو سلیا نے کچھ جواب نہ دیا لیکن یہ لونڈیوں کی زندگی اُس کے لئے ناقابل برداشت ہو رہی تھی میں دن بھر گھر کا کام کروں کوئی نہیں پوچھتا۔ وہ باہر سے چار پیسے لاتی ہے تو مالکن بنی ہوئی ہے۔ اب میں بھی مزدوری کرونگی اور اُن کا گھمنڈ توڑونگی۔ پیاگ پیسے کا یار ہے۔ یہ حقیقت اُسپر رفتہ رفتہ واضح طور پر آشکارا ہو گئی جب رکمنی چارہ لیکر بازار چلی گئی تو گھر کی نئی لگائی گاؤں میں اپنا تعارف کرنے چلی۔ گاؤں میں باہمن، ٹھاکر، کایستھ، بنئے سبھی تھے۔ ان سب گھروں میں سلیا کی آؤ بھگت ہوئی۔ کسی نے چاول دیا، کسی نے کچھ، کسی نے کچھ۔ دوسرے دن سے سلیا پسائی کرنے لگی۔ اُس نے دائرہ عمل میں قدم رکھا پھر رات ہی سے چکی کی آواز آنے لگی۔

پیاگ نے پوچھا آج تو سلیا بڑے سویرے پیسنے لگی۔

رکمنی پیسنے کو کیا تھا۔ میں تو بجار سے آٹا لائی ہوں۔ جا کر دیکھتی ہوں نا۔

رکمنی نے بروٹھے میں جا کر دیکھا تو سلیا ایک ٹوکری میں دس پندرہ سیر گیہوں رکھے پیس رہی تھی۔ رکمنی نے جا کر اُس کا ہاتھ پکڑ لیا اور گیہوں کی ٹوکری اُٹھا کر بولی تجھ سے پیسنے کو کس نے کہا ہے؟ کس کا گیہوں پیس رہی ہے۔"

سلیا نے بیباکانہ انداز سے کہا "تم جا کر آرام سے سوتیں کیوں نہیں۔ میں پیستی ہوں تو تمھارا کیا بگڑتا ہے۔ چکی کی گھمڑ گھمڑ بھی نہیں سہی جاتی۔ لاؤ ٹوکری دیدو۔ بیٹھے بیٹھے کب تک کھاؤں گی۔ دو مہینے تو ہو گئے۔"

رکمنی۔ میں نے تو تجھے کچھ نہیں کہا۔

سلیا۔ تم کہو چاہے نہ کہو۔ اپنا دھرم بھی تو کچھ ہے۔

رکمنی۔ تو ابھی یہاں کے آدمیوں کو نہیں جانتی۔ آٹا پساتے تو سب کو اچھا لگتا ہے پیسے دیتے وقت البتہ روتی ہیں کس کا گیہوں ہے میں سویرے اُس کے سر پٹک آؤنگی۔

سلیا نے رکمنی کے ہاتھ سے ٹوکری چھین لی اور بولی پیسے کیوں

بہترین عطر اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

نہ دینگی کچھ بیگار کرتی ہون

رکمنی۔ تو نہ مانے گی۔

سلیا۔ نہیں تمھاری لونڈی بنکر نہ رہوں گی۔

پیاگ یہ تکرار سنکر آ پہونچا۔ اور رکمنی سے بولا کام کرتی ہے تو کرنے دے۔ اب کیا جنم بھر بہریا بنی رہیگی ہو تو گئے دو مہینے

رکمنی۔ تم کیا جانو۔ ناک تو میری نہ کٹے گی۔

سلیا۔ تو کیا کوئی بیٹھے بیٹھے کھلا دیتا ہے۔ چوکا برتن جھاڑو بھارو پیسنا کوٹنا یہ کون کرتا ہے۔ پانی کھینچتے کھینچتے میرے ہاتھوں میں گھٹے پڑ گئے۔ مجھ سے اب یہ تمھارا کام نہ ہوگا

پیاگ۔ تو ہی بجار جایا کر۔ گھر کا کام رہنے دے رکمنی کریگی

رکمنی۔ ایسی بات منہ سے نکالتے لاج نہیں آتی تین دن کی بھریا باجار میں گھومے گی تو سنسار کیا کہیگا

سلیا۔ سنسار کیا کہیگا۔ کیا کوئی عیب کرنے جاتی ہوں۔

سلیا کی ڈگری ہو گئی۔ عنان حکومت رکمنی کے ہاتھ سے نکل گئی۔ سلیا کی عملداری ہوئی۔ جوان عورت تھی گیہوں پیس کر اٹھی تو اور عورتوں کے ساتھ گھاس چھیلنے چلی گئی اور اتنی گھاس چھیلی کہ سب دنگ رہ گئیں۔ گٹھا اٹھائے نہ اٹھتا تھا۔ جو مرد اس کام میں بہت مشاق تھے اُن سے بھی اُس نے بازی مار لی۔ یہ گٹھا ۱۲ر کو بکا۔ سلیا نے آٹا، چاول، دال، تیل نمک، ترکاری مسالا سب کچھ لیا، پھر بھی اُس کے پاس ۴ر بچ رہے۔ رکمنی نے سمجھ رکھا تھا کہ سلیا بازار سے دو چار آنے پیسے لیکر لوٹے گی تو اُسے ڈانٹونگی اور دوسرے دن سے پھر باہر جانے لگوں گی۔ مگر یہ سامان دیکھے تو اُس کی آنکھیں کھل گئیں۔

پیاگ کھانے بیٹھا تو مسالے دار ترکاری سے لب بند ہو رہے تھے مہینوں سے ایسی لذیذ چیز نہ میسر ہوئی تھی۔ بہت خوش ہوا کھانا کھا کر باہر جانے لگا تو سلیا بر دھنے میں کھڑی تھی۔ بولا آج کتنے پیسے ملے۔

سلیا۔ بارہ آنے ملے تھے۔

پیاگ سب خرچ کر ڈالے۔ کچھ بچے ہوں تو مجھے دیدے۔

سلیا نے بچے ہوئے چار آنے نکال کر دیدئے۔ پیاگ پیسے کھنکھناتا ہوا بولا۔ تو نے تو آج مالا مال کر دیا رکمنی تو اتنے پیسے کبھی نہ دیتی تھی۔"

سلیا مجھے بٹور کر رکھنا تھوڑا ہے۔ پیسے کھانے پینے کے لئے ہیں کہ گاڑ کر رکھنے کے لئے۔

پیاگ۔ اب تو ہی بجار جایا کر۔ رکمنی گھر کا کام کریگی اور دیکھو میں یہیں لیٹوں گا۔ جرا چلی آنا۔ تجھ سے کچھ باتیں کرنی ہیں۔

(۳)

رکمنی اور سلیا میں اب معرکۂ کارزار گرم ہو گیا۔ سلیا برسر اختیار رہنے کے لئے روز بروز زیادہ محنت کرتی۔ پھر رات سے گیہوں پیستی۔ پھر گھاس لاتی اور بازار جاتی وہاں سے لوٹ کر جو گھنٹہ آدھ گھنٹہ وقت بچتا اُسے بھی بیکار نہ کھوتی۔ سن کاتتی۔ رسی بٹتی۔ رکمنی اس کے انتظام میں نقص نکالا کرتی اور جب موقع ملتا گوبر بٹور کر اُپلے پاتھتی اور گاؤں ہی میں اُپلے بیچکر پیسے لاتی پیاگ کے دونوں ہاتھوں میں لڈو تھے۔ دونوں بیویاں اُسے زیادہ سے زیادہ پیسے دینے اور اُس کی خوشنودی مزاج کا بیشتر حصہ اپنے تصرف میں کرنے کی کوشش کرتی رہتیں۔ مگر سلیا نے

افسانی توام اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے۔

کچھ ایسا آسن جما لیا تھا کہ کسی طرح ہٹائے نہ ہٹتی تھی۔ یہاں تک کہ ایک دن دونوں میں علانیہ اعلان جنگ ہوگیا سلیا گھاس لیکر آئی تو پسینے میں تر تھی۔ پھاگن کا مہینہ تھا۔ دھوپ تیز تھی۔ اُس نے سوچا نہا کر تب بازار جاؤں۔ گھاس دروازے پر رکھ کر وہ تالاب نہانے چلی گئی رکمنی نے تھوڑی سی گھاس چپکے سے نکال کر پڑوسن کے گھر میں چھپا دی اور گٹھے کو ڈھیلا کر کے برابر کر دیا۔ سلیا نہا کر لوٹی تو گھاس کم معلوم ہوئی۔ رکمنی سے پوچھا۔ اُس نے لاعلمی جتائی۔ سلیا نے گالیاں دینا شروع کیں۔ جس نے میری گھاس چھوئی ہو اُسکے بدن میں کیڑے پڑیں اُس کے باپ اور بھائی مر جائیں۔ اُس کی آنکھیں پھوٹ جائیں۔"

رکمنی کچھ دیر تک ضبط کئے بیٹھی رہی مگر آخر خون میں اُبال آ ہی گیا جھلا کر اُٹھی اور سلیا کے دو تین طمانچے لگا دئے سلیا ڈاڑھیں مار مار کر رونے لگی۔ سارا محلہ جمع ہوگیا۔ سلیا نے اپنے حسن خدمات سے گاؤں والوں میں حسد کی آگ مشتعل کر دی تھی۔ وہ سب سے زیادہ گھاس کیوں چھیلتی ہے؟ سب سے زیادہ لکڑیاں کیوں توڑ لاتی ہے؟ اتنے سویرے کیوں اُٹھتی ہے؟ اتنے پیسے کیوں کماتی ہے۔ ان وجوہ نے اسے پڑوسیوں کی ہمدردیوں سے محروم کر دیا تھا۔ سب اُسی کو بُرا بھلا کہنے لگیں مٹھی بھر گھاس کے لئے اتنا مہا متھ مچا ڈالا۔ اتنی گھاس تو آدمی جھاڑ کر پھینک دیتا ہے۔ پھر تمھیں سوچنا چاہیئے تھا کہ اگر کسی نے لے لی ہو تو گاؤں گھر ہی کا۔ باہر کا کوئی چور تو آیا نہیں تم نے اتنی گالیاں دیں تو کس کو دیں۔ پڑوسیوں کو ہی تو"

اُس دن پیاگ تھانے گیا تھا۔ شام کو لوٹا تو تھکا ہوا تھا۔ آتے ہی آتے سلیا سے بولا "لا کچھ پیسے دے تو دم لگا آؤں"۔ سلیا اُسے دیکھتے ہی بہ آواز بلند رونے لگی۔

پیاگ۔ ہوا کیا، کیوں روتی ہے۔ کہیں گمی تو نہیں ہوگئی۔ نہیں سے تو کوئی آدمی نہیں آیا۔

سلیا۔ اب میرا اس گھر میں رہنا نہ ہوگا۔ میں اپنے گھر جاؤنگی۔

پیاگ۔ ارے کچھ منہ سے تو بول۔ ہوا کیا۔ سنو تو سہی۔ گاؤں میں کسی نے گالی دی ہے، کسی نے کچھ کہا ہے؟ گھر پھونک دوں اُس کا چالان کروا دوں۔

سلیا نے رو رو کر سارا قصہ بیان کیا۔ پیاگ پر اُس دن تھانے میں خوب جوتے پڑے تھے۔ جھلایا ہوا تھا ہی۔ یہ قصہ سنا تو بدن میں آگ لگ گئی۔ رکمنی پانی بھرنے گئی تھی وہ ابھی گھڑا بھی نہ رکھنے پائی تھی کہ اُسپر پل پڑا اور مارتے مارتے بیدم کر دیا۔ وہ مار کا جواب گالیوں سے دیتی تھی۔ اور ہر ایک گالی پر وہ اور بھی جھلا جھلا کر مارتا تھا یہانتک کہ رکمنی کی گھٹنیاں پھوٹ گئیں۔ چوڑیاں ٹوٹ گئیں۔ سلیا بیچ بیچ میں شعالک دیتی جاتی تھی "واہ رے دیدہ! واہ ری جبان۔ ایسی تو عورت ہی نہیں دیکھی۔ عورت کا ہیکو ڈائن ہے۔ جرا بھی منہ میں لگام نہیں پیاگ مارتے مارتے تھک کر جھلا بیٹھا تھا پر رکمنی کی زبان نہ تھکتی تھی۔ بس اس کی زبان پر یہی رٹ لگی ہوئی تھی "تو مرجا تیری مٹی نکلے۔ تیری لاش نکلے تجھے ہیضہ کھائیں، تجھے مرگی آئے۔ پیاگ رہ رہ کر غصہ سے بے اختیار ہو جاتا اور جا کر دو چار لاتیں جما دیتا۔ پر رکمنی میں غالباً اب حس ہی نہ تھا۔

روغن آملہ کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

وہ سر کے بال کھولے وہیں زمین پر بیٹھی انھیں منتروں کا جاپ کر رہی تھی۔ اس کے لہجے میں اب غصہ نہ تھا۔ ایک مجنونانہ بے ساختگی تھی اس کے وجود کا ذرہ ذرہ انتقام کی آگ سے جل رہا تھا اندھیرا ہوا تو رکمنی ٹھکر ایک طرف چلی گئی، موہ کا آخری تار ٹوٹ گیا۔

(۴)

جب فصل تیاری کے قریب ہوتی تھی تو ڈیڑھ دو مہینے پیاگ کو ہار کی دیکھ بھال کرنی پڑتی تھی۔ اسے کسانوں سے دونوں فصلوں پر ہل پیچھے کچھ سند ہوا تھا۔ ماگھ ہی میں وہ ایک منڈیا ڈال لیتا تھا۔ اور رات کو کھاپی کر آگ، چلم، تمباکو، چرس لئے ہوئے اسی منڈیا میں آکر پڑ رہتا تھا چیت کے آخر تک اُسکا یہی شغل رہتا تھا۔ یہ وہی زمانہ تھا فصل پکی ہوئی تیار کھڑی تھی۔ دو چار دن میں کٹائی شروع ہونے والی تھی۔ پیاگ نے دس بجے رات تک رکمنی کی راہ دیکھی پھر یہ سمجھ کر کہ شاید کسی پڑوسن کے یہاں سو رہی ہوگی اُس نے کھاپی کر اپنی لاٹھی چلم، آگ اُٹھائی اور سلیا سے بولا کیواڑ بند کرے۔ اگر رکمنی آئے تو کھول دینا کھانے کو کہنا سنا کر کچھ جبرو رکھلا دینا تیرے پیچھے آج اتنا تو پہچان ہو گیا۔ آج نہ جانے مجھے اتنا گسا کیسے آگیا میں نے اُسے کبھی پھول کی چھڑی سے بھی نہیں چھوا تھا۔ کہیں ڈوب ڈاب نہ مری ہو نہیں تو کل آ بھیت آجائے سلیا بولی: "نہ جانے وہ آئیں نہ آئیں میں اکیلے کیسے رہونگی۔ مجھے تو ڈر لگتا ہے میں اکیلے گھر میں کبھی نہیں رہی۔"

پیاگ۔ تو گھر میں کون رہیگا۔ سونا گھر پاکر کوئی لوٹا، تھالی اُٹھا لیجائے تو؟ ڈر کس بات کا ہے۔ پھر رکمنی تو آتی ہی ہوگی۔

سلیا نے ٹٹی اندر سے بند کر لی۔ پیاگ مزرعے کی طرف چلا دم کے سرور میں ایک بھجن گاتا جاتا تھا "ٹھگنی کیوں نینا جھمکاوے، کمر دکاٹ مردنگ بنائے۔ ٹیسو کاٹ مجیرا۔ باجے تروئی منگل گاویں۔ ناچیں بالم کھیرا۔ ٹھگنی۔ روپا بھر کے روپ دکھاؤں سونا بھر جھاوے۔ گلے ڈال تلسی کی مالا۔ تین لوک بھر ماریں ٹھگنی۔" یکایک اُس نے دیکھا کہ سامنے ہار میں کسی نے آگ جلائی ایک شعلہ اُٹھا۔ اُس نے جلا کر پوچھا۔ کون ہے ارے یہ کون آگ جلاتا ہے اس کا جواب بلند ہونے والے شعلوں نے آتشیں زبان سے دیا۔ اب پیاگ کو معلوم ہوا کہ اُس کی منڈیا میں آگ لگی ہوئی ہے منڈیا ہار کے بیچوں بیچ میں تھی جسمیں وہ سارے مزرعے پر مرکزی نگاہ ڈال سکے۔ اُس منڈیا میں آگ لگنا روئی کے ڈھیر میں آگ لگنا تھا۔ ہوا چل رہی تھی منڈیا کے چاروں طرف ایک ہاتھ کے فاصلے پر پکی ہوئی فصل کے تختے لہرا رہے تھے اندھیری رات میں بھی اس کا سنہرا رنگ کچھ کچھ جھلک رہا تھا۔ آگ کی ایک لپٹ سارے ہار کو جلا کر خاکستر کر دیگی سارا گاؤں تباہ ہو جائے گا اسی ہار کے ڈانڈے پر آس پاس کے موضعوں کے ہار بھی تھے۔ وہ بھی جل اُٹھیں گے۔ اوہ! شعلے بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔ پیاگ نے اُبلا اور چلم وہیں پٹک دی کندھے پر لوہ بند لاٹھی رکھے ہوئے بے تحاشا منڈیا کی طرف دوڑا۔ میڈوں سے جانے میں چکر تھا وہ کھیتوں میں سے ہو کر بھاگا جا رہا تھا۔ ہر لمحہ شعلے بلند تر ہوتے جاتے تھے اور پیاگ کے قدم تیز تر، کوئی تیز گھوڑا بھی اسوقت اُسے نہ پا سکتا۔ اُسے خود اپنی تیزی پر حیرت ہو رہی تھی۔ جان پڑتا تھا پاؤں زمین پر پڑتے ہی نہیں۔ اُس کی نظریں شعلوں پر تھیں۔ دائیں بائیں اُسے اور کچھ نہ سوجھتا تھا۔ اس یکسوئی نے اُسے مافوق البشر بنا دیا تھا، نہ دم پھولا، نہ پیروں میں تھکن ہوئی تین چار فرلانگ اس نے دو منٹ میں طے کئے اور منڈیا کے پاس جا پہونچا۔ وہاں کوئی آدمی نہ تھا شعلے شریر لڑکوں کی طرح ہنستے، دھکم دھکا کرتے، کبھی دائیں طرف لپکتے کبھی بائیں طرف بلی سا معلوم ہوتا تھا کہ لپٹ اب کھیت تک پہونچی۔ گویا شعلے قصداً کیاریوں

تمباکو خوردنی کا خانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

کی طرف بڑھتے اور ناکام ہو کر دوسری بار پھر دونے جوش سے لپکتے تھے لاٹھی سے پیٹ کر آگ بجھانے کا موقع نہ تھا وہ تو صریح حماقت تھی۔ پھر کیا ہو۔ فصل جل گئی تو پھر وہ منہ نہ دکھا سکیگا اور گاؤں میں کہرام مچ جائیگا۔ تباہی آجائیگی۔

دفعتہً اُس نے لاٹھی سنبھال کر ایک چھلانگ ماری اور شعلوں کے اندر منڈیا کے دروازے پر تھا۔ ایک ہی سکنڈ میں ایک تختۂ آتشیں معلق ہوا میں ایک سمت کو اُڑتا ہوا نظر آیا۔ پیاگ نے جلتی ہوئی منڈیا کو اپنی لاٹھی پر اُٹھا لیا تھا اور اُسے لئے ہوئے سب سے چوڑی مینڈ پر بھاگا چلا جا رہا تھا۔ پھونس کی جلتی ہوئی دھجیاں اس کے اوپر گرتی جاتی تھیں۔ پھر اُسے اُس کا حس بھی نہ ہوتا تھا۔ ایک بار ایک موٹھا الگ ہو کر اس کے ہاتھ پر گرا۔ ادھر کی کھال بھن گئی۔ پر ہاتھوں میں ذرا بھی جنبش نہیں ہوئی ہاتھ کا ہلنا کھیتی کا تباہ ہونا تھا۔ نادر کی جنبش ابرو میں بھی شاید اتنی تباہ کن قوت نہ تھی۔ اگر خوف تھا تو یہی کہ وہ بیچ کا حصہ جہاں اُس نے لاٹھی ڈال کر منڈیا اُٹھائی تھی نہ جل جائے ورنہ سوراخ کے بڑھتے ہی منڈیا اُس کے اوپر آگرے گی۔ اور وہ اس مزارِ آتشیں کے نیچے دب جائیگا۔ اُس کے ساتھ ہی فصل بھی تباہ ہو جائیگی۔ اس لئے وہ خیال کے پرواز سے اُڑا جاتا تھا۔ ۴ فرلانگ کی دوڑ ہے۔ مرگ آتشیں پیاگ کے سر پر اُڑتی ہوئی چلی جا رہی ہے کس کے سر پر موت اس طرح کھیلی ہوگی۔ تیز رفتاری کے باعث شعلوں کا رُخ پشت کی طرف ہو گیا ہے۔ اُس کی قوت کا بیشتر حصہ ہوا کا مقابلہ کرنے میں صرف ہو رہا ہے ورنہ اب تک مرکزی حصہ کب کا جل گیا ہوتا اور پیاگ شعلوں کے نیچے دب جاتا۔

ایک فرلانگ طے ہو گیا بس ایک فرلانگ کی اور کسر ہے دیکھنا پیاگ! قدم ذرا بھی سست نہ ہوں۔ لاٹھی کے گُندے پر شعلے پہونچے اور تمھاری زندگی کا خاتمہ ہے۔ اور مرنے کے بعد بھی تمھیں گالیاں ملیں گی۔ تم نالہ ہائے سوزاں کی آگ میں تا قیامت جلتے رہو گے۔ بس ایک منٹ اور صرف دو کھیت رہ گئے ہیں آہ! منڈیا نیچے کھسک پڑی۔ گُندا اُس کے سوراخ کے پار ہو گیا اب کوئی اُمید نہیں شعلے ایک ایک انچ نیچے کی طرف کھسکتے آ رہے ہیں وہ آخری کھیت آ پہونچا۔ اب صرف دو سکنڈ کا اور معاملہ ہے۔ فتح کا دروازہ وہ سامنے بیس ہاتھ کے فاصلہ پر ہے اِدھر جنت ہے اُدھر جہنم۔ مگر..... وہ منڈیا کھسکتی ہوئی پیاگ کے سر پر آ پہونچی وہ اب بھی اُسے سر سے پھینک کر اپنی جان بچا سکتا ہے۔ مگر اُسے جان اتنی پیاری نہیں، وہ اسے سر پر لئے بھاگا جا رہا ہے۔ ناگہانی ایک سکنڈ میں اُس کی لاش سر پر ہوگی اور شعلے اُس کے جسم پر رقص کر رہے ہوں گے اور کیا عجب ہے فصل کا میدان ہی اُنکا رقص گاہ بن جائے یکایک رکمنی سامنے درخت کے نیچے سے بے تحاشا دوڑتی آتی ہوئی نظر آئی اُس نے فوراً پیاگ کے سامنے آکر اس تختۂ سوزاں کو دونوں ہاتھوں پر لے لیا اور اُسی وقت پیاگ بیہوش زمین پر گر پڑا رکمنی اس کاشانۂ سوزاں کو لئے ہوئے ایک ہی سکنڈ میں آخری کھیت کے ڈانڈے پر جا پہونچی مگر اتنی ہی دور میں اُسکے ہاتھ جل گئے اور جلتی ہوئی جھونپڑی اس کے سر پر گر پڑی اور ایک لمحے میں رکمنی شعلوں کا نوالہ بنگئی۔ کچھ دیر تک منڈیا کے نیچے جنبش ہوتی رہی پھر سکون ہو گیا رکمنی اس مزارِ آتشیں میں دفن ہو گئی۔ ذرا دیر کے بعد گاؤں کے آدمی جمع ہو گئے تو دیکھا پیاگ اس نیم سوختہ منڈیا کے سامنے سر جھکائے کھڑا آگ کو آنسوؤں سے بجھا رہا ہے۔ مگر اُسکے اندر کی آگ کو کون بجھائیگا؟

روح گلاب کارخانہ صغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

روح جسم سے جدا ہونیکے بعد

(از جناب مولانا نیاز فتحپوری مدیر "نگار" لکھنؤ)

یوسف، ابتدائے عمر سے بہت جستجو پسند طبیعت لیکر آیا تھا، اور ہر پوشیدہ و غیر معلوم شے تک پہونچنے کے لئے بیتاب رہتا تھا، روحانیت کے متعلق خصوصیت کے ساتھ اسے بہت دلچسپی تھی اور اس کا اعتقاد تھا کہ نہ صرف خیال انسانی بلکہ اس کا شبح (جسے روح حیوانی بھی کہہ سکتے ہیں) بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو سکتا ہے۔

اس نے اپنے ایک دوست کو شریک کار بنایا اور روح حیوانی کے منتقل کرنے کا تجربہ شروع کیا۔ تجویز یہ تھی کہ ایک مقررہ وقت پر یوسف اور اس کا دوست عزیز دونوں اپنے اپنے کمروں میں بیٹھکر قوت تصور سے روح کو منتقل کرنے کی کوشش کریں۔ چونکہ یوسف، مقناطیسیت ذاتی کی مشق کر چکا تھا اور وہ اپنے اوپر نوم مقناطیسی آسانی سے طاری کر سکتا تھا اس لئے سب سے پہلے اسی نے کوشش کی کہ اپنی روح کو عزیز کے مکان تک پہونچائے جو دو میل کے فصل سے واقع تھا،

کئی شامیں اسی تجربے میں گزر گئیں لیکن کوئی نتیجہ نہ نکلا، لیکن چھٹی یا ساتویں شام کو عزیز نے یوسف کی شبیہ کو اپنے کمرے میں دیکھا عزیز کا بیان ہے کہ ہر چند یہ نظارہ نہایت ہی آنی تھا لیکن بالکل یقینی اور صاف و روشن اس نے محسوس کیا کہ یوسف کا چہرہ سفید تھا اور بال پریشان۔ ایک لمحے تک تو عزیز کی حالت یہ رہی کہ وہ حیرت سے حرکت بھی نہ کر سکا اور اس کے بعد اس نے ایسا محسوس کیا کہ وہ شبیہ اس کے شانے کے اوپر سے پرواز کرتی ہوئی فضا میں تحلیل ہو گئی۔

یہ بات پہلے طے ہو چکی تھی کہ جب کسی کو کوئی چیز نظر آئے تو فوراً اس کی تصویر لے لیجائے، لیکن عزیز کچھ ایسا متعجب ہوا کہ وہ برمحل تصویر لینا بھول گیا اور جب اس نے کیمرا لیکر تصویر لینا چاہی تو بہت دیر ہو چکی تھی بہر حال عزیز، تجربے کی اس کامیابی سے بہت خوش تھا اس نے ظہور شبیہ کا ٹھیک وقت نوٹ بک میں درج کر لیا اور فوراً گاڑی پر سوار ہو کر یوسف کی طرف چلا تاکہ اس سے سارا حال بیان کرے۔

جس وقت عزیز، یوسف کے مکان پر پہونچا تو وہ یہ دیکھکر سخت متحیر ہوا کہ صدر دروازہ کھلا ہوا ہے اور اندر روشنی ہو رہی ہے تمام چیزیں بدترتیبی کے ساتھ پھیلی ہوئی ہیں۔ دوات ٹوٹی ہوئی ہے، کتابیں منتشر ہیں، کھڑکیوں کے پردے پھٹے ہوئے ہیں اور دیوار کا کاغذ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے بلی نے انتہائی برہمی کی حالت میں اسے نوچا ہے۔

چند منٹ تک عزیز نے اس منظر کو دیکھا اور پھر اندر داخل ہوا کہ شاید یوسف آرام کرسی پر پڑا ہوا ہے لیکن اسے اس میں بھی کامیابی نہ ہوئی۔ اس نے دربان کو آواز دیکر بلایا اور پوچھا "یوسف کہاں ہے"

ہر قسم کے عرقیات کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے خریدئے

کیا تم کو معلوم نہیں کہ سارا فرنیچر ٹوٹا پڑا ہے۔ دربان نے یہ سنکر کمرے کی حالت کو دیکھا اور بولا کہ مجھے ان چیزوں کی تو خبر نہ تھی، لیکن یہ ضرور معلوم ہے کہ یوسف باہر چلے گئے ہیں اور غالباً پاگل ہو گئے ہیں آدھ گھنٹہ ہوا کہ وہ اپنے کمرے سے نہایت مضطرب ہو کر، ننگے سر ننگے پاؤں، پریشان بال لئے ہوئے نکلے اور سڑک پر جا کر کسی طرف غائب ہو گئے۔ جس وقت وہ میرے پاس سے گزرے تو وہ ہنسے لیکن وہ ہنسی ایسی تھی جیسے موت کے سکرات، منہ کھلا ہوا تھا، آنکھیں باہر کو اُبلی پڑتی تھیں اور سخت تکلیف کا اظہار اُنکی ہر ہر بات سے ہو رہا تھا۔ اُنھوں نے اپنے ہاتھ کو جنبش دی اس حال میں کہ پنجے اور ناخن حملہ کرنے والے شیر کی طرح ٹیڑھے اور اینٹھے ہوئے تھے، اسی کیساتھ نہایت خوفناک دہیمی آواز سے یہ کہتے ہوئے گزر گئے کہ "زندگی، ہائے زندگی"

عزیز اس بیان کو حد درجہ حیرت و تاسف کے ساتھ سنتا رہا اور کچھ دیر انتظار کیا کہ شاید یوسف واپس آجائے لیکن یہ انتظار بیسود ثابت ہوا۔ اس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ یہ کیا قصہ ہے اور وہ کوئی عقلی تاویل اس کی کرنا چاہتا تھا، لیکن کوئی بات اُسکی سمجھ میں نہ آتی تھی۔ وہ تھوڑی دیر کے بعد خاص عالم محویت میں وہاں سے روانہ ہو کر گھر پہونچا اور بستر پر جا کر سونے کی کوشش کرنے لگا دیر تک اُس کو نیند نہ آئی اور وہ اسی طرح بیتاب کروٹیں لیتا رہا بمشکل تمام پچھلے پہر کے وقت اُس کی آنکھ لگی ہوگی کہ اُس نے یوسف کو دیکھا جو بے انتہا پریشان تھا اور اُس کی حالت گویا یہ کہہ رہی تھی کہ میری مدد کرو۔

عزیز جب تک سوتا رہا اسی قسم کے وحشت ناک خواب اسکو نظر آتے رہے، اور جب بیدار ہوا تو اُس کا دل اُس کے بوجھ سے دبا تھا۔ وہ کچھ دیر تک لیٹا ہوا اسی طرح سوچتا رہا، کانپتا رہا، اور پھر تھوڑی دیر کے بعد کچھ سوچکر دفعتہً اُٹھا، روشنی کی، جلدی جلدی کپڑے پہنے اور باہر نکل گیا تاکہ پھر یوسف کے گھر جا کر معلوم کرے کہ وہ واپس آیا ہے یا نہیں۔ سڑکیں سنسان تھیں اور سوائے پہرہ دینے والے سپاہیوں کی آواز قدم کے اور کوئی اثر حیات نہ پایا جاتا تھا۔ تھوڑی دور جانے کے بعد کسی نامعلوم کشش کی بنا پر وہ اس راستہ سے ہٹ گیا جو یوسف کے مکان تک جاتا تھا اور دوسری سڑک پر ہو لیا جہاں ابھی تک ہوٹلوں وغیرہ میں کافی چہل پہل تھی اور بعض دوکانوں کی رنگین روشنیوں میں کچھ لوگ چلتے پھرتے نظر آتے تھے۔ وہ اس سڑک پر مڑا ہی تھا کہ دفعتہً اُس نے ایک شور و ہنگامہ سنا اور ہوٹل کے پہلو سے اُس نے ایک شخص کو اپنی طرف نہایت تیزی اور بدحواسی سے دوڑ کر آتے ہوئے دیکھا۔ یہ شخص یوسف تھا، لیکن حالت یہ تھی کہ کوئی شخص اسے دیکھ کر پہچان نہ سکتا تھا، بال پریشان، سر و پا برہنہ، کپڑے تار تار صورت سے حد درجہ وحشت برستی تھی، اور تمام کیفیات وہی تھیں جو ایک دیوانہ میں ہوا کرتی ہے۔

وہ جس وقت عزیز کے پاس سے گزرا، عزیز نے اُس کو آواز دی لیکن اُس نے کوئی جواب نہ دیا اور جب اُس نے روکنا چاہا تو پوری قوت کے ساتھ لکڑی اُس کے چہرے پر ماری جس سے عزیز چکر کھا کر گر پڑا اور یوسف بھاگ گیا۔ جب عزیز کو ہوش آیا اور اُس نے نگاہ اُٹھا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ ایک سپاہی اور کچھ لوگ نہایت تیزی سے اُس کے تعاقب میں دوڑے جا رہے ہیں۔ چند آدمی

روغن مصالحہ کارخانۂ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

عزیز کے گرد بھی جمع ہو گئے اور اُن سے جو حالات معلوم ہوئے وہ یہ تھے کہ یوسف "زندگی، ہائے زندگی" کی آواز لگاتا ہوا ادھر سے نکلا، ہاتھ کی لکڑی کو جو خوں آلود تھی چاروں طرف وحشیانہ انداز سے گھماتا تھا اور جو سامنے آ جاتا تھا اُس پر حملہ کرتا تھا۔ دو عورتوں کو زخمی کیا۔ ایک مرد کی کلائی توڑ ڈالی، قہوہ کی ایک دُکان پر حملہ کر کے برتن توڑ ڈالے۔ اور پھر ایک سپاہی کو مار کر نکل گیا لیکن تعاقب جاری ہے

عزیز نے یہ سنکر ارادہ کیا کہ وہ اُٹھکر جائے اور لوگوں کے حملہ سے اُسے بچائے۔ لیکن وہ اُٹھا ہی تھا کہ پھر اُسے چکر آ گیا اور وہیں سر پکڑ کر بیٹھ گیا، تھوڑی دیر بعد مختلف لوگوں کی زبانی اُسے معلوم ہوا کہ تعاقب کرنے والے کامیاب نہیں ہوئے اور یوسف کسی طرف کو نکل گیا۔ عزیز کو یہ سنکر فی الجملہ اطمینان ہوا اور اپنے گھر واپس آیا۔

وہ سخت متحیر تھا کہ یوسف کی اس حالت کا سبب کیا قرار دے یہ امر بظاہر یقینی معلوم ہوتا تھا کہ "انتقال خیال و شبیہ" کے سلسلہ میں اُس کا دماغ خراب سا ہو گیا ہے اور اب وہ مجنوں ہے لیکن پھر یہ بات سمجھ میں نہ آتی تھی کہ خواب میں کیوں وہ افسردہ و مضمحل نظر آیا۔ رات بھر وہ اسی فکر میں مستغرق رہا اور ایک لمحہ کے لئے نہیں سویا کہ مبادا پھر کوئی ہولناک خواب نظر آئے صبح ہوتے اُس کی آنکھ لگی اور رات بھر کے تکان کی وجہ سے وہ جلد نہ بیدار ہو سکا۔ جب وہ جاگا تو کافی دیر ہو چکی تھی اور اخبارات اُس کی میز پر آ چکے تھے۔ لیکن رات کے واقعہ کا ذکر کسی اخبار میں درج نہ تھا۔ ضروریات سے فارغ ہو کر وہ اسلم کے پاس گیا جو یوسف کا شریک تجارت اور نہایت عزیز دوست تھا

یہاں پہونچکر جو حالات معلوم ہوئے وہ اور زیادہ حیرت انگیز تھے، کیونکہ جو خواب عزیز کو نظر آیا تھا وہی اسلم نے دیکھا تھا اور وہ خود فکر مند تھا کہ یوسف کی تکلیف کو معلوم کر کے اُس کی مدد کرے

آخر کار دونوں نے مشورہ کر کے طے کیا کہ پولیس ہیڈ کوارٹر میں جا کر وہاں سے سراغ لگایا جائے۔ اسلم نے کہا کہ یقیناً پولیس نے اس وقت تک اُسے گرفتار کر لیا ہوگا لیکن اسلم کا خیال غلط نکلا کیونکہ پولیس اس وقت تک اُسے گرفتار نہ کر سکی تھی، البتہ رات کے ہنگامے کی ضرور اس سے تصدیق ہوئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بھاگنے کے دوران میں اُس نے ایک سپاہی کو بھی زخمی کیا، ایک عورت پر بھی قاتلانہ حملہ کیا اور یہ تمام باتیں ساڑھے بارہ بجے اور پونے دو بجے کے درمیان واقع ہوئیں۔ اور دو بجے تک وہ کوچۂ طبا خاں میں پہونچکر غائب ہو گیا۔

یہ حالات سنکر عزیز کو اور زیادہ تکلیف ہوئی، وہ یہ سمجھتا تھا کہ یوسف اس وقت تک پولیس کے قبضہ میں آ گیا ہوگا اور اس طرح اُس کی پریشان کن جستجو کا اختتام ہو جائے گا، لیکن اب وہ پھر بدستور اپنے آپ کو تاریکی میں پاتا تھا اور اُس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کیونکر اس معمہ کو حل کرے اور یوسف تک کیونکر پہونچ سکے۔

اس زمانہ میں ایک خاتون شیام کنور شہر میں آئی ہوئی تھی اور جو ڈاکٹر ہتکاری کی معمول مسمریزم ہونے کی وجہ سے خاص شہرت حاصل کر چکی تھی، ہر چند عزیز ڈاکٹر ہتکاری سے بالکل ناآشنا تھا، لیکن اُس نے اُس کے پاس جانے کا ارادہ کیا

زعفران خالص صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

تاکہ اس کی مدد اس مسئلہ میں حاصل کرے۔ لیکن اُس کے حیرت کی انتہا نہ رہی جب ڈاکٹر ہتکاری نے یوسف کا نام سنتے ہی کہا کہ ہاں کل رات کو ہم تک اُس کا پیغام پہونچ چکا ہے۔ چنانچہ وہ دوڑا ہوا گیا اور ایک سلیٹ دکھائی جس پر یوسف کے سوا دخط میں ایک تحریر درج تھی عزیز کے مختلف اور متعدد سوالات کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ شب گزشتہ ۳ بجے کے قریب شیام کنور پر اعصابی تشنج اور دماغی بحران کا دورہ پڑا جیسا کہ ہمیشہ کسی روح کی طرف سے کوئی پیغام موصول ہونے کے وقت پڑتا ہے اور اسی حالت میں جب سلیٹ اُس کے سامنے رکھی گئی تو اُس نے بائیں ہاتھ سے یوسف کا یہ پیغام درج کیا جو ذیل کے ٹوٹے ٹوٹے الفاظ پر مستعمل تھا:۔

"یوسف ..... کوچۂ طباخاں ..... قریب مرگ .... مدد"

ڈاکٹر ہتکاری نے عزیز سے کہا کہ چونکہ وہ نہ یوسف سے واقف تھا اور نہ رات کے واقعات سے اس لئے اُس نے خیال کیا کہ شیام کنور کے اور بہت سے مبہم روحانی الہامات کی طرح یہ بھی کوئی مبہم پیغام ہوگا۔ لیکن چونکہ اب حالات کا علم ہو گیا ہے اس لئے ہمارا فرض ہے کہ فوراً کوچۂ طباخاں میں جا کر اُس کو تلاش کریں، ممکن ہے کہ اب بھی پہونچنا بعد از وقت نہ ہو۔

چنانچہ عزیز اور ڈاکٹر ہتکاری دونوں چلے اور نہایت دشواری کے بعد یوسف کو تلاش کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

وہ تار کے ایک ستون کے نیچے نیم مردہ حالت میں پڑا ہوا تھا اور ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں اور پسلیاں ٹوٹی ہوئی تھیں۔

عزیز فوراً اُسے اُٹھا کر قریب کے شفاخانہ میں لے گیا اور دو تین دن کے بعد جب خطرہ گزر گیا اور اُسے ہوش آیا تو اُس نے اپنی سرگزشت اس طرح بیان کی:۔

تمھیں معلوم ہے کہ میں عرصے سے کوشش کر رہا تھا کہ کسی طرح اپنے اوپر مقناطیسی کیفیت طاری کر کے اپنی روح یا شبیہ کو جسم سے علیحدہ کروں اور تم تک پہونچاؤں، چنانچہ ہم نے تم نے ایک زمانہ تک اس کا تجربہ کیا اور کامیاب نہ ہوئے، لیکن اس مرتبہ اپنی تمام قوت عزم و ارادہ صرف کر کے بے انتہا قوی تمرکز خیال پیدا کیا اور آخر کار میں اس میں کامیاب ہو گیا کہ روح جسم سے علیحدہ ہو جائے اور یہ علیحدگی اس قدر دفعتہً تھی کہ میں اُس کے لئے تعین زمان کر ہی نہیں سکتا۔ میں کرسی پر بیٹھا ہوا تھا، آنکھیں بند تھیں، کرسی کے بازو پر ہاتھوں کی مضبوط گرفت قائم تھی اور میں انتہائی قوت کے ساتھ تمھاری ذات کو مرکز روح بنائے ہوئے تھا کہ دفعتاً میں نے اپنے آپ کو اپنے جسم سے علیحدہ محسوس کیا میں دیکھ رہا تھا کہ میرا جسم مجھ سے قریب ہے۔ اس حال میں کہ اُس کے ہاتھ ڈھیلے ہیں اور سر سینہ کی طرف جھکا ہوا ہے میں یہ پورے یقین کے ساتھ محسوس کر رہا تھا کہ میں اُس کے اندر نہیں ہوں۔ میں سمجھ رہا تھا کہ میں غیر محسوس ہو گیا ہوں اور اس کی توقع بھی تھی لیکن کبھی ذہن میں بھی یہ خیال نہ گزرا تھا کہ میں اس قدر عظیم و جسیم ہو جاؤنگا۔ میں اسوقت اپنے آپ کو ایک بڑے لکۂ ابر کی طرح پاتا تھا جس کے ساتھ میرا جسم ایک لنگر کی طرح وابستہ تھا اور ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ کوئی چیز جو میرے اندر نہایت تنگی کے ساتھ بند تھی اب پھیل کر بہت وسیع ہو گئی ہے۔ اُس وقت مجھے نہ صرف شہر کے تمام محلے نظر آ رہے تھے بلکہ انکا ایک ایک گھر ایک ایک کمرہ اور کمرے کی ایک ایک چیز

روغن بادام کا رغنانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

یہاں تک کہ ہوٹلوں کے اندر لوگوں کو کھانا کھاتے ہوئے، رقص گاہوں میں عورتوں کو رقص کرتے ہوئے اور تھیٹر میں ایکٹروں کو گاتے ہوئے، لوگوں کو بلیرڈ کھیلتے ہوئے اور گھروں کے اندر بہت سی خاتونوں کو محوِ خواب وہم آغوش دیکھ رہا تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ساری دنیا شفاف شیشے کے اندر بند ہے اور میری نگاہ کوئی قوی برقیہ (سرچ لائٹ) ہے جس سے کوئی چیز چھپ نہیں سکتی!۔

میں اس وقت وسعتِ احساس میں تمھیں بھی بھول گیا۔ اُسیوقت اتفاق سے ایک آدمی میرے پاس سے گزرا اور میں نے اُس کو اپنے ہاتھ سے جو بالکل سایہ کی طرح تھا چھونا چاہا لیکن میں اسمیں کامیاب نہ ہوا کیونکہ میری انگلیاں اُس کے جسم سے گزر گئیں سب سے زیادہ حیرت ناک امر یہ تھا کہ باوجود اس شدتِ احساس کے سارا عالم مجھے سنسان نظر آتا تھا اور کوئی آواز مجھے محسوس نہ ہوتی تھی گویا دنیا پر سکوت مطلق طاری تھا۔

اس کے بعد میں اس امر پر غور کرنے لگا کہ میں کہاں ہوں میں یہ تو سمجھتا تھا کہ اپنے جسم، مادی جسم سے علیحدہ ہوں، لیکن یہ احساس اسی جگہ ختم نہیں ہوا کیونکہ میں اپنے کو مکان کی قید سے بھی بالکل آزاد پاتا تھا، میں اپنی قوت ارادی سے کام لیکر جسم کو چھوڑ چکا تھا اور ایک ایسی دنیا میں اپنے آپ کو پاتا تھا کہ جو اس عالم سے بالکل علیحدہ ہونے کے باوجود بھی اس سے اس قدر قریب تھا کہ اُس کی تمام اشیاء اندر باہر کی صاف نظر آتی تھیں۔ دیر تک میں اسی فکر میں مستغرق رہا اور اس کے بعد مجھے خیال آیا کہ حسب قرارداد مجھے تمھارے پاس جانا چاہیئے چنانچہ میں نے اپنے نئے جسم کے ساتھ چلنے کا ارادہ کیا، لیکن کچھ دیر تک وہ مادی جسم سے علیحدہ ہونے میں کامیاب نہ ہوا میرے نئے جسم نے اس کوشش میں بہت سے جھٹکے کھائے اینٹھن اور بل پر بل اس میں پیدا ہوئے، آخر کار آخری کڑی جو اسے قید کئے ہوئے تھی، ٹوٹی اور ایسا محسوس ہونے لگا کہ ہر چیز سیاہ بخار (Vapour) کے گردش کھانے والے بہت سے کروں میں ملفوف ہے اور پھر ایک لمحہ کے لئے مجھے ذرا سا خلا معلوم ہوا اور اس میں لکۂ ابر کی طرح دخان و بخار کی دنیا کے اندر چل نکلا۔

اب مجھے معلوم ہوا کہ جس چیز کو میں دخان یا بخار سمجھے ہوئے ہوں وہ نہایت ہی خوفناک چیز ہے۔ یعنی میں نے محسوس کیا میں چاروں طرف انسانی چہروں سے گھرا ہوا ہوں اور ہر دہوئیں کا ہر چکر ایک چہرہ ہے۔ کوئی چہرہ پتلے ہویں کا تھا کوئی گیس کا تھا۔ یہ چہرے بالکل ایسے ہی تھے جیسے ڈراؤنے خواب میں بعض دفعہ نظر آتے ہیں۔ اُنکی آنکھوں سے خبث باطن، مکر و فریب ظاہر ہوتا تھا، پیشانی پر شکنیں پڑی ہوئی تھیں، نتھنے پھولے ہوئے تھے، لبوں پر نہایت تلخ قسم کا تبسم تھا اور جب میں اُن کے پاس سے گزرتا تھا تو وہ مجھے بکرڑتے اور دانت پیستے تھے، لیکن آواز کا کہیں پتہ نہ تھا اور اس خوفناک منظر کے ساتھ اس سکوت نے ملکر اور زیادہ بھیانک سماں پیش کر رکھا تھا۔

باوجودیکہ میرے حواس بالکل برجا نہ تھے لیکن میں نے اس عالم میں بھی تمھارا خیال فراموش نہیں کیا اور خدا معلوم کن دشواریوں سے میں تمھارے کمرے کے اندر پہونچا تم

بہترین قسم کے عطریات صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے۔

اُس وقت اپنی آرام کرسی پر آگ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے میں نے بہت کوشش کی کہ تمھاری توجہ اپنی طرف مائل کرلوں لیکن کامیابی نہ ہوئی میں تمھارے سامنے آیا، تمھارے کمرے کی چیزوں کو جنبش دی، تم کو چھوا لیکن تم کو خبر نہ ہوئی۔ آخر کار میں نے اپنے سایہ کے مانند غیر محسوس انگلیوں کو تمھارے دماغ میں داخل کردیا اور تم دفعتہً چونک پڑے۔ ڈاکٹروں کو معلوم نہیں، لیکن اس عالم میں پہونچنے کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ دماغ کے اندر بھی ایک آنکھ ہے، چنانچہ میں نے تمھاری اُسی آنکھ کو چھوا اور تم چونک پڑے۔ یہی وقت تھا جب مجھے اول اول یہ احساس ہوا کہ میرے جسم کو کوئی صدمہ پہونچگیا ہے اُس وقت اس عالم دخان وغبار میں نہایت تیز آندھی چل رہی تھی اور وہ تمام دخانی چہرے بھی سخت بدحواسی کے عالم میں اِدھر اُدھر سراسیمہ پھر رہے تھے، میں یہ عالم دیکھ کر بھاگا اور اپنے جسم کے پاس گیا لیکن بہت دیر کرکے۔ کیونکہ اب میرا جسم پہلے کی طرح مردہ حالت میں نہ پڑا تھا بلکہ وہ اب انسان کی طرح قائم تھا اس حال میں کہ آنکھیں باہر کو اُبلی ہوئی تھیں، ہاتھ پاؤں اینٹھ رہے تھے اور انتہائی کرب اس کی حالت سے ظاہر ہو رہا تھا۔ کچھ دیر تک میں اُسے خاموشی سے دیکھا کیا اور پھر اُس کی طرف جھکا لیکن میں نے محسوس کیا کہ میرے اُس کے درمیان کوئی دیوار شیشہ کی حائل ہوگئی ہے اتنے ہی میں تمام خراب روحیں اُس کے گرد جمع ہو کر اُس کا منہ بنانے لگیں، گھورنے لگیں۔ اب میں غصے کی وجہ سے مجنون ہوگیا تھا اور میری حالت ایسی تھی جیسے کوئی طائر کسی کمرے میں بند ہوجائے اور اُس سے نکلنے کے لئے چاروں طرف دیواروں سے ٹکراتا پھرے

اب میرا جسم خوشی سے رقص کر رہا تھا اور میرے کمرہ کی تمام چیزوں کو اِدھر اُدھر منتشر کئے دیتا تھا، اُس نے کتابیں پھینکدیں، کاغذ پھاڑ ڈالے، بوتلیں توڑ دیں، میں نے پھر ایک بار اُس کو پکڑنے کی کوشش کی لیکن وہی ناقابل عبور حجاب حائل تھا اور پھر اسی عالم کرب میں، تمھارے پاس گیا تاکہ تمھیں اپنی تکلیف سے آگاہ کروں، لیکن اس وقت تمھارے دماغ کی راہیں روحوں کے لئے بند تھیں جس نے شہر کی گلیوں میں ہنگامہ برپا کیا وہ حقیقتاً میں نہ تھا بلکہ میرا جسم تھا جس کے اندر کوئی خراب روح حلول کرگئی تھی کامل بیس گھنٹے تک میرے جسم پر اس روح کا قبضہ رہا اور اس دوران میں مینے کئی مرتبہ تمھیں اور اسلم کو اپنی حالت سے آگاہ کرنا چاہا چونکہ میں کسی اور ذریعہ سے تمھیں آگاہ نہ کرسکتا تھا، اس لئے مینے بارہا تمھارے اور اسلم کے دماغ کے اندر اپنی انگلیوں کو تیرا دیا اور کئی بار تمھاری نگاہ کو اپنے جسم کی طرف بھی مائل کردیا لیکن تم بھی کوئی مدد نہ کرسکے۔

اس بیس گھنٹے کے عرصے میں جب تک میرے جسم پر خبیث روح قابض رہی میں دیکھ دیکھ کر کانپ رہا تھا کہ وہ روح میرے جسم کو تباہ کر رہی ہے اور اگر میرا جسم ہلاک ہوگیا تو پھر مجھے اسی خوفناک عالم ظل میں رہنا پڑے گا۔ اس لئے تم خیال کرسکتے ہو کہ میری تکلیف کا کیا عالم رہا ہوگا۔ میں اسی عالم کرب واحتضار میں سراسیمہ پھر رہا تھا اور بیشمار روحیں مجھے اپنے خط وخال کی حرکت سے تکلیفیں پہونچا رہی تھیں۔ سب سے زیادہ حیرت انگیز بات مجھے یہ بھی نظر آئی کہ ایک میری ہی روح اس طرح مضطرب نہ تھی بلکہ اور بھی بہت سی روحیں آوارہ

ہندوستان بھر میں کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ مشہور ومعروف ہے

پھر رہی تھیں جن کے جسم پر خبیث روحوں کا قبضہ ہو گیا تھا اور انھیں مطلقاً خبر نہ تھی کہ اُن کے جسم کہاں اور کس کے قبضہ میں ہیں۔

آخر کار میں ایک ایسی جگہ پہونچا جہاں چند ایسی ہی روحیں جمع تھیں۔ میں نے بھی اُن کے اندر ملکر نگاہ کی تو نیچے ایک روشن کمرہ نظر آیا جہاں چار پانچ مرد تھے اور ایک خاتون سیاہ لباس میں بیٹھی ہوئی تھی اور اس کا سر پیچھے کی طرف لٹکا ہوا تھا، میں چونکہ اخباروں میں اس کی تصویر دیکھ چکا تھا اس لئے سمجھ گیا کہ یہ وہی خاتون ہے جو پروفیسر ہتکاری کے معمول ہونے کی حیثیت سے اس قدر مشہور ہے۔ میں نے یہ بھی دیکھ لیا کہ اُس وقت خاتون کی وہ دماغی آنکھ بیدار تھی، اس وقت وہ کچھ کہتی جاتی تھی اور ایک ہاتھ سے لکھتی بھی جاتی تھی۔ جتنی روحیں یہاں جمع تھیں وہ سب کوشش کر رہی تھیں کہ اس وقت اس کے بیدار دماغ کی روشن فضا کو چھو لیں چنانچہ جس کسی روح کی رسائی وہاں تک ہوتی تھی تو اسی قسم کی تحریر اُس کے ہاتھوں سے نکلنے لگتی تھی۔ اس لئے اُسکے پیغامات بہت اُلجھے ہوئے تھے، کبھی کوئی ٹکڑا کسی روح کے پیغام کا کبھی دوسرا ٹکڑا دوسری روح کے پیغام کا اس لئے میں اب سمجھا کہ یہ خاتون روحوں کا پیغام اہل دنیا تک پہونچاتی ہے اور میں نے بھی کوشش کی کسی طرح اس کے خانۂ دماغ تک پہونچکر اپنی تکلیف و اذیت کا علم آپ لوگوں کو کراؤں۔ لیکن مجھے اس میں کامیابی نہ ہوئی کیونکہ اور روحیں مجھے وہاں تک پہونچنے نہ دیتی تھیں۔ آخر کار میں گھبرا کر پھر وہاں سے نکلا کہ دیکھوں میرے جسم کی کیا حالت ہے اور اس وقت تک اُس پر کیا مصائب گزر چکے ہیں۔ دیر تک تلاش کرنے کے بعد میں نے دیکھا کہ جسم ایک برقی ستون کے نیچے نہایت خستہ حالت میں پڑا ہے۔ اور گرنے کے صدمہ سے ہاتھ پاؤں اور پسلی کی دو ہڈیاں ٹوٹ گئی ہیں۔ اور وہ خبیث روح ابھی تک اندر موجود ہے اور بہت برہم تھی کہ کیوں میرا جسم اس قدر تڑپ رہا ہے۔

اس کے بعد میں پھر اُس خاتون کے کمرے میں گیا لیکن اسوقت ایک شخص اس کے پاس گھڑی لئے اس انداز سے دیکھ رہا تھا کہ اس سے معلوم ہوتا تھا اب اس کا معمول رہنا ختم ہونے والا ہے۔ یہ دیکھکر بہت سی روحیں جو وہاں جمع تھیں مایوس ہو کر واپس ہوئیں۔ یہ محسوس کرکے میں نے اپنی ساری قوت صرف کر دی کہ کسی طرح اس کے پاس پہونچکر آخری چند لمحوں سے کام لوں اور میں اس میں کامیاب ہوا چنانچہ وہ چند بے ربط الفاظ جو تم تک پہونچے اسی کوشش کا نتیجہ تھے۔

یہ پیغام پہونچانے کے بعد میں پھر میں اُس ستون تک پہونچا لیکن وہ روح ابھی اُس کے اندر موجود تھی۔ میں بھی وہاں کھڑا ہوا اپنے جسم کی کرب و اضطراب کا تماشہ دیکھتا رہا۔ یہانتک کہ صبح کو دفعتہً دماغ روشن ہوا اور وہ خبیث روح باہر نکل آئی میں اسی لمحہ کا منتظر تھا فوراً اپنے جسم میں پہونچ گیا۔ اور اس طرح روح و جسم کی مفارقت کا یہ وحشت ناک دور ختم ہو گیا۔

(مختار)

نیاز فتحپوری

کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے روغن کا ہو منگائیے

ہنس کی چال

(از جناب سُدرشن)

(۱)

کچھ زمانہ گزرا۔ کانپور مین ایک بڑے زبردست اور رنگین بیان شاعر رہتے تھے منشی ایشور سرن خیال۔ عمر تو کچھ زیادہ نہ تھی۔ لیکن جب قلم ہاتھ مین لیتے۔ تو سمان باندھ دیتے تھے۔ اُن کی ترکیبیں، اُن کی بندشین۔ اُن کی تخیل سب اچھوتی تھی۔ لوگ اُن کی نظمین سنکر تڑپ اُٹھتے تھے۔ ناممکن تھا۔ کہ کوئی مشاعرہ ہو۔ اور اُس مین حضرت خیال کو مدعو نہ کیا جائے۔ اُن کے ایک ایک مصرع پر تحسین و آفرین کی صدائین بلند ہوتی تھین۔ وہ محفل کو زیر و زبر کر دیتے تھے۔ اُن کے بعد کسی دوسرے کا رنگ نہ جمتا تھا۔ اسلئے اُن کی باری سب کے بعد آتی تھی یون تو کسی چینی کے کارخانے مین ملازم تھے تنخواہ بھی زیادہ نہ تھی۔ صرف چالیس پینتالیس پاتے تھے۔ اور اسی پر شاکر تھے۔ اکثر کہا کرتے تھے۔ یہ دولت نہین تو کیا ہوا۔ قدرت نے دنیائے سخن کی دولت بے بہا دینے مین تو بخل و تنگدلی سے کام نہین لیا۔ اب دنیا کی ہر ایک شے ہر ایک آدمی کو میسر آجائے۔ جب بازار مین نکلتے اور لوگ اُنہین دیکھہ دیکھہ کر سرگوشیان کرتے۔ کہ یہ خیال صاحب جا رہے ہین۔ تو جناب پر وارفتگی کا عالم طاری ہو جاتا۔ اُسوقت اُنہین ایسا معلوم ہوتا جیسے وہ آسمان کی بلندیون مین اُڑے چلے جا رہے ہین۔ اور دنیا کے دوسرے لوگ بہت نیچے حقیر کیڑون کے مانند رینگ رہے ہین۔ بادۂ شہرت کا نشہ کتنا تیز، کیسا مخمور کر دینے والا ہے۔ لیکن اُن کو ایک امر کا بے حد ملال تھا۔ اُن کی شریک حیات اُن کی اس شہرت کی حصہ دار نہ تھی ویسے بھاگیرتھی پر جان دیتے تھے۔ اُسے دیکھکر اُن کے بحر دل مین سرور و انبساط کی موجین اُٹھنے لگتی تھین۔ اُس کی آواز اُنکے لئے نغمۂ روح تھی اُس کی مسکراہٹ اُن کے دل کا صبر و قرار۔ کہتے، بھاگیرتھی! میری نظمون کی رنگینی اور دلکشی اور جدت کا چشمہ تو ہے۔ لیکن بھاگیرتھی کا یہ سرچشمہ تنویر ایشور سرن کیلئے تھا۔ اپنے لئے نہ تھا۔ جیسے چراغ دوسرون کو روشنی دیتا ہے۔ لیکن اُس کے تلے سدا تاریکی چھائی رہتی ہے۔ ایشور سرن چاہتے تھے۔ بھاگیرتھی بھی شعر کہے اُسکی نظمین اخبارات و رسائل مین شائع ہون اور وہ دیکھہ دیکھہ کر مسرور و شادان ہون۔ اُن کے احباب کہین۔ یار! خوش نصیب ہو۔ جو ایسی بیوی ملی۔ واہ وا! کیا خوب لکھتی ہے۔ پڑھکر آنکھین کھل جاتی ہین۔ ادھر ہماری عورتین بھی ہین۔ کہ کبھی کوئی شعر پڑھ دین۔ تو منھ تاکنے لگتی ہین۔ یہ خیال کیسے روح پرور تھے۔ کیسے نشاط انگیز۔ ایشور سرن اُس دن کیلئے تڑپ رہے تھے وہ اس کیلئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کو بھی آمادہ تھے۔

مگر بھاگیرتھی نظمین سمجھتی تھی۔ کہتی نہ تھی۔ اُس کے باپ کو تعلیم دلانے کا شوق تھا۔ بھاگیرتھی کو اُنھون نے ہندی اردو کی اعلےٰ تعلیم دلائی تھی

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا خاص ترکیب سے بنتا ہے

بھاگیرتھی - لیکن لکھنا آتا ہو جب نا۔

ایشورسرن - آتا کیوں نہیں جب مجھے خط لکھتی ہو۔ تو اُس میں کیسا زور، کیسی رنگینی کسی موہنی ہوتی ہے - پڑھ کر دل کا کنول شگفتہ ہو جاتا ہے بس اُنہیں جذبات کو نظم کر دو - پھر دیکھو کیا ہوتا ہے۔

بھاگیرتھی - یہ کام مردوں کا ہے عورتوں کا نہیں -

ایشورسرن - واہ! عورتوں کا کیسے نہیں بتاؤ بھیا عورت ہو کر نہیں کیسا اچھا لکھتی ہے -

عورت کسی کی تعریف اُس وقت تک سن سکتی ہے جب تک اُس کے خاوند سے مقابلہ نہ ہو۔ خاوند کے ساتھ مقابلہ ہونے پر اُسکی ساری خوبیاں مٹی میں مل جاتی ہیں اُس وقت وہ اُس کی ذرا سی تعریف بھی برداشت نہیں کر سکتی بھاگیرتھی نے کہا میں تو جانتی ہوں اُس کے خاوند نے لکھ کر اُس کے نام سے چھپوا دی ہوگی - تم جاؤ - تم بھی لکھ دو - منع کردوں تو جو کالے چور کی سزا وہ میری -

ایشورسرن - مذاق چھوڑو! کہو، لکھو گی یا نہیں؟

بھاگیرتھی - تم لکھ دو - میں نقل کر کے اپنے نام سے بھیجدوں گی -

ایشورسرن - یہ سبق مجھے اُستاد نے نہیں پڑھایا -

بھاگیرتھی - لوگ کہیں گے - بھاگیرتھی دیوی بڑی مکاری سے بھی بڑھ گئی -

ایشورسرن - خیالی پلاؤ پکا پکا کر خوش ہو لو -

بھاگیرتھی - ایڈیٹروں کی تعریف پڑھ کر لطف آجائے گا -

ایشورسرن - پہلے لکھ تو لو - پھر لطف بھی آجائے گا -

بھاگیرتھی - ارے - اپنے لئے اتنی نظمیں لکھتے ہو - کیا میرے لئے ایک بھی نہ لکھو گے؟ سوچتے ہوگی یہ بھی مشہور ہو گئی - تو پھر مجھے کون پوچھے گا

ایشورسرن - میں تو چاہتا ہوں - تم مجھ سے کئی درجہ اچھی نظمیں لکھو

بھاگیرتھی - تم ہی لکھو گے - میں تو دستخط کر دوں گی -

ایشورسرن - کتنی آسانی سے شہرت خریدنا چاہتی ہو؟

بھاگیرتھی - میں اب تمہارا پیچھا نہ چھوڑوں گی - لکھوا کے رہونگی

ایشورسرن نے بھاگیرتھی کی طرف شکوہ آمیز نگاہوں سے دیکھا اور آہ سرد بھر کر چپ ہو رہے -

(۴)

اب بھاگیرتھی کے سر پر ایک ہی دُھن سوار تھی - ہر وقت ایشورسرن سے لڑا کرتی - تم کیسے مرد ہو - ایک نظم بھی نہیں لکھ دیتے - اپنے لئے نت نئی لکھتے ہو - میرے لئے ایک بھی نہیں لکھ سکتے - بڑا بیاہ رچایا کرتے ہیں جانو مجھ سے بڑھ کر انہیں کسی کا خیال ہی نہیں - لیکن ذرا سی بات کہی ہے وہ بھی نہیں مانتے - میں نظمیں کہنا جانتی - تو گن کر آدھی نظمیں تمہارے نام سے چھپوا دیتی - ایشورسرن کہتے - بھاگیرتھی! تم کہیں پاگل تو نہیں ہو گئی ہو مجھ سے یہ کبھی نہ ہوگا - ناموری کی ہوس ہے - تو محنت کرو - یہ کیا کہ دکھ سہے بی فاختہ اور انڈے کوا کھائے - دماغ سوزی میں کروں شہرت تم کماؤ - بھاگیرتھی یہ سنتی اور رونے لگتی ایشورسرن خاموش ہو جاتے مگر منہ کی خاموشی سے دل خاموش نہ ہوتا - ایک دن تھا جب وہ بھاگیرتھی سے تقاضے کرتے تھے - اور بھاگیرتھی بچتی پھرتی تھی - اب بھاگیرتھی تقاضے کرتی تھی اور ایشورسرن پچھتاتے تھے - سوچتے تھے کیسی حماقت کی اسے یہ خیال نہ دلاتا - تو آج ہاتھ کیوں ملتا - ایشورسرن نے جسے کمبل سمجھا تھا وہ ریچھ نکلا - اب وہ کمبل کو چھوڑتے تھے - کمبل اُنہیں نہ چھوڑتا تھا - ایک طرف کوی ہٹ تھی دوسری طرف تریاہٹ - کئی دن کی کشمکش کے بعد وہی ہوا - جو اس نیلگوں آسمان تلے ہوتا آیا ہے - مرد کا انکار عورت

بہترین عطر منگانے کا پتہ :- اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ

کی ضد کے سامنے پانی پانی ہو گیا۔ برف کا کتنا ہی سخت کیون نہو۔ آفتاب کی نرم و گرم شعاعون کے سامنے کب ٹھہرا ہے!

ایک سال بعد بھاگیرتھی دنیائے شاعری مین خاص وقار رکھتی تھی اُس کی نظمین دیکھ کر شاعر لوگ ایک دوسرے سے پوچھتے تھے۔ یہ عورت کون ہے؟ چند ہی ماہ مین کہین سے کہین جا پہنچی۔ آج سے ایک سال قبل اس کا نام بھی کوئی نہ جانتا تھا۔ آج چارون طرف بھاگیرتھی کا غلغلہ ہے۔ اُس کی نظمون کے لیے لوگ چشم براہ رہتے تھے۔ جس پرچے مین اُس کا ایک بند بھی شائع ہو جاتا۔ اُس کی مانگ بڑھ جاتی تعلیم نسوان کے حامی کہتے۔ دیکھا۔ ایک عورت نے سارے مردون کے دانت کھٹے کر دئے۔ کیا اب بھی وہی دقیانوسی تان لگائے جاؤ گے کہ فطرت نے عورت کی محض گھر کے آنگن کیلئے مخصوص کیا ہے۔ مخالفین جواب دیتے سچ پوچھو۔ تو اِن نظمون مین دھرا ہی کیا ہے ایسی نظمین مرد ہر روز لکھتے رہتے ہین۔ کوئی پرواہ نہین کرتا۔ عورت کا نام ان کی سب سے بڑی خوبی ہے اسی عورت کی ایک نظم لیکر اُسکے نیچے کسی مرد کا نام لکھ دو۔ پھر دیکھو کیا ہوتا ہے۔ کوئی پرواہ ہی نہ کرے۔ اور جناب ہمارا تو یہ بھی خیال ہے۔ کہ یہ کسی بگڑے دل مرد ہی کے کارنامے ہین۔ ورنہ عورتون کو جو ملے تو سے فرصت ہی کب ملتی ہو؟۔

اُدھر بھاگیرتھی کے پاؤن زمین پر نہ پڑتے تھے۔ جس اخبار کو ہاتھ مین لیتی۔ اُسی مین اپنی تعریف پاتی۔ اُس وقت اُسے ایسا معلوم ہوتا تھا۔ جیسے کسی نے تخت پر بٹھا دیا ہو۔ ایشور سرن کو اب وہ پہلے سے بھی زیادہ چاہتی تھی۔ بات بات مین خوشامدین کرتی۔ اور مناتی۔ ایشور سرن بیجا غصہ کرتے جب بھی چپ چاپ برداشت کر لیتی۔ وہ وہ دینے والی گالے کی لاتین بھی سہتا پڑتی ہین۔ لیکن ایشور سرن اُس سے خفا نہ ہوتے تھے۔ اخبارات و رسائل مین اپنی بھاگیرتھی کی تعریف پڑھتے۔ تو پھولے نہ سماتے۔ ہم اپنی تعریف سُنکر اِسقدر خوش نہین ہوتے جسقدر اپنی بیوی کی تعریف سنکر ہوتے ہین۔ اغیار کے مُنہ سے اپنی بیوی کی قابلیت کا تذکرہ سنکر ہم پر جذبے کا عالم طاری ہو جاتا ہے۔ ہم اپنے آپ کو بھول جاتے ہین۔ ہمارا دل کسی درخشان دنیا مین پہنچ جاتا ہے۔ لیکن کبھی کبھی بھاگیرتھی کسی نامعلوم خوف سے کانپ اُٹھتی تھی۔ اُسے ایسا محسوس ہوتا تھا۔ کہ مین آسمان کی لامحدود بلندیون سے گرنے والی ہون۔ میرا رازفاش ہونے والا ہے۔ تنہائی مین بیٹھتی۔ تو سوچتی۔ کوے نے مور کے پر لگا رکھے ہین لیکن تا بہ کے۔ اسوقت ناچتا ہے۔ خوش ہوتا ہے اور دوسرے پنچھی اُس کی طرف رشک کی نگاہون سے دیکھتے ہین۔ مگر اِس جھوٹے حسن کی بقا کی کے گھڑیان ہین۔ اِس فریب، اِس مکر کی عمر کتنے دن ہے؟۔ لیکن اِس کے باوجود وہ نظمون کیلئے شوہر سے برابر تقاضے کرتی رہتی تھی۔ اور لکھوا لیتی تھی جیسے شرابی شراب کو بُرا سمجھ کر بھی اُسے نہین چھوڑ سکتا شہرت کا نشہ شراب کے نشہ سے بھی تیز ہے۔

مگر بھاگیرتھی کون ہے، یہ منشی ایشور سرن کے سوا کسی کو بھی معلوم نہ تھا۔ اُس کی نظمین پڑھنے والے ہزارون تھے۔ اُسے جاننے والا کوئی بھی نہ تھا۔ یہان تک کہ اخبارات کے ایڈیٹرون کو کچھ علم نہ تھا۔ اُنہین نظمین مل جاتی تھین اور وہ شایع کر دیتے تھے۔ یہ شہرت زیادہ دیر پردے مین نہین رہتی۔ جس طرح پنچھی کا بچہ پنکھ نکلنے پر گھونسلے مین نہین ٹھہرتا۔ شہرت کے بھی پنکھ ہوتے ہین۔ آخر یہ راز کھل گیا۔ کہ بھاگیرتھی منشی ایشور سرن کی بیوی ہے۔ اخبارات کو نیا مضمون مل گیا منشی صاحب کو اس خوش نصیبی پر مبارکبادین ملنے لگین لیکن وہ دل ہی دل مین کانپ رہے تھے ایک راز کھل گیا۔ کیا دوسرا بھی

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا خاص ترکیب سے بنتا ہے

کھل جائے گا؟ -

(۵)

اُسی زمانہ مین منشی ایشور سرن کو شوگر مل کے کسی کام سے پنجاب کی طرف جانا پڑا - بھاگیرتھی اُداس ہوگئی - اُس کی آنکھون مین آنسو بھر آئے محبت جدائی سے بہت گھبراتی ہے - جدائی کو سامنے دیکھکر اُس کا خون خشک ہوجاتا ہے - بھاگیرتھی سوچنے لگی - اکیلی کیسے رہون گی - یہ ہجر کے دن کیونکر کٹین گے؟ منشی جی کا دفتر سے آنے کا وقت ہوتا - تو دروازے مین جاکر کھڑی ہوجاتی تھی - اب کیا کرون گی؟ - لیکن ملازمت کا سوال تھا - بغیر گئے چارہ نہ تھا - منشی صاحب نے کہا - چند ہی دن کی بات ہے - مین بہت جلد لوٹ آؤن گا -

بھاگیرتھی بولی - ایک عہد کرو - جب جانے دون گی -

ایشور سرن - کیا؟

بھاگیرتھی - یہ کہ ہر جگہ سے چٹھی لکھون گا - اور ہر روز لکھون گا - اُداس دل انتظار مین بہلتا رہے گا - اور نہ سہی روز کا آسرا تو ہوجائے گا

ایشور سرن - بڑی بے ڈھب شرط ہے - لیکن خیر منظور - کچھ اور -

بھاگیرتھی - ہندو کنیا پاٹ شالہ کا جلسۂ تقسیم انعامات قریب ہے اُس روز مسز لال بہاری لال آئی تھین - کہتی تھین - اس موقع پر تمہارے ہاتھ سے انتظام تقسیم ہوگا - مین نے بہت انکار کیا - کہ مین اس قابل نہین ہون - لیکن وہ نہ مانین مجبوراً ہان کہنا پڑا - اب وہان کوئی نظم پڑھنی ہوگی -

ایشور سرن کے چہرے پر سرخی دوڑ گئی - مسکراکر بولے - تو اب وہان جاؤگی؟ تم نے مجھ سے پہلے کیون نہ ذکر کیا؟

بھاگیرتھی - کیا کرون - میرا تو دل گھبرا دیا ہے - مسز لال بہاری لال ایک نہین سنتین -

ایشور سرن - مگر دل مین خوش ہو رہی ہوگی -

بھاگیرتھی - مین جھوٹ نہین بولتی - گنگا جی کی قسم! میرا دل کانپ رہا ہے - وہان اتنے مجمع مین زبان بھی نہ کھلے گی - مرد ہون گے - کیسے بولون گی -

ایشور سرن - دستخط کرلینا کتنا آسان تھا؟ کیون

بھاگیرتھی - اب بھگوان ہی ہے جو لاج رہ جائے - مردون سے ڈر آتا ہے -

ایشور سرن - خوب رہے گی - اب تو عورتین مردون مین لکچر دینے لگین تم نظم بھی نہ پڑھ سکوگی کیا - دیکھو بھاگیرتھی! مردون اور عورتون مین کتنا فرق ہے - ہم کئی سال سے نظمین کہہ رہے ہین - کسی نے منہ بھی نہ دیا تمہاری چار نظمین اخبارات مین شائع ہوئین - تم جلسون مین پرودھان بنے لگی

بھاگیرتھی نے محبت کی نگاہون سے شوہر کی طرف دیکھا - اور کہا سچ کہتے ہو - یہ اعزاز تمہارا ہے یا میرا؟

ایشور سرن - تمہارا ہی ہے میرا کاہے کو ہے مین تو چاہتا ہون پرماتما آئندہ جنم مین مجھے بھی عورت ہی بنائے - لوگ تعریف تو کرین گے - غریب اب مجھے کیا حکم ہے؟

بھاگیرتھی - چلو مین تم سے نہ بولون گی -

ایشور سرن - اچھا غلطی ہوئی - معاف کردو -

بھاگیرتھی - کوئی عمدہ سی نظم بھیج دینا - اور ذرا جلدی - کہین ایسا نہ ہو - تم بھول جاؤ - اور یہان بنا بنایا کھیل ہی بگڑ جائے - رومال مین گرہ دے لو -

ایشور سرن - رومال مین گرہ دینے کی کیا ضرورت ہے - یہان دلپر

قوام تمباکو خوشبودار ورق دار اور بلا ورق کارخانۂ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے منگائیے

نوٹ ہو گیا۔

اسکے بعد ایشور سرن نے بھاگیرتھی کو گلے لگایا۔ اور باہر نکل آئے۔ بھاگیرتھی دروازہ پکڑ کر کھڑی ہو گئی۔ اور اشک آلود نگاہون سے شوہر کی طرف دیکھتی رہی۔

چند دن کے بعد نظم آگئی "قوم کی بیٹیون سے خطاب" اسے پڑھ کر بھاگیرتھی خوشی سے اُچھل پڑی۔ یہ نظم معمولی نظم نہ تھی۔ اس مین جذبات تھے۔ اس مین جذبات کی روح تھی۔ اس مین تخئیل تھی اس مین زور تھا۔ بھاگیرتھی کو یقین ہو گیا کہ تقسیم انعامات کے دن میرا رعب ہر دل پر طاری ہو جائے گا۔ اور جب یہ نظم کہین شائع ہو گی۔ تو شور مچ جائے گا میرے نام سے نظمین بہت شائع ہوئی ہین۔ لیکن ایسی پُر کیف، ایسی سحر آگین ایسی دل و دماغ کو وجد مین لے آنے والی نظم آج تک شائع نہین ہوئی۔ یہ نظم نہین، روحِ نظم ہے۔ اِسوقت اُسے شوہر کی روحانیت کا پورا پورا احساس ہُوا۔ پتہ نہین۔ کتنی محنت سے لکھی ہو گی۔ اِس کیلئے کسقدر دماغ سوزی کی گئی ہو گی اِس خود غرض سفلی دنیا مین ایسی چیزین کون کسی کو دے دیتا ہے۔ لیکن محبت ایثار کی ماں ہے۔ جہان جاتی ہے۔ بیٹی کو ساتھ لے جاتی ہے۔ بھاگیرتھی نے دل ہی دل مین اپنے عالی حوصلہ شوہر کو پرنام کیا۔ اور نظم کو سینے سے لگا لیا۔

جلسہ کے دن ہال مین تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ فرش گیلری، پلیٹ فارم سب بھرے ہوئے تھے۔ اس سے پیشتر جلسون مین مرد کم تعداد مین شریک ہوتے تھے۔ لیکن اس سال مرد عورتون سے بھی زیادہ تھے۔ اور اگر عورتون کا اُٹھانا ممکن ہوتا تو جو عورتین بیٹھی تھین۔ مرد اُن کو بھی اُٹھا دیتے۔ لیکن سب لوگ بھاگیرتھی کی نظم سننے آئے تھے۔ یہ غلط ہے۔ تربیتی نصیحت سے بھی زیادہ تعداد ایسے مردون کی تھی جو محض بھاگیرتھی کو دیکھنے آگئے تھے۔ کہ چلو دیکھین تو سہی کیسی عورت ہے جو نظمین لکھتی ہے۔

---

(۶)

آخر ایک طرف سے شور اُٹھا۔ لوگ اِدھر اُدھر دیکھنے لگے۔ جو پیچھے بیٹھے تھے۔ وہ کھڑے ہو گئے۔ جو کھڑے تھے وہ آگے کھسکنے لگے۔ ارکان جلسہ نے چلا چلا کر کہا۔ بیٹھ جائیے! لیکن نقار خانے مین طوطی کی صدا کون سنتا ہے؟ اس کا چندان اثر نہ ہوا۔ جلسہ گاہ مین بدنظمی پھیل گئی۔ کوئی کہتا تھا۔ بھاگیرتھی دیوی آگئین۔ کوئی کہتا تھا۔ ہجوم کا ریلا ہے۔ باہر بازار تک آدمی ہی آدمی کھڑے ہین۔ جگہ کم ہے۔ آدمی بہت ہین۔ ان کو وسیع جگہ کا انتظام کرنا چاہئے تھا۔ ایک بنچ پر بہت سے آدمی چڑھ گئے وہ ٹوٹ گئی۔ عورتون کی صف مین کئی بچے رونے لگے۔

یکایک ہال مین سناٹا چھا گیا۔ لوگون نے دیکھا۔ مسز لال بہاری لال کے ساتھ ایک نوجوان لڑکی کشمیری ساری پہنے آرہی ہے۔ اُس کا سر جھکا ہوا تھا۔ وہ نہایت احتیاط کے ساتھ بچا بچا کر پاؤن دھرتی تھی۔ اُس کے چہرے پر انکسار تھا۔ لیکن یہ انکسار غرور سے بھی زیادہ متکبر تھا۔ لوگون نے پرجوش تالیون سے ہال سر پر اُٹھا لیا۔ یہی بھاگیرتھی دیوی تھین۔ یہی عورت جس کا نام سب کی زبان پر تھا۔

باقاعدہ تجویز اور تائید کے بعد بھاگیرتھی دیوی کرسی صدارت پر آکر بیٹھین اور انعام تقسیم کرنے لگین اس موقع پر اُس کے قلب کی جو حالت تھی۔ اُسے وہی جان سکتا ہے جسے خود کبھی یہ اعزاز نصیب ہوا ہو۔ عوام اِسے محسوس نہین کر سکتے خدا خدا کر کے یہ وقت جو پاٹشالہ کی انعام لینے والی لڑکیون اور اُن کے والدین کے سوائے اور کسی کو بھی مرغوب نہ تھا ختم ہوا۔ اور بھاگیرتھی دیوی تقریر کرنے کیلئے کھڑی ہوئی۔ اب اُس کے چہرے پر وہ گھبراہٹ نہ تھی۔

عطر حنا جو اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا بنا ہوا ہے اسکا نسخہ ہی مختلف ہے

اُس نے چاروں طرف دیکھا۔ اور تب وہ کہنا شروع کیا۔ جو ایسے موقع پر ہر ایک آدمی کہتا ہے۔ آپ نے مجھے جو اعزاز بخشا ہے۔ مین اس کی اہل نہ تھی اسی کانپور مین مجھ سے قابل عورتین موجود ہین جن کے سر کے بال عورتون کی خدمت مین سفید ہو گئے۔ مین آپ کا شکریہ کس زبان سے ادا کرون۔ جو آپ نے خاک کی چٹکی کو سر پر چڑھا لیا۔ وغیرہ وغیرہ۔

لوگون نے چلا کر کہا۔ نظم۔

"میرے خیال مین یہ وقت نظم کیلئے موزون نہین۔

لوگ بولے "بہت موزون ہے۔ ہم دیوی جی کی نظم سنکر جائین گے"

اب بھاگیرتھی نے نظم نکالی لوگ سنبھل کر بیٹھ گئے۔ بھاگیرتھی نے پڑھنا شروع کیا۔ مجمع پر جادو ہو گیا۔ ایک ایک مصرع پر واہ وا کے فلک شگاف نعرے بلند ہونے لگے جو نہ سمجھتے تھے، وہ بھی جھومتے تھے۔ مبادا لوگ انہین نالائق تصور کرین۔ بھاگیرتھی کے دل مین جو وسوسے، جو اندیشے تھے، سب بے بنیاد ثابت ہوئے۔ ایسی شاندار کامیابی کی اُسے خواب مین بھی امید نہ تھی۔ وہ اپنی نظم کو اور بھی جوش، اور بھی سرگرمی سے پڑھنے لگی۔ ہم جون جون کامیاب ہوتے جاتے ہین۔ ہماری سرگرمیان بڑھتی جاتی ہین۔

اتنے مین بھاگیرتھی کی نگاہ مسز لال بہاری لال کی طرف گئی۔ جو ایک کاغذ کے ٹکڑے کو نہایت غور سے دیکھ رہی تھی۔ بھاگیرتھی کا خون خشک ہو گیا جیسے پھولون کے ڈھیر مین ناگ نظر آجائے۔ یہ ایشور سرن کا خط تھا جو اُنہون نے پٹیالہ سے نظم کے ہمراہ بھیجا تھا۔ جس مین اُنہون نے اپنی نظم کی تعریف کی تھی۔ اور اُسے بھاگیرتھی کے نذر کیا تھا۔ بھاگیرتھی کو اُس کاغذ کو الگ کرنے کا خیال نہ رہا۔ نظم پڑھنے کے جوش مین پن نکل گیا۔ اور کاغذ نیچے گر پڑا۔ اور اب یہ۔ از.....

بھاگیرتھی کا سر گھومنے لگا۔ اُس نے نظم ختم کی اور پلیٹ فارم سے نیچے اُتر آئی۔ مرد جوش سے تالیان بجا رہے تھے۔ عورتین "پتنی ہی جیسی" مگر "دوسری قسم" کی ایک عورت کے چہرے کی طرف رشک سے دیکھ رہی تھین۔ اور بھاگیرتھی کا دل خوف، رنج، اور ندامت سے دھڑک رہا تھا۔ جب لوگ منتشر ہو گئے۔ تو وہ مسز لال بہاری لال کو گھسیٹ کر پاس کے کمرے مین لے گئی۔ اور آنکھون مین آنسو بھر کر بولی "میری لاج اب تمہارے ہی ہاتھ ہے خواہ رکھو خواہ مٹی مین ملا دو"

مسز لال بہاری لال نے بھاگیرتھی کو وہ چٹھی واپس دیتے ہوئے کہا "میری زبان سے اِس کے متعلق ایک لفظ بھی نہ نکلے گا" اور مسز لال بہاری لال نے اپنا وعدہ پورا کیا۔ لیکن بھاگیرتھی کی نظمین اب کہین شائع نہین ہوتین۔ نہ وہ شوہر سے نئی نظمون کیلئے تقاضے کرتی ہے۔

(سُدرشن)

کلامِ اثر

(جناب خان صاحب مرزا جعفر علیخان صاحب اثر لکھنوی۔ بی اے پنشنر کلکٹر)

جسنے غم ہوش کیا — غم کو طرب جوش کیا — چرخ نے نالے کو مرے — زیب نبا گوش کیا
نیم تبسم نے ترے — داغ کو گلپوش کیا — ذوق تحیر نے اثر
یاد وہ آتے ہین بہت — دل سے فراموش کیا — بے خبر ہوش کیا

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت کا باعث صرف عطر حنا ہے

شکست بے صدا

(از جناب مجنوں گورکھپوری)

(۱)

ایک دل جلے مصنف کا قول ہے کہ اب تک دنیا میں نہ جانے کتنے بے بنیاد افسانے سنگین تاریخی واقعات بنا کر پیش کئے جا چکے ہیں اور نہ جانے کتنے واقعات ہیں جنکو محض افسانہ بنا کر چھوڑ دیا گیا ہے اور دنیا والے تنقید و تفحص کے عنصر سے کچھ اس قدر عاری ہوتے ہیں کہ اُن کو جو چیز جس صورت میں بھی ملی اسکو بجنسہ قبول کر لیا بشرطیکہ صورت دل کش اور نظر فریب ہو۔ اسی خیال سے اب تک میں ناصری کی سرگزشت عوام کے سامنے پیش کرنے سے گریز کرتا رہا کیونکہ پڑھنے والے اس کو بھی زیادہ سے زیادہ میری پرواز تخیل کا ایک کرشمہ سمجھ لینگے اور اگر انتہائی دریا دلی سے کام لیا تو میری کاوش اور خامہ فرسائی کے صلہ میں یہ کہدیں گے کہ "خوب لکھا گیا ہے" لیکن میرے احباب کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ صلہ میرے دل کو خون کر دینے والا ہوگا۔ سچ تو یہ ہے کہ نہ تو ناصری میرے دماغ کی پیداوار ہے اور نہ اُس کی زندگی میں ایسے واقعات ہیں جو کسی دلچسپ افسانہ کے لئے مواد بن سکیں۔ وہ بھی اسی "گوشت پوست" کا انسان ہے جس سے ہم آپ سب بنے ہیں وہ بھی اسی کثیف دنیا میں سانس لے رہا ہے جس کو "دار المحن" "سجن المومنین" اور نہ جانے کیا کیا کہا گیا ہے۔ البتہ اپنی شخصیت کے لحاظ سے وہ ایک عجیب و غریب چیز ہے۔ اس لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو بہت کم ہستیاں ایسی نکلیں گی جو اس کی ہمسر بن سکیں۔ ناصری کی یہی نمایاں حیثیت ہے جس نے عرصے سے میرے دل میں یہ خیال پیدا کر رکھا ہے کہ اس کی ایک "سیرت" تیار کی جائے جسکا وہ یقیناً حقدار ہے۔

میں بچپن سے ناصری کا غائبانہ طور پر گرویدہ تھا جب سے مجھ میں تھوڑا بہت علمی و ادبی شوق پیدا ہوا ناصری کی طرز تحریر نے میرے دل و دماغ پر اپنا سکہ جما لیا تھا۔ مجھے بھی حوصلہ تھا کہ ناصری کی طرح سحر نگار بن جاؤں۔ ہندوستان میں اردو اور انگریزی کا شاید ہی کوئی رسالہ ہو جسمیں اُس کے مضامین نہ چھپتے ہوں۔ اور میں ہر اس رسالہ کو منگایا کرتا تھا جس کے قلمی معاونین کی فہرست میں ناصری کا نام ہوتا۔ بعد کو مجھے معلوم ہوا کہ ناصری صرف اہل قلم ہی نہیں ہے بلکہ مقرر بھی ہے۔ اس کی تقریروں میں بھی وہی جادو ہوتا تھا جو اُس کی تحریروں میں تھا۔

میں نے ناصری کے مضامین کا غائر مطالعہ کیا تھا جن سے بہت کچھ اُسکی شخصیت کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا۔ میرے خیال میں حیثیت صاحب قلم کے اُس کی زندگی کے چار دور ہو سکتے ہیں۔ ایک تو ابتدائی دور جسمیں اُس نے صرف نظمیں اور غزلیں لکھیں۔ غزلیں اُس کی عموماً تڑپا دینے والی ہوتی تھیں۔ نظموں میں "تخلیق کائنات" اور "شاعر کی دنیا" اس کی شاعری کی بہترین یادگاریں ہیں جنکی

زعفران خالص کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

کسی زمانے میں بڑی دھوم ہو گئی تھی اُن کے علاوہ اور بھی کئی نظمیں ہیں جن کا تعلق جذبات سفلی سے ہے اور جو بری طرح انسان کے اعصاب میں تلاطم برپا کر سکتی ہیں مگر تو ہر نظم کے نرالے ہیں جو ناصری کو دوسرے شعراء سے ہمیشہ ممتاز رکھیں گے۔ دوسرا دور وہ ہے جس میں اس نے زیادہ تر افسانے لکھے اور اردو افسانہ نویسی میں ایک نئی طرح ڈال کر اپنے کو افسانہ نویس تسلیم کرا لیا۔ اُس کو بحیثیت اردو افسانہ نویس ایسی شہرت ملی کہ لوگ اس بات کو بھول گئے کہ اُس نے کبھی شاعری بھی کی ہے۔ یوں تو اس کا ہر افسانہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے ایک اچھوتی چیز ہوتا تھا۔ لیکن اُس کے دو افسانے "حدیث آرزو" اور "پراگندہ دل" مجھکو خصوصیت کے ساتھ یاد ہیں۔ "حدیث آرزو" میری نگاہوں میں اس لئے ممتاز ہے کہ وہ بہت کچھ میری اپنی زندگی کا نقشہ ہے۔ مجھے یاد ہے کہ اُس کے ایک ایک ٹکڑے نے مجھکو کس طرح بیچین کر دیا تھا۔ مثال کے طور پر ایک ٹکڑا لیجئے۔ میرا خیال ہے کہ اردو ادبیات میں جدت خیال اور اسلوب بیان کے لحاظ سے ایک خاص مرتبہ رکھتا ہے۔

"آپ میری زندگی کی اس شق کو لیجئے جو عورت اور محبت سے تعلق رکھتی ہے یا یوں سمجھئے کہ سب سے پہلے کہ میں اپنی زندگی کا وہ رُخ پیش کرنا چاہتا ہوں جو زرلینہ کو اور مجھکو دوش بدوش رونما کرتا ہے۔

فریب عشق بازی می دہم اہل تماشا را

اور اسی سلسلے میں دنیا کو معلوم ہو جائیگا کہ میں بحیثیت مجموعی کس قسم کا جانور ہوں — سچ پوچھئے تو عشق اور محبت رومانیت اور شعریت کا کوئی خاص مفہوم میرے دماغ میں نہیں ہے۔ میری رائے میں یہ سب مہمل الفاظ ہیں۔ کم از کم اُس عاشقی کا تجربہ تو مجھے بالکل نہیں ہے جسمیں وصل اور ہجر کی مہتم بالشان اصطلاحیں تمیں کہجاتی ہیں اور ہم اپنی ساری عمر تمنائے وصل اور شکوۂ ہجر میں بسر کر دیتے ہیں۔ صبر و سکوں کھو بیٹھتے ہیں۔ دن رات کرب و اضطراب میں مبتلا رہتے ہیں دنیا کا کوئی کام نہیں کر سکتے اور آخر کار خدا جانے کیا سے کیا ہو جاتے ہیں۔ ہاں تو کہنا یہ تھا کہ زرلینہ کے ساتھ مجھے محبت نہیں تھی اگر محبت کا مفہوم وہی ہے جو عوام نے سمجھ رکھا ہے اور یہ کہ دفعتہً پہلی نگاہ میں مجھے اس کے ساتھ وابستگی پیدا ہوئی جیسا کہ عموماً محبت کی ابتدا ہوا کرتی ہے ایک طویل مدت تک ہم دونوں کو ایک دوسرے کی صحبت میں رہنے کا اتفاق ہوا اس کا قدرتی نتیجہ یہ تھا کہ ہم ایک دوسرے کے رفیق بن گئے۔ مجھے اس کے ساتھ موانست پیدا ہو گئی اور اُس کو میرے ساتھ۔ اور یہ موانست زمانہ کی رفتار کے ساتھ ساتھ شغف و انہماک کی اُس حد تک پہنچ گئی۔ جہاں دو ہستیوں کے محسوسات ایک ہو جاتے ہیں۔ وہ تو خیر اس جنس سے تعلق رکھتی ہے جسے آپ لطیف نازک اور نہ جانے کیا کیا کہتے ہیں مگر خود میں بھی اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ برسوں اُس کے ہنسنے پر ہنستا اور اُس کے رونے پر روتا رہا۔ باوجود اس کے کہ میری جنس کرخت اور عورت کے مقابلہ میں بطی الحس قرار دی گئی ہے مختصر یہ کہ آپ میری زندگی کے اس باب پر تبصرہ کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ اتنا کہہ سکتے ہیں۔

کہ اندکے بہ ادا ہائے عشق مانند است"

دوسرا افسانہ "پراگندہ دل" ہے جس کا اثر مجھ پر ایک مدت تک رہا ہے۔ اس عجیب و غریب افسانے نے ناصری کی شخصیت کا اندازہ کرنے میں میری بڑی مدد کی۔ مجھے یقین ہے کہ "پراگندہ دل" صرف ایک نقاب ہے جسمیں اُس نے اپنی ہستی کو چھپانے کی کوشش

فینسی عطر داں کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

کی ہے۔ شروع سے آخر تک اس کا ایک ایک جملہ پڑھنے والے کے دل میں ایک ہیجان پیدا کر سکتا ہے۔ اور کوئی تعجب کی بات نہ ہوگی اگر اکثر کم ظرف اور خام کار نوجوان اس کو پڑھ کر گمراہ ہو جائیں ایک جگہ لکھتا ہے:۔

"میں بھی اپنی رو میں کہاں سے کہاں پہنچ جاتا ہوں جس سے میرے حواس کی بے ربطی کا کافی پتہ چلتا ہوگا لیکن میرے دوستوں کو معلوم ہو جانا چاہیئے کہ میں کوئی داستاں نہیں سناتا رہا ہوں میری زندگی کوئی ایسا غیر معمولی واقعہ ہے بھی نہیں۔ جس کو داستاں بنا دوں میں بس یہ دکھا دینا چاہتا ہوں کہ مجھ جیسے لوگوں کیلئے مرنے سے پیشتر دنیا میں کیا "اجر جمیل" ہوا کرتا ہے۔ میں کسی کو دھوکا دینا نہیں چاہتا کوئی یہ نہ سمجھے کہ نفسانیت کی زندگی سے ہمیشہ دور رہا ہوں۔ میں نے آسودگی تلاش میں ایک مدت تک اپنے نفس کی غلامی کی ہے۔ ایک عمر آلودگیوں میں گزار چکا ہوں۔ میں کوئی واعظ یا پند گو نہیں ہوں۔ آسکر وائلڈ کی طرح میں بھی گناہ کو ارتقائے انسانی کا لازمی عنصر سمجھتا ہوں۔ پارسائی کے لفظ سے مجھے چڑ ہے روحانیت مجھکو ڈھکوسلا معلوم ہوتی ہے خیر و شر کی حیثیت میرے نزدیک اضافی ہے یعنی ایک ہی فعل جو ایک موقع پر گناہ ہے کسی دوسرے موقع پر عین ثواب ہوگا۔ بہر حال ایک عرصے تک میں بھی اس قسم کی زندگی بسر کرتا رہا ہوں جو عام طور پر گمراہی اور ضلالت کی زندگی سمجھی جاتی ہے۔ میرا بھی مقصد صرف سکون حاصل کرنا تھا معلوم نہیں اور لوگ کبھی اپنے اس مقصد میں کامیاب ہوئے یا نہیں لیکن میں تو بری طرح مایوس ہوا۔ سکون ملنا تو ایک طرف میری سرمستیوں اور ہوس ناکیوں نے میری غیر واضح بے چینی اور اضطراب میں اضافہ کر دیا۔ سنا کرتا تھا کہ شراب ایک کیف خود فراموشی پیدا کر دیتی ہے اور اس کے پینے والے اپنی ناکامیوں کے دردناک احساس کو بھول جاتے ہیں۔ مگر قسمت کی اس ستم ظریفی کو کیا کہوں کہ جب اسی غرض سے میں نے شراب پی تو خودی کا احساس مجھ میں اور تیز ہو گیا۔ بھولی ہوئی ناکامیاں یاد آ گئیں اور اس طرح میری بیتابیاں بڑھتی گئیں گویا نشہ کی حالت میں مجھ پر وہ کیفیت طاری ہوتی ہے جیسے آپ لوگ "خمار" کہیں گے آپ مانیں یا نہ مانیں لیکن یہ کوئی مجذوب کی بڑ نہیں کسی کی واقعی زندگی ہے۔"

اسی سلسلہ میں آگے چلکر لکھتا ہے۔

"ولس (Wells) کا قول ہے کہ ناآسودگی زندگی کی روح رواں ہے برٹرڈ شا آسودگی کو موت سمجھتے ہیں بے دل بھی عالم آسودگی کی ہوا" کو جنوں خیز بتاتے ہیں میرا تجربہ بھی یہی ہے کہ انسان کا زندگی میں سکون کی تمنا کرنا ایک فعل عبث ہے۔ ممکن ہے سکتہ یا سبات کے مریضوں کو کبھی کبھی آسودگی نصیب ہو جاتی ہو مگر ان کے سوا کوئی صحیح و توانا آدمی ایسا خوش نصیب نہیں ہو سکتا۔

مطلبے گر دد از ہستی ہمیں آزاد بود
ورنہ در کنج عدم آسودگی بسیار بود

اس سے یہ مراد نہیں کہ آپ اپنا رونا بھی نہ روئیے۔"

ناصر کی ادبی زندگی کا تیسرا دور وہ ہے جس میں اُس نے زیادہ تر فلسفیانہ اور تنقیدی مضامین لکھے اس میں بھی اس نے اپنی طرز تحریر اور انداز تنقید کو ممتاز رکھا شوپنہار اُس کا فلسفہ تصوف اور افلاطون کا نظریہ تصورات" شرح ویدانت اور "عرفان حیات" اس دور میں اس کی بہترین یادگاریں ہیں۔

روغن کاہو کا کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

چوتھا دور سیاسیات و اقتصادیات کا ہے جسمیں ناصری نے عموماً انگریزی زبان میں مضامین لکھے اور بڑے بڑے مشاہیر پر اپنا سکہ جمالیا۔ اس زمانے میں مشکل سے اُس نے دو چار مضامین اردو میں لکھے ہوں گے۔ میں نے بالالتزام ناصری کے ہر دور کا غائر مطالعہ کیا تھا اور اس نتیجہ پر پہونچا تھا کہ یہ شخص اتنی مختلف کروٹیں صرف ایک اس لئے بدل رہا ہے کہ اُس کو ایک کروٹ چین نہیں ملتا معلوم ہوتا تھا کہ اُس کی رگ رگ میں جو فساد و انتشار ہے وہ اس کو متاکر رہیگا لیکن دو تین سال سے ناصری نے اپنی علمی و ادبی زندگی کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہدیا تھا۔ اس دوران میں اُس نے نہ ایک حرف انگریزی میں لکھا تھا اور نہ اردو میں۔

طرح طرح کے وہم میرے ذہن میں آ رہے تھے۔ میں سوچتا تھا کہ یا خدا ناصری کو کیا ہو گیا ہے کہ اس طرح بلا کسی تمہید کے دفعتہً اُس نے سکوت اختیار کر لیا۔ ایک عرصے تک مجھے اس کی کوئی خبر نہ مل سکی لیکن آخر کار خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ خلاف اُمید میرا اُس کا شب و روز کا ساتھ ہو گیا اور میری وہ آرزو جس کو مدت سے اپنے دل میں پرورش دے رہا تھا پوری ہو گئی۔

(۲)

میں جو کچھ بطور تمہید کے لکھ چکا ہوں۔ اُس سے بہت کچھ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ناصری کے ساتھ غائبانہ مجھے کس حد تک اُنس تھا چنانچہ میری مسرت کی کوئی انتہا نہ تھی جب مجھے معلوم ہوا کہ لکھنؤ کے جس کالج میں میں انگریزی کا پروفیسر ہو کر جا رہا ہوں اسی میں ناصری دو سال سے فلسفہ کی پروفیسری کر رہا ہے، مجھے یہ معلوم کر کے بڑی حیرت ہوئی کیونکہ جو شخص ناصری کی طرح سے آزادی اور جولانی کا خوگر رہا ہو اُس کا یوں پابہ دامن ہو کر بیٹھ رہنا کم از کم میری سمجھ میں کسیطرح نہ آتا تھا۔ بہرحال میں نے فوراً ارادہ کر لیا کہ کسی نہ کسی حیلے سے لکھنؤ میں ناصری کے زیر سایہ رہوں گا اور اس کی صحبت سے جو کچھ فیض حاصل کر سکوں گا کرونگا۔ خود میری زندگی میں کچھ ایسے واقعات کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا کہ میں سکون و طمانیت سے محروم ہو چلا تھا۔ شب و روز آشفتگی و انتشار میں بسر کر رہا تھا اور ان دنوں ناصری مجھے خصوصیت کیساتھ یاد آ رہا تھا۔ مجھے معلوم تھا کہ ایسے وقت میں اگر کوئی مجھے سکوں دے سکتا ہے تو وہ "حدیث آرزو" اور "پراگندہ دل" کا مصنف۔ میں لکھنؤ روانہ ہو گیا ناصری کی صحبت کا خیال میری روح میں بالیدگی پیدا کر رہا تھا۔

لکھنؤ پہنچکر میں نے ایک ہوٹل میں عارضی طور پر قیام کیا۔ شام کو نہا دھو کر پرنسپل سے ملنے سیدھا کالج گیا۔ وہاں اُس سے آدھ گھنٹے تک ضروری معاملات پر گفتگو ہوتی رہی اُس نے مجھے کچھ ہدایتیں دیں جنپر مجھے عمل کرنا تھا۔ رخصت ہوتے وقت میں نے اُسی سے ناصری کا پتہ دریافت کیا۔ معلوم ہوا کہ گولہ گنج میں رہتے ہیں میں نے احاطے سے باہر آ کر فوراً ایک تانگہ کرایہ پر کیا اور ناصری کی تلاش میں چل کھڑا ہوا۔ جولائی کا مہینہ تھا۔ بات کی بات میں بادل گھر آئے اور موسلا دھار بارش ہونے لگی۔ لیکن مجھے تو اپنے "ہیرو" کی دُھن تھی۔ میں پانی پتھر سے کیا گھبراتا کچھ دیر تانگہ پر اِدھر اُدھر سرگرداں پھرنے کے بعد مجھکو اُس کا مکان مل گیا جو تھا تو مختصر لیکن اپنی وضع قطع کے لحاظ سے نہایت خوشنما تھا برآمدہ میں ملازم تھا۔ میں نے اطلاع کرنے کو کہا وہ گیا اور فوراً واپس آ کر مجھے بلا لے گیا۔ ایک چہل سالہ میانہ قد و بلا پتلا شخص جو

روغن سنترہ کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

اپنی کتابوں سے گھرا ہوا ایک کرسی پر بیٹھا تھا۔ اپنی نگاہوں کو یکسر سوال بنائے ہوئے میرے استقبال کو اُٹھا اور مصافحہ کرکے مجھکو سامنے کی کرسی پر بٹھا لیا۔ صورت سے معلوم ہوتا تھا کہ نامساعد اتفاقات کے ہاتھوں بُری طرح مٹ چکا ہے۔ جس کا اثر اس کی صحت جسمانی پر بھی پڑا ہے۔ آنکھوں میں ایک ناقابل بیاں گہرائی تھی جس کی تشریح تو ممکن نہیں۔ اتنا کہدینا کافی سمجھئے کہ مجھے ناصری کی آنکھیں وحشت انگیز معلوم ہوئیں۔

ناصری سے پہلی گفتگو جو ہوئی وہ بڑی حد تک مایوس کن تھی اور میری امیدیں برباد ہوتی ہوئی نظر آنے لگیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس شخص میں کسیکے ساتھ خلوص و ہمدردی رکھنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ اس کو جب معلوم ہوا کہ میں کسی غرض کو لیکر اس سے ملنے گیا تھا تو اُس نے ایک نہایت نرم لہجے میں جو مصنوعی معلوم ہوتا تھا کہا "آپ کے دل کو جو تعلق میری ذات سے ہے اُس کا تقاضا یہ ہے کہ شکریہ میں میں بھی ایسی ہی محبت کا اظہار کردوں لیکن آپ کو غلط فہمی نہ ہونی چاہئے اگر میں کہوں کہ میں اپنے اندر وہ جذبات نہیں پاتا جن کو محبت سے تعبیر کیا جاتا ہے میں یہ نہیں کہتا کہ ان جذبات کی کوئی اصلیت نہیں۔ کم از کم میرے لئے ان کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ آپ میں اور مجھ میں عمر کے لحاظ سے بڑا فرق ہے۔ ممکن ہے آگے چلکر اپنے تجربات سے آپ بھی اسی نتیجے پر پہنچ جائیں۔ مگر اس کے یہ معنے نہیں کہ مجھ میں اور آپ میں رفاقت نہیں ہوسکتی۔ آپ بے تامل ہوٹل سے اپنا سامانِ قیام یہاں لے آئیے اور رہئے۔ آپکے ذوقِ علم و ادب سے اُمید ہے کہ آپ میری "تکان" بھی دور ہوتی رہیگی۔ صرف اس قدر واضح کردینا چاہتا ہوں کہ اس رفاقت پر نہ مجھکو پورا اعتماد کرنا چاہئے نہ آپ کو۔ انسان کی طبیعت تغیر پذیر ہے۔ تلون انسان کے خمیر میں ہے۔ اور مجھ میں اور آپ میں بھی منافقت پیدا ہوجانا کوئی حیرتناک امر نہ ہوگا۔ ایسے وقت کے لئے ہم دونوں کو تیار رہنا چاہئے۔ لیکن اُس سے ہماری موجودہ صحبت کو بدمزہ بھی نہ ہونا چاہئے۔ ان باتوں کو اگر آپ سمجھ کر میرے ساتھ رہیں گے تو دونوں کی اسمیں فلاح ہے۔ اب آپ جائیے اور بستر وغیرہ لے آئیے۔"

ناصری نے اپنی تقریر کا سلسلہ ختم کیا تو میں اُس کا مُنہ تکتا رہگیا مجھے اس کے انداز گفتگو سے کوئی غلط فہمی تو نہیں ہوئی مگر مایوسی ضرور ہوئی۔ اسپر ناصری کے ساتھ جو شیفتگی مجھکو پہلے سے تھی اُس نے مجھکو مجبور کیا کہ اُسی کے ساتھ رہوں اور بلا کچھ سوچے سمجھے آکر ناصری کے مکان میں رہنے لگا۔ ناصری کے مکان کا نصف حصہ مجھے دیدیا لیکن مصیبت یہ ہوئی کہ اُس نے کرایہ میں میری شرکت گوارا نہ کی مجھے اس خیال سے تکلیف ہو رہی تھی۔ ناصری نے فیصلہ کن لہجے میں کہدیا تھا "اگر میرے ساتھ اس طرح کا معاملہ کرنا تھا تو آپ کو ہوٹل ہی میں رہنا چاہئے تھا" میرے لئے سوا خاموشی کے کوئی چارہ نہ تھا۔

ناصری سے میں روز بروز زیادہ مایوس ہوتا جاتا تھا میں نے غائبانہ اُس کی بابت جو رائے قائم کر رکھی تھی وہ اس کے بالکل برعکس تھا۔ خیالی ناصری اور اصل ناصری بعد المشرقین نظر آرہا تھا۔ میں نے ناصری کو اُس کی نظموں اور فسانوں سے "عشق مجسم"

عمدہ عطر ملنے کی جگہ:۔ کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ

سمجھ رکھا تھا اور اس لئے اُس سے میری بڑی بڑی اُمیدیں وابستہ تھیں محبت کے متعلق اُس کے نت نئے نظرئے جو میری نگاہ سے گزر چکے تھے اُن سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا تھا کہ یہ شخص کسی "بُرہا محبت" کو محبت کے رموز سے آگاہ کر کے از سر نو بنا سکتا ہے لیکن یہاں آکر معلوم ہوا کہ یہ وہ جگہ ہے جہاں ایسی چیزوں کا ذکر کرنا بے محل ہے۔ دو تین ماہ مجھے ناصری کے ساتھ رہتے ہو گئے تھے اس درمیان میں صرف ایک بار محبت کا ذکر آیا تھا۔ ناصری نے جس دلخراش اور حقارت آمیز لہجے میں اس موضوع پر بحث کی اُس سے میرا دل بیٹھ گیا۔ ناصری کے سینے میں یا تو تھی دل کی جگہ "برف کی کوئی قاش" تھی یا پھر وہ کوئی ایسی ہستی تھا جس کو ہم لوگ سمجھ نہ سکتے تھے۔ مجھے اب بھی ایک حد تک یقین تھا کہ ناصری "اہل دل" ہے اگرچہ وہ کسی نہ کسی وجہ سے اپنے کو برافگندہ نقاب منظر عام پر لانا نہیں چاہتا تھا۔ اگر یہ یقین نہ ہوتا تو ناصری کی صحبت میرے لئے عذاب ہو جاتی۔ مجھے اُس کے متعلق یہ حسن ظن کیوں تھا؟ اُس کے مختلف اسباب تھے۔ ایک تو شاعر۔ افسانہ نویس اور نقاد ناصری کا جو نقش پہلے سے میرے دل پر بیٹھ چکا تھا وہ کسی طرح نہ مٹتا تھا۔ اس کے علاوہ اُس کی موجودہ زندگی بھی اُس کی "حسن فناسی" اور ذوقِ جمالیت" کا کافی پتہ دیتی تھی۔ اس کو اپنے تن بدن کا ہوش نہ تھا۔ آج تک میں نے اس کے بالوں کو کبھی درست نہیں دیکھا حجامت بنانے میں اس کا کوئی معمول نہ تھا۔ اکثر میں دبی زبان سے کہہ دیتا تھا "آپ کی حجامت بہت بڑھ گئی ہے بنا ڈالئے"۔ کبھی تو وہ میرے کہنے پر بلا تامل عمل کر لیتا تھا اور کبھی میری صلاح کو قابل توجہ بھی نہ سمجھتا تھا۔ مختصر یہ کہ اس معاملہ میں وہ پورا "لاابالی" تھا۔ لیکن ان سب "ندرتوں" کے باوجود اُس کا کمرہ جس سلیقہ سے آراستہ رہتا تھا وہ اُس کی حس لطیف کی بین دلیل تھی۔ روز صبح کو وہ اپنی کتابوں کو خود جھاڑن سے صاف کرتا تھا اُس کام میں ناصری کو کسی اور پر اعتماد نہ تھا۔ اس کے کمرے میں جتنی تصویریں تھیں وہ عامیانہ مذاق کی نہ تھیں بلکہ صناعی کی بہترین مثالیں تھیں۔ ان سب باتوں کو بھی جانے دیجئے۔ ناصری جب وقت شاعری کے فلسفہ سے بحث کرنے لگتا تھا یا کسی مشرقی یا مغربی شاعر پر تنقید کرتا تھا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ نہ صرف شاعری کے راز سے آشنا ہے بلکہ زندگی کی کنہ پر بھی عبور رکھتا ہے اُس کا عقیدہ تھا کہ وہ "شعاع" جو زندگی کی روحِ رواں ہے مغربی شاعر کی گرفت سے بچکر نکل جاتی ہے اس لئے کہ وہ اپنی "استدلالیت" کا پھندا ڈال کر اُس کو پکڑنا چاہتا ہے۔ یہی "شعاع" خود بخود اپنے کو مشرقی شاعر کی آغوش میں دیدیتی ہے۔ کیونکہ وہ کبھی اس کو پکڑنے کی کوشش نہیں کرتا جو پکڑنے کی چیز ہی نہیں۔ مشرقی شاعر کی امتیازی خصوصیت "وجدانیت" ہے اور مغربی شاعر کی "عقلیت"۔

ناصری اکثر غیر ارادی طور پر اشعار پڑھا کرتا تھا۔ یہ اشعار نہ صرف اُس کی نقادی کی بلند معیاری پر دلالت کرتے تھے بلکہ اُس کی ہستی کی پوشیدہ ترین تہوں کو کھول کر رکھ دیتے تھے۔ معلوم ہوتا تھا کہ جو زمانہ ناصری پر سے گزر چکا ہے وہ اپنا ایک بھوت چھوڑ گیا ہے جو ناصری سے ہر وقت لپٹا رہتا ہے میرا یہی یقین کرنے کو جی چاہتا ہے کہ وہ عشق و محبت کا پتلا ہے

روغن کیوڑہ کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

اور اُس کا دل صرف جذبات کے گداز سے تیار ہوا ہے۔ مگر اس یقین کو قوی کرنے کے لئے مجھے کوئی ظاہری وجہ نہ ملتی تھی۔ بلکہ برخلاف ناصری نے ہمیشہ محبت اور حسن سے اپنی بیگانگی ہی ظاہر کی میں عجیب کشمکش میں تھا۔ وہ مجھ سے عمر میں بہت بڑا تھا۔ میری ہمت نہ پڑتی تھی کہ اُس سے کسی دن صاف صاف گفتگو کروں اس کی طرز تنقید سے بھی ڈرتا تھا کہ اپنی جارحانہ بحث سے کہیں میرا دل نہ دکھا دے۔

ہاں تو وہ واقعہ جس پر محبت کی بحث چھڑ گئی تھی یوں تھا:۔

یوں تو کالج میں ہر پروفیسر ناصری کی قابلیت اور ذہانت کا قائل تھا لیکن عموماً لوگ اُس سے جلتے تھے۔ اُس کا بہت بڑی حد تک ناصری خود ذمہ دار تھا۔ اُس کو جب کبھی موقع ملتا تو وہ کسی پر اعتراض کر بیٹھنے میں مطلق دریغ نہ کرتا۔ اُسکو کسی کی دل شکنی کی پروا نہ تھی۔ میرے سوا اگر کوئی تھا جو ناصری کو واقعی چاہتا تھا تو وہ شیام منوہر تھے جو نفسیات کے پروفیسر تھے وہ خود بھی بے انتہا قابل تھے لیکن ناصری کو ہر حیثیت سے برتر مانتے تھے۔ ان کی عمر اٹھائیس سال کی تھی مجھ سے ایک سال بڑے تھے۔ اُن کو شاعری سے بڑا شغف تھا۔ خود بھی شعر کہتے تھے اور اچھا کہتے تھے۔ شادی اب تک نہیں ہوئی تھی مجھ میں اور اُن میں سب سے زبردست مشترک عنصر یہی تھا۔ ایک پروفیسر تھے جو ناصری سے بے تکلف تھے اور تم کہکر مخاطب کرتے تھے۔ ناصری کو بھی اس سے خاص تعلق تھا۔ شیام منوہر روز ہمارے مکان پر آتے تھے اور گھنٹوں بیٹھے رہتے تھے۔ مختلف مباحث پر گفتگو ہوا کرتی تھی۔ ناصری اپنے اچھوتے خیالات سے اُن کو مسرور کیا کرتا تھا۔ کبھی کبھی اختلاف بھی ہو جاتا تھا اور دونوں جھگڑ بیٹھتے تھے۔ یا پھر ہم تینوں ساتھ سینما چلے جاتے تھے اور وہاں ناصری کی نقادی خاص چیز ہوا کرتی تھی۔ "ماجرا" (پلاٹ) افسانہ کی نوعیت۔ تصویروں کی صناعی۔ ایکٹنگ۔ ہر چیز ہی پر وہ اپنی رائے دیدیتا تھا اور ہم لوگوں کے خیالات میں اس سے کچھ نہ کچھ ترمیم یا اضافہ ضرور ہوتا تھا۔

ایک روز شیام منوہر پانچ بجے شام کو آئے اور کہنے لگے چلو سینما دیکھ آئیں۔" آج وہ کسیقدر افسردہ و ملول نظر آرہے تھے ناصری نے اُن کے لب و لہجہ میں ایک غیر مانوس پژمردگی پائی اور پوچھا کیوں منوہر آج کچھ متفکر سے کیوں ہو؟"

شیام منوہر نے جواب دیا "کچھ نہیں۔ مگر ان کے "کچھ نہیں" سے پایا جاتا تھا کہ بہت کچھ ہے میں کہہ چکا ہوں کہ ناصری کو شیام منوہر سے بڑا اُنس تھا۔ اُس کو کسیقدر تشویش ہوئی اس لئے کہ شیام منوہر کی شگفتگی ضرب المثل تھی اُن کی صحبت دوسروں کو شگفتہ کر دیتی تھی۔ آج انکا چہرہ اُترا ہوا تھا۔ یہ تشویش کی بات تھی۔ مگر ناصری اپنی تشویش کو بہت زیادہ نمایاں نہیں کیا کرتا تھا اُس نے کہا "ممکن ہے مجھے دھوکا ہوا ہو۔" پھر مجھ سے مخاطب ہو کر پوچھا "ظہیر تم بتاؤ یہ فکرمند ہیں یا نہیں؟" میں نے کہا ہاں کچھ معلوم تو ہوتے ہیں۔" شیام منوہر خاموش رہے۔ ناصری نے چائے منگائی۔ چائے پیتے ہوئے وہ بار بار ایک اُچٹتی ہوئی نگاہ شیام منوہر کے چہرہ پر ڈال لیتا تھا اور کچھ جاننا چاہتا تھا۔ شیام منوہر ہماری باتوں میں دلچسپی لیتے ہوئے نہیں معلوم ہوتے تھے وہ کسی خیال میں رہ رہ کر گم ہو جاتے تھے۔ ناصری

ہر قسم کے عطریات کارخانہ صفدر علی محمد علی عطر لکھنؤ سے خرید کیجئے

کبھی میری طرف دیکھتا تھا کبھی ان کی طرف۔ کچھ دیر یونہی گزری ہوگی کہ شیام منوہر نے خود بخود کہا:۔

"ناصری! مجھے تم سے ڈر معلوم ہوتا ہے کہ اگر آج کی کیفیت سے تم کو آگاہ کروں تو تم مجھکو اپنی جرح و تعدیل سے خراب کردوگے۔ اگر وسکن اور کارلائل کے دقیق خیالات نہ سمجھ میں آتے ہوں تو تم سے سمجھے۔ روسیو، ورڈسورتھ اور رومی کا تصوف تم سمجھ اور سمجھا سکتے ہو۔ افلاطون سے لیکر ابتک جتنے حکما گزرے ہیں اُن سب کے نکات تم بتا سکتے ہو۔ شیلی اور بیدل کی ناآسودگی کا راز تم کو معلوم ہے لیکن....."

شیام منوہر رُک گئے۔ ناصری نے مُسکرا کر کہا:۔

"معلوم ہوا اور کہیں آنکھ لڑی ہے"

اور اسمیں شک نہیں کہ اُسکی مُسکراہٹ دل دکھا دینے والی تھی۔ شیام منوہر جوش میں تو تھے ہی۔ اُنکو جلال آگیا۔ کہنے لگے: "ہاں لڑی ہے اور بُری طرح لڑی ہے۔" آج مجھے معلوم ہوا کہ ایک بار دیکھنے کے بعد دوسری بار دیکھنے کی ہوس کیونکر ہو سکتی ہے۔ رات بھر میں نے جس کرب و اضطراب میں بسر کی ہے اُس کا حال میرا دل جانتا ہے....."

ناصری نے بات کاٹ کر پوچھا "آخر کیا ایسا دیکھا جسکے دیکھنے کی دوبارہ ہوس ہے اور جسنے سکون سے آپ کو اس طرح محروم کر رکھا ہے بتائیے ممکن ہے کچھ حاتمی" آپکے ساتھ کیجا سکے۔" شیام منوہر نے کسیقدر تندی سے کہا: "آپ اپنی حاتمی" اپنے پاس رکھئے۔ یہی بہت ہے کہ میرے جذبات کے ساتھ تمسخر نہ کیجئے۔ کل میں بدنصیب شام کے وقت بنارسی باغ جا نکلا پھر جو کچھ دیکھا اس کے بیان کرنے کی طاقت مجھ میں نہیں۔ پورے ایک گھنٹے تک ایک دہرہ اراضی کو دیکھتا رہا۔ وہ بھی بار بار میری طرف دیکھتی رہی غالباً میری محویت کو محسوس کر رہی تھی۔ جب وہ وہاں سے اُٹھکر چلی گئی تو تھوڑی دیر تک مجھے ہر چیز دھندلی نظر آرہی تھی۔ رات بھر اسی کی صورت مجھکو ستاتی رہی۔ مجھے یہ ایک نیا تجربہ ہوا جو باوجود اپنی تلخی کے دلکش اور روح افزا معلوم ہوتا ہے۔ یہ تجربہ میرے لئے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ ایک متمول تعلیم یافتہ کھتری گھرانے کی لڑکی ہے جسنے اُسی سال بی اے پاس کیا ہے۔"

ناصری واقعی بڑا اجلا دھتا کہنے لگا۔ اچھا یہ بتاؤ تم اپنی الگن پری کو بغیر دیکھے ہوئے کبتک اس بیتابی اور ہوس کو قائم رکھ سکتے ہو؟"

شیام منوہر کا ضبط جاتا رہا۔ ہونٹ کانپنے لگے۔ آواز بھرا گئی۔ اُنھوں نے جواب دیا۔ ناصری تم انسان نہیں حیوان ہو۔ میں نے یہ کب دعویٰ کیا کہ میرے جذبات کی شدت میں کبھی تخفیف نہ ہوگی یا امتداد زمانہ کا اثر مجھ پر نہیں ہوگا۔ لیکن اُس کے معنے یہ تو نہیں ہوئے کہ محبت کوئی چیز نہیں!" ناصری نے فوراً کہا: "ہاں اس کے بھی معنے ہوئے جب آپ حادثات زمانی و مکانی کے ہاتھوں اس طرح مجبور ہیں تو آپ پھر کسی چیز کو ایسی غیر معمولی اہمیت کیوں دیتے ہیں؟ جہاں ہر چیز فنتنی و گزشتنی ہو وہاں محبت بھی فنتنی و گزشتنی ہے جہاں ہر چیز مایہ ہو وہاں محبت بھی مایہ ہے زمانہ کی فتح قطعی ہے تو پھر آپ محبت کا نام کیوں لیتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ آپ اپنی نفسیات کی اصطلاح میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایک خاص ہیجان ہے جو ایک قسم کا ہیجان آپ کے اعصاب میں پیدا کر رہا ہے سو میرا خیال ہے کہ یہ ہیجان ہر عورت پیدا کر سکتی ہے اور ہر عورت اُسکو آسودہ کر سکتی ہے کیونکہ یہ ہیجان متعلق ہے بقائے نسل کی خواہش سے۔ یہاں حسن و عشق کا کام نہیں آپ اس جذبہ کو کسی خاص ہستی سے کیوں وابستہ کرتے ہیں؟ اس کے علاوہ ذرا آپ سوچئے تو کہ اگر

خالص زعفران کارخانہ صغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

آپ کو یہ اُمید نہ ہوتی کہ اس "زہرۂ ارضی" پر قابو پانا ممکن ہے تو کیا اس حالت میں بھی آپ اُس کے اسی طرح گرویدہ ہو سکتے تھے؟ آخر آپ کسی حسین اور دلکش تصویر یا مجسمے کے لئے کیوں نہیں تڑپتے۔ کیوں نہیں اپنا دل دکھاتے۔ فرض کیجئے کہ اسی عورت کو کسی تصویر کی صورت میں دیکھتے اور آپ کو معلوم ہوتا کہ یہ محض ایک تصویر ہے یعنی اس کی اصل کا کہیں وجود نہیں ہے تو کیا آپ اُسوقت بھی اس کی محبت میں گھلنے کا دعوی کر سکتے تھے؟ اگر نہیں تو پھر یہ محبت کی افترا پردازی کیوں "خرافاتِ یونان" میں ایک بادشاہ کا افسانہ ہے جسکا نام پگمیلیں تھا وہ سنگ تراش تھا اپنی دلچسپی کے لئے مجسمے تیار کیا کرتا تھا۔ ایک بار اُس نے ایک ایسی حسین وجمیل عورت کا مجسمہ بنایا کہ خود اُسپر فریفتہ ہوگیا اور دن رات اُسی کی پرستش میں مبتلا رہنے لگا۔ اس عشق و محبت کا میں قائل ہو سکتا ہوں مگر اس کا کوئی وجود نہیں یہ تو صرف ایک شاعر کے دماغ کی پیداوار ہے۔ اسپر بھی انسان کی مادہ پرستی دیکھئے کہ ایک صناع کو بھی آخرکار اُس کی ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ اس کا مجسمہ ایک چلتی پھرتی عورت میں تبدیل ہو جائے اُس کے لئے اُس نے حسن کی دیوی زہرہ کی کیسی کیسی خوشامدیں کیں اور آخر کار جو چاہتا تھا اُسے حاصل کر کے چھوڑا۔ مختصر یہ کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ محبت کس بلا کو کہتے ہیں مجھے تو سب ڈھکوسلا نظر آتا ہے۔"

ناصری نے بڑی بے رحمی کے ساتھ محبت کو افترا پردازی ثابت کر کے رکھ دیا۔ شیام منوہر نے سکوت اختیار کر لیا مجھ سے نہ رہا گیا میں نے کہا "آپ تو ان واردات و کیفیات کو جو انسان کے نازک ترین حصے یعنی دل سے متعلق ہیں اس طرح لغو ثابت کرتے چلے جاتے ہیں کہ گویا آپ کے سینے میں دل ہی نہیں۔"

ناصری کو شاید مجھ سے ان کلمات کے سننے کی امید تھی۔ وہ ایک بار کسیقدر متحیر ہوا مگر پھر اپنے ابروؤں کو درست کر کے ایک ترش تبسم کے ساتھ جواب دیا۔

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا

شیام منوہر عاجز ہو چکے تھے جھنجلا کر بولے "اس جراحی سے بہتر ہے کہ آپ اب خاموش رہئے۔" ناصری خاموش ہوگیا اور بڑی دیر تک خاموش رہا یہاں تک کہ شیام منوہر اُٹھ کر چلے گئے سنیما کا وقت نکل گیا تھا۔ اور کافی اندھیرا ہو چکا تھا۔ ناصری کسی خیال میں محو ہو گیا تھا۔ میں بھی اپنے کمرے میں چلا آیا اور سوچنے لگا۔ یا خدا یہ کس قسم کا انسان ہے جو باوجود اپنی شاعری اور نازک خیالی کے ان جذبات سے یکقلم عاری معلوم ہوتا ہے۔ جو انسان اور خصوصاً ایک شاعر کی روحانی غذا بتائے گئے ہیں۔ "صندین کا یہ اتصال کسی طرح میری سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ شیام منوہر کی روداد محبت میں اور کچھ کہنا نہیں ہے۔ صرف اس قدر بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ انھوں نے بڑی سرگردانیوں اور ریشہ دوانیوں کے بعد اپنی الگن پری سے شادی کر لی۔ ناصری سے اور اُن سے جو بدمزگی ہوگئی تھی وہ دیرپا نہ تھی۔

(۳)

مجھے لکھنؤ میں رہتے ہوئے ایک سال سے کچھ زیادہ ہوگیا تھا اس درمیان میں مجھکو ابتک نہ موقع ملا اور نہ ہمت ہوئی کہ ناصری کی زندگی کے حالات خود اُس سے دریافت کروں۔ دوسروں سے صرف اس قدر معلوم ہو سکا تھا کہ پانچ برس ہوئے کہ اُس کی بیوی

ہر قسم کے عطریات کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

مرگئی اور وہ ایک مدت سے اپنے ماں باپ اور خاندان کے تمام لوگوں کو چھوڑ رہے ہے۔ کبھی بھول کر بھی گھر کی طرف رخ نہیں کرتا لوگوں کا قیاس تھا کہ شاید باپ وغیرہ سے کچھ بگاڑ ہے اس سے زیادہ میں ناصری کے متعلق کوئی اور خاص بات نہ جانتا تھا رفتہ رفتہ مجھ پر یہ منکشف ہو چکا تھا کہ ناصری میرے خلوص اور قلبی لگاؤ کی قدر کرتا ہے اور کم از کم ان جذبات کو وہ فضائل انسانی میں شمار کرتا ہے۔ اگرچہ پہلے دن اُس کے انداز گفتگو سے ٹپکتا تھا کہ وہ ان جذبات کو بھی آنی و فانی سمجھتا ہے اور اُن کو کوئی خاص وقعت دینا نہیں چاہتا۔ میں نے اب یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ کسی دن جب اُسکو شاعری کی لطیف دنیا میں محو پاؤنگا تو میں اُس سے اُس کی زندگی کے سارے واقعات دریافت کرونگا اور میری جو قدر و منزلت اُس کی نگاہ میں تھی اُس سے مجھے امید تھی کہ وہ میری خواہش کو رد نہ کرے گا۔

ایک روز کا ذکر ہے کہ میرے نام ہندوستان کا ایک مشہور اردو رسالہ آیا اسمیں ایک افسانہ چھپا تھا جس کا عنوان "میں ہوں اپنی شکست کی آواز" تھا۔ افسانہ اپنی خاص نوعیت رکھتا تھا۔ اسلوب بیان بھی دلکش تھا۔ بہرحال مجھے بے انتہا پسند ہوا۔ میں نے سوچا کہ ناصری کو چھیڑ کر سناؤں اور اُس سے پوچھوں کہ کیسا افسانہ ہے جاڑے کا موسم تھا شام ہو چکی تھی۔ ناصری اپنے کمرے میں میز پر بیٹھا ہوا "رباعیات سرمد" پڑھ رہا تھا۔ مجھکو دیکھکر کہا "آؤ ظہیر میں ابھی تم کو بلانے والا تھا۔ تم میں صلاحیت شعری اس قدر ہے کہ جب کوئی کسی شعر پر وجد کرتا ہوں تو جی چاہتا ہے تم بھی ساتھ ہو اور ساتھ وجد کرو۔" آج وہ عجیب عالم میں تھا اور جس طرح آج اُس نے مجھکو سرفراز کیا کبھی اور نہیں کیا تھا اس کے بعد سرمد کا یہ شعر پڑھا:-

از شامتِ غفلت نہ رسیدم بہ وصال عمرے ہمہ در دوریِ جاناں بگذشت

شعر سنکر مجھ پر بھی ایک کیفیت طاری ہو گئی۔ ناصری نے کہا "بادی النظر میں کتنا معمولی شعر ہے۔ کیسی بات کہی ہے۔ ہم آپ روز اس قسم کے گلے کیا کرتے ہیں۔ مگر فرق یہ ہے کہ ہم واقعی روتے ہیں "دوریِ جاناں" کو سمجھتے ہیں کہ واقعی مٹا دینے والی چیز ہے اور اس لئے اُس سے اس طرح ڈرتے ہیں کہ گویا کوئی آسمانی بلا ہے۔ برخلاف اس کے شاعر کو دیکھئے کہ اس دوریِ جاناں میں اپنا سارا سرمایۂ زندگی لٹا کر رکھ دیا اور پھر اس لہجے میں اس کا ذکر کرتا ہے کہ گویا جس چیز کو آپ بربادی سے تعبیر کرتے ہیں اُس چیز نے اُس کی روح میں ایک ایسی بالیدگی پیدا کر دی ہے جس نے اُسکو داستان فخر و ناز کے ساتھ بیان کرنے کے قابل بنا دیا اس وقت مجھے خواجہ حسن اللہ بیان کا ایک شعر یاد آگیا اس میں بھی خصوصیت ہے کہتا ہے:-

ہم سرگزشت کیا کہیں اپنی کہ مثل خاک پامال ہو گئے ترے دامن سے چھوٹ کر

شاعر کے تیور کہہ رہے ہیں کہ وہ اپنی پامالی کی سرگزشت کو قابل احترام سمجھتا ہے۔ شاعر کی یہی ادا ہے جو اُس کو عوام الناس سے ممتاز رکھتی ہے جو لذت اُس کو اُلٹی سانسوں میں ملتی ہے وہ تم کو جنت کی ہوا میں بھی نہیں مل سکتی تم بھی دوسروں کی طرح سمجھتے ہوگے کہ میں عشق و محبت کی قدر کرنیکی اہلیت نہیں رکھتا لیکن ظہیر میں کسی کے جذبات محبت کی داد دوں۔ میں تو بس شاعر کے عشق کو عشق سمجھتا ہوں جو قیود مکانی و زمانی سے آزاد ہے جس کے لئے مادیات کی حاجت نہیں جو وصل کا پابند نہیں جسمیں اگر ہجر کا گلہ بھی ہوتا ہے تو وہ اس لہجے میں کہ گویا شکریہ ہے ایسا عاشق کہ ہر حال میں مسرور رہتا ہے اس کا یہ قول سرمد ایمان یہ ہوتا ہے کہ

سودا کہ دلم کرد تمامش سودا است

روغن بادام خالص کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

یہ عشق دنیا میں نایاب ہے اور میں کسی اور عشق سے مرعوب نہیں ہوتا"
ناصری نے اپنی پرجوش تقریر کا سلسلہ ختم کر دیا۔ آج وہ مجسم سوز و گداز
تھا۔ میں نے اُسکو اس سے پہلے اس عالم میں نہیں دیکھا تھا۔ اس کے
بعد اُس نے سرمد کی روداد عشق پر سرسری طور پر کچھ کہا جس سے معلوم
ہوا کہ وہ اُس کے سودائے محبت کا دل سے احترام کرتا تھا۔
اس سلسلے میں ناصری کی زبان سے یہ الفاظ سنکر میرے دل کو بڑی
تسکین ہوئی "عشق تو در اصل وہ چیز ہے جو انسان کو ملائکہ سے بھی
زیادہ برگزیدہ بنا سکتی ہے۔ اس سے انسان کی ہستی جلا پاتی ہے
لیکن انسان نے بھی اپنے کو کیسا آلودہ بنا ڈالا ہے۔ لوگ جب محبت کا
ذکر کرتے ہیں تو میں چڑھ اس لئے جاتا ہوں کہ وہ خواہ مخواہ ایک
"گوشت و پوست" کے ہیجان کو محبت کہتے ہیں۔

جنوں نداری و آشفتۂ خطاب اینجاست

آج بہترین موقع تھا کہ میں ناصری کے متعلق جو کچھ اتنی مدت سے
جاننا چاہتا تھا اُس کو کما حقہ جان کون عشق و محبت کے باری میں
تو اُس نے خود میرے شبہات رفع کر دئے تھے مگر اُن حوادث سے
میں بالکل ناواقف تھا جنھوں نے اُس کو اس قدر پختہ مغز بنا دیا
تھا۔ میں اُسکے سامنے اپنا سوال پیش کرنے والا ہی تھا کہ اُس نے
میرے ہاتھ میں رسالہ دیکھکر پوچھا یہ کیا ہے؟ میں نے کہا "اسمیں
ایک افسانہ شائع ہوا ہے جس کو آپ کو سنانا چاہتا ہوں۔ عنوان
"میں ہوں اپنی شکست کی آواز" ہے۔
عنوان سنکر اُس نے کہا "آپ مجھے اُسکو نہ سنائیے۔ میرے لئے
اس میں کوئی دلچسپی نہیں ہو سکتی" میں نے پوچھا کیوں؟
اُس نے جواب دیا "وہ شکست کی آواز کا مجھ پر کوئی اثر ہوتا ہی نہیں
اور نہ اسمیں کوئی اثر ہوا کرتا ہے یہ تو انسان کی کم ظرفی کی دلیل ہے
میں تو "شکستِ بے صدا" سے متاثر ہو سکتا ہوں جب کبھی غالب کا یہ مصرع
میرے ذہن میں آتا ہے تو ساتھ ہی ساتھ بیدل کا یہ مصرع بھی یاد
آجاتا ہے:-

شکستن ہم نہ بُرد از شیشۂ من بے صدا ایما

یہ شکست البتہ ایسی ہے جسپر ناز کرنا چاہیئے"
میں یہ سنکر بیتاب ہو گیا۔ اب زیادہ دیر تک صبر کرنا میرے بس کی
بات نہ تھی۔ میں نے ہاتھ جوڑ کر کہا۔ ناصری صاحب آپ مجھ سے بزرگ ہیں
اس لئے ابتک آپ سے اپنے دل کی بات نہ کہہ سکا۔ لیکن خدا کے
لئے اب مجھکو زیادہ عرصے تک ہوکے میں نہ رکھئے میں آپ کے پاس
اس لئے آیا تھا کہ شاید آپ کے تجرباتِ زندگی سے مجھے بھی کچھ
سکون ہو۔ مجھکو نہ جانے کیوں یہ یقین تھا کہ اگر مجھکو کوئی تسلی دے سکتا
ہے تو وہ آپ ہیں۔ میں بھی خدا کے سیکڑوں بندوں کی طرح اطمینان
قلب سے محروم ہو چکا ہوں جس ہستی کو اب تک اپنی زندگی کا حاصل
سمجھتا تھا جس سے جدا ہو کر مجھے یقین تھا کہ میں کبھی سانس نہیں
لے سکتا اُس کو سپرد خاک کئے چلا آرہا ہوں اور زمانے کی ستم ظریفی دیکھئے
کہ جی رہا ہوں۔ ناصری صاحب میں آپ کی زندگی کے حالات
جاننا چاہتا ہوں۔ ممکن ہے ان سے میں خود کچھ سیکھ سکوں اور آخر کار
اُس سکون کو حاصل کر لوں جس سے محروم ہو چکا ہوں۔ اُس کے بعد
میں نے اپنی سرگزشت مختصراً بیان کر دی۔ ناصری نے میرے ہر لفظ
میں بوے خلوص پائی وہ مجھکو تھوڑی دیر تک غور سے دیکھتا رہا
پھر پوری ہمدردی کے ساتھ بولا۔ ظہیر میرا دل کہتا تھا کہ تم بھی کسی
نہ کسی طرح سے مٹ چکے ہو مجھے تعجب ہوتا تھا کہ تم میں اس قدر گھلاوٹ

روغن کا ہو کارخانۂ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

کہاں سے آئی تم نے غلطی کی جو اب تک اپنی خواہش کا اظہار نہیں کیا۔ میری زندگی میں کوئی ایسی بات نہیں جسمیں ہر شخص کو دلچسپی پیدا ہو سکے مگر تم اُس کو جاننے کے آرزومند ہو تو ضرور تم کو اپنی رام کہانی سناؤنگا لیکن آج مجھکو معذور سمجھو۔ "سنائینگے جو کبھی دل پر اختیار رہا"

میں ناصری کو حیرت سے دیکھنے لگا کیا ناصری کو عام طور سے اپنے دل پر اختیار نہیں رہا کرتا؟ کیا درحقیقت اُس کا سکون ہنگامہ بہ آغوش رہتا ہے؟ مجھے تو اس کے "بُت در آستین" ہونیکا شروع ہی سے یقین تھا اگرچہ اُس کا لباسِ دیں" رہ رہ کر مجھکو دھوکا دیدیتا تھا۔ میں نے بھی اُسوقت ناصری سے اصرار کرنا مناسب نہ سمجھا اور صبر کے ساتھ اُس گھڑی کا انتظار کرنے لگا جب وہ خود اپنی داستان سنانے کے قابل ہو جائے

(۴)

ناصری ایک نحیف الجثہ آدمی تھا۔ اُسپر تندرستی بھی بہت خراب تھی روز کوئی نہ کوئی شکایت لگی رہتی تھی۔ مگر اُس کو اس کی کوئی فکر نہ تھی۔ مجھے اس کی صحت کی طرف سے ہمیشہ اندیشہ لگا رہتا تھا اور آخر کار میں جس بات سے ڈر رہا تھا وہ ہو کر رہی۔ ایک بار ناصری کو تقریباً ایک ہفتہ تک شدید تپ چڑھی رہی۔ اُس کے بعد ہلکی سی حرارت رہنے لگی۔ کھانسی کا بھی سلسلہ شروع ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ کچھ دنوں کے لئے کالج سے رخصت لیکر آرام کرنا بہت ضروری ہے ناصری نے مسکرا کر کہا "اب میں عنقریب ہمیشہ کے لئے آرام کرنے والا ہوں"۔ اُس کے اس جملہ سے یاس و حسرت ٹپک رہی تھی۔ اگرچہ وہ مسکرا مسکرا کر باتیں کر رہا تھا۔

ایک مہینہ گزر گیا اور ناصری کی حرارت نہ اُتری۔ غذا صرف نام کو رہ گئی تھی ضعف رفتہ رفتہ اس حد تک بڑھ گیا تھا کہ اب وہ پلنگ سے اُتر کر مشکل سے چار قدم چل سکتا تھا۔ ایک دن صبح چھ بجے کے جبکہ میں سو ہی رہا تھا ناصری نے مجھکو پکارا میں اُٹھ بیٹھا اُس نے کہا نوکر سے کہدو کہ چائے وغیرہ لے آئے"۔ نوکر چائے لے آیا میں نے ایک پیالی بنا کر اُس کو دی ایک خود پینے لگا۔ ناصری نے چائے پیتے ہوئے کہا:۔

"ظہیر! یہ روگ موت کا روگ ہے۔ مجھے اب زیادہ دنوں تک اس دنیا نے گرد و باد میں رہنا نہیں ہے۔ میں آج چاہتا ہوں کہ اپنی زندگی کے واقعات تم سے بیان کر دوں جن کے سننے کے تم اتنے دنوں سے مشتاق ہو"۔

میں نے خود اب تک اُس کو بے محل سمجھا تھا کہ ناصری کو اس کا وعدہ یاد دلاؤں۔ آج وہ خود اپنا وعدہ وفا کرنا چاہتا تھا۔ میرے لئے اس سے زیادہ دلچسپی کی بات کیا ہو سکتی تھی۔ مگر اس کی صورت پر جو حسرت برس رہی تھی وہ میرے اعصاب کو بے قابو کر رہی تھی۔ ناصری کا ضبط و تحمل میرے دل میں گھر کر چکا تھا جتنا ہی زیادہ وہ ضبط و تحمل سے کام لیتا اُتنا ہی میرا دل اُسپر رویا کرتا۔

میں نے کہا ناصری صاحب کہیں آپ کو تکان نہ ہو جائے۔ رہنے دیجئے جب طبیعت روبہ صحت ہوئے تو سنا دیجئے گا۔

اُس نے جواب دیا "صحت کا تو ذکر نہ کرو۔ اور نہ میں صحت کا طلبگار ہوں لیکن آج میرا جی چاہتا ہے کہ تم کو اپنی زندگی سے آگاہ کروں"۔

یہ کہکر اُس نے دوسری پیالی چائے کی مانگی اور پھر یوں شروع کیا۔

"قبل اس کے کہ میں اُس مسعود زمانے کا مفصل ذکر کروں جسمیں میری زندگی کے راز سے آگاہ ہوا ضروری یہ معلوم ہوتا ہے کہ اپنی ابتدائی عمر سے

اگر کی بتیاں اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک سے منگائیے

لیکر اب تک کی زندگی پر ایک اجمالی نظر ڈالوں اور یہ بتاؤں کہ بچپن سے میرے دماغ کی نشو و نما کیسی ہوئی۔ غالباً اس کو ماننے میں تمکو کوئی عذر نہ ہوگا کہ بچپن سے میری طبیعت اتو کھی تھی۔ میری سرشت میں بغاوت اور سرکشی کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا تھا ہوش سنبھالتے ہی جو بات سب سے پہلے میرے ذہن میں بیٹھی وہ یہ تھی کہ جس خاندان میں اور جس ماحول میں پیدا ہوا ہوں اُس میں صرف وہ بدبخت پیدا ہوتے ہیں جن کو اپنے پچھلے جنم کی بدکرداریوں کے لئے سزائیں بھگتنا ہوتی ہیں۔ اور اس سے بغاوت نہ کرنا بجائے خود ایک ایسا گناہ ہے جو کبھی معاف نہیں ہو سکتا۔ مجھ میں اور میرے گھر والوں میں کوئی مناسبت نہ تھی۔ میں جس قدر سریع الحس اور نازک خیال تھا اُسی قدر وہ لوگ بے حس اور خیالات کے لحاظ سے بھدے تھے میرے جذبات جس قدر لطیف اور غیر ملوث تھے اُسی قدر اُن کے جذبات کثیف اور عامیانہ تھے۔ بلکہ یوں سمجھئے کہ جن کو وہ لوگ جذبات کہتے تھے وہ میری اصطلاح میں جذبات نہ تھے بلکہ محض چند رسمی پابندیاں تھیں جو انسان کی روح کو مردہ کر دیتی تھیں۔ تم اُس کو شاعری یعنے مبالغہ نہ سمجھنا یہ کسی دل جلے کے وارداتِ قلب ہیں۔ میرا یہ دعویٰ ہرگز نہیں کہ میں اندنوں بھی اُنھیں اصطلاحات میں سوچا کرتا تھا۔ میں بچہ تھا اور میری قوت فکر اس قدر پختہ نہ تھی لیکن یہ دردناک احساس کہ میں غلط جگہ پیدا ہوا اُسی وقت سے میری ساری ہستی پر چھایا ہوا تھا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ کمسنی اور بے شعوری کے زمانے میں بھی اکثر رنج و غصہ کی حالت میں میرے مُنھ سے بے ساختہ نکل گیا ہے کہ اللہ میاں نے نہ جانے کیوں مجھے اِس گھر میں پیدا کیا! یہ بغاوت اور سرکشی مجھے باپ کی طرف سے ورثے میں ملی تھی۔ میرے والد تھے تو نہایت تعلیم یافتہ مگر اُن کی زندگی سرتاسر بے عنوانیوں پر مشتمل تھی اور قیامت یہ کہ وہ کسی دوسرے کی بے عنوانی کے متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔ چنانچہ میرے اندر ضد اور خودرائی کا جو عنصر تھا اُس کو مٹانے کے لئے وہ ہر وقت کوشش کرتے رہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ میری ضد بڑھتی گئی۔ میرے والد میری طبیعت کو سمجھکر مجھ پر تشدد کرتے تھے۔ مجھے اُن سے نفرت شروع ہو گئی۔ اُن کو سارے خاندان سے دشمنی تھی مجھے ساتھ ہی ساتھ اُن سے بھی دشمنی ہو گئی اور یہ دشمنی روز بروز بڑھتی گئی۔

میرا خاندان مالی حیثیت سے خوش حال تھا اور میرے لئے ہر قسم کی مادی آسائش موجود تھی مگر میں بے چین رہتا تھا۔ میں ایک نامعلوم چیز کے لئے بیتاب رہا کرتا تھا۔ نہ جانے کیا چاہتا تھا۔ شیلی کی طرح ایک ناقابل بیان تشنگی میری ساری ہستی کو جلاتی ہوئی چلی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ میں بعض مرتبہ دل سے دعا کرتا تھا کہ یا خدا مجھے اس ناز و نعمت کی دنیا سے محروم کر دے اور مجھکو فلاکت و گداگری میں مبتلا کر دے۔ یہ میں اُس وقت کی حالت بیان کر رہا ہوں جبکہ میری عمر ۱۲ سال کی تھی اور میں اسکول میں پڑھتا تھا تم سمجھ سکتے ہو کہ اس عمر میں جس کی پراگندہ دلی کا یہ عالم رہا ہو اُس کی زندگی کیسی مصیبت میں رہی ہوگی۔ اُس وقت جس نے کچھ دنوں کے لئے میری گرتی ہوئی حالت کو سنبھال لیا وہ میری پھوپھی کی لڑکی زبیدہ تھی جو مجھ سے عمر میں ایک سال بڑی تھی اور جو خوبصورت ہونے کے علاوہ نہایت ہوشمند اور دور اندیش تھی۔ سب سے پہلے مجھ میں وہ شورش جسکو دنیا محبت کہتی ہے۔ زبیدہ ہی نے پیدا کی۔ نہ جانے مجھ میں اُس نے کونسی بات دیکھی کہ وہ میری طرف

روح گلاب کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

مائل ہوگئی۔ ان دنوں میرا معمول تھا کہ اپنی فرصت کا بیشتر حصہ کتب بینی میں صرف کرتا تھا یا پھر شہر سے بہت دور جمنا کے کنارے کنارے نکل جاتا۔ میں آگرہ کے تمام شہر میں "ویرانہ پرست" مشہور تھا۔ ظہیر میں اپنے وطن میں ایک اجنبی کی حیثیت رکھتا تھا۔ نہ کوئی میرا دوست تھا نہ ساتھی۔ شروع شروع میں نے زبیدہ کی طرف کوئی توجہ نہ کی بلکہ اُس سے بھاگتا رہا اس لئے کہ میں جانتا تھا کہ وہ بھی اُسی خاندان سے تعلق رکھتی ہے جس کو میں جہنمی سمجھتا تھا۔ لیکن زبیدہ نے رفتہ رفتہ مجھ پر یہ اثر ڈالنا شروع کیا کہ میری طرح اُس کی طبیعت بھی خاندان والوں سے مختلف ہے اور پھر میرا اس طرح تعاقب کرتی رہی کہ آخر کار مجھکو رام کرکے چھوڑا۔ پھر تو میں اُس کے ساتھ اس قدر محو ہوا کہ مجھے خود اپنے وجود کا بھی احساس نہیں رہا۔ یہ میرے لئے ایک نئی چاشنی تھی۔ میں زبیدہ کے اشارے پر چلنے لگا اور یہ روش میرے لئے بڑی خیر و برکت کی چیز ثابت ہوئی۔ کچھ دنوں کے لئے میں اپنی اندرونی شورش۔ اپنی روح کے غیر واضح خروش کو بالکل بھول گیا۔ پانچ سال اسی مدہوشی میں گزر گئے۔ زبیدہ کہا کرتی تھی "جب تک کہ مقلب القلوب میرے سینے میں اس دل کی جگہ کوئی دوسرا دل نہ گھڑیگا میں تم کو اسی جوش کے ساتھ چاہتی رہونگی میری زندگی اگر کسی اور کے سپرد کی گئی تو میں مٹ کر رہجاؤنگی" اس "پیمان وفا" نے مجھے دین و دنیا سے بے نیاز کردیا تھا۔ مجھے یہ یقین ہوگیا تھا کہ اب میں اپنی زندگی میں کوئی کمی محسوس کروں گا اور نہ بے چین رہونگا۔ لیکن یہ سب ایک بے بنیاد طلسم سے زیادہ پائدار نہ تھا۔ مقلوب القلوب نے زبیدہ کے سینے میں دوسرا دل رکھ ہی دیا۔ مجھے معلوم ہوگیا کہ اُس کو دراصل مجھ سے محبت نہ تھی بلکہ وہ اب تک مجھ سے صرف کھیل رہی تھی اس لئے کہ وہ اور کسی صورت سے اپنا دل نہ بہلا سکتی تھی۔ اُس کی شادی کا ذکر ہونے لگا۔ میرے دل میں ہوکیں اُٹھنے لگیں مگر میں نے دیکھا کہ زبیدہ پر اس کا کوئی اثر نہیں ہے۔ وہ بدستور گھر میں ہنستی کھیلتی پھرتی تھی اُس نے مجھ سے ایسا تجاہل برتا کہ گویا کبھی مجھ سے کوئی سروکار ہی نہ تھا۔ یہ وہ صدمہ تھا جس نے میری رگ رگ کو ہلا دیا۔ میری تمام پرانی شورشیں پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ عود کر آئیں اور میں کہیں کا نہ رہا۔ زبیدہ کی شادی ہوگئی اور وہ اس طرح خوش و خرم زندگی بسر کرنے لگی کہ میں اُس کو بد عائیں دینے لگا۔ ظہیر! اُس کے بعد میں نے اس کی صورت بھی نہیں دیکھی اور مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ اُس کو اس کی مطلق پروا نہ تھی۔ مجھے دنیا میں صرف دو آدمیوں سے نفرت ایک تو زبیدہ سے دوسرے اپنے باپ سے میں ان دونوں کو بدترین خلائق سمجھتا ہوں"

ناصری نے سلسلہ توڑ دیا۔ تھوڑی دیر تک سوچتا رہا۔ پھر کہا "چلو اور منگاؤ کچھ تکان سی محسوس ہو رہی ہے" چائے آئی اُس نے چلمچی کی پیالی ہاتھ میں لیکر پھر کہنا شروع کیا:۔

"جس سال زبیدہ کی شادی ہوئی اُسی سال میں نے انٹرنس پاس کیا۔ میں یونہی ہر وقت گھبرایا کرتا تھا۔ ۲۴ گھنٹے میں ایک لمحہ بھی ایسا نہ گزرتا تھا جس میں مضمحل اور غمگین نہ رہتا ہوں میری سوداویت روز بروز بڑھنے لگی۔ اُسپر والد نے دوسرا ظلم یہ کیا کہ زبیدہ کی شادی کے چھ مہینے بعد میری طبیعت کے خلاف زبردستی میری شادی بھی کردی۔ میں مجبور تھا۔ کچھ کر نہ سکتا تھا۔ ورنہ جی تو یہ چاہتا تھا کہ باپ کا کام تمام کردوں۔ میں خود سکوں سے محروم تھا۔ آخر اس کے کیا معنے تھے کہ ایک اور ذی روح کی زندگی خراب کیجائے اور کسی سے تو میں اپنا انتقام لے نہ سکتا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مجھے بیوی سے نفرت

روغن آملہ کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

پیدا ہوگئی۔ حالانکہ اُس کی کوئی معقول وجہ نہ تھی۔ اب میری زندگی اور بھی تلخ ہونے لگی اور اگر میں شب و روز مطالعہ اور فلسفیانہ غور و فکر میں مشغول رہنے لگتا تو یہ تلخی ناقابل برداشت ہوجاتی۔ سب سے زیادہ مصروفیت کے ساتھ شاعری میں نے اسی زمانہ میں کی ہے۔ اُس کے بعد میں نے جو زندگی شروع کی اُسکو مبہم طور پر صرف "اُوباشی" کہوں گا گزشتہ ناہموار او متلاطم زندگی کا اثر میری صحت پر کافی پڑ چکا تھا۔ اب تازہ بے عنوانیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ میری صحت مستقل طور پر خراب رہنے لگی یہاں تک کہ ایف۔ اے پاس کرنے کے بعد سلسلۂ تعلیم مجھے منقطع کر دینا پڑا۔

دو سال میں بُری طرح بیمار رہا۔ جب حالت کچھ روبہ اصلاح ہوئی تو میں نے چاہا کہ پھر پڑھنا شروع کروں لیکن عین اسی موقع پر باپ سے اور مجھ سے لڑائی ہوگئی اور میں ترک وطن پر مجبور ہوگیا۔ گزر اوقات کے لئے میں نے شاہجہاں پور میں ایک اسکول میں ملازمت کر لی اسی زمانہ میں مجھکو افسانہ نویسی کا شوق ہوا۔ کتب بینی اور اوباشی سے جو فرصت ملتی تھی اُس میں میں افسانہ لکھا کرتا تھا۔ وہ افسانے جن کے آپ اس قدر مداح ہیں اسی دور کے کارنامے ہیں تین سال کے بعد میں نے گھر بیٹھے بیٹھے بی اے پاس کیا۔ چونکہ مجھکو وظیفہ ملا اس لئے شوق ہوا کہ ایم اے بھی کروں اس ارادے سے لکھنؤ آیا اور نام لکھا کر پوری محویت کے ساتھ مطالعے میں مشغول ہوگیا میں اپنی اوباشی سے بھی عاجز آگیا تھا۔ میرا خیال تھا کہ خود فریبی سے ممکن ہو کہ میری ناآسودگی میں کچھ کمی ہوجائے مگر میرا خیال غلط نکلا اور سرگردانی سے میری روح اور زیادہ محروم سکون ہوگئی۔ بہرحال میرے مذاق میں ایک نیا تغیر ہوا۔ میرا رجحان فلسفہ اور تنقید کی طرف ہوا اور آہستہ آہستہ یہ ذوق میرے اندر ایسا رچ گیا کہ مجھے خود اپنی فوقیت کا احساس ہونے لگا۔ میری ناقدانہ سنجیدگی مشہور ہوگئی میں نے اُس زمانے میں فلسفیانہ اور تنقیدی مضامین کثرت سے لکھے پروفیسر اور طلبہ مجھکو رشک کی نگاہ سے دیکھنے لگے۔ لکھنؤ آئے ہوئے تقریباً آٹھ مہینے ہوئے کہ میری زندگی میں ایک اور انقلاب ہوا جس نے مجھکو وہ ناصری بنا کر رکھدیا جو میں اب ہوں۔ مرزا رفیع لکھنؤ کے مشہور رئیس اور بیرسٹر ہیں۔ مغربی تعلیم و تربیت کئی پشت سے اُن خاندان میں چلی آرہی تھی۔ بالخصوص اُن کے بھائی محمد شفیع بے انتہا آزاد اور روشن خیال تھے۔ وہ اپنی عورتوں کو بھی باہر نکالتے تھے۔ اُن کی لڑکی طلعت اُسوقت بی اے میں پڑھتی تھی۔ طلعت حسن اور قابلیت کے لحاظ سے سارے لکھنؤ میں مشہور تھی۔ میں نے ابھی تک اُس کو دیکھا نہیں تھا۔ مرزا رفیع میرے باپ کے قدیم دوست تھے اور دلی دوست تھے وہ اکثر آگرہ آیا کرتے تھے اور میرے ہی مکان پر ٹھہرتے تھے۔ میری بڑھی ہوئی ذہنیت اور ذکاوت کی وجہ سے وہ مجھ سے محبت کرتے تھے میرے والد کی بے عنوان زندگی سے وہ کچھ خوش نہ تھے لیکن دوستی چونکہ پرانی تھی اس لئے حسن اسلوب کے ساتھ نباہ رہے تھے میں جب لکھنؤ آیا تو قصداً اُن کی ملاقات سے پہلو بچاتا رہا۔ لیکن اُن سے ملاقات ہوگئی۔ وہ مجھکو اپنے گھر لیگئے واقعات معلوم ہونے پر اُنھوں نے شفقت سے میرے سر پر ہاتھ پھیر کر کہا "تم نے بُرا کیا جو مجھے ابتک اس کی اطلاع نہ دی اب تم یہاں سے کہیں نہیں جا سکتے۔ یہیں آکر رہو اور اطمینان کے ساتھ پڑھو۔ تمھارے والد نے جتنی کارآمد صلاحیتیں اُن کے اندر تھیں اُس کو مٹا ہی ڈالا۔ نہ خود اپنی ذات کو کوئی فائدہ پہنچایا نہ کسی اور کو۔ اب وہ چاہتے ہیں کہ تم کو بھی اپنا سا بنا کر رکھدیں مجھے مرزا رفیع سے اس ہمدردی کی اُمید نہ تھی۔ میری ہمت نہ پڑتی

خالص زعفران کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے خرید کیجئے

کہ اُن کی خواہش کو رد کروں۔ مجبوراً اپنا سارا سامان لیکر اُن کے مکان میں چلا آیا۔

اس مکان میں مجھکو لیکر چار لڑکے تھے۔ ایک مرزا رفیع کا لڑکا شوکت جو انٹرنس میں پڑھتا تھا۔ دوسرا اُنکی بہن کا لڑکا خورشید جو میرا ہم سن تھا اور بی اے میں پڑھتا تھا۔ تیسری طلعت تھی۔ طلعت کو جب میں نے پہلی بار دیکھا ہے اُسی وقت میرے سارے جسم میں ایک نئی روح دوڑ گئی میں پہلی ہی نگاہ میں اُس کی طرف مائل ہوگیا اور میرے قلب نے ایک نیا سرور محسوس کیا جس کی مجھکو بڑی ضرورت تھی مگر جو مجھکو آج تک میسر نہ ہوا تھا۔ ہم ایک دوسرے سے بہت جلد مانوس ہوگئے اس لئے کہ ہماری دلچسپیاں مشترک تھیں۔ اُس کو بھی ادبیات کا سودا تھا اور مجھکو بھی۔ انگریزی شعرا میں کیٹس کی وہ بڑی دلدادہ تھی۔ اس جواں میر کی شاعری پر وہ اکثر مجھ سے بحث کیا کرتی تھی اور میری تنقید سُن سُن کر بہت خوش ہوتی تھی۔ وہ میری گرویدہ ہو چلی تھی۔ مجھکو "علم کا دیوتا" کہا کرتی تھی۔ خورشید کو طلعت کی میرے ساتھ گرویدگی گوارا نہ تھی۔ وہ خود ہماری صحبتوں میں شریک ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا تھا ہم دونوں کو جب کبھی وہ ایک ساتھ دیکھتا تو بہت جلا کرتا۔ وہ طلعت کو حریصانہ نگاہوں سے دیکھا کرتا تھا۔ طلعت کو اس کا احساس بھی نہ تھا میں طلعت کی یہ روش دیکھکر مطمئن تھا۔

طلعت کے ساتھ میری شیفتگی روز بروز بڑھتی جاتی تھی۔ میں دل ہی دل میں اُس کی پرستش کرنے لگا تھا۔ ظہیر طلعت نے مجھکو وہ چیز دی جس کے بغیر مجھے زندگی وبال تھی یعنی سکون و آسودگی لیکن میں اپنے جذباتِ محبت کو علمی و ادبی موانست کے نقاب میں چھپائے ہوئے تھا میں ایک دفعہ دھوکا کھا چکا تھا اور عہد کر چکا تھا کہ کسی عورت سے کبھی مغلوب نہ ہوں گا۔

کہتے تھے دل نہ دیں گے کسی کو تمام عمر
مجبور ہو گئے مگر اک داستاں سے ہم

لیکن اب میں نے یہ قسم کھائی کہ اپنے دل کے راز اظہار کرونگا اور نہ اظہار کی کوئی ضرورت محسوس کرتا تھا۔ میرا اعتقاد یہ تھا کہ اگر اپنے جذبات کو دل ہی میں پوشیدہ رکھ لیا جائے تو اُن کی الوہیت بڑھ جاتی ہے۔

بہر حال میں نے طلعت کو اپنے دل کی حالت سے آگاہ نہیں کیا حالانکہ اُس کے ساتھ میرا شغف و انہماک کا یہ عالم تھا کہ اگر کبھی اتفاق سے ۲۴ گھنٹے اُس سے جدا رہتے گزر جاتے تو میرا دم گھٹنے لگتا تھا۔ میری اس خودداری اور ضبط نے مجھکو تو کوئی نقصان نہیں پہنچایا مگر آہ! طلعت کو نیست و نابود کر کے رکھدیا۔

پورے ایک سال اس طرح گزر گئے کہ مجھکو احساس بھی نہ ہوا۔ مجھ پر ہر وقت ایک بیخودی سی طاری رہنے لگی تھی۔ میری کلفتوں کی دنیا بہت پیچھے چھوٹ گئی تھی۔ میں ایسا محسوس کرنے لگا تھا کہ جس نامعلوم چیز کے لئے میری روح بیتاب رہا کرتی تھی وہ مجھکو ملگئی ہے۔ طلعت مجھکو واقعی بیحد چاہتی تھی۔ جب کبھی میں کسی سے ملنے چلا جاتا اور گھر دیر میں آتا تو وہ مجھ سے شکایت کرنے لگتی تھی۔ میری غیر حاضری میں اُس کے اوقات گراں گزرا کرتے تھے میں اُس کی زندگی کا ایک "جزو لازم" ہو کر رہگیا تھا۔ میں اس کو محسوس کرتا تھا۔ خود طلعت کا قیافہ اس شکستگی کا اعتراف کر رہا تھا۔ لیکن میں اپنے جذبات نیازش کا اظہار کرنے سے گریز ہی کرتا رہا۔ اظہار محبت کو میں غیر ضروری بھی سمجھتا تھا۔ کیونکہ اگرچہ میں بھی عشق کو شیفتہ کی طرح انسان کی "تہذیب نفس" کے لئے ضروری سمجھتا ہوں لیکن بقائے عشق کے لئے یہ ضروری نہیں سمجھتا کہ مناکحت یا کسی دوسری رسمی زنجیر میں جکڑ کر خواہ مخواہ

عطر حنا کارخانۂ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

محبوب کو اپنی ملکیت بنا لیا جائے۔ طلعت نے میری اس روش کو غلط سمجھا۔ اُس کے دل میں یہ خیال بیٹھ گیا کہ میں اس کی محبت کی پذیرائی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ رفتہ رفتہ یہ خیال اس طرح جڑ پکڑ گیا کہ وہ آزردہ اور دلگیر رہنے لگی۔ میں اُس کی دل گرفتگی کے سبب سے مطلق آگاہ نہ تھا۔ طلعت کے چہرے سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ کسی فکر میں گھل رہی ہے۔ کچھ دنوں تک تو وہ بدستور میرے ساتھ اُٹھتی بیٹھتی رہی اور حسب معمول علمی و ادبی تذکروں میں دلچسپی کا اظہار کرتی رہی لیکن پھر روز بروز اُس کو جو انہماک میرے ساتھ تھا اُس میں بھی کمی ہونے لگی اور میری حیرت کی انتہا نہ تھی جبکہ میں نے دیکھا خورشید سے آہستہ آہستہ مانوس ہو رہی ہے۔ وہ خورشید جسکو ابتک وہ قابل اعتنا بھی نہ سمجھتی تھی۔

میں یہ بتانا بھول گیا کہ اگرچہ طلعت کبھی خورشید کی طرف متوجہ نہ ہوتی تھی اور اگرچہ شفیع صاحب نے خورشید کی ماں سے صاف کہدیا تھا کہ خورشید اور طلعت کا کوئی جوڑ نہیں ہے اور دونوں کی شادی نہیں ہو سکتی تاہم خورشید اپنی چال سے بے خبر نہ رہتا تھا۔ اُس کو جب کبھی موقع ملتا تو وہ طلعت سے کچھ باتیں ضرور کر لیتا تھا میں اُس وقت نہیں جانتا تھا کہ وہ طلعت سے کیا کیا کہا کرتا تھا۔ بعد کو معلوم ہوا کہ وہ اپنی شیفتگی اور محبت جتایا کرتا تھا۔ ایک روز جبکہ گھر کے سب لوگ اکٹھا تھے طلعت کو مجھ سے معلوم ہو گیا کہ میری شادی ہو گئی ہے اُس دن سے اُس کے برتاؤ میں نمایاں فرق ہو گیا۔ وہ مجھ سے کھنچتی گئی اور خورشید سے مانوس ہوتی گئی میں نے سمجھا "چلو یہ دوسرا دھوکا تھا" مگر طلعت کو اسی طرح پوجتا رہا اس لئے کہ میں نے بلا کسی تحریک کے اُس کو چاہنا شروع کیا تھا اور سچ پوچھو تو میری پہلی محبت تھی۔

قصہ کو زیادہ طویل کرنا نہیں چاہتا۔ میں ایم اے پاس ہو گیا طلعت بھی بی اے میں اول آئی۔ گھر میں بڑی خوشیاں منائی جا رہی تھیں مگر طلعت کے چہرے سے یاس و حرماں ہی ٹپک رہا تھا۔ میں نے اُس سے کئی بار پوچھا کہ آخر اس غمگینی کا سبب کیا ہو سکتا ہے مگر وہ ٹالتی رہی تقریباً دو ماہ کے بعد ایک روز صبح کو معلوم ہوا کہ طلعت کا کہیں پتہ نہیں اور اور اُس کے ساتھ خورشید بھی غائب ہے۔ تمام گھر میں ہلچل مچ گئی اُس کا ذکر بیکار ہے۔ لیکن میری حالت کا ہر شخص اندازہ نہیں کر سکتا معلوم ہوتا تھا کہ سارا جسم مفلوج ہو گیا ہے۔ میں نے کچھ دنوں تک اس کی کوشش کی کہ طلعت کو ایک معمولی مغلوب الاعصاب عورت سمجھکر بھول جاؤں مگر میری کوشش بیکار تھی۔ اُس کی یہ معیوب حرکت بھی میری نگاہ میں اس کی منزلت کو گھٹا نہ سکی۔ آخر کار میں نے طلعت کے خیالی پیکر سے اپنا دل بہلانا شروع کیا۔ دو تین مہینے بعد طلعت کا باپ کے نام خط آیا جس سے معلوم ہوا کہ وہ خورشید کی بیوی ہو گئی ہے اور خورشید کو کوئی سرکاری ملازمت مل گئی ہے۔ طلعت کے ساتھ مجھکو سچی محبت تھی اس کا اندازہ اس سے کرو کہ اُس وقت بھی میرے منہ سے طلعت کے لئے دعا نکلی۔

اب لکھنؤ میں میرے لئے کوئی دلبستگی نہ تھی۔ میں نے لکھنؤ چھوڑ دیا اور کلکتہ میں جا کر ایک انگریزی اخبار کی اڈیٹری کر لی۔ اب میرا میلان سیاسی زندگی کی طرف ہوا۔ پھر کہاں کہاں کی خاک چھانی۔ قید و زنگ کی بھی سیر کر آیا۔ طلعت کی محبت نے مجھکو کیا نہیں دیا سب سے بڑی دولت جو اس نے دی وہ روحانیت تھی جس نے مجھکو زندگی کے راز سے آگاہ کر دیا۔ مجھکو معلوم ہو گیا کہ اطمینان در اصل کس کو کہتے ہیں اور اُس کو کیونکر حاصل کیا جا سکتا ہے۔ میرا عقیدہ اب یہ ہے کہ وہ محبت ہی ایسی چیز ہے جو انسان کو ابدیت کی چاشنی سے آگاہ کر کے اُس کے

ہر قسم کے عمدہ خوشبودار تیل کا دھانہ صغیر علی محمد علی تاجر عطر جوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

قلب کو سکون و طمانیت سے معمور کر سکتی ہے۔

تین سال کے بعد مجھکو خبر ملی کہ خورشید نے اپنی ہوس پوری کر کے طلعت کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا ہے۔ میں نے یہ بھی سنا کہ وہ لکھنؤ واپس آئی ہے مگر اپنے والدین کے ساتھ نہیں ہے بلکہ لڑکیوں کے کالج میں پروفیسر ہے اور علیحدہ مکان لے کر رہتی ہے۔ یہ سنکر میں کلکتہ سے فوراً اُس سے ملنے کے لئے چل کھڑا ہوا۔ میں نے ارادہ کر لیا تھا کہ اب جسطرح ہوگا طلعت سے اپنے دل کی کیفیت بیان کر کے اُس کو اپنا بنا لوں گا۔ طلعت نے پہلے تو مجھ سے ملنے سے انکار کر دیا۔ مگر میں نے کہا میں عمر بھر اسی در پر کھڑا رہوں گا اور بلا ملے ہوئے نہ جاؤنگا۔" وہ مجبوراً مجھ سے ملی۔ ظہیر میں نے آج بھی اُس کو اتنا ہی معصوم پایا جتنا کہ وہ اپنی افتادگی اور پستی سے پہلے تھی۔ میں ہمیشہ محسوس کیا کرتا تھا کہ اُس کی آنکھیں فضا کو معصومیت سے معمور کر رہی ہیں اور آج بھی وہ اپنی نگاہوں سے گرد و پیش کی چیزوں کو اُسی طرح منزہ کرتی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ کچھ دیر تک تو طلعت نظر نیچی کئے ہوئے خاموش بیٹھی رہی۔ لیکن جب دیکھا کہ میں سکوت میں ہوں تو دبی ہوئی زبان سے پوچھا "کہئے آپ کس غرض سے آئے ہیں؟ آپ کو اب مجھ سے کیا سروکار ہو سکتا ہے؟"

میں اس سوال کے لئے تیار نہ تھا۔ میں کچھ گھبرا گیا مگر پھر اپنی طبیعت کو سنبھال کر جواب دیا۔ "طلعت مجھکو جو سروکار تم سے ہمیشہ تھا وہ اب بھی ہے میں تم کو ہمیشہ چاہتا رہا۔ نہیں بلکہ پوجتا رہا اور اب بھی پوجتا رہوں اب میں اس غرض سے آیا ہوں کہ تم کو اپنی پناہ میں لے لوں جس کی تم کو سخت ضرورت ہے۔"

طلعت نے طنز سے کہا "آپ نے اُس وقت مجھکو پناہ میں لینے کا ارادہ کیا ہے جبکہ دراصل نہ مجھکو پناہ کی ضرورت ہے اور نہ میں کسی کے پناہ کی مستحق ہوں۔ کیوں ناصری صاحب آخر آپ نے اُس وقت اسی سادگی اور خلوص کے ساتھ اپنے جذبات کا اظہار کیوں نہ کر دیا تھا جبکہ میں آپ کی زبان سے ایک حرف اس قسم کا سننے کے لئے تڑپ رہی تھی۔ مجھے تو اس کا پورا علم ہے مگر آج آپ کو بھی معلوم ہونا چاہئے کہ میں فی الحقیقت خورشید کی نہیں بلکہ آپ کی مٹائی ہوئی ہوں جبتک میں نے آپ کو نہیں دیکھا تھا، آپکی ساحرانہ گفتگو نہیں سنی تھی جبتک محبت اور اُس کے اثرات سے یکقلم بیگانہ تھی۔ خورشید مجھ سے برابر اظہار تعشق کیا کرتا تھا مگر اُس کا مجھ پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔ یہ سب جادو آپ نے آکر چلایا۔ آپ نے میرے اندر ایک طلب، ایک خلش تمنا پیدا کر دی جسکو آپ آسودہ کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ میں نے بہت چاہا کہ آپکے جذبات کو اُبھار دوں لیکن میری کوشش کارگر نہ ہوئی یہاں تک کہ مجھکو یقین ہو گیا کہ آپ محض ایک "منطقی جانور ہیں" اور زیادہ سے زیادہ آپ کا احترام کیا جا سکتا ہے۔ آپ محبت کی چیز نہیں۔ خورشید برابر مجھ سے اپنی محبت جتا رہا تھا۔ اسی دوران میں مجھکو معلوم ہو گیا کہ آپکی شادی ہو چکی۔ میری رہی سہی اُمید بھی منقطع ہو گئی۔ ادھر میں نے دیکھا کہ جو آگ آپنے میرے اندر بھڑکائی ہے۔ اُس کو خورشید بجھانے کے لئے تیار ہے۔ پھر اُس کے بعد جو کچھ ہوا اُس کے دُہرانے کی ضرورت نہیں۔"

طلعت کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ میری رگوں میں خود ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ میں ضبط نہ کر سکا اور بیتابانہ طلعت کو لپٹا کر کہا "تو کیا ہماری محبت بلا ازدواج بلا کسی قسم کی آلودگی کے قائم نہ رہ سکتی تھی؟ محبت کا تعلق تو روح سے ہے اُس کو مادی علائق سے کیا نسبت؟"

طلعت نے ایک تلخ مسکراہٹ سے کہا "عورت ایسی محبت نہیں کیا کرتی

تمباکو خوردنی کا کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

یہ مرد ہی کا کام ہے کہ محبت کو روحانیت۔ تصوف۔ فلسفہ۔ شاعری اور تمام دنیا کے خرافات کے رنگ میں رنگ کر اپنے گوں کی چیز بنالے۔ مرد میں عقل کی زیادتی ہوتی ہے اس لئے اُس کی محبت بھی "معقول" ہوتی ہے۔ عورت میں وجدانیت کا عنصر غالب ہے۔ وہ محبت کو محبت سمجھتی ہے۔ اور محبت نام ہے دو ہستیوں کے ہر لحاظ سے ایک ہوجانیکا۔ میں خود آپ کی ہونا چاہتی تھی اور آپ کو اپنا بنانا چاہتی تھی۔"

میں نے مجرمانہ لہجے میں کہا "تو یہ اب بھی ہوسکتا ہے۔ پچھلی باتوں کو بھول جاؤ تو تلافی مافات ہوجائے۔"

طلعت نے کہا "اس کے جواب میں آپ کا یہ مصرع ہے۔

دوش من دیر نشیں لائق زنار نماند

ناصری صاحب۔ اب میں آپ کے لائق نہیں۔" یہ کہکر اُس نے میری پیشانی پر ایک بوسہ دیا اور پھر کہا "اب آپ پھر مجھ سے نہ ملئے گا۔ جائیے جس طرح آپ ہر چیز کو مایا سمجھتے رہے اسی طرح محبت کو بھی مایا سمجھئے۔ لیکن میری آخری خواہش یہ ہے کہ آپ اپنی بیوی کو جسکا دل آپ اتنے دنوں سے دکھاتے رہے ہیں اب زیادہ نہ خراب کیجئے اُس کو اپنے ساتھ لیجائیے اور رفیقانہ ایک دوسرے کے ساتھ زندگی بسر کیجئے میں اُس بوسے کی لذت کبھی نہیں بھولونگا جس نے مجھکو غیر فانی بنادیا ہے" طلعت نے مجھکو فوراً رخصت کردیا۔ دوسرے دن سارے لکھنؤ میں یہ خبر اُڑ گئی کہ طلعت نے خودکشی کرلی میرے دماغ میں پھر انتشار شروع ہوا جس کی بنا پر میں تین سال اور خاک بسر ادھر اُدھر مارا مارا پھرتا رہا۔ مگر پھر مجھکو طلعت کی وصیت یاد آئی۔ اُس کے ساتھ ہی ساتھ میرے دل دماغ میں کچھ یوں بھی انقلاب پیدا ہوگیا تھا میری بغاوت اور سرکشی میں وہ جوش نہ تھا۔ میں آگرہ گیا اور بیوی کو لے کر چلا آیا۔ اُسوقت سے آج تک میں پھر نہ کبھی آگرہ گیا ہوں اور نہ اپنے عزیزوں کی کبھی صورت دیکھی۔ میری بیوی کی صحت بہت خراب ہوچکی تھی۔ میری بے توجہی نے تو اُس کا دل چھلنی کرہی ڈالا تھا۔ اسپر میرے گھر والوں کی بے توجہی نے اور بھی اُس کو خراب وخستہ کرڈالا۔ ہندوستان بھی عجیب جگہ ہے جہاں عورت اپنا کوئی ذاتی وجود نہیں رکھتی۔ جب تک شوہر اُس کی دلجوئی کرتا ہے جبتک سب ہی دلجوئی پر آمادہ رہتے ہیں شوہر کے منحرف ہوتے ہی ساری دنیا بیچاری سے برگشتہ ہوجاتی ہے مختصر یہ کہ میری بیوی نے مشکل سے تین سال گزارے ہوں گے کہ اُس کو موت کے گھاٹ اُترنا پڑا۔ یہ میری عمر کا پینتیسواں سال تھا۔ اب میں دنیا میں یکہ وتنہا تھا۔ ہر طرح کی زندگی سے اُکتا گیا تو یہاں آکر پروفیسری کرلی۔ اس لئے کہ اس سے بڑھ کر امن وامان کی زندگی ممکن نہ تھی میں نے لکھنا پڑھنا بالکل بند کردیا ہے اس لئے کہ اب میرے واردات قلب تحریر میں نہیں لائے جاسکتے۔

کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

میں نے محبت کی اور اُس کو کھو بھی چکا ہوں مگر محبت کی لذت ابتک مجھکو مل رہی ہے۔ ظہیر کیا تم یقین کروگے اگر میں کہوں کہ میں ستاروں کی چمک میں۔ آفتاب کی تابش میں چاند کی صباحت میں۔ صبح کے کافوری نور میں، شام کی شفق میں غرض کہ ساری کائنات میں طلعت ہی کے جلوے دیکھتا ہوں۔ میں ہر لمحہ اُس کو اپنے سے قریب پاتا ہوں۔ تم اُس کو طلعت کی یاد کہوگے۔ میں اُسکو طلعت سمجھتا ہوں۔"

ناصری نے اپنی عبرتناک داستان ختم کردی اور ایک ٹھنڈی سانس لے کر مجھ سے کہا "بس جاؤ تمھاری دیرینہ آرزو بھی پوری ہوگئی میری طبیعت کا ایک بوجھ بھی ہلکا ہوگیا۔" ناصری تھک گیا تھا۔ اس لئے

افشانی قوام کارخانہ صفدر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے منگائیے

تھوڑی دیر خاموش رہنے کے بعد پلنگ پر لیٹ کر سو گیا۔

(۵)

ناصری کی حالت روز بروز ابتر ہوتی جاتی تھی۔ ڈاکٹر مایوس ہونے لگے اُس کو دق ہو گئی تھی وہ اب زیادہ تر غفلت کے عالم میں پڑا رہتا تھا۔ اکثر خواب میں طلعت! طلعت! پکارا کرتا تھا۔ مجھے اُس کی صورت دیکھکر رونا آتا تھا۔ میں سوچتا کہ یا خدا یہ بھی کیسے ظرف کا انسان ہے اتنی مدت تک ایسے ہنگامے کو اپنے دل میں چھپائے ہوئے تھا۔ اور دیکھنے والوں کو اپنے ظاہری سکوں سے دھوکے میں ڈالے ہوئے تھا۔"

پورے ایک سال اور تین مہینے بیماری کی سختیاں جھیل کر ناصری نے اس کنج محنت آباد سے رحلت کی اور اپنی طلعت سے جا ملا اُس وقت اُس کی عمر اکتالیس سال کی تھی۔

"شد ختم بہ خاموشی افسانہ چنیں باید"

اپنی داستان بیان کر کے اُس نے مجھکو بھی سکون اور آسودگی کے راز سے آگاہ کر دیا۔ سکون کبھی خارجی اسباب سے نہیں پیدا ہوتا بلکہ خود اپنا پیدا کیا ہوتا ہے۔ اگر ہم چاہیں تو ان نامساعد واقعات سے بھی سکون حاصل کر سکتے ہیں۔ جو عموماً باعثِ آشفتگی بتائے جاتے ہیں۔ اگر انسان میں صلاحیت ہو تو اس کو گرداب میں وہ راحت ملجائے جو ساحل نشینوں کو کبھی خواب میں نہ میسر ہو۔

مجنوں گورکھپوری

جذباتِ کیفی

(جناب علامہ کیفی چریاکوٹی)

دمِ نزع بالیں پہ وہ آگیا
میں گم ہو چکا تھا مجھے پا گیا

کلیجا مرا منہ کو کیا آگیا
مزا زندگانی کا میں پا گیا

نہیں قدر رکھتی ہے جب کائنات
گیا دل اگر عشق میں، کیا گیا

خزاں ابکی لائی ہے تازہ بہار
کہ دل میرے پہلو میں مرجھا گیا

دکھاتا تھا میں داغِ دل حشر میں
برابر سے وہ آنکھ دکھلا گیا

کھنچ آئی ہے یہ زندگانی کی روح
لہو میری آنکھوں میں کیا آگیا

سرِ طور اُس نے اُٹھا دی نقاب
نئی شان سے شکل دکھلا گیا

مری زندگانی تھی مستی کا جوش
ہوئی بند آنکھیں تو ہوش آگیا

نظر میں تھا اُس کی، مرا شوقِ دید
جو آئینہ دیکھا تو شرما گیا

دلِ عاشقاں تیرا مسکن نہیں
بتا اے سکوں تو کہاں آگیا

کوئی چاہیئے تھا دمِ اضطراب
نہیں آئے جب تم تو غش آگیا

ان آنکھوں نے دیکھا زمانے کا رنگ
مگر حالِ دل کا نہ دیکھا گیا

میں کیا اہلِ دنیا کو کیفی کہوں
گیا جو یہاں سے وہ اچھا گیا

خوبصورت کنٹر کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

قبرستان کے کتبے

(از جناب بابو جگت موہن لال صاحب رواں۔ ایم۔ اے۔ ایل ایل بی وکیل اُناؤ)

مجھے اُسکی محبت کا سودا تھا۔ یہ آخر ہم کیون محبت کرتے ہین۔ کیا یہ تعجب کی بات نہین ہے۔ کہ ساری دنیا مین ہم صرف ایک فرد واحد کو اپنے لئے منتخب کرلین۔ وہی ایک خیال ہمارے دلمین جاگزین ہو۔ وہی ایک خواہش ایک آرزو ہمارے دلمین ہو۔ وہی ایک نام ہماری زبان پر رہے۔ وہی ایک ہستی پانی کے سوتے کیطرح ہماری روح کی گہرائیون سے اُبل اُبل کر ہمارے ہونٹون پر آئے۔ اور وردِ زبان ہو جائے۔ ہر وقت ہر جگہ ہم اُسی ایک نام کی مالا جپتے رہین۔

ہم تمہین اپنا قصہ تفصیل کے ساتھ سنانا نہین چاہتے۔ کیونکہ محبت کی داستان مین ہر جگہ ہر زمانہ مین ایک ہی تفصیل ہے اُسمین نہ کوئی اختلاف ہے نہ تنوع۔ وہ یہ کہ ہماری باہم ملاقات ہوئی۔ [illegible] محبت ہوئی۔ عشق ہوگیا۔ اور بس۔ ہماری داستان کی تو یہی تفصیل ہے تم کہوگے کہ اب آگے کیا کہنا چاہتے ہو فی الحقیقت داستان ختم ہوگئی لیکن ایک بات اور سُن لو۔

ایک سال تک اُسکی محبت اُسکی آغوش۔ اُسکی نگاہین۔ اُسکے لباس۔ اُسکے الفاظ۔ یہی میری کائنات ہستی کا جزو اعظم تھے اُسنے میرے اُوپر جادو کردیا تھا۔ وہ مجھپر حاوی ہوگئی تھی ہر چیز جو اُسکے متعلقات و تصرفات کی تھی۔ میرے لئے زنجیر کا کام کرتی تھی میری ہستی پر وہ بالکل قابو پاگئی تھی۔ اور اُسکی کیفیتون نے مجھے مسحور کرلیا تھا۔ یہ نوبت پہونچ گئی تھی۔ کہ مجھے رات دن زندگی، موت، حواس، مدہوشی، دنیا اور عدم دنیا مین امتیاز باقی نہ رہا تھا۔

ایک دن معلوم ہوا کہ وہ مرگئی۔ کیا واقعات پیش آئے مجھے معلوم نہین اور اب تو مجھے کچھ بھی یاد نہین۔ برسات کا زمانہ تھا۔ ایک دن شام کو وہ بالکل تر بتر میرے مکان آئی۔ دوسری صبح کو اُسے کچھ کھانسی کی شکایت پیدا ہوگئی۔ اور ایک ہفتہ تک وہ اس مرض مین مبتلا رہی۔ چارپائی سے بھی نہ اُٹھ سکتی تھی۔ پھر اُسکے بعد کیا ہوا۔ مجھے یاد نہین آتا۔ ڈاکٹر لوگ آئے انہون نے نسخے لکھے اور یاس اور اُمید بھری باتین کرکے چلے گئے۔ دوا خانون سے دوائین بھی آئین۔ عورتین جو تیمارداری کے لئے معین تھین اُنھون نے دوائین پلائین۔ اُسکے ہاتھ کچھ گرم رہتے تھے۔ اور پیشانی سے تو جیسے شعلے نکلا کرتے تھے اُسکی آنکھون کی روشنی یا چمک بڑھ گئی تھی اور ایک غم انگیز نورانیت پیدا ہوگئی تھی۔ مین نے اُس سے کبھی کبھی اس عالم مین بات چیت بھی کی۔ اور اُسنے بھی مجھسے وقتاً فوقتاً کچھ کہا لیکن یہ بات چیت کس موضوع پر تھی۔ کیا تھی۔ اب مجھے یاد نہین آتا۔ بالکل بھول گیا ہون۔ ہان قطعی بھول گیا ہون۔ اُسنے دم توڑا۔ اور اُسکی آخری مایوس نگاہ محبت سے لبریز نظر میری تخئیل کا جزو بن گئی۔ تیمارداروں نے رونا پیٹنا شروع کیا۔ مجھے سمجھانے کی بھی کوشش کی تسلی بھی دی۔ لیکن مین اُسکا انجام اور اپنا انجام خوب سمجھتا تھا۔ اُسکے بعد میری زندگی کا ورق

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت کا باعث صرف عطر حنا ہے

بالکل سادہ ہے۔

پھر بعد کی رسمین شروع ہوئین۔ مین نے ایک پادری کی خدمت مین حاضری دی۔ جسنے اُسکو میری محبوبہ کہکر یاد کیا۔ لیکن اس عنوان مین مجھے اہانت معلوم ہوئی۔ اب جب وہ مرچکی تھی۔ کسی کو یہ حق نہ تھا کہ یہ دریافت کرے یا زبان سے کہے کہ میرے اُسکے تعلقات کیا تھے۔ مین نے اُس سے یہ سلسلہ منقطع کردیا۔ دوسرے صاحب آئے۔ جو اُن سے زیادہ سمجھدار تھے۔ اُن مین ظرافت بھی تھی۔ اور معاملہ فہمی کا مادہ بھی تھا۔ اُنھون نے مجھسے ایسے الفاظ مین بات چیت کی۔ کہ بیساختہ میری آنکھونسے آنسو نکل آئے۔ وہ خاموش ہوگئے۔ اُنکی خاموشی معنی رکھتی تھی۔ تجہیز و تکفین کے سلسلہ مین بہت سی رسمین ادا کی گئین۔ اب مجھے یاد نہین ہے۔ لیکن دو باتین مجھے بالکل ٹھیک یاد ہین کہ اُسکی نعش صندوق کے اندر رکھکر بند کردی گئی۔ اور ڈھکنے مین کیلین جڑدی گئین۔ ارے توبہ محض یاد ہی کرکے میرے دل کے ٹکڑے ہوئے جاتے ہین۔

وہ دفن کردی گئی۔ دفن کردی گئی! وہ۔ میری محبوبہ۔ میری مایۂ حیات اُس گور کے گڑھے مین ہمیشہ کیلئے ڈالدی گئی اُسکے چند عزیز و اقربا بھی موجود تھے۔ مجھسے وہان نہ رہا گیا۔ مین اُس جگہ سے چلا گیا اور گھنٹون دیوانہ وار گلیون مین پھرتا رہا۔ مکان۔ وہ مکان جسمین اُسکے نورانی حسن کی شعائین پھیلی رہتی تھین۔ اُس مکان مین پلٹنے کی مجھے ہمت نہ ہوتی تھی دوسرے دن مین ایک طولانی سفر کیلئے روانہ ہوگیا۔

کل ہی مین ایک مدت کے بعد پھر پیرس واپس آیا ہون جب مجھے میرا سامان نظر آیا۔ میرا کیون ہمارا کمرہ ہماری مسہری۔ ہماری کرسیان ہماری میزین القصہ تمام گھر مین ہر چیز نے میرے دلمین اُسکی یاد تازہ کردی۔ ایک مرتبہ میرے اوپر دیوانگی کا سا غلبہ ہوا۔ اور مین نے قریب قریب پکا ارادہ کیا کہ مین تیسری منزل کی کھڑکی سے نیچے پتھر کی سڑک پر گرکر اپنی جان دیدون۔ اُس مکان مین رہنا میرے لئے ناممکن سا تھا مجھے یہ معلوم ہوتا تھا۔ کہ اُسکے جسم سے نکلے ہوئے ذرات نور خوشبوئین اور اُسکے گوناگون احسانات مجھے ہر طرف گھیرے ہوئے ہین۔ پریشان ہوکر مین مکان سے باہر نکلا جب مین نے بڑے کمرے کا صدر دروازہ کھولا۔ تو میری نظر اُس قد آدم آئینے پر پڑی جو اُسنے وہان اس غرض سے رکھوا دیا تھا۔ کہ جب کبھی وہ باہر جانے لگے۔ تو اپنے کو سر سے پاؤن تک ایک نظر دیکھ کر مطمئن ہوے کہ اُسکی پوشاک کے انداز اور بناؤ پر حرف گیری ناممکن ہے۔ اُس آئینے کے سامنے مین بالکل دم بخود کھڑا ہوگیا۔ اتنی مرتبہ اُسنے اپنی صورت اس آئینے مین دیکھی تھی۔ کہ مین نے خیال کیا کہ یہ ناممکن ہے کہ اُسکی تصویر آئینے مین اُتر نہ آئی ہو۔ میرے ہاتھ پاؤن مین رعشہ پیدا ہوگیا۔ اور اسے دیوانگی ہی سمجھنا چاہئے۔ لیکن چونکہ واقعہ ہے اسلئے کہتا ہون کہ مین نے آہستہ سے اُس آئینہ کو چھوا لیکن اُسکے خلاف وہ سرد تھا۔ اور میرے مس کو ایک سختی محسوس ہوئی۔ افسوس دل شکن ہیبت ناک۔ اور یاس انگیز آئینہ تجھکو نہین معلوم کہ تونے کیا سلوک میرے ساتھ کیا تیرا بھی دل کوئی دل ہے۔ کاش میرا دل بھی تیرے ہی طرح ہوتا۔ کہ جسمین عکس پڑتا۔ لیکن تصویر تاثیر باقی نہ رہتی۔ کیا خوش نصیب ہو گا وہ آدمی جسکے دلمین آئینے کی سی خاصیت ہو۔ تصویر تو کجا۔ گزری باتون کی یاد بھی باقی نہ رہے۔

مین مکان سے باہر نکلا۔ اور بالکل دیوانہ وار مجذوبیت کے عالم مین اُسکی قبر پر پہونچا۔ مین نے اُسکی قبر دیکھی سنگ مرمر کا ٹکڑا۔ اُسکی قبر پر لگا تھا اور اُسمین یہ الفاظ کھدے تھے "اُسنے محبت کی اُس سے محبت کی گئی۔ وہ

عطر حنا جو اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا بنا ہوا ہے اسکا نسخہ ہی مختلف ہے

مرگئی اُسی پتھر کے نیچے وہ دبی ہوئی ہے۔ اب اُسکی ہڈیون کا بھی پتہ نہ ہوگا"
اس خیال نے میرے دلمین ایک ہیجان پیدا کردیا۔ مین نے اپنا سر جھکا لیا
اور سسکیان بھرنے لگا۔ بڑی دیر تک مین وہان ٹھہرا رہا۔
یہان تک کہ مجھے معلوم ہوا کہ شام ہوگئی۔ میرے دلمین ایک جذبہ ایک وحشت
ناک خواہش پیدا ہوگئی۔ کہ مین ایک رات ایک آخری رات اُسکی قبر پر۔ اپنی محبوبہ
کی قبر پر رو کر گزار دون۔ مجھے معلوم تھا کہ اگر قبرستان کے نگہبان مجھے وہان
دیکھ لینگے۔ تو مین باہر نکال دیا جاؤنگا۔ اب مجھے کیا کرنا چاہئے۔ مین اس
خیال سے پریشان تھا۔ مایوس دل مین مکاری کی ایک فطرت پیدا ہوجاتی ہے
اُسی فطرت کے تابع مین اُٹھا۔ اور شہر خموشان کی سیر کرنے لگا۔ مین گھومتا
پھرتا رہا۔ افسوس اُس شہر کے مقابلہ مین جو زندون کی بستی ہے یہ مُردونکی
بستی کسقدر چھوٹی ہے کیسی بے انصافی کی بات ہے گو کہ زندون کی بہ نسبت
مُردون کی تعداد کتنی زیادہ ہوگی۔ کیسا اندھیر ہے۔ زندون کے لئے زندگی
ہی بھر کیواسطے بڑے بڑے مکانات بھی ہونے چاہئے چوڑی چوڑی سڑکین
بھی ہونی چاہئین۔ اور یہ سارا اہتمام۔ زیادہ سے زیادہ سو برس کیلئے
لیکن مُردون کی اُس لاتعداد کے بعد دیگرے جانیوالے جلوس کیلئے کتنی
چھوٹی جگہ مخصوص کیگئی ہے۔ ایک کھیت بھر جگہ کافی سمجھی گئی۔ زمین اُنکو
اپنے اغوش مین لے لیتی ہے۔ گم نامی کی گہری تاریکی مین وہ سما جاتے ہین
دھنس جاتے ہین۔ غرق ہوجاتے ہین اور پھر کبھی نہین اُبھرتے۔

گورستان کے اُس حصے سے ہٹ کر جو حقیقتاً صرف مین آتا ہے
مین اُس حصے مین بھی گیا۔ جسے زمانے نے نئی قبرون کے لئے تیار کردیا تھا۔
جہان پرانی قبرین۔ مدت مدید گزرنے کیوجہ سے کھل گئین تھین۔ اور کتبے
پڑھے نہ جاتے تھے۔ جہان شاید کل دوسری قبرین کھودی جائینگی۔ کیسا
اندھیر ہے۔ اُن قبرون کے باشندون کے لئے اتنی جگہ بھی محفوظ نہین رہنے
پاتی۔ گلاب کے پھول جابجا لہلہا رہے تھے اور سرو کے درخت اس
عبرتناک منظر کو دم بخود دیکھ رہے تھے۔ تمام باغ مین ایک غموم تازگی
تھی۔ اور کیسے نہ ہوتی جہان آدمی کی خاک پر آدمی کے گوشت کی کھاد پاکر
درخت سرسبز ہوئے ہون۔ وہان کی غموم میت کا کیا کہنا۔ وہان کی تازگی
کا کیا کہنا۔ مین بالکل تنہا تھا۔ اور ایک گھنے درخت کی آڑ مین ایک تنے
سے چمٹا ہوا اسطرح بیٹھا رہا۔ جیسے کوئی کشتی شکستہ ایک لکڑی کے
ٹکڑے کے سہارے موجون کے تھپیڑون سے بچتا ہو۔ اپنی زندگی کے
باقی لمحے زندہ بچ جانیکی اُمید مین کاٹ رہا ہو۔

جب تاریکی بالکل مسلط ہوگئی۔ مین اپنے اُس گوشۂ عافیت سے
نکلا۔ اور آہستہ دبے پاؤن چورون کیطرح اُس خاموش بستی مین پھرنے
لگا۔ ایک ایک قبر پر مین نے ٹھوکرین کھائین لیکن مجھے اپنے محبوبہ کی
قبر ڈھونڈھے نہ ملی۔ ہاتھ پھیلائے ہوئے آنکھین پھاڑ پھاڑ کر مین نے
چارون طرف دیکھا۔ اور چلتا رہا۔ یہان تک کہ میرے ہاتھ پاؤن گھٹنے
سینہ۔ اور سر سب مجروح ہوگئے۔ مردون کے ساتھ مجھے اس بیہودہ گستاخی
کی سزا مل گئی۔ مین نے آخری کوشش یہ شروع کی۔ کہ کتبون پر اُنگلی پھیر کر
نامون کو پڑھنا شروع کیا۔ کیسی رات تھی کیسی بھیانک رات تھی۔ مین نے
اُسکی قبر ڈھونڈھے نہ پائی۔ آفتاب کیا ستارون کی بھی روشنی نہ تھی۔ اب
مجھپر خوف غالب ہوچلا۔ آگے پیچھے داہنے بائین۔ قبرین ہی قبرین تھین
اُس نامحدود بستی مین صرف مین جاگ رہا تھا۔ اور سب سوئے تھے۔ میرے
پاؤن کام نہ دیتے تھے۔ اور انتہائے مایوسی مین مین ایک قبر پر بیٹھ گیا۔
اس سناٹے اور خاموشی مین مجھے اپنے دل کی دھڑکن صاف سنائی دیتی
تھی کچھ دیر مین ایک اور آواز سنائی دی۔ میرے قریب ہی کچھ گڑبڑ معلوم
ہونے لگا۔ مجھے حیرت ہوئی کہ یہ کیا ہے اُس منجمد تاریکی مین میرا پریشان دل

روغن آملہ کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

اور خوف زدہ دماغ طے نہ کر سکتے تھے کہ کیا ہو رہا ہے۔ مین نے اپنے چارون طرف غور سے دیکھنا شروع کیا۔ تاریکی کے اتھاہ سمندر مین مجھے کچھ نظر نہ آتا تھا۔ اب میری یہ حالت تھی۔ کہ کبھی حواس باختہ ہو کر مین چیخنے کا ارادہ کرتا تھا۔ اور کبھی مجھے یہ معلوم ہوتا تھا کہ میرے ہاتھ پاؤن مین موت کی سنسنی پھیل رہی ہے۔ دفعتاً مجھے ایسا معلوم ہوا کہ جس قبر کے سنگ مرمر کے ٹکڑے پر مین بیٹھا تھا۔ اُسمین جنبش پیدا ہوئی۔ ایسا معلوم ہوا کہ کوئی نیچے سے اُٹھ رہا ہے اور پتھر اُبھر رہا ہے۔ بجلی کیطرح تڑپ کر مین قریب کی قبر پر جا بیٹھا اور اپنی آنکھون سے مین نے دیکھا کہ پتھر کا ایک حصہ اُٹھ گیا۔ اور ایک آدمی اُسمین سے برآمد ہوا۔ ہڈیون کا ڈھانچہ تھا۔ لیکن پتھر کو اُسنے اپنی طاقت سے اُٹھا لیا۔ رات بہت اندھیری تھی لیکن قبر کا کتبہ مین نے نہایت صاف پڑھا۔

یہان پر جیک اُولی وان کی قبر ہے۔ اُسنے ۵۱ سال کی عمر مین دنیا کو خیرباد کہا۔ وہ ایک مہربان باپ تھا۔ اور ایک قابل خاوند بے حد انصاف پسند۔ خدا ترس۔ اور اللہ کی رحمتون سے مالا مال" مردہ خود بھی اپنا کتبہ غور سے پڑھ رہا تھا۔ پڑھکر وہ کسیقدر متحیر ہوا۔ اور گلی سے ایک نوکیلا پتھر کا ٹکڑا اُٹھا لایا۔ آہستہ آہستہ اُسنے اُن حروف کو مٹانا شروع کیا۔ یہان تک کہ اُسنے اُسے بالکل صاف کر دیا اب خالی جگہ کو اُسنے اپنے خالی آنکھون سے غور سے دیکھنا شروع کیا۔ اور اپنی انگشت شہادت کی ہڈی سے بجائے اُس کتبہ کے روشن حروف مین اُسنے حسب ذیل کتبہ لکھا۔

" یہان جیک اُولی وان کی قبر ہے۔ ۵۱ سال کی عمر مین اُسنے دم توڑا۔ اسکا شدید اور نامہربان برتاؤ اُسکے باپ کی قبل از وقت موت کا باعث ہوا۔ یہ برتاؤ اسلئے تھا کہ وہ اسکی جائداد کا وارث بننا چاہتا تھا۔ اپنے بیوی بچون کے ساتھ اُسکا سلوک جابرانہ تھا اپنے پڑوسیون کو اُسنے ہمیشہ دھوکا دیا جب کبھی ممکن ہوا۔ اُسنے دوسرون کا مال اُڑا لیا۔ اور ایک بے ایمان۔ بدمعاش کی موت مرا"

جب وہ اپنا کتبہ لکھ چکا۔ تب دیر تک وہ اُسکو بغور دیکھتا رہا۔ اب مین نے ایک حیرت کی نگاہ چارون طرف ڈالی۔ میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ جب مین نے یہ دیکھا کہ سب قبرین کھلی ہوئی ہین اور ہر قبر سے مردے نکل کر اپنے رشتہ دارون کے لکھوائے ہوئے کتبون کو اسیطرح مٹا مٹا کر حقیقت سے بدل رہا ہے۔ مین نے یہ دیکھا کہ اُن مین سے ہر ایک نے جو دفن تھے اپنے خاندان والون کے ساتھ بدسلوکی کی تھی۔ جانور بھی ایسے بدسلوکیان نہین کر سکتے۔ مکار۔ بے شرم خودغرض جھوٹے بدمعاش چغلخور حاسد۔ دغاباز۔ بے ایمانون کی جماعت تھی اُنھون نے چوریان کی تھین۔ دغابازیون کے مرتکب ہوئے تھے۔ اور دنیا کا کوئی جرم ایسا نہ ہوگا جسکے دو صحیح طور پر ملزم نہ قرار دیے جا سکتے ہون یہ لوگ جنکی بابت لکھا تھا کہ بچون کو پیار کرنے والے باپ محبت کرنیوالے خاوند۔ اور ماں باپ کی عزت کرنیوالے بچے تھے باعصمت لڑکیان بے لوث کام کرنیوالے ایماندار تاجر۔ بے عیب خلیق اور شریف مردون اور عورتون کی یہ حقیقت تھی جو اوپر بیان کی گئی لیکن اب یہ پوری جماعت بالارادہ اپنی سکونت دوام کے آستانہ پر یہ حقیقت یہ خوفناک دلشکن اور صاف حقیقت لکھ رہے تھے جس سے دنیا والون نے دیدہ و دانستہ چشم پوشی کی تھی۔ اب میرے ذہن مین یہ خیال گزرا کہ دیکھون میری محبوبہ نے اپنی قبر کے کتبہ مین کیا تبدیلی کی میرا خوف رخصت ہو چکا تھا۔ اور مین اُن کھلی ہوئی قبرون۔ اِن برہنہ ہڈی کے ڈھانچون سے ٹکراتا ہوا کودتا۔ پھاندتا اسکی قبر کی طرف دوڑا۔ مجھے یقین تھا۔ کہ آج میری اور اُسکی ملاقات ہو جائیگی مین نے دیکھا کہ وہ اپنا منہ چھپائے ہوئے ہے لیکن اُسکے انداز قد سے مین نے دور ہی سے اُسکو پہچان لیا۔ تھوڑی دیر پہلے اُسکی قبر پر مین نے جو کتبہ پڑھا تھا وہ یہ تھا۔ اُسنے محبت کی اُس سے محبت کی گئی۔ اور اُسنے دنیا کو خیرباد کہا" اب جو کتبہ میری نظر کے سامنے تھا وہ یہ تھا۔ ایک روز وہ اپنے عاشق کو دھوکا دیکر اور دھوکا دینے کے لئے باہر گئی ہوئی تھی کہ اُسکو زکام ہو گیا۔ بھیگ کر سردی کھا گئی اور اسطرح اُس بیوفا کی موت ہوئی" اُنھون نے مجھے بتایا کہ دوسرے دن صبح کو قبر مین ایک قبر کے پاس بیہوش پایا گیا۔

ترجمہ از ـــ موپسان ـــ

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا ٹیلیفون نمبر ۱۳۹ ہے

تین بجلیاں

(از جناب مولانا احسن سہیلی صاحب معاونِ مدیر رسالۂ زمانہ کانپور)

مسٹر گھوشال بنگال کے ایک باکمال مصور تھے۔ اُن کے والد ایک معزز خاندان کے رکن تھے لیکن حسنِ مغرب کی بے حجابیوں اور عشق مجبور کی شورشوں نے انھیں خدا کے بیٹے جناب مسیح کے سایۂ عاطفت میں پہونچا دیا تھا، چونکہ مسٹر گھوشال کی ہستی اسی معرکۂ ناز و نیاز کی یادگار تھی اس لئے انھیں شاعری اور مصوری کے علاوہ حسن پرستی بھی ورثہ میں ملی تھی جس کے بغیر فنونِ لطیفہ کی تکمیل ناممکن ہے، اُن کی رگوں میں ایسا خون گردش کر رہا تھا جس میں ایشیا اور یورپ کی تمام لطیف خصوصیات موجود تھیں اور اس نسبت سے اُن کی مصوری بھی مغربی و مشرقی لطافتوں کی ایک مجموعۂ مشترک تھی۔

وہ ایک غائر نظر سے دیکھ لینے کے بعد کسی شخص یا کسی منظر کی پوری تصویر کھینچ دیا کرتے تھے درانحالیکہ تصویر کھینچتے وقت وہ اپنے نگار خانے میں بالکل تنہا ہوتے اور کوئی ایسی چیز اُن کے سامنے نہ ہوتی جسکو دیکھکر مصوری میں انھیں کچھ مدد ملے۔ فطرتاً اُن کے دماغ کی مسافت ایسی تھی کہ وہ جس چیز کو غور سے دیکھ لیتے اُس کی تصویر اُن کے دماغ میں اُتر آتی اور تنہائی میں اُسی تصویر کو وہ کرچ کے تختے پر نمایاں کر دیتے تھے۔

مسٹر گھوشال کی بنائی ہوئی تصویریں ملک کے تمام اخبار و رسائل میں نہایت اہتمام سے شائع ہوتی تھیں اور دیکھنے والے ان تصویروں کو نہایت دلچسپی سے دیکھتے تھے۔ ان کی تصویروں کی ایک نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ ظاہری خط و خال باطنی جذبات کا آئینہ ہوتے تھے۔ یہی خصوصیت تھی جسکی بدولت مسٹر گھوشال کو زبانِ تحسین و ستائش کے علاوہ تصویروں کا معاوضہ ہمعصر مصوروں سے زیادہ ملتا تھا، بعض صورتوں میں اُن کی تصویریں اُن چھپے ہوئے جذبات کو بھی نمایاں کر دیا کرتی تھیں جن کو شاعری کی مرصع بندشیں بھی بخوبی ادا کرنے سے قاصر ہیں۔

مسٹر گھوشال کا نگار خانہ شہر سے باہر ایک پر فضا مقام پر واقع تھا۔ شہر کے اکثر نفیس مزاج حضرات شام کے وقت وہاں تفریح کے لئے جایا کرتے تھے۔ نگار خانے سے متعلق ایک باغ تھا جس میں ایشیا اور یورپ کے بہترین پھولوں کے پودے لگائے گئے تھے جن کے کھلنے کا موسم مختلف تھا، یہی سبب تھا کہ کوئی موسم ہو مگر وہاں بہار کا سماں رہتا تھا۔ نگار خانے کے اندر مصوری کے بہترین نمونے دیواروں پر آویزاں تھے۔ اس کا ایک کمرہ مخصوص تھا جس میں مسٹر گھوشال بیٹھکر تصویر بنایا کرتے تھے۔ اس کمرے سے ملحق چند ایسے کمرے تھے جن میں وہ امیدوار کام کرتے تھے جو دور دور سے مصوری سیکھنے کے لئے آئے تھے ان نو آموز مصوروں کے لئے نگار خانے سے قریب ایک دار الاقامہ تھا جس میں قیام و طعام کا معقول انتظام تھا۔

مسٹر گھوشال ان نو آموز مصوروں کی بنائی ہوئی تصویروں پر اصلاح کرتے اور انھیں مصوری کے نکات بتایا کرتے تھے لیکن

بہترین عطر ملنے کا پتہ - اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ

امیدواروں کا داخلہ زرا مشکل سے ہوتا تھا - داخلے سے پہلے مسٹر گھوشال ہر امیدوار کے چہرے پر ایک گہری نظر ڈال کر اس بات کا اندازہ کر لیا کرتے کہ اس میں تصویر کشی کی کتنی صلاحیت موجود ہے - پہلے وہ امیدوار کو نگار خانے کے اندر لیجا کر مختلف تصویریں دکھاتے تھے اور امیدوار کی صورت کو کبھی کبھی دزدیدہ نظر سے دیکھتے رہتے تھے - سب سے آخر میں وہ اس قسم کی تصویریں دکھاتے جو حسن انسان کو مختلف صورتوں میں جلوہ گر کرتی ہیں - اس کے بعد وہ اپنے خاص کمرے میں آکر یہ فیصلہ کرتے کہ یہ شخص تصویر کشی کی کتنی اہلیت رکھتا ہے اور اسی فیصلہ پر امیدوار کی تناؤن کا فیصلہ منحصر تھا -

ان کا فیصلہ بعض وقت عجیب و غریب ہوتا تھا - کبھی وہ ایسے شخص کو اپنے نگار خانے کے لئے منتخب کر لیتے تھے جو ایک معمولی سی تصویر بنانے میں بھی قاصر ہوتا اور کبھی ایسے امیدوار کو صاف جواب دیدیتے جو بظاہر اچھی اچھی تصویریں بنا لیا کرتے تھے، بہر حال مسٹر گھوشال کا نظریہ اس معاملے میں حیرت انگیز تھا - کیونکہ یہ معلوم نہ تھا کہ وہ امیدوار کے بشرے سے کیا اندازہ کرتے ہیں اور ان کے انکار میں کیا راز مضمر ہے

ایک مرتبہ ایک مسلمان نوجوان ان کے پاس مصوری سیکھنے کیلئے آیا - اسکا نام یوسف تھا، یوسف فطرتاً ایسا خاموش اور سنجیدہ مزاج تھا کہ بظاہر اس کی طبیعت فنون لطیفہ سے بیگانہ معلوم ہوتی تھی وہ اچھے شعر سنتا، اچھی تصویر دیکھتا لیکن کیا ممکن کہ اس کے چہرے سے کسی خاص اثر کا اندازہ ہو سکے، دریا کے کنارے وہ پہروں بت بنا ہوا بیٹھا رہتا، اس کے ساتھی دریا کی موجوں سے کھیلتے - پانی کے چھینٹے اڑاتے لیکن وہ چپ چاپ متانت سے دو غوطے لگا کر کنارے پر آجاتا اور وہیں سے دوستوں کی ستم ظریفیوں کے تماشے دیکھا کرتا، وہ حسن کا نظارہ کرتا لیکن مسحور نہ ہوتا وہ موسیقی کے سحر طراز نغمے سنتا لیکن بظاہر کچھ اثر نہ لیتا، کہنے والے کہتے، میاں یوسف تم آدمی نہیں ہو پتھر ہو" لیکن وہ مسکرا کے چپ ہو رہتا -

یوسف جب مسٹر گھوشال کے سامنے آیا تو انھوں نے سر سے پاؤں تک اسے دیکھا، اس کی ظاہری متانت و پراسرار سنجیدگی پر غور کیا، اور بالآخر نگار خانے میں لیگئے - مختلف تصویریں دکھائیں - حسن و عشق کے پر لطف نظارے اور راز و نیاز کے دلکش مرقعے پیش کئے لیکن یوسف کے بشرے سے وہی سنجیدگی وہی متانت ٹپکتی رہی، مسٹر گھوشال بار بار اسکی آنکھوں کی طرف دیکھتے رہے، گویا وہ اس محشر خاموش کا اندازہ کر رہے تھے، جو اس کے سینے میں سکون و جمود کی حالت میں دبا ہوا پڑا تھا،

جب امتحان داخلہ کے سارے مدارج طے ہو گئے - تو مسٹر گھوشال یوسف کو لئے ہوئے اپنے کمرے میں آئے اور اس سے مخاطب ہو کر کہنے لگے یوسف میں تمھاری متانت کی قدر کرتا ہوں، تمھاری سنجیدہ فطرت قابل تعظیم ہے، اچھا بتاؤ تم کیا چاہتے ہو -

یوسف نے سنجیدگی سے جواب دیا، یہی کہ جیسے آپ ہیں میں بھی ویسا بن جاؤں، اسوقت یوسف کی آنکھیں خلاف معمول چمک رہی تھیں اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شوق کی دبی ہوئی آگ دفعتاً بھڑک اٹھی ہے، تاہم اس کا چہرہ متانت و سنجیدگی کا مرقع بنا ہوا تھا،

مسٹر گھوشال کا بنگلہ نگار خانے سے کچھ فاصلے پر تھا - وہ صبح کے وقت ضروریات سے فارغ ہو کر اپنے نگار خانے میں آتے پہلے کچھ دیر تک روشوں پر ٹہلتے - پھولوں کی سیر کرتے اس کے بعد

کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے بہترین عطر طلب فرمائیے

دار الاقامۃ کے ضروری انتظامات کے متعلق منیجر سے گفتگو کرتے - پھر اپنے کمرے میں آکر بیٹھ جاتے اور کچھ دیر تک باہر سے آئے ہوئے خطوط کو پڑھکر دریافت طلب امور کے جواب لکھا کرتے تھے - اُسوقت سوائے ایلین کے ان کے پاس کوئی اور نہ ہوتا تھا، ایلین مسٹر گھوشال کی نازپروردہ لڑکی تھی، اُسکا اصلی نام شانتی تھا - مگر مغربی تقلید اور محبت کے جوش میں وہ اُس کو پیار سے ایلین کہا کرتے تھے فطرت نے ایلین کے سراپا میں تمام شاعرانہ خوبیاں ودیعت کر رکھی تھیں وہ خاموشی کی حالت میں گلاب کی ایک ناشگفتہ کلی کی طرح خوبصورت نظر آتی تھی لیکن جب گفتگو کرتی یا ہنستی تو ایسا معلوم ہوتا کہ اس کے نازک ہونٹوں سے گلاب کے سیکڑوں پھول برس رہے ہیں - اُس کی آنکھوں کا حسن تشبیہات سے بے نیاز تھا، نرگس شہلا میں حسن ہے مگر وہ مستی کہاں، جام شراب میں مستی ہے مگر وہ روح پرور شوخیاں کہاں کبھی اُس کی آنکھیں متوالوں کی طرح بیباک و شوخ نظر آتیں - اور کبھی لجالو کی کی طرح آہستہ آہستہ شرم و حجاب کا مرقع بنجاتیں غرض ایلین نہایت ہی خوبصورت لڑکی تھی، مسٹر گھوشال اُس سے بہت محبت کرتے تھے اس کو اپنے ساتھ نگار خانے میں لاتے اور اپنے سامنے بٹھاکر مصوری سکھاتے تھے، صبح کے وقت جب مسٹر گھوشال خطوط کے جواب لکھنے میں مصروف ہوتے اُسوقت ایلین بالکل آزاد ہوتی، کبھی وہ مسٹر گھوشال کے کمرے میں بیٹھکر اپنی بنائی ہوئی تصویروں پر غور کرتی رہتی، اور کبھی نگار خانے کے دوسرے کمروں کی سیر میں مصروف ہوتی اور کبھی کبھی آزاد ہرنی کی طرح باغ کی روشوں پر جاکر پھولوں سے کھیلا کرتی تھی -

مسٹر گھوشال خطوط کے جواب سے فارغ ہوکر شاگردوں کے کمرے میں آتے ہر شاگرد کی بنائی تصویر کو دیکھکر پنسل سے اصلاحی نشانات بنادیتے اور نئی تصویروں کے متعلق ضروری ہدایتیں کرتے تھے اُسوقت ایلین اِن کے ساتھ ساتھ رہتی اور اِن تمام باتوں کو سُنا کرتی تھی جو مسٹر گھوشال دوسرے شاگردوں کو بتایا کرتے تھے -

سب سے آخر میں مسٹر گھوشال یوسف کے پاس جاتے تھے، اُس کی متانت آمیز مصروفیت کو دیکھکر بہت خوش ہوتے تھے وہ یوسف کے متین چہرے کو بغور دیکھتے اور پھر اسکی بنائی ہوئی تصویروں کے متعلق ضروری ہدایتیں کرکے اپنے کمرے میں چلے آتے تھے، اب ایلین کی باری ہوتی اور ایلین اپنی بنائی ہوئی تصویر پیش کرتی -

ایک دن مسٹر گھوشال نے ایلین سے کہا "اب تمھاری تصویروں میں باطنی جذبات کی جھلک نظر آنے لگی ہے - اگر تم نے زیادہ غور و فکر سے کام لیا تو منزل پر پہونچنا دشوار نہیں - یوسف کو دیکھو وہ ایک خاموش فطرت کا انسان ہے لیکن یہ صرف میں جانتا ہوں کہ اُس کا دل شاعرانہ جذبات کا سمندر ہے جس میں مصوری کی موجیں اٹھتی رہتی ہیں - اس کے چہرے سے اس کے خیالات و جذبات کا اندازہ ممکن نہیں اسکی بنائی ہوئی تصویروں کو دیکھو اور غور کرو کہ وہ انسانی چہرے کی ساخت میں دل کے چھپے ہوئے جذبات کی رعایت کسقدر ملحوظ رکھتا ہے - یاد رکھو کہ ایک کامیاب مصور اور شاعر کے لئے جذبات کی ترجمانی اور عکاسی بہت بڑی چیز ہے، صرف چند خوشنما لکیریں کھینچنے سے نہ کوئی مصور ہوسکتا ہے اور نہ چند الفاظ جوڑ دینے سے کوئی شخص حقیقی شاعر بن سکتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ یہ دونوں مرتبے فطرت ہی کی طرف سے عطا ہوتے ہیں - یوسف کو دیکھو کیا ایسا خاموش شخص ایسا ہنگامہ آفرین ہوسکتا ہے؟ کیا ایک

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا ہر موسم میں استعمال ہوتا ہے

فرشتہ انسانیت کے اعلیٰ مدارج حاصل کرسکتا ہے۔ ظاہر بین حضرات فرشتہ کو انسان سے بہتر سمجھتے ہیں لیکن یہ ایک کھلا ہوا دھوکا ہے انسان کا دل جذبات و احساسات کا مجموعہ ہے لیکن فرشتہ اُسکی سطح سے بھی آشنا نہیں، یوسف بظاہر ایک فرشتہ ہے اُس کے ہمنشین اسے سادہ دل سمجھتے ہوں گے۔ مگر اُسکی فطرت ایک اتھاہ ساگر کی طرح، پرسکون و خاموش ہے، تالاب کی طرح ساگر میں موجیں نہیں اُٹھتیں بلکہ وہ گہرائی میں چھپی رہتی ہیں تاہم دیکھنے والی نگاہیں اُن چھپی ہوئی موجوں کو دیکھ لیتی ہیں لیکن جس طرح چاند کی کشش سے پرسکون سمندر کی سطح مد و جزر کا کھلونا بن جاتی ہے اُسی طرح ممکن ہے کہ جب کوئی خاص چیز اُسے اپنی طرف کھینچے تو اُس قلزم خاموش میں بھی تلاطم کے آثار پیدا ہوجائیں یوسف ابھی چند مہینے سے کام سیکھتا ہے مگر اسی مختصر مدت میں اُسکی تصویریں جذبات کی عکاسی کرنے لگی ہیں۔ ایلین کیا تمنے اس کی بنائی ہوئی تصویروں پر کبھی غور کیا ہے؟"

ایلین تصویر بنی ہوئی اس تقریر کو سنتی رہی۔ اس کے بعد مسٹر گھوشال اس تصویر کی طرف متوجہ ہوگئے جس کو وہ مکمل کرنا چاہتے تھے۔

برسات کا موسم تھا۔ کالے کالے بادل آسمان پر چھائے ہوئے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ فضا میں قدرت نے سرمئی رنگ کے گدّے بچھا دئے ہیں، مسٹر گھوشال حسب معمول اپنے کمرے میں بیٹھے ہوئے خطوط کا جواب لکھ رہے تھے۔ ایلین نگار خانہ کے سامنے باغ میں ٹہل رہی تھی اس کے ہاتھ میں گلاب کا ایک پھول تھا۔ دفعتہً بوندیں پڑنے لگیں۔ ایلین نگار خانے کے سائبان میں آکر پانی برسنے کا تماشہ دیکھنے لگی۔ رفتہ رفتہ بارش کے ساتھ بادل کی گرج اور بجلی کی چمک بھی شریک ہوگئی اور یہ خوشنما منظر کسی قدر ہیبتناک ہوگیا۔ یکایک بڑے زور سے بجلی چمکی ایلین کی آنکھیں جھپک گئیں۔ خوفناک گرج کی آواز سے پاؤں لڑکھڑا گئے۔ گلاب کا پھول ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑا اور جسم کی بے اختیار جنبش کی وجہ سے ریشمی ساری کا آنچل سر سے نیچے سرک آیا۔ یوسف کسی ضرورت سے اپنے کمرے سے نکل کر سائبان میں آیا تھا اُس نے یہ کیفیت دیکھی اور جب تک ایلین سنبھلے سنبھلے اُسنے زمین سے گلاب کا پھول اُٹھا کر ایلین کے ہاتھ میں دیدیا ایلین ایک ہاتھ سے سر سے ڈھلا ہوا آنچل درست کر رہی تھی۔ لیکن اس کی نگاہیں شرمندگی کے انداز میں یوسف کا شکریہ ادا کر رہی تھیں۔ اُس کی زبان سے بیساختہ نکلا، دیکھو یوسف بجلی کس زور سے چمکتی ہے۔ یوسف چپ چاپ سر جھکائے ہوئے اپنی جگہ پر آکر بیٹھ گیا۔ ایلین ان پنکھڑیوں کو دیکھنے لگی جو گلاب کے پھول سے ٹوٹ کر زمین پر رہ گئی تھیں۔

اس واقعے کے چند روز بعد ایک روز ایلین یوسف کے پاس آکر کھڑی ہوگئی، یوسف ایک تصویر بنانے میں مشغول تھا اُس کے قریب ہی ایک دوسری تصویر رکھی تھی، یہ تصویر گزشتہ واقعہ سے متعلق تھی۔ فضا میں کالے بادل نظر آتے تھے جن میں بجلی کی ایک سنہری زنجیر مل کھائی ہوئی دکھائی دیتی تھی۔ سامنے باغ کی کیاریوں میں پھول کھلے ہوئے تھے۔ جن کی پنکھڑیوں پر پانی کے قطروں کے نشانات موجود تھے، سائبان میں ایلین کھڑی سر سے ڈھلا ہوا

کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے بہترین عطر طلب فرمائیے

آنچل درست کر رہی تھی۔ اُس کے سامنے زمین پر گلاب کی چند پنکھڑیاں بکھری پڑی تھیں۔ ایلن کے ہونٹوں پر تبسم اور آنکھوں میں شرمندگی کی جھلک نظر آتی تھی۔

ایلن نے تصویر اُٹھا کر معصومانہ انداز میں کہا، یوسف یہ تصویر مجھے دے دو۔

یوسف نے اپنی فطری متانت کے لہجے میں جواب دیا۔ لے جایئے میں نے آپ ہی کے لئے بنائی تھی۔ ایلن تصویر لیکر چلی گئی۔ اور یوسف اپنے کام میں مشغول ہو گیا۔

ایلن تصویر لئے ہوئے مسٹر گھوشال کے کمرے میں پہونچی اور کرسی پر بیٹھکر اُسے غور سے دیکھنے لگی۔

اُس کو بجلی کا چمکنا، اپنے پاؤں کا لڑکھڑانا اور گلاب کے پھول کا ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گرنا بخوبی یاد تھا۔ وہ گویا اسوقت بھی تصور میں دیکھ رہی تھی کہ یوسف گلاب کا پھول دے رہا ہے اور وہ آنچل سنبھالتے ہوئی کہتی ہے، یوسف دیکھو کتنے زور سے بجلی چمکی ہے۔

یوسف کی شکل اُس کے سامنے تھی، لیکن اپنی تصویر دیکھکر اب اس کو اندازہ ہو رہا تھا کہ اُسکی صورت اسوقت گھبراہٹ میں کیسی بن گئی تھی، وہ کبھی دل ہی دل میں شرماتی اور کبھی خود بخود مسکرانے لگتی تھی۔

مسٹر گھوشال نے خطوط سے فرصت پائی تو سر اوپر اُٹھا کر ایلن کی طرف دیکھا، اور اُس کی محویت دیکھکر بولے آیلن کیا دیکھ رہی ہو

آیلن نے کہا کچھ نہیں یوسف کی بنائی ہوئی ایک تصویر ہے۔

مسٹر گھوشال نے ہاتھ بڑھا کر کہا، لاؤ میں بھی دیکھوں۔

ایلن نے تصویر دیدی، مسٹر گھوشال تصویر کو دیکھنے لگے، اُنھیں ایلن کے چہرے پر پشیمانی۔ شوق محبت، کے جذبات صاف صاف نظر آرہے تھے، لیکن اس کا سبب سمجھ میں نہ آتا تھا، بظاہر تصویر مکمل تھی، لیکن وہ جس پہلو سے غور کرتے ایلن کی موجودہ کیفیت کی کوئی وجہ سمجھ میں نہ آتی، زمین پر پڑی ہوئی گلاب کی پنکھڑیوں کا وجود بھی ایک معمہ تھا جس کا حل کرنا مسٹر گھوشال کے لئے دشوار ہو گیا۔ آخر اُنھوں نے اعتراف عجز کی طور پر ایک لمبی سانس لیکر کہا "ایلن یہ تصویر نامکمل ہے"

رفتہ رفتہ برسات کا آخری زمانہ آگیا۔ موسم میں تغیر کے آثار نمایاں ہو گئے۔

ایک روز کالے کالے بادل فضا میں چکر لگا رہے تھے، اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سیکڑوں مست ہاتھی جنگل میں بھاگتے پھرتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا کے جھونکے سردی کا پیغام سناتے پھرتے تھے۔ ۸ بجے رات کا وقت تھا، یوسف اپنی چارپائی پر بیٹھا ہوا کچھ سوچ رہا تھا، سوچتے سوچتے دفعتاً اُس نے کسی انتشار سے متاثر ہو کر حبیب کو آواز دی، حبیب بھی نگار خانہ کا ایک نو آموز مصور تھا نگار خانے میں یوسف اور حبیب قریب قریب بیٹھتے تھے، اور بورڈنگ ہاؤس میں بھی دونوں کا کمرہ مشترک تھا۔

یوسف کی آواز سنکر حبیب اُس کے پاس آگیا، یوسف نے اُسے اپنا تمام سامان سپرد کیا، ٹرنک کے اندر جو کچھ تھا اُس کی زبانی فہرست سنائی، اور کہنے لگا، بھائی آج میں تم سے رخصت ہوتا ہوں، اور تمھیں سے کیا، اپنے تمام اعزا اور احباب سے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا کارخانہ ایک سو برس جاری ہے

کوئی کشش مجھے اپنی طرف کھینچ رہی ہے، مجھے معلوم نہیں کہ میں کہاں جاؤں گا اور اس سفر کا نتیجہ کیا ہوگا۔

حبیب یہ سب کچھ تعجب سے سنتا رہا اُس نے یوسف کے منہ سے کبھی اس قسم کی باتیں نہ سنی تھیں، گھبرا کر بول اُٹھا یوسف یہ کیا کہتے ہو؟

یوسف نے کہا، حبیب تعجب نہ کرو، میرے دل میں اسوقت عجیب وغریب طوفان برپا ہے، مجھے معلوم نہیں کہ اس طوفان کا سبب کیا ہے لیکن میں تمکو یقین دلاتا ہوں کہ میرے ہوش و حواس درست ہیں اور میں جو کچھ کہتا ہوں جان بوجھ کر کہتا ہوں اچھا لو خدا حافظ، مجھے کوئی کھینچے لئے جاتا ہے۔

حبیب ایک سناٹے کے عالم میں تصویر بنا کھڑا رہا، اور یوسف کمرے سے نکل کر باہر چلا گیا۔

رات اندھیری تھی ننھی ننھی بوندیں پڑ رہی تھیں، حبیب اور اُس کے دوستوں نے لالٹین کی روشنی میں آس پاس بہت کچھ تلاش کیا۔ لیکن یوسف کا کچھ پتہ نہ ملا۔ آخر مسٹر گھوشال کو یوسف کی آشفتہ مزاجی اور گم گشتگی کی اطلاع دیکر سب اپنے اپنے کمروں میں آکر سو رہے،

ساری رات ننھی ننھی پھوار پڑتی رہی۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے سردی چمک گئی تھی۔ ہوتے ہوتے بارش ذرا تیز ہوتی گئی اور ہوا میں بھی تیزی آگئی۔

مسٹر گھوشال اپنے بنگلے کے برآمدے میں ایک آرام کرسی پر بیٹھے ہوئے کچھ سوچ رہے تھے۔ اُن کے چہرے سے انتشار و تفکر کے آثار ہویدا تھے، کچھ سوچتے سوچتے وہ کرسی سے اُٹھے اور چپراسی کو آواز دی۔ چپراسی جی حضور کہتا ہوا سامنے آیا مسٹر گھوشال نے کہا، گاڑی لیکر جاؤ اور ڈاکٹر چودھری کو بلا لاؤ، بوندیں ذرا ہلکی ہوگئی تھیں، مسٹر گھوشال کے بنگلے کے سامنے والی سڑک پر موٹر اور گاڑیوں کی آمد و رفت شروع ہو چکی تھی دفعتہً سامنے سے ایک موٹر نکلا، مسٹر گھوشال کی نظر خود بخود ادھر اُٹھ گئی، سڑک کے کنارے ایک نیم کا درخت تھا، اس کے نیچے ایک شخص بیٹھا ہوا تھا نظر آیا موٹر نکل گیا۔ لیکن مسٹر گھوشال کی نگاہیں اُس شخص پر جم گئیں۔

یہ یوسف تھا، مسٹر گھوشال کو بھی یوسف کا شبہ ہوا نوکر کو بھیجکر اپنے شبہ کی تصدیق کی، جب حقیقت حال کا پتہ نہ چلا تو خود اُٹھکر گئے اور یقین آگیا کہ دراصل یہ یوسف ہی ہے۔ یوسف نے اُٹھکر مسٹر گھوشال کو اسی فطری متانت کے سلام کیا۔

مسٹر گھوشال نے ہمدردانہ لہجہ میں کہا، یوسف یہ کیا حالت ہے

یوسف نے کہا اچھا ہوں فرق صرف یہ ہے کہ پہلے میں اپنے قابو میں تھا اب دل کے قبضے میں ہوں۔

مسٹر گھوشال نے پھر پوچھا، رات کے وقت تم بورڈنگ سے کیوں چلے آئے، اور اب یہاں کیوں بیٹھے ہو۔

یوسف نے جواب دیا، معلوم نہیں کون مجھے کھینچ کر یہاں لایا ہے، میں بورڈنگ سے نکلنے پر مجبور تھا۔ نہ میرا دل میرے قابو میں تھا نہ میرے قدم، یہاں آکر قدم خود بخود رک گئے، دل نے کہا یہیں بیٹھ، چنانچہ بیٹھا ہوں اور خدا جانے کب تک بیٹھا رہوں گا۔

مسٹر گھوشال کا دماغ اسوقت کچھ پریشان تھا، یوسف کے حالات پر کچھ زیادہ غور نہ کرسکے۔ بورڈنگ والوں کو اطلاع

اصغر علی، محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا ہر موسم میں استعمال ہوتا ہے

دیدی کہ یوسف میرے بنگلہ کے سامنے ایک درخت کے نیچے بیٹھا ہے۔ شائد اس کے دماغ میں کچھ فتور آگیا ہے میں ایلن کی بیماری کی وجہ سے بہت پریشان ہوں اس وقت اس معاملہ میں کچھ زیادہ غور نہیں کرسکتا، یوسف کے متعلق مناسب انتظام کرو۔

اس متوحش خبر کو سنکر، حبیب اور بورڈنگ کے بعض اور طلبا آئے، یوسف کو سمجھایا، بجھایا، ڈرایا دھمکایا، منت سماجت کی لیکن وہ کسی طرح یہاں سے جانے پر رضامند نہ ہوا، بظاہر یوسف کا دماغ صحیح تھا مگر اُس کی ہٹ نے سب لوگوں کو مجبوراً اس خیال پر متفق کردیا کہ یوسف کا دماغ ضرور خراب ہوگیا ہے۔ بورڈنگ والوں نے یوسف کے لیجانے کی آخری کوشش یہ کی کہ ایک پولیس کے سپاہی کو بلالائے لیکن اس کوشش میں بھی انھیں کامیابی نہ ہوئی اور یوسف جہاں بیٹھا تھا وہیں بیٹھا رہا۔ انجام کار سب کے سب یوسف کو تقدیر کے سپرد کرکے واپس چلے گئے۔

مسٹر گھوشال کے بنگلہ پر ڈاکٹروں کا تانتا بندھا ہوا تھا ایلن طاعون میں مبتلا تھی اُس کی حالت لحظہ بہ لحظہ خراب ہو رہی تھی۔ چہرہ بخار سے تمتما رہا تھا، وہ آنکھیں جو اپنی بیباک نگاہی سے بجلیاں گرایا کرتی تھیں بخار کی غفلت میں بند تھیں۔ مسٹر گھوشال حسرت سے ایلن کی صورت دیکھ رہے تھے۔

دن بھر آسمان پر ابر محیط رہا۔ وقتاً فوقتاً ترشح بھی ہوتا رہا۔ شام کے وقت ایلن نے آنکھیں کھولیں، بخار میں بھی کچھ کمی ہوگئی، لیکن یہ کیفیت دیر تک قائم نہ رہی، ایک گھنٹے کے بعد پھر بخار تیز ہوگیا، اور غفلت میں ہذیانی کیفیت شروع ہوگئی۔ بارش بھی اس وقت تیز ہوگئی تھی، ٹھنڈی ہوا کے جھونکے دنیا کو کرۂ زمہریر بنانے میں مصروف تھے۔

ایلن نے کروٹ بدلی اور غفلت میں کچھ ادھورے بول اس کی زبان پر جاری ہوگئے۔ مسٹر گھوشال، اس جانگسل سین کو اضطراب و اضطرار کے ساتھ دیکھ رہے تھے، ایلن نے زرا صاف لہجہ میں کہا، یوسف میں نے تمھاری تصویر مکمل کردی، اتنا کہکر پھر اسپر بے حسی و غفلت طاری ہوگئی مسٹر گھوشال نے یہ فقرہ سنا، لیکن دماغ کی پریشانی کی وجہ سے اس پر کچھ غور نہ کرسکے۔ ایلن پر دیر تک بےچینی کا عالم طاری رہا۔ مسٹر گھوشال مضطربانہ انداز سے کمرے میں ٹہلنے لگے اور کمرے کی ہر چیز کو حسرت سے دیکھنے لگے، دیوار پر ایلن کی بنائی ہوئی تصویریں آویزاں تھیں جس میز پر ایلن کے مطالعہ کی کتابیں رکھی تھیں اُس کے سامنے دیوار پر ایک تصویر ممتاز طریقہ سے آویزاں نظر آئی، مسٹر گھوشال اسے غور سے دیکھنے لگے۔ یہ وہی یوسف کی بنائی ہوئی تصویر تھی لیکن اب اس میں کچھ اور اضافہ ہوگیا تھا، پہلے صرف ایلن کے سامنے زمین پر گلاب کے پھول کی چند پنکھڑیاں پڑی ہوئی تھیں۔ اب ایلن کے سامنے یوسف کھڑا تھا اُسکے ہاتھ میں گلاب کا پھول تھا جسکو وہ ایک والہانہ انداز سے ایلن کو دینا چاہتا تھا۔ تصویر دیکھکر مسٹر گھوشال خود بخود بول اُٹھے۔ آج اس راز کا انکشاف ہوگیا، جو پہلے نامکمل تصویر کے پردے میں پوشیدہ تھا۔ وہ کچھ دیر تک تصویر کو دیکھتے رہے۔ اس کے بعد کچھ سوچکر کمرے سے باہر نکلے، اپنے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا ٹیلیفون نمبر ۱۳۹ ہے

کمرے میں آکر کھونٹی پر سے برساتی اتاری لالٹین ہاتھ میں لی اور بنگلہ کے برآمدے میں آگئے۔ بارش ہو رہی تھی کبھی کبھی بجلی بھی چمک جاتی تھی، سامنے نیم کے درخت کے نیچے یوسف بیٹھا ہوا بھیگ رہا تھا۔

مسٹر گھوشال نے نوکر سے چھتری منگائی اور برساتی لئے ہوئے یوسف کے پاس آئے۔ یوسف بدستور اپنے خیالات مستغرق تھا، مسٹر گھوشال نے کہا۔

یوسف کیوں اپنی جان کے دشمن ہوئے ہو۔ برسوں رات سے پانی لگاتار تمھارے سر پر برس رہا ہے۔ میں اپنی پریشانیوں میں مبتلا ہوں۔ خدا جانے تمھیں کسی نے کھانے کو بھی پوچھا یا نہیں۔

یوسف نے اپنی فطری متانت سے جواب دیا میں اسی حال میں خوش ہوں یہ گھڑیاں میری زندگی کا حاصل ہیں،

مسٹر گھوشال نے کہا خیر اگر تمھیں یہی منظور ہے تو لو یہ برساتی اوڑھ کر بیٹھو پانی میں بھیگنے سے کیا فائدہ یہ کہکر یوسف کو برساتی اوڑھا دی۔ لیکن یوسف نے برساتی اُتار کر مسٹر گھوشال کے سامنے رکھدی اور کہنے لگا آپ مجھے اسی حال میں رہنے دیں۔

اتنے میں بجلی بڑے زور سے چمکی اندھیری رات روز روشن کی طرح چمک اُٹھی، مسٹر گھوشال کی آنکھیں جھپک گئیں اور یوسف ایک طرف اُٹھکر بھاگ گیا۔

مسٹر گھوشال یوسف کو بے تحاشا بھاگتے ہوئے دیکھکر حیرت میں آگئے، ابھی دو منٹ بھی نہ گزرے ہوں گے کہ سامنے سے یوسف اُسی تیزی کے ساتھ آتا ہوا نظر آیا اور آکر پھر اپنی جگہ پر بیٹھ گیا مسٹر گھوشال نے کہا، یوسف بجلی کی کڑک اور چمک سے تم اتنا ڈر گئے کہ مجھے تنہا چھوڑ کر بھاگ گئے۔ سچ ہے اپنی جان کی بہت محبت ہوتی ہے۔

یوسف نے جواب دیا، مجھے اپنی جان کا بالکل خوف نہیں میں تو یہ دیکھنے گیا تھا کہ آخر یہ بجلی زمین پر آئی کیوں تھی اب اس کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔

مسٹر گھوشال یہ مجنونانہ جواب سنکر خاموش ہو گئے، اور برساتی، یوسف کے اوپر ڈالکر چلے آئے۔

یوسف ساری رات بارش سے بھیگتا رہا۔ برساتی سامنے رکھی ہوئی اُس کے نام کو رونیا کی صبح ہوتے ہوتے کچھ بوندیں تھیں، اور مسٹر گھوشال کے بنگلے سے رونے کی آواز آنے لگی۔

یوسف نیم کے نیچے سے اُٹھکر بنگلہ کے دروازے پر آگیا اور دربان کی طرح ایک طرف دروازے سے لگ کر کھڑا ہو گیا۔

تڑکے ہی مسٹر گھوشال کے بنگلہ میں، موٹروں اور گاڑیوں کا تانتا بندھ گیا، معزز حضرات آتے تھے اور مغموم صورت بنائے ہوئے بنگلہ میں داخل ہو جاتے تھے۔

یوسف بدستور بنگلہ کے دروازہ سے لگا ہوا کھڑا تھا، دربان نے سہولت سے سمجھایا دھکے دئے، لیکن وہ اپنی جگہ سے نہ ہٹا۔ آخر دربان کے خوشامد کے لہجے میں کہا۔ میاں تم یہاں سے چلے جاؤ، صاحب کی لڑکی کا انتقال ہو گیا ہے ہائے کیسی اچھی لڑکی تھی لوگ آرہے ہیں، تھوڑی دیر میں جنازہ جائیگا۔ تم کیوں یہاں ناحق کھڑے ہو۔ جاؤ

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطر کا نسخہ کسی دوسرے عطر ساز نے نہیں پایا

نیم کے نیچے بیٹھو۔

یہ سنکر یوسف کا چہرہ تمتما اُٹھا۔ تیز لہجے میں بولا، کیا ایلن مرگئی، ایلن کبھی نہیں مرسکتی وہ زندہ ہے اور زندہ رہنے کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ موت خود مرجائے گی لیکن ایلن نہیں مرسکتی، جب تک میرے دل میں خون کی جھلک موجود ہے جب تک میرے دماغ میں خیال کی موجیں اُٹھتی رہینگی جب تک میرا قلم تصویر بنا سکتا ہے، ایلن کو کوئی طاقت مجھسے چھین نہیں سکتی، بجلی چمکے گی، میں ایلن کو گلاب کا پھول دونگا وہ مسکرائے گی، میں تصویر کھینچوں گا۔

دربان یہ سنکر ڈر گیا کہ کہیں اس دیوانے کی گفتگو کوئی اور سُن نہ لے، اس خیال سے اُس نے یوسف کو اپنے حال پر چھوڑ دیا یوسف بھی تھوڑی دیر تک آپ ہی آپ بڑبڑا کر خاموش ہوگیا

دو گھنٹے بعد جنازہ اُٹھا تابوت کا سیاہ ریشمی غلاف پھولوں کے ہار سے دلہن بنا ہوا تھا۔

تابوت موٹر پر رکھا گیا اور موٹر آہستہ آہستہ قبرستان کیطرف روانہ ہوا مسٹر گھوشال کی آنکھیں سُرخ ہو رہی تھیں۔ چہرے پر حسرت برستی تھی، وہ سر جھکائے ہوئے تابوت کے پیچھے پیچھے جا رہے تھے۔

یوسف بھی اسی ماتمی جلوس کے ساتھ تھا، آج اس کے بُشرے سے یاس کے آثار نمایاں تھے، اس کی فطری متانت کا قتل ہو چکا تھا۔ صبح سے بوندیں تھمی ہوئی تھیں۔ لیکن اس جگر خراش منظر کو دیکھکر ابر پر پھر رقت طاری ہوگئی، ننھی ننھی بوندوں نے تابوت پر گہرباری شروع کردی ابھی جنازہ قبرستان کے تھوڑے فاصلہ پر تھا کہ بارش تیز ہوگئی اور بجلی چمکنے لگی قبرستان کے قریب پہونچکر ایک مرتبہ بڑی آب و تاب سے بجلی چمکی اور اس زور سے کڑک ہوئی کہ پاؤں کے نیچے کی زمین دہل گئی۔ یوسف اس طرف بھاگا جس طرف لہراتی ہوئی بجلی نظر آئی تھی۔

ایلن کو سپرد خاک کرنے کے بعد دو تین دن تک مسٹر گھوشال اپنے آپ میں نہ تھے رفتہ رفتہ طبیعت سنبھلی بھولی ہوئی دنیا پھر پیش نظر ہوگئی نگار خانہ یاد آیا لیکن اب نگار خانہ کی وہ رونق کہاں، یوسف کی بہت جستجو کی لیکن کہیں پتہ نہ ملا معلوم نہیں زمین کھا گئی یا آسمان۔ آخر چند روز کے بعد مسٹر گھوشال پھر نگار خانہ میں جانے لگے۔

اس کے بعد سے نگار خانہ کی تصویروں میں تین اور تصویروں کا اضافہ ہوگیا جو نمایاں طریقہ سے دیوار پر آویزاں تھیں۔

پہلی تصویر یوسف اور ایلن کے مشترکہ جذبات مصوری کی نمونہ تھی۔

دوسری تصویر میں یوسف نیم کے نیچے بیٹھا ہوا دکھایا گیا تھا۔ سامنے زمین پر برساتی رکھی ہوئی ہے۔ جس پر بوندوں کے نشانات نمایاں ہیں کالے بادل میں سنہری لکیر کی طرح بجلی نظر آرہی ہے، مسٹر گھوشال یوسف کے پاس کھڑے حسرت سے اُس کی صورت دیکھ رہے ہیں۔

تیسری تصویر میں قبرستان کے ایک عبرتناک منظر کا

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی ایک شاخ گلزار حوض دکن میں ہے

نقشہ پیش کیا گیا تھا، ایک معصوم روح کالے کالے بادلوں سے نیچے جھانک رہی ہے، یوسف از خود رفتگی کے عالم میں ٹکٹکی باندھے اس حسن مجسم کی طرف دیکھ رہا ہے۔

مسٹر گھوشال جب تک زندہ رہے اِن تصویروں کو اپنا سرمایۂ حیات سمجھے رہے لیکن اس سانحۂ عظیم کے بعد اِن کے دل و دماغ میں کچھ ایسا انقلاب ہوا کہ پھر اِن کی بنائی ہوئی تصویروں میں وہ خاص بات پیدا نہ ہو سکی جو اِن کی نمایاں خصوصیت تھی اس لئے کہ جب وہ کوئی تصویر کھینچنے بیٹھتے تو ایلین کے خط و خال سامنے آجاتے اور ایلین کا پیکر موہوم اِن کی مصوری کا مرکز لطیف بن جاتا۔ اسی طرح ہر تصویر میں ایک ہی جلوے کی نمائش ہوتی اور ہر مرقع میں ایک ہی جذبہ مختلف رنگ اختیار کر لیتا تھا۔

(اعظمی)

رُوحِ سخن

(از جناب خان صاحب منشی محمود علیخان صاحب عرف جناب آغا علیخان صاحب متخلص محمود
رئیس اعظم و سپیشل مجسٹریٹ الہ آباد

پیغام محبت کوئی آیا جو کہیں سے
عالم کو نیا درس ملا قلب حزیں سے

آرائش عالم کو یہ چٹکے ہوئے تارے
نکلے ہیں شب تار میں کیا تیری جبیں سے

تھا حسن تصور کے قرین درد بھی نزدیک
میں دیکھتا تھا آپکی صورت کو یہیں سے

قربان ترے انکار پہ ہوں ملنے کے اقرار
ہیں مسجد میں ہاں سیکڑوں صرف ایک نہیں سے

کس درجہ مزہ دیتا ہے وہ روح کو میری
جو درد ملا ہے دل مضطر کو کہیں سے

ہٹ جائے بس اپنے سے گوش و زبان
نکلی ہے نئی آہ مرے قلب حزیں سے

حد سے جو محبت میں بڑھا درد محبت
فطرت کو نئی روح ملی قلب حزیں سے

وہ دامن الفت پہ بنا پارۂ سیال
جو قطرہ گرا تھا تری جبیں جبیں سے

ہے حسن کی محفل میں جو وہ جلوۂ رنگین
پھوٹا ہے نیا رنگ وفا دل کی جبیں سے

اٹھا ہے لرزتا ہوا جو نغمۂ جانکاہ
نکلا ہے زمانے میں کسی قلب حزیں سے

محمود جسے کہتے ہو تم داغ محبت
نکلا ہے نیا پھول مرے دل کی زمیں سے

جناب فرخ بنارسی بازناؤ

خوگر غم کیلئے عیش کا سامان کیا
لذت درد سلامت رہے درمان کیا

وہ بھی تھا کوئی زمانہ کہ چمن اپنا تھا
اب میسر نہیں دو پھول گلستان کیا

عیش موہوم نے مایوس کی حالت لی
اپنے وعدے سے تمکو ہے پشیمان کیا

عشق میں رسم پرستی بھی ہے کفر اے زاہد
دین کہتے ہیں کسے ہوتا ہے ایمان کیا

اپنے دیوانے کو کیوں قید میں بجواتے ہو
زندگی خود ہی اسیری ہے تو زندان کیا

شرم بیمار محبت کی اجل نے رکھ لی
تہمت زیست گوارا نہ تھی درمان کیا

میری وحشت نہیں اب جامہ دری کی پابند
پیرہن ہی نہیں رکھتا ہوں گریبان کیا

ماہیت اپنی ہی اب تک نہ سمجھ میں آئی
اُسکے اسرار حقیقت کا تو عرفان کیا

ایک ہی حسن کے جلوے حرم و دیر میں ہیں
پھر یہ ہے تفرقۂ گبر و مسلمان کیا

شان بخشش کو نہ رکھ حسن عمل کے محدود
یہ تو اک شیوۂ انصاف ہے احسان کیا

شوق دیدار بھی ہے قید تعین فرخ
پردہ حائل ہے تو پھر جلوۂ جانان کیا

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت کا باعث صرف عطر حنا ہے

اور ڈورا تیار ہوگیا - ہان مگر اُس دن سے لڑکی کا تمام وقت آئینہ دیکھنے مین گزرنے لگا - ہان جو وقت بچ رہتا وہ کبھی گھڑون پر کی تصاویر دیکھنے مین کبھی پیرون کے تلوون کی پھلواری کا ملاحظہ کرنے مین صرف کرتی اور لذاتِ بے خودی حاصل کرتی -

آئینہ سامنے رکھ کر اپنا جوڑا باندھتی ہی رہ جاتی - ٹھیک نہ بندھتا اُسے اپنا بندھا جوڑا اچھا ہی نہ تھا -

(۵)

بہشت کے تمام کاروبار مین ایک انقلاب رونما ہوگیا - دن بھر راگ رنگ ہوتا اور رات کو ایک اور اچھے راحت طراز بہشت کے تصور مین نیند ہی نہ آئی -

بہشت کے عمال متفکر رہنے لگے - وہان کے کاروبار مین پہلے کبھی ایسی مشکلات حائل نہوتی تھین نہ کام کاج کی راہین اس طرح مسدود - ایک جلسہ منعقد کیا گیا - لوگون نے متفقہ طور پر کہا - بہشت کی تواریخ مین آج تک ایسا نہ ہوا تھا - بات کیا ہے ؟

چپراسی بلوائے گئے - دونون سے پرسش کی گئی - ایک دُوت نے اپنے قصور کا اعتراف کیا - اپنے جرم کا اقبال - اور کہا - مہاراج مجھسے بڑی خطا ہوئی ہے - مین نے یہان ایک دوسرے ہی آدمی کو لا ڈالا تھا -

بے کار طلب ہوا - اُس کی مست رنگی پگڑی اور اسکا سنہرا کمربند ہی دیکھکر لوگ سمجھ گئے کہ دُوت سے غلطی سرزد ہوئی ہے -

اتفاق رائے سے یہ تجویز پاس ہوئی جسے پریسیڈنٹ نے ان الفاظ مین بیکار سے ظاہر کیا :- دیکھو تمہین مرتبہ لوک کو لوٹ جانا ہوگا -

بے کار نے موچھون پر تاو دیا - اُسے اتنا آنند پہلے کبھی نہ ملا تھا جتنا یہ سن کر ملا - اُس نے پگڑی پھر سر پر لپیٹی اور کمربند کستے ہوئے کہا - یہ لو مین چلا - مین تو یہی چاہتا تھا اتنے مین لڑکی دوڑ کر ہجوم سے نکل کر سامنے آئی - گھڑا تو اُسکے کمر پر رکھا تھا - ہان اُس کے پاؤن کے دونون طرف تصویرین کھینچی تھین اور اُسکے بال اُسی ریشمی ڈورے سے بندھے تھے - بہشت کی آبادی نے اُسے کبھی اس عالمِ حسن و آرائش مین پہلے نہین دیکھا تھا -

بیکار کو جاتے دیکھکر وہ بھی بول اٹھی : مین بھی چلونگی - صدرِ انجمن نے پوچھا کہان ؟

لڑکی - نجانے کہان !

سب ایک دوسرے کا منھ تاکنے لگے - سب چکرا گئے کسی کی سمجھ مین کچھ نہ آیا - بہشت کی تواریخ مین یہ پہلا اتفاق تھا جب کہ ایک ایسا واقعہ ہوا جو بہشت کے پریسیڈنٹ تک کی سمجھ مین نہین آیا -

افکارِ تائب

(از جناب عبدالرشید صاحب تائب میرٹھی)

ہوگیا کُل سے جدا جب جزو انساں ہوگیا
داغ فرقت بھی چراغ بزمِ امکاں ہوگیا

رہ گئی مرجھا کے میرے گلشنِ دل کی کلی
اوج پر جب آفتاب داغ ہجراں ہوگیا

عرصۂ ہستی مین تحریک ہوئی یاس سے
کائناتِ دل کا ہر ذرہ پریشاں ہوگیا

درد دل ہے باعثِ دلچسپیِ بیمارِ غم
کیون مسیحائے زماں کو فکرِ درماں ہوگیا

واہ اعجازِ خرابیِ غضب کی قدرتین
گھر بیابان ہوگیا گھر کا بیابان ہوگیا

میرا مرنا تھا کہ اُن پر ہر کوئی مرنے لگا
مین بھی گویا فتنۂ گورِ غریبان ہوگیا

توبہ توبہ آج کیون تائب کئے جاتے ہین آپ
کیا کسی کو دیکھکر مشکوک ایمان ہوگیا

نوشتۂ مظلوم

از

(از جناب جلیل احمد صاحب قدوائی بی اے علیگ مصنف "سیر گل")

آدھی سے زاید رات گزر چکی ہے۔ ہر طرف سناٹا ہے۔ سب لوگ سو رہے ہین۔ سامنے کے کمرے مین مسہری پر میرا شوہر غافل پڑا سو رہا ہے وہ سامنے میری بچی سو رہی ہے۔ تین مہینے کے بعد آج اس گھر مین آئی ہون پچھلی دفعہ تم سے ملے بغیر چلے جانے پر مجبور کی گئی تھی۔ خیال تھا اب کی دفعہ کچھ دن رہون گی اور کچھ نہین تو کم از کم اُس وقت تک رہونگی جب تک تمہاری چھٹیان ہین گی اور تم یہان آؤ گے اور مین تم سے ملسکون گی مگر جو معلوم ایسا ہوتا ہے کہ ایسا نہ ہو سکے گا میرے شوہر کے دل و دماغ مین جو بیج تمہارے خلاف بوئے گئے ہین اُن کی نشو و نما ہو رہی ہے اور وہ مجھے یہان نہ ٹھہرنے دین گے۔ کوہاٹ سے اُن کا تبادلہ لائل پور کا ہو گیا ہے۔ اور وہ کل شب مجھے اپنے ہمراہ لائل پور لئے جا رہے ہین تم سے بغیر ملے جاتا ہو گا اس خیال سے میرا دل کڑھتا ہے۔

مین نے آج جب اس گھر مین قدم رکھا ہے تو مجھے یون محسوس ہوا گویا ایک قیدی ہے جو زندان مین لایا گیا ہے۔ حالانکہ اس کے جاننے والے تم ہو یہ وہ جگہ ہے جو مجھے دلچسپ ہو سکتی ہے۔ مگر اس رات کی یاد! الٰہی کیا گیا سختیان کون کون سی آفتین اُس رات نہین پیش آئین مین نے اُس گھر مین قدم رکھا تو مجھے خوف معلوم ہوا اور میرا دل دھڑکا تم سے میری مصیبتین کس نے کہی ہون گی۔ تم دو دن سے نہین آئے تھے۔ انجمن ارباب علم کے جلسون مین اور آخری دن اپنے کالج کے پرنسپل کے رخصتی ڈنر کے انتظام مین مشغول تھے مگر تمھین کیا علم کہ ٹھیک اُس وقت جبکہ چھری اور کانٹون کی ہلکی موسیقی کو تمہارے قہقہون کی گونج دبا رہی ہو گی میرے اوپر نیزے توڑے جا رہے تھے۔ مین جھوٹ نہین بولتی۔ دو دن تک مین نے تمہاری راہ دیکھی تھی اور اس امید مین کہ جلد ہی تمھین فرصت مل جائے گی یہ دن مین نے گزارے۔ اُس رات مین اپنی مومانی کے ہان تھی دس بجے ہون گے کہ وہ آئے اور مجھے کہلا بھیجا کہ فوراً آ کر اُن سے ملون۔ اتنی رات گئے مین نے سوچا کون سا ایسا ضروری کام ہو سکتا تھا اور یون بھی کون ایسے مجھ سے خوش ہین مین نے کہلا دیا اس وقت نہ آسکونگی جواب مین کہلایا "آنا ہو گا" ساتھ ہی گلنار سواری لے آموجود ہوئی۔ اس "آنا ہو گا" سے مین ڈر گئی۔ تم سے کیا پوشیدہ ہے۔ اس سے زیادہ سخت حملون کو برداشت کر چکی ہون۔ اس سے کہین زیادہ غیر مہذب اور غیر شریفانہ حرکتون کا نشانہ اپنے کو بنا چکی ہون۔ اٹھی اور مومانی سے رخصت ہوئی۔ میری مان میرے ہمراہ تھین اُنھین حکم ہوا وہین چھوڑتی آؤن۔ آئی تو دیکھا غصہ مین آگ بگولہ ہو رہے ہین۔ پیر کے نیچے کی زمین

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت باعث صرف عطر حنا ہے

شور سے سر پر اٹھائی ہے اور زور سخن مان پر ہے۔ مجھے دیکھتے ہی میری طرف رجوع ہوئے۔ بھٹ بچی کو میری گود سے چھین مان کے پاس پٹکا اور میرا ہاتھ پکڑ کمرے مین گھسیٹتے مجھے لے گئے۔

کمرے مین ایک گڑبڑ مچ رہی تھی۔ کوئی چیز اپنی جگہ پر نہین تھی۔ میرا سنگار مکیس زمین پر تھا۔ بستر الٹا ہوا تھا۔ کرسیان لڑھکی ہوئی تھین۔ جوتون کی جگہ ٹوپیان پڑی تھین، اگالدان الٹا ہوا فرش کو خراب کر رہا تھا۔ لیمپ کی بتی دھیمی کر کے مجھے پلنگ پر بٹھایا اور خود نیچے بیٹھ کر بولے،

"سنتی ہو؟ روز روز کے ان جھگڑون سے مین تنگ آگیا ہون کیون میری زندگی تلخ کر رکھی ہے؟" مین ان الفاظ کو سمجھ نہ سکی، میرا خون کھول رہا تھا مگر تحمل سے کام لے کر مین نے کہا:-

"تمھین تو نہ اپنی عزت کا خیال ہے نہ دوسرے کی غیرت کا۔ اب مین ایسی گئی گزری بھی نہین ہون، آخر اپنی مان اور ان لونڈیون کے سامنے مجھے کیون خوار اور ذلیل کر رکھا ہے؟"

اتنا سننا تھا کہ برس پڑے "گئی گزری کی بچی! مجھے نہ عزت کا خیال ہے نہ غیرت کا۔ تمھین ذلیل کر رکھا ہے۔ تم نے جو استرپان پھیلائی ہین انہین نہین دیکھتیں، مین نے تمہین یہان اسی لئے چھوڑا تھا سچ سچ کہنا ورنہ سامنے دیکھتی ہو اس سے حملہ کر دون گا"

میز پر کھلا ہوا ریوالور رکھا تھا، اس کی مجھے دھمکی دے کر مجھ سے کیا پوچھا جا رہا تھا مین بالکل نہ سمجھی سہمی سہمی مین ان کے قدمون پر گرنے لگی اور ان کے ہاتھ مین نے جوڑے "خدا کے لئے مجھے تنگ نہ کرو"۔

"تمھین بتانا ہوگا، یہ مظہر سے تمہارے کیسے تعلقات ہیں؟"

اُف! میرا خون جم گیا، تمھارا نام اس طرح ان کی زبان پر کیسے آیا، مجھے یاد تھا ایک دن غیر اور ناجائز عورتون کے ساتھ ان کے وابستگی سے تنگ آکر مین نے انھین برا بھلا کہا تھا اس کے جواب مین مجھے دھمکی دی گئی تھی کہ مجھے بھی بدنام کرین گے، مگر خدایا! مظہر کے ساتھ میرے تعلقات مشتبہ تھے؟ ایک دم میری خودداری کو ٹھیس لگی اور مین اپنی جگہ پر مبہوت بیٹھ گئی، میرے سر مین چکر تھا، اور ایسا معلوم ہوتا تھا اندر ہی اندر میرا دم گھٹ جائے گا، الٰہی! ایک ایسا شخص جو خود اپنے افعال کے لحاظ سے پستی کے انتہائی گہرے غار مین پڑا ہوا ایک پاک رشتہ مین خلل انداز ہو کر دوسرون پر اتہام لگا سکتا ہے، میرے ساتھ اس نے کیا کیا حق تلفیان نہین کی تھین، میرے سامنے اس نے دوسری عورتون سے محبت کی تھی اور فخریہ مجھ سے ان کی تعریفین کین اور مجھے رقابت کی آگ مین جلایا، میرے سامنے اس نے شراب پی اور مجھے مجبور کرنا چاہا کہ مین اس مین شریک ہون، میرا جہیز بٹ گیا، میرا زیور مہاجن کے گھر پڑا ہے، میرے برتن صندوقون سے نکل کر بازارون اور خدا جانے کن لوگون کے کھانے کے کمرون کی زینت ہین، میرے کپڑون کو کیڑون نے کھا کیا، کیا یہ شخص جو مجھ سے اتنی سختی روا رکھ چکا ہے بالکل مجھے مٹا دینا چاہتا ہے۔

مظہر! مجھے تم سے محبت ہے؟ ایک بیاہی عورت سے نہ کہلواؤ کہ اسے تم سے محبت ہے، مگر ہان مجھے وہ وقت یاد ہے جب مین اپنی دالان مین بیٹھ کر تم سے کلام مجید کا سبق لیتی تھی، سب مجھے مار کر پڑھاتے تھے مگر تم ہمیشہ مجھے دلاسا دیتے تھے اور تمھارا پڑھایا ہوا سبق مجھے بہت جلد یاد ہوتا تھا۔ پھر مجھے وہ وقت بھی یاد ہے جب میرا اکلوتا بھائی احسن مرا ہے، مین اپنی کوٹھری مین پڑی رو رہی تھی کہ اس وقت تم میرے پاس آئے اور میرے ہاتھ کو اپنے ہاتھ مین لے کر تم نے مجھے تسلی دی، میرے باپ کو مرے ہوئے تو ایک عرصہ ہو چکا تھا، وہ مجھے یاد بھی نہ تھے، مین نے اپنی تمام توقعات احسن سے قائم کی تھین مگر اس نے بھی میرے ساتھ بے وفائی کی تھی، تم نے اپنے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت باعث صرف عطر حنا ہے

کو میرا بھائی بتایا اور اُس وقت سے تم میرے رفیق، غمگسار، اور انیس بنے تم میرے بھائی تھے اور امی جان تم سے اس قدر خوش تھین کہ اُنھون نے میری زندگی، میری تعلیم اور میرے تمام خیالات کے نشو و نما تمھارے اوپر منحصر کردی تھی۔ کیا اُس وقت، اُس زمانے مین جب کہ ہم ایک دوسرے کو اس قدر چاہتے تھے، جب کہ میرے خیالات کی دنیا مین تمھارے سوا کسی اور کا گزر نہین ہوا تھا، جب کہ اس شخص نے میری مان کو اور مجھے اپنی مصنوعی دولت، عزت اور اخلاق سے گرویدہ نہین کرلیا تھا کیا اُس وقت مین چاہتی تو تم سے شادی نہین کرسکتی تھی؟ مین چاہتی تو اپنی مان سے تمھاری ہو رہنے کی خواہش تسلیم نہ کرالیتی؟ مگر حاشا! تم میرے بھائی تھے، تم میرے، مجھ یتیم کے سچے غمگسار تھے، میری خوشی سے تمھین خوشی ہوتی تھی، میرے رنج سے تم رنجیدہ ہوتے تھے، ایک دن مین بیمار پڑی تھی، سردی لگ کے مجھے بخار آیا تھا اور مین نے اپنی چارپائی دھوپ مین ڈلوائی تھی، وہ دن تمھین یاد ہے، میرے سوکھے ہوئے ہونٹ اور نیم مردہ چہرے کو دیکھکر تم رو دئے تھے، اپنے ہاتھون سے تم تمام دن میرا سر دباتے رہے تھے اور میرے سرہانے بیٹھ کر مجھے اطمینان دلاتے رہے تھے۔ مگر نہین مجھے اس سے بھی زیادہ یادگار ایک واقعہ یاد ہے نئی نئی جب بیاہ کے اُس گھر مین آئی ہون وہ تمھین اپنے ہمراہ میرے کمرے مین لائے اور مجھ سے ملایا تمھین یاد ہے، اُس وقت تم نے میرا گھونگٹ اُٹھا کر اُن کے سامنے میرے سر کی مانگ پر جس پر افشان چھڑکی ہوئی تھی بوسہ دیا تھا کیا وہ اس سے پہلے اس راز سے واقف نہین تھے کہ مین تمھاری بہن ہون، کیا وہ نہین جانتے تھے کہ مین تمھین ایک ایسی دل آویز محبت سے چاہتی ہون جو صرف بہائی بہنون مین ہوتی ہے خیر اُسے تو ہر حال اپنا کام کرنا تھا، اپنا سوال جاری رکھتے ہوئے مجھ سے کہتا رہا

"آخر یہ منظر سے تمھارے تعلقات کیسے ہین؟ وہ کیون اسقدر یہان آیا کرتا ہے؟"

مجھے یاد نہین مین نے ان سوالون کے کیا جواب دئے۔ اور کس طرح اپنے تحمل کو مین برقرار رکھ سکی میری کنجی مجھ سے لیکر اُس نے میرے بکس کھولے اور اُن مین کی ہر چیز کو مشتبہ نظرون سے دیکھ دیکھ کر پوچھتا رہا یہ کس نے لادی ہین؟ میری مان کیا کم مجھے دیا کرتی ہین اور خیر سے خود اُنہین تو کبھی توفیق نہین ہوئی تھی کہ مجھے کچھ لاکر دیتے مین نے کہا میری مان کی خریدی ہوئی اور میری خریدی ہوئی چیزین ہین، اُسے یقین نہ آتا تھا برابر کہتا رہا "اُنھاہ! اتنا سامان خود میری مان کے پاس نہین!" پھر میری کتابون کے بکس کو کھولا، وہان کیا تھا، وہ کتابین تھین جو مجھے جہیز مین ملی تھین یا وہ جو مدرسہ مین مجھے انعام مین ملی تھین مین نے خود جو کتابین خریدی تھین وہ میرے میکے مین تھین، مگر کچھ دیر بعد فاتحانہ تبسم کے ساتھ دو جلدین میرے آگے لاکر پھینکین اور اس کے ساتھ یہ سوال "یہ کہان سے آئین؟"

یہ دو جلدین تمھاری دی ہوئی تھین، ایک تو پریم چند کی کہانیون کی کتاب تھی جس پر مجھے تم سے اسقدر جھگڑا ہوا تھا اور بہ مشکل مین نے قبول کی تھین، دوسری خود تمھاری نظمون کا مجموعہ، ان کتابون مین کیا تھا اور مین کیون ڈرتی، مین نے کہا یہ کتابین مجھے تم سے ملی تھین اسی مجموعہ مین تمھاری نظم "نیلوفر کا پھول" بھی تھی، آہ! اس نظم کو مین کبھی نہ بھولون گی، ایک تو پہلے ہی سے یہ اس قدر دلپذیر اور اثر آفرین نظم ہے اور پھر اب تو یہ میری زندگی کی تاریخ مین ایک نئے باب کے کھولنے کا باعث ہوئی ہے۔ اس نظم کے بعض بندون کو پڑھکر، خصوصاً جہان تم نے اُس کی شرمساری اور اُس کے حکم کی داد

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا نہایت عمدہ ہے

دی ہے بہت ہی برہم ہوئے۔ مین چپ بیٹھی تھی، مجھ پر سیکڑون صلواتین پڑ رہی تھین اور مین شرم سے کٹی جا رہی تھی، اس قدر وفاداری اور راستبازی کے باوجود میرے اوپر ایسے سنگین الزامات، وہ بھی تم جیسے نیک نفس کے ساتھ اور اس کمینہ پن سے میرے تمام سامان کی دیکھ بھال یہ باتین مجھے مار ڈالنے کو کافی تھین، مجھے بخار چڑھ آیا اور مین زمین پر اُن کی طرف سے مُنھ پھیر کر پڑ گئی۔

مجھے ہوش نہین، باقی رات کیا ہوتا رہا۔ ایک غفلت مجھ پر طاری رہی اور کانون مین اور دماغ مین شور، جھڑکی، غصّہ گالی، رونا، اور ہم سب کی آوازین مل جل کر ایک پریشان خواب کی طرح محسوس ہوتی رہین، میری نظرین سامنے کی دیوار کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک گھومتی پھرتی تمھاری تصویر پر رکین، وہ سامنے لٹکی گویا ان بے معنی اور بیہودہ واقعات پر نفرین کر رہی تھی۔ اُس تصویر کے ساتھ مجھے ایک پاکبازی اور سچی رفاقت اور حمیت اور آبرو کی روشنی دکھائی دی جو اُس پر سایہ ڈالے ہوئے تھی، وہ تمھارا بے لوث اور بے داغ چہرہ اس کمرے کی آلودگی اور گندگی سے بھری ہوئی فضا مین چمکدار روشنی کے ساتھ اُبھر رہا تھا اور میری طرف بڑھتا آتا تھا پھر مجھے ایسا معلوم ہوا کہ تصویر اپنی جگہ سے ہٹ کر میری نظرون کے ساتھ ساتھ دیوار کی سطح پر گشت کر رہی تھی، مین سوچ رہی تھی کاش تمھین میرے اس حال کی خبر ہو جاتی اور ٹھیک اُس وقت جب کہ یہ ہنگامہ برپا تھا اُس کے سامنے تم مجھ سے آکر ملتے اور اُسے یقین آجاتا کہ میرا ضمیر تمھاری طرف سے کس قدر پاک ہے، مگر ایسا نہ ہوا مین اس پریشان اور خوفناک منظر کو اپنی نظرون، اپنے خیالون کے لئے غیر محسوس طریقے پر آپ ہی آپ کچھ بڑبڑاتی رہی یہان تک کہ مین غافل ہو گئی۔

ایک گرج دار آواز نے مجھے بیدار کیا، سامنے ایک دبلا پتلا لانبے قد کا آدمی تھا، مین چونک پڑی اور یقین نہ کر سکی کہ اس کمرے مین کچھ دیر پہلے ایسی خوفناک ٹریجڈی پیش آچکی ہے۔ وہ مجھے ٹھوکر مار کر اُٹھا رہے تھے اور اُن کے چہرے پر خوف تھا، تارے ابھی ڈوبے بھی نہ تھے اور صحن کے نیم کے درخت پر لٹکے ہوئے لیمپ کی روشنی مین کوئی کمی نہ آئی تھی کہ وہ مجھے ہاتھ پکڑ کے باہر لائے اور دروازے کی طرف چلنے کو اشارہ کیا، میری بچی دالان مین تخت پر نیم برہنہ اُلٹی پڑی بے خبر سو رہی تھی۔ مجھے کہان لیجا رہے تھے، مین اُن کی تھی اور اُن کے ساتھ ہر وقت جہان لیجاتے جانے کو تیار تھی مگر اس طرح اس مبہم اور غیر متیقن طریقے پر، یون معاملات کو بیچ ہی مین چھوڑ کر مین اُن کے ساتھ کس طرح جاتی مین نے ساس کو جگانا چاہا مگر اُنھون نے ہنٹر سے مجھے دھمکایا، مین اُوپر جا کر اپنے خسر کو سلام کرنا چاہتی تھی مین اپنی مان سے اپنا درد دل سنانا چاہتی تھی، مین اپنی بچی کو کلیجے سے لگا کر اپنے دل کو ٹھنڈا اپنی کوکھ کو گرم کرنا چاہتی تھی مگر اب مین اُن کی گرفت مین تھی اور وہ مجھے گھسیٹ کر دروازے پر لائے اور ایک بند گاڑی مین سوار کر کے اسٹیشن کی طرف چل دئے۔

مین نے سوچا کاش اسوقت یہ کسی جنگل مین مجھے لیجا کر ٹھنڈا کر ڈالین اور مجھے ابدی نیند سلا دین کہ اس مین بھی میرے لئے سعادت تھی مگر یہ ایک موہوم اُمید تھی۔ وہ مجھے اسٹیشن پر لے گئے اور چار بجے رات کو جو اکسپرس کوہاٹ کو جاتا ہے اُس سے مجھے لیکر کوہاٹ پہونچے کاش اس گاڑی سے اُس وقت وہ مجھے ڈھکیل دیتے تاکہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مین اس الزام بیجا کی کوفت سے آزاد ہو جاتی مگر ایسا نہ ہوا۔

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا خاص ترکیب سے بنتا ہے

گھر پر تین دن مجھے مقفل رکھا گیا، کھانے کے بجائے دونون وقت کمرے کا دروازہ کھول کر مجھسے جرح کی جاتی تھی اور گالیان سنائی جاتی تھین، کوئی نوکر میرے پاس نہین آتا تھا، کوئی خادمہ مجھسے بول نہین سکتی تھی، تیسرے دن گھر سے آدمی بھیجا گیا مگر اُسے اُنہون نے ڈانٹ بتاکر فوراً اُلٹے پاؤن واپس کر دیا.....

اُس وقت سے آج تک کہ اب سختیون کا وہ حال نہین ہے، میری روح مین گرانی ہے، اور اس گھر مین اتنے دن بعد جو آئی ہون تو گھر کاٹے کھاتا ہے، یہان کے لوگ، اس گھر کی دیوارین، یہان کا ذرہ ذرہ مجھے شبہہ کی نظر سے دیکھتا ہوا معلوم ہوتا ہے، جو قدم مین زمین پر اُٹھاتی ہون بوجھ سے دبا جاتا ہے، اس عرصۂ افسوس مین صرف ایک خیال تسلی دیتا تھا کہ شاید تم سے مل کر اور تم سے واقعات کی تمام روئداد سنا کر اپنے دل کی بھڑاس نکالون مگر ایسا بھی نہین ہو سکتا، تمھارے آنے مین ابھی بہت دن ہین اور مجھے کل یہان سے چلا جانا ہے، یہ بھی ایک سودائے خام تھا، تم آتے اور مین یہان ہوتی بھی تو خبر نہین تم سے مجھے ملنے دیا جاتا یا نہین۔

مین تمھین یہ خط لکھ رہی ہون اور تم سے کہتی ہون کہ واقعات کی اس تفصیل سے آگاہ ہو کر دور اندیشی کے سررشتہ کو ہاتھ سے نہ جانے دینا کہ یہ تمھارے ہی لئے نہین میرے لئے بھی بہتری کا باعث ہوگا۔ مجھ سے ملنے کی کوشش کرنا بیکار ہے، اگر تقدیر مین ہے تو کبھی تمھارے دیدار سے آنکھین سیکھ سکون گی، بہرحال اُس تعلق کی بنا پر جو تمھین میرے ساتھ ہے مین اپنا فرض سمجھتی تھی خواہ اس مین میرے لئے کتنی ہی برائی کیون نہ ہو کہ تمھین اپنے حال سے آگاہ کرون اور تم سے التجا کرون کہ میرا خیال برطرف اپنی بہتری کے خیال سے اس خوفناک آدمی سے تم بچتے رہنا۔

میرے لئے کوئی اُمید نہین..... میری بچی میرے دکھے ہوئے دل کا سہارا ہے، تم اُسے جس قدر چاہتے ہو اس سے مین بے علم نہین ہون اُس کی طرف سے سلام قبول کرو، باقی تمھاری خوشنودی عیش، آسایش کی تمنا رکھنے والی ہمیشہ ہمیشہ تمھاری۔ کم نصیب:۔

رشحات ناظم

از امیر الانشاء دبیر الملک جناب مولوی سید علی اصغر صاحب ناظم ٹونک

یہ غرض ہی نہین کعبہ بنے بتخانہ بنے
آدمی کوئی ہو مطلب یہ ہے دیوانہ بنے

عشق کا ذوق یہ ہے ہوش سے بیگانہ بنے
کیف الفت کا یہ ہے بے پئے مستانہ بنے

نظم عالم بھی ہے اک راز مگر مجھسے نہ پوچھ
کوئی مدہوش بنائے کوئی ہشیار بنے

بزم میخانہ کی مجلس مین کھلا آج یہ راز
اُنکے جلوے کا یہ پردہ ہے کہ میخانہ بنے

شوق وارفتہ کا یہ بھی ہے اک انداز جنون
تبکدہ بگڑے کہین یا کہین بتخانہ بنے

جن کے پروانہ رہے یا نہ رہے شیشے گرد
آپ جیسے رہین یہ دل وہی کاشانہ بنے

مجھسے کیون پوچھ رہا ہے بت نادان ناظم
اُنکی الفت کا بُرا ہو کہ مجھے ہم رسوا

نہین تسنیم مین جو ہمین اچھوتی مے ہے
کہتے ہین وہ کہ سب افسانے مین باکل بہتان

کیا قیامت ہے وہی دل جو خدا کا گھر تھا
کہہ رہا ہے کوئی الفت تمھین ہوگی لیکن

اُس پری وش کی محبت وہ بلا ہے توبہ
کیا یہ سودا ہے تمھین کسلئے دیوانہ بنے

اُنھین کیا۔ وہ تو یونہی بہت مین انسان بنے
چشم مخمور سے ہے دور کہ میخانہ بنے

جھوٹ ہے جھوٹ کسیکا کوئی دیوانہ بنے
بت کافر کی محبت مین صنم خانہ بنے

ہم نے دیکھا نہین تم کو کبھی دیوانہ بنے
کہتے ہین سب مجھے۔ فرزانہ بھی دیوانہ بنے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا خاص ترکیب سے بنتا ہے

مین اکیلا ہون

(از جناب بابو سری کرشن صاحب برق کانپوری)

بھائی یہ سچ ہے۔ بالکل درست ہے کہ تم میری بات نہین سمجھ سکتے۔ کسی طرح بھی نہین سمجھ سکتے۔ تم کہتے ہو کہ مین دیوانہ ہو گیا ہون۔ ممکن ہے ایسا ہی ہو لیکن جو وجہ تم بتلاتے ہو وہ ٹھیک نہین۔

یہ ٹھیک ہے کہ مین دوسری شادی کرنے والا ہون لیکن مین پھر کیون اس دام مین پھنسنے جا رہا ہون کیون ہتھکڑی بیڑی پہننے کی ہوس کر رہا ہون۔ یہ سمجھنا تو مشکل ہے۔

مین سچ کہتا ہون۔ اور تم یقین کرو کہ میرے خیالون اور ارادون مین کوئی تبدیلی نہین ہوئی ہے اور اُن پر اب تک مین ثابت قدم ہون۔ کہ مین دوسری شادی کو بُرا سمجھتا ہون سچ تو یہ ہے کہ مین شادی ہی کو اچھا نہین سمجھتا۔ مین اُسے پوری قید سمجھتا ہون اور پھر جب ایک مرتبہ بیڑی کٹ گئی تب پھر بیڑی تیار کرنا کون پسند کریگا؟ کم از کم مین تو بالکل پسند نہین کرتا۔ تو بھی مین شادی کرنے جا رہا ہون لیکن تم یہ پوچھ سکتے ہو کہ پھر مین کیون ایسی بلا مین پھنسنے جا رہا ہون؟۔

شاید تم نے یہ سنا ہوگا کہ جس لڑکی کے ساتھ مین شادی کرنے والا ہون جو کل میری زوجہ ہوگی ابھی تک اُسکے بارے مین کچھ بھی نہین جانتا مین نے اُسے دو ایک مرتبہ دیکھا بیشک ہے اور اتنا کہہ سکتا ہون کہ وہ مجھے بُری نہین معلوم ہوتی بس اس سے زیادہ مین اسکے بارے مین جاننا بھی نہین چاہتا۔ لوگ کہتے ہین کہ جس لڑکی سے شادی کرنا ہو اُسے پہلے اچھی طرح دیکھ بھال لینا نہایت ضروری ہے اسکے عادات و خصائل سے قطعی بے بہرہ رہنا مناسب نہین۔ ممکن ہے کہ جس انداز پر تم آج ہزار جان سے نثار ہو رہے ہو وہی کل تم کو بُری معلوم ہونے لگے آج تم لڑکی مین جو متقنا طیسی قوت دیکھتے ہو ممکن ہے کل وہ نفرت مین متبدل ہو جائے۔ جبتک طبیعت نہین ملتی جبتک دل نہین ملتا اُسوقت تک زندگی کبھی آرام کی زندگی نہین ہو سکتی۔ اسلئے شادی کے قبل دونون کی شناسائی ہو جانا چاہئے۔ لیکن میرا ایسا خیال نہین مین نے ایسے آدمی دیکھے ہین کہ دنیا مین چاہے جس لڑکی کے ساتھ اُنکی شادی کر دیجئے لیکن اُنکی زندگی مین ایک ایسا وقت آتا ہے جب اپنی بیوی اُنکو دنیا کی دوسری سب عورتون سے بُری معلوم ہونے لگتی ہے۔ خیر یہان یہ سوال نہین ہے تم تو یہ جاننا چاہتے ہو کہ مین جان بوجھکر کیون آگ مین کودنے جا رہا ہون؟

لیکن سچ پوچھو تو مین تمکو اپنے دلکی بات بتلانا نہین چاہتا تھا کیونکہ جس وجہ سے مین ایسی بے وقوفی کرنے کیلئے مجبور ہوا ہون وہ بہت ہی عجیب و غریب ہے لیکن دنیا مین تمھین ایک میرے دلی دوست ہو مین تم سے کوئی بات چھپا بھی نہین سکتا۔ واقعہ تو یہ ہے کہ مجھے تمہارے مین خوف معلوم ہوتا ہے۔ مین کسطرح تمھین یہ بات سمجھاؤن یہ میری سمجھ مین نہین آتی۔ واقعی میری جسمانی حالت اتنی خراب ہے کہ اگر تم اُسے دیکھو تو ضرور تم رحم کے دو چار آنسو ٹپکا دو لیکن ممکن ہے تمہارے دلمین میرے لئے نفرت پیدا ہو جائے۔

مین اب شب مین تنہا نہین رہنا چاہتا۔ مین چاہتا ہون کہ کوئی نہ کوئی ضرور میرے پاس ہو۔ جسے مین چھو سکون جو مجھسے بات چیت کر سکے۔ بات چاہے جیسی ہو مجھے اسکی قطعی پروا نہین۔

کبھی کبھی مین یکایک رات مین جاگ اٹھتا ہون تب میری خواہش ہوتی ہے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ مین تمام عطر صرف روغن صندل سے بنائے جاتے ہین

کہ اگر کوئی میرے پاس ہوتا تو مین اُس سے کچھ پوچھتا۔ سوال کوئی اہم ہو یہ بات نہین۔ مین گپ شپ کی باتین ہی کرنا چاہتا ہون۔ مین صرف چاہتا ہون کہ مجھے ایک زندہ انسان کی بات سنائی پڑے۔ مجھے یہ یقین رہے کہ انسان خاکی جامے مین میرے پاس سو رہا ہے۔ اگر رات مین عجلت مین مجھے لالٹین جلانا پڑے تو مجھے کسی کا انسانی چہرہ دکھائی پڑے۔ یہ سب کیون مجھے کہتے ہوئے شرم معلوم ہوتی ہے۔ کیون کہ مجھے تنہا رہنے مین خوف معلوم ہوتا ہے! لیکن بھائی تم ابھی تک میرے مطلب کو نہین سمجھے۔

مجھے کوئی باہری آفت کا خوف نہین۔ فرض کرو اگر کوئی میرے کمرے مین گھس آئے تو ہمت کرکے مین اُسے مار سکتا ہون۔ مین بھوت اور جن سے بھی نہین ڈرتا اور نہ مجھے اپنی مرحومہ بیوی کا خوف ہے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ پاک روح افعال کے مطابق قفس عنصری چھوڑتے ہی فوراً دوسرا جسم اختیار کر لیتی ہے۔ تو پھر کس سے ڈرتا ہون؟ تم سمجھو یا نہ سمجھو۔ مجھے اپنے آپ سے ڈر معلوم ہوتا ہے حقیقت مین وہ کس طرح کا خوف ہے؟ یہ مین خود نہین سمجھ سکتا۔ لیکن اس سے میرے سارے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہین۔ اسمین شک نہین۔ تمہین میری بیوقوفی پر ہنسی آتی ہوگی۔ تم ہنسو۔ خوب ہنسو۔ مین تمہین روک نہین سکتا لیکن میرا خوف اتنا خوفناک ہے کہ مین اُسپر کسی طرح بھی غالب نہین آسکتا۔ مجھے دیوارون سے ڈر لگتا ہے۔ کرسی سے خوف معلوم ہوتا ہے۔ میز سے دہشت معلوم ہوتی ہے۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا یہ تمام چیزین زندہ ہین اور میرے اوپر ہنس رہی ہین لیکن سب سے زیادہ خوف تو مجھے اپنے خیالون سے لگتا ہے۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا مین دیوانہ ہوا جاتا ہون۔ کوئی غیبی طاقت مجھے اپنے غم کو فراموش نہین کرنے دیتی۔ مین جتنا ہی زیادہ اُسے بھولنے کی کوشش کرتا ہون اُتنا ہی زیادہ وہ اور تازہ ہوتا جاتا ہے۔ سب سے پہلے میرے دل مین ایک عجیب بے چینی معلوم ہوتی ہے جس سے میرا سارا بدن پسینے پسینے ہو جاتا ہے۔ مین اسیوقت اپنے آس پاس دیکھتا ہون لیکن کہین کچھ نہین دکھائی دیتا۔ اُسوقت میری یہ دلی خواہش ہوتی ہے کہ کاش کوئی میرے پاس ہوتا جتنے مین چھو سکتا مین ڈر جاتا ہون کیونکہ مین اپنے ڈر کو نہین سمجھ سکتا۔

اگر مین بولتا ہون تو مجھکو اپنی آواز سے خوف معلوم ہوتا ہے۔ اگر مین چلتا ہون تو مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا کوئی الماری کے پیچھے۔ چارپائی کے نیچے یا صندوق کی آڑ مین بیٹھا ہے۔ اگرچہ مین جانتا ہون کہ کہین کوئی نہین ہو سکتا پھر بھی میرا خیال نہین ہٹتا۔ ٹہلتے ٹہلتے مین یکایک پیچھے لوٹ پڑتا ہون کہ کہین کوئی پیچھے تو نہین چل رہا ہے لیکن وہان کوئی ہو تب تو دکھائی دے۔

مین گھبرا اُٹھتا ہون۔ میری گھبراہٹ اور بھی ترقی پکڑ جاتی ہے۔ جلدی جلدی مین کمرے کا قفل لگا دیتا ہون۔ چارپائی پر جا لیٹتا ہون اور کپڑون سے اپنا منھ چھپا لیتا ہون۔ اتنا ڈر معلوم ہوتا ہے کہ اسکی وجہ سے ایک گٹھری سی بن جاتا ہون آنکھ بند کر لیتا ہون لیکن پھر بھی خوف نہین پیچھا چھوڑتا۔ اگر جلدی مین کبھی لالٹین میز پر جلتی ہوئی رہ جاتی ہے تو پھر مجھے بجھانے کی جرأت نہین ہوتی۔ اتنا خوفزدہ ہو جاتا ہون کہ زبان بیان کرنے سے قاصر ہے۔

پہلے کبھی مجھے ایسا خوف نہین معلوم ہوتا تھا۔ ایک مدت تک مین اکیلا رہا ہون آرام کے ساتھ گھر آتا تھا اور جاتا تھا۔ لیکن مجھے کسی طرح کا کوئی شک نہین ہوتا تھا۔ اُسوقت اگر کسی نے مجھے کہا ہوتا کہ مجھے ایسا مرض ہو گیا ہے۔ تم چاہے اُسے خوف کا بھوت کہو لیکن مین تو اسے مرض ہی کہونگا۔ تو مین بلاشبہہ کھلکھلا کر ہنس پڑتا

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا بنایا ہوا عطر خاص ہر موسم مین استعمال کیا جا سکتا ہے

مجھے پہلے کبھی اندھیرے مین دروازہ کھولنے مین خوف نہین معلوم ہوتا تھا مین قفل لگانے کے بعد میز پر سو جاتا تھا خواب کی حالت مین کبھی نہ چونکتا تھا اور نہ آدھی رات کے وقت مجھے یہ دیکھنے کی ضرورت محسوس ہوتی تھی کہ سب ٹھیک ہے یا نہین۔

گزشتہ سال سے میری یہ حالت ہے۔ بہادون کی رات تھی۔ میری بیوی کو مرے ہوئے ایک سال گزر گیا تھا۔ مین کھانا کھا چکا تھا۔ اُسوقت صرف نو بجے ہونگے۔ میرا نوکر بھی اپنے گھر چلا گیا تھا۔ مین اپنے کام کی بات سوچ رہا تھا کہ بلا وجہ مجھے تھکن کیون معلوم ہوتی ہے۔ مین کمرے مین ادھر اُدھر ٹہلنے لگا لیکن نہ تو پھر کام کرنے مین طبیعت لگتی اور نہ کچھ لکھنے پڑھنے کی خواہش ہوتی۔ باہر کچھ بارش ہو رہی تھی لیکن میری اُداسی کم ہونے کے بجائے اور زیادہ ہو گئی۔ وہ اُداسی کیون بڑھتی جاتی تھی یہ مجھے کچھ بھی نہ معلوم ہو سکا۔ میری خواہش ہوئی کہ ایک بار بیٹھکر خوب رو لون یا باہر جاکر کسی سے گپ شپ کرون جس سے مضطرب قلب کو کچھ تسکین حاصل ہو۔

مجھے پہلے پہل ایسا معلوم ہوا کہ مین اکیلا ہون، میرا کمرہ مجھے پہلے سے اب زیادہ سنسان معلوم ہونے لگا۔ خیال تنہائی نے میرے دماغ کو پریشان کر دیا اور مین کرسی پر بیٹھ گیا۔ لیکن پھر میرے پیرون مین کچھ سنسناہٹ معلوم ہوئی۔ مین پھر ٹہلنے لگا جب مین اپنے پیٹھ پر ہاتھ رکھے ٹہل رہا تھا جیسا کہ اکثر لوگ کسی گہرے خیال مین غرق ٹہلا کرتے ہین۔ اُسوقت مجھے ایسا معلوم ہوا گویا بخار چڑھ آیا ہو۔ ایک لمحہ مین میری پیٹھ پر یکایک نیچے سے اوپر تک پسینہ دوڑ گیا اور بدن کانپنے لگا۔ مین نے دروازے بند کر دئے اور بے وقت انگیٹھی جلا کر تاپنے لگا لیکن پھر بھی قلب مضطرب کو سکون نہ ہوا۔ مین نے سوچا "ہو نہ ہو۔ زرا باہر کیون نہ ٹہل آؤن اگر کوئی ساتھی مل جائے گا تو اس سے بھی کچھ گپ شپ کرونگا۔

پس پھر کیا تھا کوٹ پہنکر گھر سے باہر نکل پڑا لیکن افسوس اُس دن کسی سے ملاقات نہ ہوئی۔ بے کس ہو کر مین اکیلا ہی تھیٹر کی طرف چل دیا لیکن پانی اور گھنگور گھٹا کی وجہ سے اُسدن کمپنی نے تماشہ ملتوی کر دیا تھا۔

تب تو مین یون ہی سڑک پر اِدھر اُدھر ٹہلنے لگا جب آدھی رات ہو گئی تب مین نے اپنے گھر کی جانب رُخ کیا۔ اُسوقت مین بالکل تھک گیا تھا اور قلب کو بھی کچھ سکون حاصل ہوا تھا۔ پھاٹک پر پہونچتے ہی دربان نے فوراً دروازے کھول دئے۔ مین نے سوچا ضرور کوئی دوسرا کرایہ دار ابھی آیا ہوگا۔ اسی لئے دربان اتنی رات تک جاگتا تھا لیکن جب مین اپنے دو منزلے کے کمرے پر پہونچا تو دیکھا کہ اُسکے دروازے یون ہی بھڑے ہوئے ہین۔ باہر جاتے وقت مین ہمیشہ اپنے کمرے مین قفل ڈال جاتا تھا۔ تالا کھلا ہوا دیکھکر پھر دل ہی دل مین مجھے تعجب ہوا۔ دل دھڑک رہا تھا جبکہ کمرے مین داخل ہوا۔ آگ اب بھی دھیمی دھیمی جل رہی تھی۔ سب چیزین بدستور تھین مین نے سوچا "چلون لالٹین لیکر اندر سے تالا لگا لون اور سو جاؤن" لیکن جیون ہی مین میز کے پاس تالا اُٹھانے گیا اُسی وقت مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے کوئی عورت میری طرف پشت کئے ہوئے آرام کرسی پر لیٹی ہے۔ اُسوقت میرے دل کے سارے شکوک رفع ہو گئے۔ مین نے خیال کیا "ہو نہ ہو۔ میری بانو رچن آئی ہے کچھ دنون

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی تیار کردہ اشیا، خالص عمدہ اور بکفایت ہوتی ہین

ہے اُسکا لڑکا بہت بیمار تہا یا تو روپیہ مانگنے آئی ہوگی یا شاید ڈاکٹر بلانے کو کہے گی اور اسی لئے شاید دربان نے دروازے جلدی سے کھولدئے ہین اور اسی لئے میرا کمرہ بھی کہلا ہوا ہے کیون کہ وقت ضرورت کام آنے کیلئے مین نے اُسکو ایک چابی دے رکھی تھی۔

ابھی تک مجھکو اُسکا سر ہی دکھائی دیتا تہا۔ اُسکا داہنا ہاتھ بیشک کُرسی کے باہر لٹک رہا تھا اور ٹانگین ایک دوسرے پر رکھی ہوئی تھین۔ مین نے سوچا کہ ضرور یہ میرا انتظار کرتے کرتے سو گئی ہے اسلئے مین اُسے جگانے کیلئے آگے بڑھا لیکن جیون ہی مین کُرسی کے پاس پہونچا اور اُسے جگانے کے لئے ہاتھ بڑھایا ویسے ہی مجھے معلوم ہوا کہ کرسی بالکل خالی ہے۔ اُسپر کوئی نہ تہا۔

مین خوف کے مارے اُچھل پڑا ایک لمحے کیلئے مین بیہوش سا ہوگیا۔ جب مجھے ہوش آیا تب مجھے آرام کرسی کی طرف دیکھنے کی خواہش ہوئی لیکن ہمت نہ پڑی۔ خوف کی وجہ سے میری سانس پھول گئی تھی۔ سارے بدن سے پسینہ چھوٹ رہا تہا مین پھر گر پڑا۔

مین اس حالت مین کتنی دیر رہا یہ مجھے کچھ بھی معلوم نہین لیکن جب مین اُٹھا تب میرے ہوش بالکل ٹھکانے آگئے تھے مین نے خیال کیا کہ کچھ دہوکا ہوگیا ہے۔ مین دل ہی دل مین اس واقعے پر غور کرنے لگا۔ اسوقت میرا دماغ بڑی تیزی سے کام کر رہا تہا۔

مین اب بھی دہوکے کی جگہ مین تہا اسمین شک نہین لیکن آخر مجھکو یہ یقین ہوگیا کہ میری آنکھون کو دہوکا ہوگیا ہے اور شاید اسی دہوکے مین پڑکر لوگ بھوت اور جن کا یقین کرنے لگتے ہین مین مختلف قسم کے خیالون سے اپنے دل کو سمجھانے لگا۔

پھر مین نے لالٹین بجھادی لیکن جیون ہی مین آگ بجھانے کیلئے آگے بڑھا ویسے ہی مین نے دیکھا کہ میرا بدن کانپ رہا ہے یکایک مجھے ایسا معلوم ہوا گویا کسی نے پیچھے سے میری پیٹھ پر ہاتھ رکھا ہو مین ایک دم چونک کر اُچھل پڑا۔

میرے دلکو پھر سکون حاصل ہوا۔ کچھ دیر کے بعد مین نے ادہر ادہر ٹہلنا اور کچھ گنگنانا شروع کیا جس سے میرے دل کو اور زیادہ سکون حاصل ہوا۔

تب مین نے اپنے کمرے مین دُہرا تالا ڈال دیا جس سے مجھے یہ یقین ہولیا کہ کم از کم باہر سے کوئی اندر نہین آسکتا۔ پھر پلنگ پر بیٹھکر بہت دیر تک اس واقعے پر غور کرتا رہا اور آخر مین لالٹین بجھا کر بستر پر لیٹ رہا۔ کچھ دیر تک کمرے مین سکوت کا عالم رہا۔ مین چپ چاپ سیدہا لیٹا ہوا تہا کہ تہوڑی دیر کے بعد نہ جانے کیون پھر میرے دلمین یہ خواہش ہونے لگی کہ ایک مرتبہ اُٹھکر قفل کی جانچ کرلون۔ مین اس خواہش کو دبانا چاہتا تہا لیکن وہ اور زیادہ ترقی پاتی جاتی تھی۔ مین نے جھٹ سے کروٹ بدل لی۔

انگیٹھی کی آگ قریب قریب سب بجھ چکی تہی لیکن ابھی بجھتے ہوئے انگارون سے فرش پر تھوڑی سی روشنی پڑ رہی تھی جس سے مجھے معلوم ہوا گویا پھر وہی عورت کرسی پر آبیٹھی ہو۔

مین نے فوراً دیا سلائی جلائی وہان کہین کوئی نہ تہا۔

مجھے محض دہوکا ہوگیا تہا۔ مین ہمت کرکے اُٹھ بیٹھا اور مین نے اُس کرسی کو پردے کے پیچھے چھپا دیا۔ اب کمرے مین اندھیرا ہوگیا

بہترین عطر منگانیکا پتہ:۔ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ

تہا۔ مین نے سونے کی کوشش کی اور پانچ ہی منٹ مین مجھے نیند آگئی لیکن خواب مین پھر وہی نظارہ اتنا صاف دکھلائی دینے لگا گویا مین جاگ رہا ہون۔ مین ایک دم چونک اٹھا اور پھر فوراً لالٹین جلاکر پلنگ پر بیٹھ گیا اب نہ تو مجھے نیند آتی تہی اور نہ مین نیند لانے کی کوشش ہی کرتا تہا۔

لیکن تکان کی وجہ سے میری خواہش نہ ہونے پر بھی دو مرتبہ میری آنکھین جھپ گیئن اور دونون مرتبہ مجھے وہی نظارہ دکھائی دیا۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا تہا کہ مین دیوانہ ہوا جاتا ہون۔ خوش قسمتی سے کچھ دیر بعد آفتاب جہان تاب نے اپنا نورانی چہرہ پردۂ مشرق سے نکالا۔ اور مجھے کچھ ہمت آئی تب مین بے فکر ہوکر مزے سے دو پہر تک خراٹے لیتا رہا۔

جب مین سوکر اٹھا تب میری طبیعت بالکل ہلکی تھی۔ اتنا ہی نہین بلکہ مجھے رات کے دہوکے پر ہنسی آتی تہی۔

ضروریات سے فارغ ہوکر مین شام کو اپنے دوستون کے پاس گیا لیکن مین نے رات کا واقعہ انکو نہین بتلایا کیونکہ اب پھر خود اپنی بیوقوفی پر ہنسی آتی تھی۔ مین انکے ساتھ بائیسکوپ دیکھنے گیا لیکن جب دس بجے مین پھر اپنے گھر کی طرف چلنے لگا تو میرے دلمین پھر ایک مرتبہ وہی گھبراہٹ ہوئی۔ مجھے ڈر تھا کہ کہین پھر نہ مجھے دکھائی دے۔ مجھے اسکا ڈر نہین تہا کیونکہ مجھے یہ یقین کامل تہا کہ مجھے کبھی کوئی نقصان نہین پہونچا سکتا۔ جب مین کبھی کسی کو نقصان پہونچانے کی کوشش نہین کرتا پھر کیون مجھے کوئی ستانے لگا۔ خوف محض یہی تہا کہ کہین پھر کل کی طرح خیال دہوکا مجھپر اپنا قبضہ نہ جمائے تقریباً ایک گھنٹے تک یون ہی سڑک پر ٹہلتا رہا یکایک مین نے سوچا کہ مین بڑا بے وقوف ہون اور گھر کی طرف چل دیا لیکن اب بھی اتنا خائف ہوگیا تہا کہ سیڑھیان چڑھتے چڑھتے میرا دم پھول گیا۔ جس اپنے کمرے کے باہر تقریباً ۱۰ منٹ تک چپ چاپ کھڑا رہا۔ تب بڑی مشکل کے بعد مجھے قفل کھولنے کی جرأت ہوئی۔ اندھیرے مین اب مین اندر نہین داخل ہوسکتا تہا۔ اس لئے پہلے ہی سے موم بتی روشن کرلی اور دروازون کو ایک زور کا دہکا دیکر مین کمرے کے اندر داخل ہوا۔ اُس وقت کسطرح متعجب ہوکر مین نے چارونطرف اپنی نظر دوڑائی۔ کہ کہین کوئی بیٹھا تو نہین ہے۔ اُسے مین بھی جانتا ہون۔ لیکن جب کہین کوئی نہ دکھائی دیا تب اپنے آپ میرے دل سے ایک آہ نکل گئی۔

اُسوقت مجھے کتنی خوشی ہوئی اور کتنا آرام ملا وہ مین ہی جانتا ہون مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے کسی نے میرے گلے کی پہانسی اُتار لی ہو مین تیزی مگر ہمت کے ساتھ کمرے مین ٹہلنے لگا لیکن کبھی کبھی مُنھ پھیر کر پیچھے دیکھ لیتا تہا کہ کہین کوئی میرے پیچھے تو نہین ہے کمرے کے کونون کی تاریکی مجھے مثل بھوت کے معلوم ہوتی تھی

مین سو گیا مگر گہری نیند نہ آئی۔ سوتے ہی سوتے نہ معلوم کیون گھبرا اٹھتا اور اُسی مین کبھی نیند ٹوٹ جاتی تھی لیکن پھر وہ مجھے کبھی نہ نظر پڑی۔

اُس دن سے مجھے اکیلے رہنے مین بڑا خوف معلوم ہوتا ہے مین اپنے دلکو سمجھاتا ہون کہ ہوتی تو کیا ایک مرتبہ بھی نہ دکھلائی پڑتی اور فرض کرو کہ ہے بھی تو کیا وہ مجھین بربادکرے گی۔ نہین ہرگز نہین پھر بھی دل نہین مانتا اسمین برابر شک موجود ہے۔ اُسکا

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت کا باعث صرف عطر حنا ہے

داہنا ہاتھ نیچے لٹک رہا تھا۔ اُسکا سر بائین طرف تھا جیسے کوئی آرام سے سو رہا ہو۔ پیرون کی تو مجھے اچھی طرح یاد ہے مین اُسے ہرگز ہرگز نہین فراموش کر سکتا کیونکہ اب مین باورچن کے ساتھ نہین لیکن اے خدا! مین زیادہ اُسکی بات نہین کرنا چاہتا کیونکہ مین وہ رات نہین بھول سکتا؟

سچ کہتا ہون بھائی اُسوقت سے برابر وہی بھوت میرے سر پر سوار رہتا ہے گویا چارونطرف مجھے کوئی گھیرے ہو۔ مین جانتا ہون کہ یہ محض دہوکا ہے۔ میرے تصور کے سوا اِس کا کوئی وجود نہین لیکن یہ تو میرے خیال کرنے کی باتین ہین۔ میرا دل انہین قبول نہین کرتا اسلئے پہلے کی طرح مین گھر پر نہین رہ سکتا کیونکہ میری سمجھ مین وہ ضرور ہی وہان بیٹھی ہوگی۔ یہ مین جانتا ہون کہ اب کبھی شاید وہ مجھے دکھائی نہ دے لیکن مین اُسے اپنے خیال سے دور نہین کر سکتا وہ دکھائی نہین دیتی لیکن اس سے مین اُسکے وجود کو نہین میٹ سکتا۔ جب گھر پر مین اکیلا ہوتا ہون تب مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا وہ الماری کے پیچھے چھپی ہو۔ پردے کے پیچھے بیٹھی ہو۔ دروازے کے پیچھے کھڑی ہو یا پلنگ کے نیچے لیٹی ہو۔ کچھ یقین سا ہو گیا ہے۔ اسی لئے مین اکیلے مین کبھی کبھی ان جگہون کی یون ہی جانچ کیا کرتا ہون اور اگرچہ اُس دن سے مجھے ابتک کوئی بھی نہین دکھلائی دیا پھر بھی مین اُسکے وجود کو نہین بھلا سکا ہون۔ سچ پوچھو تو یہ خیال روز بروز مضبوطی سے چپکتا جاتا ہے۔

تم اسے چاہے بیوقوفی کہو۔ حماقت کے نام سے موسوم کرو اور چاہے ہنسو مگر مین سچ کہتا ہون مین مجبور ہون۔ مین اُسے چھوڑ نہین سکتا۔

اسلئے مین نے سوچا ہے کہ اگر ہم دو ہو جائین گے تو وہ اپنے آپ وہان سے چلی جائے گی۔ وہ یہان اس لئے ہے کہ مین اکیلا ہون۔ شاید وہ مجھ اکیلا نہین دیکھنا چاہتی

پھولونکی ڈالی

(از جناب مولانا محمود اسرائیلی صاحب)

یہ پھولونکی ڈالی ہے کہ گلدستۂ طوبیٰ
یا قوس کے رخسار پہ سہرے کی لڑی ہے

آویزان ہین ہر رنگ مین شبنم کے نگینے
اور عکس فگن اُنمین ہے خورشید کی تنویر

پرپونکا گلستان ہے کہ گہوارۂ عیسیٰ
یا لعل و زمرد سے لدی حور کھڑی ہے

چھوٹا سا فلک اُسمین ستارونکے دفینے!
یا جلوہ نما سیکڑون مہتابون کی تصویر!

بلبل کی طرح برگ جو پر تول رہے ہین
ممکن ہے کہ ہون سوئے چمن مائلِ پرواز

جو پھول شگفتہ ہے وہ ہے دیدۂ بیدار
اور ہر ورقِ گل مین ہے نرگس کی سی تحریر

یہ ذوقِ تکلم مین زبان کھول رہے ہین
ممکن ہے کہ دکھلائین کوئی نغمہ کا اعجاز!

یون دیکھ نہ ان پھولونکو محمود خبردار!
ہر پھول مین شمشیر برہنہ کی ہے تصویر

تخم تاثیر صحبت کا اثر

حمید کی عیاری اور مسعود کی سرگزشت

ایک دلچسپ فسانہ

(از جناب سید ممتاز حسین صاحب جونپوری)

نواب واجد خان ادھیڑ عمر کے ایک بزرگ شاہجہان پور کے شرفا مین سے تھے خدا نے گھر بار، روپیہ پیسہ سب کچھ دے رکھا تھا مگر انکے کوئی بیٹی بیٹا نہ تھا۔ بیٹا ہونے کی آرزو مین اُنھون نے خدا جانے کہان کہان کے گنڈے تعویذ بازو اور گلے سے اسقدر لگا رکھے تھے کہ اچھے خاصے نادیہ بیل معلوم ہوتے تھے۔ توہمات نے زور باندھا تو سیرون موصلی سرخ وسفید بھانک ڈالی۔ کوئی درگاہ اور کوئی پیر فقیر کی قبر نہین بچی جہان ایک جیتے جاگتے بیٹے کے لئے یہ نہ گڑگڑائے ہون۔ گھر کی بیوی پردے کے اندر الگ رنگ باندھے ہوئی تھین اور بڑے میان باہر کی دوڑ دھوپ مین جدا سر مارتے تھے۔ ایسے ایک فقیر کی دعا کیئے یا ساعت کا سنجوگ۔ خدا خدا کرکے واجد خان کے یہان میان مسعود پیدا ہوئے۔ ناچ مجرے، دھوم دھڑکے دن عید رات شب برات، ڈوم ڈھاڑیون کے پیچھے خلق اللہ کی دعوت، انعام اکرام کا وہ لگاتار زور رہا کہ ساون کی جھڑی شرما گئی۔ آخر یہی ہوا کہ چھٹی چلّے تک چوتھائی جائداد اڑ گئی۔

مسعود ناز و نعم مین پلنے لگا، محبت پدری کا یہ جوش کہ واجد خان جس بازار یا میلے مین نکل جاتے چڑیا مینا، تیتر بٹیر، امرود، کیلا، برفی، گلاب جامن، حلوا سوہن، ریوڑی کے کھلونے، بائسکل، واٹر پروف، گلوبند، موزہ ٹوپی، انگریزی مٹھائی بسکٹ، پاؤروٹی، ٹماٹر، کدو، خربزے، تربوز، چھینٹ تزیب، مخمل، چھتری، ڈیزلال ٹین، بھنے ہوئے چنے، پاپڑ، سہال، سونے کے بٹن، نان خطائی۔ الومینیم کی کٹوریان اور لوٹیا۔ تصویرین، کتابین، قواعد بغدادی، انڈین بنکوڈ اور الم غلم چیزین مسعود کے لئے خریدلاتے۔ گھر مین لاکر بیوی کو دکھا کر پہلے تو مسعود کے گرد ڈھیر کرتے پھر ادھر اُدھر کھلوا دیتے رفتہ رفتہ مہینون کی ایسی ہی خریداری سے سارا گھر اچھا خاصا نخاس ہوگیا۔ محبت کے نہ آنکھ ہوتی ہے نہ عقل۔ کوئی پوچھے کہ یہ ڈیڑھ مہینہ کا بچہ اور اسکے لئے ٹماٹر کدو اور کتابون کی سوغات۔ پھر ایک دن ہو تو کہا جائے مسعود کے گرد دنیا کی چیزون کا ڈھیر لگا دینے کا ولولہ کہا گرا کا بڑھتا ہوا پانی تھا جو نیچے ہی نیچے کھیت زمین اور گھر کی نیو کاٹتا جا رہا تھا۔ رسول صحابہ کے یہان بھی اولادین ہوئین۔ سلاطین کے گھرون مین بھی بچے پیدا ہوئے۔ ہمایون کے یہان اکبر اگر دوران سفر مین پیدا ہوا تو اکبر کے یہان شاہزادہ سلیم بڑی آرزون کے ہجوم مین اقبال و عروج کا ستارہ بنکر محل شاہی مین چمکا۔ کسینے بھی فضول خرچی سے اسطرح محبت کو بدنام کیا؟ مگر کہے کون۔ واجد خان کو جو سمجھائے اُسکی شامت آجائے۔ یہین بے داد و فریاد چند سال گزرے۔ وہ وقت آیا کہ مسعود کا مکتب ہوا۔ اسکی

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا خاص ترکیب سے بنتا ہے

فضول خرچیون پھر اسکے چند سال بعد ختنہ کی تقریب کے بیجا خرچ کا کیا اندازہ کیا جائے۔ قصہ مختصر یہ کہ جائداد رہن اور بیع ہوگئی۔ رفتہ رفتہ نوکر چاکر ایک ایک کرکے چلے گئے۔ چند بیگھہ کھیت اور کچھ دوکانون کا کرایہ اور تین جانون کا سہارا رہ گیا۔

مسعود مکتب مین کئی سال اُردو فارسی پڑھ کر جب چودہ سال کا ہوا تو واجد خان نے اسے انگریزی اسکول مین بھرتی کرادیا۔ شروع شروع مین مسعود جب اسکول گیا تو سال دو سال تک کسی سے ملتا جلتا نہ تھا۔ اگر کوئی سیگرٹ یا پان دیتا تو وہ سلام کرکے معافی چاہتا۔ وہ روز گردن جھکائے اسکول جاتا اور شام کو سیدھے گھر واپس آجاتا۔ سلیمان اسکا خالہ زاد بھائی تھا۔ اسی سے اسکو لگاؤ تھا اور اسکی دوستی پر اعتبار۔ وہ ایسے آوارہ لڑکون کو خوب سمجھنے لگا تھا جو اپنے وقت کے دشمن اور والدین کا سرمایہ برباد کرنے اور دوسرون کی زندگی تباہ کرنے کے لئے اسکول کو ایک شکارگاہ بنائے ہوئے تھے۔ مسعود کو جہان کسیکی نسبت آوارہ ہونے کی زرا بھی آہٹ ملتی وہ اُس سے کوسون دور بھاگتا۔ وہ جسقدر لوگون سے کھنچتا، اُتنا ہی اُسکی طرف کشش بڑھتی جاتی تھی۔ آخر اسکول کے لڑکون نے اسے اور سلیمان دونون کو ہاکی اور فٹ بال کے کھیل پر لگالیا۔ اب لوگون کو آزادی سے اس سے ملنے اور بات چیت کا موقع ملا۔ رفتہ رفتہ صحبت کے اثر سے ان دونون کو سیگرٹ پان اور بیڑی کا بھی شوق ہوا۔ اور زمانہ نے سلیمان کیطرح مسعود کو بھی اپنی راہ پر لگادیا۔ جسقدر جسقدر پڑھنے کیطرف سے مسعود کا دل اُچٹنے لگا اور آزادی کی بھنور مین پڑکر پہلے سال تو وہ امتحان مین پاس ہوگیا۔ دوسرے سال صرف ریاضی مین کچھ نمبر کم تھے مگر خدائی فوجدار لڑکے جنکے ہاتھ مین اسکول کی کمان تھی اور جنسے معلم بھی ڈرتے تھے مسعود کے طرفدار ہوگئے اور انھون نے اسے پاس کرالیا۔ نوین درجہ تک پہونچتے پہونچتے مسعود نے ہاتھ پاؤن نکالے اور سہ ماہی امتحان مین یہ چار چار مضمونون مین فیل ہوگیا۔ اب مسعود مانگ نکال کر ننگے سر اسکول آنے لگا اور کبھی کبھی بنارسی دھوتی بھی پہن کر اسکول کی نمائش مین حصہ لینے لگا۔ ماسٹر اور لڑکے کبھی کبھی اسپر آوازے بھی کسنے لگے نتیجہ یہ ہوا کہ اب مسعود نے اسکول سے غیر حاضر ہونا شروع کیا مگر والدین کو خبر نہین۔ سال ڈیڑھ سال کا زمانہ مسعود نے اسطرح گزارا کہ کتاب لیکر گھر سے جاتا اور بجائے اسکول کے کبھی مولوی اسلم کے یہان دن بھر شطرنج کھیلتا اور چار بجے گھر چلا آتا اور کبھی ادریس، مشتاق اور لچھمن کے گھرون پر جا کر لیٹتا اور چلا آتا۔ گھر مین یہ انتظام کہ گھڑی دیکھکر اسکول جانے کے وقت کے لئے دھوپ کا نشان بنالیا تھا جہان دھوپ اس خط تک رینگتی ہوئی پہونچی اُسنے کھانے کے لئے پاؤن پٹکنا شروع کیا۔ غریب ماں جیسے تیسے دو ٹکیان سینک کر کسی سالن کے ساتھ اسے دیتی اور یہ پھونک پھونک کر گرم گرم کھاتا اور جلدی جلدی پانی پی کر گھر سے نکل پڑتا۔ مدرسہ کے راستہ پر کچھ دور چل کر نظرون سے غائب ہوجاتا۔ اسکول کے یہ نصیب کہان جو مسعود اسمین دم بھر بھی بیٹھتا۔ کتاب بغل مین ہے، یار دوست ساتھ ہین۔ شہر سے دور نکل کر ندی کے کنارے چھوٹی چھوٹی مچھلیون کے سر سر تیرتے ہوئے بھاگنے پر کبھی یہ کنکریان پھینکتا۔ کبھی باغون مین ڈھیلے پھینک کر کچے پکے پھلون کو گراتا کبھی کسی عمارت کی دیوار کو کوئلون سے ایک گنہگار کے نامۂ عمل کیطرح مخش گالیون سے سیاہ کرتا۔ کبھی سنسان سڑک کے پل پر پہاڑ ایسے دن کاٹتے کاٹتے تھک کر بیٹھتا اور کبھی لمبی لمبی سڑکون کی اُداسی اور میل کے پتھر کی تنہائی کو دیکھکر کھدے ہوئے ہندسہ اور حرفون پر بار بار انگلی پھیرتا کبھی کنارے کے دیہاتون مین نکل جاتا اور چنے اور مٹر کے کھیتون مین تازہ پھلیان توڑنے کے لئے گھستا پھر دور سے کسی کسان کی آواز

عطر حنا جو صفدر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا بنا ہوا ہے اسکا نسخہ ہی مختلف ہے

اور للکارنے پر جوتا ہاتھ مین لئے بھاگتے بھاگتے ہانپنے کے لئے ٹھہرتا اور پھر بھاگتا کبھی چڑیون کے گھونسلون کو نئی نئی طرح سے اوجاڑنے مین ایجادون کی داد دیتا۔ غرض کہ اسیطرح روز دن بھر کا وقت پورا کرتا اور شام کو گھر پلٹ آتا اور دوسرے دن پھر سورج کی چال کے ساتھ ساتھ وہی کل کا روزنامچہ دُہراتا۔ گھر پر پلٹتا تو سوکھا ہوا منہ سارے گھر کی ہمدردی اپنی طرف کھینچتا۔ ماں اس سہارے پر خوش کہ بیٹا پڑھ لکھ کر کماست ہوگا تو دن پھریں گے۔ اس دکھیاری کو کیا خبر کہ گھر بار کے اُجڑنے کی داغ بیل لگ چکی اور امید بگلا بھگت بن کر دھوکا دے رہی ہے۔

مسعود شام ہی سے چراغ لیکر بیٹھتا۔ کچھ دیر تو انگریزی کتاب کے اوپر ہکھ کر نادل پڑھتا کچھ لکھنے لگتا بیچاری ماں خاموش بیٹھی اپنے خاندان کے چشم و چراغ کو ٹکر ٹکر دیکھتی اور کبھی چراغ کی لہراتی ہوئی لو پر نظر کرتی۔ مسعود روز کئی کئی صفحہ کا خط لکھتا اور کبھی کچھ لکھا ہوا کاغذ جلا دیتا ماں یہ سمجھتی تھی کہ یہ اسکول کا کوئی کام ہوگا۔ واجد خان ایک تو الف کے نام لٹھہ بھی نہین جانتے تھے پھر افیون کے شوق نے اور سونے مین سہاگا ملا دیا تھا۔ مسعود حُسن و عشق کے نادل پڑھنے کا بڑا شائق تھا کچھ تو کتابون کے مضمون سے اُڑا کر اور کچھ باہر کی صحبتون سے خیال جوڑ بٹور کر وہ دوسرے تیسرے الف لیلہ کے قصہ کیطرح ایک خط تیار کرتا اور صبح کو کہین جا کر دے آتا۔

ڈھونڈھا جائے تو ہر ایک بستی مین ایک آدھ ایسے ذات شریف بزرگ ملینگے جنکے فیض و برکت سے اُٹھتی ہوئی جوانی کے الھڑ فرزندان قوم حضرت عزازیل کے مریدون مین شامل ہو جاتے ہین۔ یہان یہ خدمت میان حمید کے سپرد تھی۔

ایک دن حمید اور مسعود کی ملاقات ہوگئی تھوڑے ہی دن مین مسعود حمید کا بندۂ بے دام ہوگیا حمید اور مسعود کی دوستی بڑھتی گئی۔ یہانتک کہ حمید کے مشورے سے مسعود نے ایک روز اپنے گھر کے تمام زیور اور نقد اور جواہرات جو حفاظت سے کسی آیندہ ضرورت کے لئے ایک جگہ رکھے تھے نکال کر ایک درخت کے نیچے دفن کر دئے پھر اپنے کچھ کپڑے ایک روز لیجا کر باہر کے حصۂ مکان مین کہین چھپا آیا۔ حمید کی صلاح سے ایک خاص دن طے پایا اُس روز حمید کسی جگہ شرک پر تانگہ لئے موجود تھا۔ مسعود حسب معمول کہا پی کر کتاب لئے اسکول جانے کے لئے اُسی پرانے اصول سے نکلا۔ باہر رکھے ہوئے کپڑے کی گٹھری اور زیور و جواہرات وغیرہ کا صندوقچہ باغ سے کھود کر تانگہ تک بھجوا دیا۔ دونون اسٹیشن پر آئے اور ریل پر سوار ہو کر بمبئی کو روانہ ہوگئے۔

مسعود چلنے کو چلا لیکن دل مین ایک کھٹک لیکر چلا۔ اسے بار بار امینہ کا خیال ستا رہا تھا اُس کی آوارہ زندگی کی سیاہی مین اگر کوئی روشن حصہ رہ گیا تھا تو وہ امینہ کی سچی محبت تھی جس سے اُسے خلوص بھرا لگاؤ تھا امینہ ڈپٹی حکایت یار خان صاحب کی اکلوتی بیٹی تھی جو اُس زمانہ مین شاہجہان پور صدر کے حاکم پرگنہ تھے۔ گو وہ ایک ٹھینٹ پرانی وضع کے بزرگ تھے مگر سنجیدہ خیال۔ انکی لڑکی پڑھی لکھی خوش سلیقہ تھی۔ شاہ ملار صاحب کی چھڑیون کے میلے مین آتے جاتے میان مسعود کا سامنا ہوگیا تھا اُن دنون دلون مین ایک خیال سا اُبھر چلا تھا۔ میان مسعود کے خطون کی بھرمار نے اُسکی دلی کیفیت مین گرمی تو پیدا کر دی تھی مگر خاندان کا پاس اور گھر کی آبرو کے لحاظ نے بات اعتدالی حالت سے بڑھنے نہ دی۔ وہ اُن لڑکیون مین تھی جو والدین کی اطاعت مین اپنی تمام آرزون کا خون ہو جانے دین مگر اُف نہ کرین سلیمان اور حمید اس راز سے کچھ کچھ واقف تھے مگر مسعود کے دل مین بچے بچائے ہوئے شرافت کے ذرّون نے اس معاملہ مین ان دونون کا دخل زیادہ نہونے دیا۔ انسان کا شیطان انسان ہوتا ہے حمید نے اس واقفیت سے موجودہ موقع پر فائدہ اُٹھایا اور مسعود کے دل سے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت باعث صرف عطر حنا ہے

محبت کی گرمیون کو ٹھنڈا اور تفریح قلب کا بھڑکیلا سامان بہم کرنے کے لئے بی فیروزی سے پہلے ہی سے کہہ سن رکھا تھا وہ بھی اٹھلاتی ہوئی آئین اور اسی گاڑی مین بیٹھکر بمبئی کی ہم سفر ہوگئین۔

شاہجہان پور کی شام آج عجیب حسرتون کا مرقع لئے ہوئے آئی شام کو حسب معمول جب مسعود گھر پلٹ کر نہ آیا تو اُسکی مان کو اُلجھن ہوئی۔ اور دیر ہوتی گئی اور شام ڈھلتی گئی اب مان کی بے چینی تھی کہ انگارے پر لوٹ رہی تھی۔ کبھی دروازہ تک جاکر جھانک آتی کبھی کوٹھے پر چڑھ کر ادھر اُدھر دیکھتی اور آنسو بہرے اُتر آتی۔ کبھی کھانا پکانے کے لئے چولہے کی آگ پھونک کر جلاتی، کبھی آنسو گر گر کر انگارون کو ٹھنڈا کر دیتی پھر دفعتاً جھپٹ کر در تک پہونچ جاتی اور یہ کہتی پلٹ آتی کہ "نہ جانے میرا لال کدھر گیا" رات آئی شہر سے واجد خان افیون، مٹھائی۔ تمباکو اور پان لئے آئے۔ گھر مین سناٹا اور بیوی کی پریشان حالت دیکھکر ماجرا پوچھا اور جلدی جلدی مسعود کو ڈھونڈھنے نکلے۔ محلہ مین جہان جہان اُسکی نشست برخاست تھی دیکھا پھر شہر مین جا بجا ڈھونڈھا آخر تھک کر گھر آئے اور رات کو پڑ رہے۔ پھر دوسری صبح کو اسکول جاکر پوچھا تو معلوم ہوا کہ مسعود کوئی ڈیڑھ سال سے نہین آتا اور مدت ہوئی کہ نام کٹ گیا۔ یہ سنکر اور تردد بڑھا۔

دو چار دن گزرے جب زر اول ٹھہرا تو ایک روز مسعود کی مان نے بڑا صندوق دیکھا تو روپیہ جواہرات اور سونے کے زیور کا صندوقچہ غائب مسعود نے اپنے کو ایسا سیدھا سادا اور غریب مزاج ثابت کر رکھا تھا کہ بھولکر بھی شبہہ نہین ہوتا تھا کہ یہ اسکی حرکت ہے۔ مان نے سر پیٹ لیا اور کہا کہ جب میرا لال نہین تو جواہرات اور زر و زیور سب اسپر تصدق۔ کچھ لوگون کی صلاح ہوئی کہ تھانہ مین رپورٹ کر دی جائے مگر بعض دوستون نے کہا کہ لڑکے کے پھنس جانے کا اندیشہ ہے قصہ مختصر جب سب طرح کی کوشش کرکے ہار گئے تو واجد خان اور انکی بیوی چپ چاپ ہوکر بیٹھ رہین مگر گھر ایک ویرانہ سے بدتر تھا۔ واجد خان کے دوست شیخ سبحان علی نے جاکر مولوی عبدالعزیز صاحب سے دیوان حافظ کی فال دکھلائی تو یہ نکلا

بوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعان غم مخور
کلبۂ احزان شود روزے گلستان غم مخور

شیخ سبحان علی نے خوشی خوشی واجد خان کو تسکین دی۔

ادھر مسعود بمبئی پہونچا اور سیر کی سوجھی۔ گویا چشتا چودوین کا چاند تو تھا ہی چہرے مہرے سے بھی درست پھر ناز و نعم مین پلا ہوا بچہ۔ جوش بھری کافر جوانی، جدھر نکل جاتا خدا کی دنیا کے فدا ذرے مین اُسکے حسن کی چھوٹ سے برق طور لوٹتی پھرتی بھوانی کے دوڑتے ہوئے خون کی سرخی ہونٹھون کی ہلکی پھلکی کی ٹٹی کے آڑ سے شکار کھیلتی۔ اسکے گھونگروالے بالون مین تسبیح کے دانون کی طرح سیکڑون بیتاب دل گندھے ہوئے، دونون ابرو مین ارجن کی تڑپتی ہوئی روح پھر سے دنیا کو تیر اندازی کا بھولا ہوا فن سکھانے کے لئے ہر وقت کمان کھنچے ہوئے تیار۔ زمانہ بھی وہ زمانہ کہ اخلاقی صحیفے جزدانون مین پیچیدہ۔ شریعت اور شاستر زمانہ کے رسم و رواج کے ماتحت۔ بداخلاقی کے جراثیم کا سیلاب نماز و روزہ غریب مسعود پہلے پہل تو زمین پر گرجانیوالے ایک پھولدار رومال کی رہنمائی پر محبت کا راستہ چلا ہی تھا کہ حمید ایسے تجربہ کار اور بی فیروزی کے ساتھ وہ بمبئی آیا اور کراچی جانے کے لئے ایک جہاز پر سوار ہوکر طوفانی سمندر مین چلا آخر کراچی پہونچکر ہوٹل مین ٹھہرا۔ یہان آزادی اور اطمینان نصیب ہوا ایک شام کو مسعود بیٹھا ہوا کچھ سوچ رہا تھا اور اسے ماں باپ اور گھر کی یاد آرہی تھی کہ فیروزی نے یہ عالم دیکھکر جام و مینا پیش کرکے ناز سے کہا مسعود، مسعود، ذرا ادھر تو دیکھنا۔

زعفران خالص کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خریدیئے

شاید کہ پیام آیا پھر وادی سینا سے
شعلہ سے لپکتے ہین کچھ کسوت مینا سے

مسعود۔ "یہ کیا ہے"۔

فیروزی۔ ایک روح پرور عرق۔ ایک پیام مسرت۔ ایک فردوس عشرت"

مسعود "پھر اسکا فائدہ"

فیروزی نے ایک گلاس بھر کر مسعود کو دیا اور کہا کہ اسے پی لو۔ ہوش و خرد کی توفیق ہوئی تو خود تمکو معلوم ہو جائیگا کہ یہ کیا جوہر ہے۔

حمید بیٹھا ہوا مسکرا رہا تھا اُسنے بھی ہان مین ہان ملائی۔ سچ پوچھئے تو فیروزی کے پردے مین حمید ہی یہ نیا گل کھلا رہا تھا۔ مسعود اور حمید سے ایسی بے تکلفی اور گہری دوستی تھی کہ حمید زہر بھی دیتا تو مسعود اُسکو امرت سمجھکر پی لیتا۔ نہ کہ اس سفر مین تو حمید خضر راہ تھا اور اسکو یہی دہوکا تھا کہ یہ دن یومین فردوس برین کی سحر بن کر آغوش عشرت مین اسے تمام عمر لئے رہینگے۔ حمید کی موجودہ جادو اثر تواضع مدارات اور دوستی پر وہ تیار تھا کہ گھر بار اور ماں باپ کیسے ایک بار بہشت مین بھی جانے سے انکار کر دے۔

فیروزی نے مسعود کو جام دیا اور اُسنے پی لیا پھر اسنے پیا اور پھر اُسنے پیا یہانتک کہ دونون چہک گئے اور شراب کے بُرے اثرات کا شکار ہو گئے۔ اب مسعود کو خود اسکا چسکا پڑ گیا۔ پورے سال بھر سندہ کی سیر سے لاہور اور دہلی مین پھرتے ہوئی یہ ٹولی آگرہ آئی۔ یہان ایک کرایہ کا مکان لیا گیا اور حسن اتفاق تو دیکھئے کہ آدہ گھنٹہ کے اندر ملازمت ڈھونڈھتے ہوئے ایک صاحب کلونا نی آنکلے اور حمید کی سفارش پر ملازم بھی رکھ لئے گئے۔ مسعود کی اُٹھتی ہوئی جوانی نے خوب ہاتھ پاؤن نکالے یہان رہ کر دس گیارہ مہینون مین جسقدر بے اعتدالی اور بے عنوانی خیال کی جا سکتی ہے سب مسعود نے سمیٹ لی۔ آخر کندن سے بدنکا جوہر اُڑنے لگا۔ چاند سے چہرے پر جھائیان پڑنے لگین۔ رنگ کالا ہو چلا، آنکھون مین حلقے پڑ گئے۔ گال پچک گئے مگر شراب تھی کہ منہ سے لگی ہوئی ہے۔ ایک دن مسعود نے خوب چڑھائی۔ صبح کو نشہ سے جب آنکھین کھلین تو اسے اپنے دوست اور خالہ زاد بھائی سلیمان کا خط ملا جسمین یہ لکھا تھا کہ "پیارے مسعود کیونکر لکھا جاے کہ تمہارے یہان سے جانے کے بعد محلہ مین ہیضہ کا زور ہوا۔ گھر کے گھر صاف ہو گئے اور تمہارے والدین کا بھی اسی مین انتقال ہو گیا مرتے وقت تمہاری مان نے بہت تڑپ تڑپ کر تمھین یاد کیا۔ کوئی اتنا نہ تھا جو حلق مین پانی ٹپکاتا۔ ہملوگ چند عزیز رہ گئے تھے۔ جنہون نے تجہیز و تکفین کر دی اُنکے آنکھ بند کرتے ہی تمہارے لاپتہ ہونے سے مکان لاوارث قرار پایا۔

بابو سیتارام صاحب چیرمین میونسپل بورڈ نے اسے میونسپلٹی کے نیلام مین خرید کیا اور اب کھدوا کر نمگلہ بنوا رہے ہین محلہ مین رہنے کا مزہ نہین رہا۔ ہملوگ بھی سنبھل چلے آئے ہین"۔ مسعود یہ خط دیکھکر پہلے تو بہت متغیر ہوا کہ سلیمان کو میرا پتہ کیسے معلوم ہوا پھر وہ کچھ سوچ کے پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔ حمید نے اسکے ہاتھ سے جلدی سے وہ خط چھین لیا اور اسکو بہت تسلی اور دلاسا دیا اور کہا کہ ہم تمہارے مدد کے لئے ہمیشہ تیار ہین۔ دو سال مین ہماری جائداد کورٹ سے چھوٹ جائیگی تم اسکا انتظام کرنا حمید نے فیروزی کو الگ لیجا کر سمجھایا اور خط جو مسعود کے وطن سے آیا تھا سنایا اور کہا کہ اب انکی پونجی ختم پر ہے انکو سیر کے بہانہ دیرہ دون لے جاتے ہین تم کل دہلی کے رئیس امداد اللہ خان صاحب کے یہان کلو کو لیکر چپکے سے چلی جانا۔ انکے یہان تمہارا انتظام ہو گیا ہے۔ ادہر حمید نے مسعود کو یہ پٹی پڑھائی کہ اسوقت تمکو بہت صدمہ ہے اور ہونا بھی چاہیئے چلو

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے یہان کے عطریات ایک مرتبہ تجربتاً ملاحظہ ہون۔

دیرہ دون دو چار دن کے لئے تبدیل آب و ہوا اور سیر کی غرض سے ہو آئین اور ان لوگون کو یہین چھوڑ دین —

ادہر قیمتی بکس و پارچہ وغیرہ لیکر مسعود اور حمید دیرہ دون روانہ ہوئے ادہر فیروزی نے دہلی کی راہ لی۔ اور کلو ایک پرانے سکھائے پڑھائے آدمی کی طرح جو کچھ دری اور فرش فروش تھے سب سمیٹ کر سیدھے میرٹھ پہونچا۔

مسعود اور حمید نے دیرہ دون مین پہونچکر اسٹیشن کے قریب مسلم ہوٹل مین قیام کیا۔ اس اثنا مین حمید نے انتظام کیا تہا کہ ٹھیک ۲۰ جون ۱۹۲۷ء کو جس دن مسعود اور حمید مسلم ہوٹل مین جاکر ٹھہرے تھے خورشید اور سردار بھی وہین آگئے۔ کئی دن پینے پلانے کا دور رہا اور یہ سب بھی مسعود کے یار عار ہوگئے۔ سردار ایک دن رہ کر چلا گیا مگر چپکے سے جاکر ویٹنگ روم (اسٹیشن کے انتظار خانہ) مین ٹھہر گیا۔ رات کو خورشید نے حمید کی مدد سے جب مسعود شراب مین مدہوش پڑا تہا جتنے قیمتی بکس وغیرہ تھے سب سردار کے پاس پہونچا دئے سردار اسکے بعد ہی پہلی ٹرین سے میرٹھ روانہ ہوگیا ادہر خورشید آکر مسعود اور حمید کے ساتھ مسلم ہوٹل مین چپکے سے پہر سو رہا صبح کو سب سے پہلے اور بھلا کوئی کیون اٹھتا مسعود اٹھا اور اسنے دیکھا کہ آئینہ کنگھا جواہرات کا صندوقچہ سوٹ کیس اور سب سامان غائب اور کمرہ کا کمرہ کھلا ہوا ہے مسعود نے حمید کو جگایا اور حمید نے تحیر اور غم کے لہجہ مین خورشید کو جگایا۔ خورشید نے بہت آہ اور واویلا کی اور نمایشی پریشانی اس شدومد سے ظاہر کی کہ مسعود ہکا بکا ہوگیا۔ مسعود اور حمید کی قمیض کے جیب مین کچھ نوٹ پڑے رہ گئے تھے جو اسوقت کام آئے اسمین سے خورشید نے گھر پر جاکر رقم بھیجنے کے وعدہ پر ۵۰ قرض لیا اور بظاہر مالیر کوٹلہ جانے کا ارادہ ظاہر کیا جہان کا پتہ اسنے مسعود کو لکھایا تہا روپیہ پاکر وہ بھی میرٹھ روانہ ہوگیا حمید نے جب دیکھا کہ سب مال میرٹھ پہنچ چکا اور مسعود کے ساتھ عیش کے دن کی دوپہر بھی ڈھل گئی تو ایک دن بازار کے بہانے سے وہ بھی ہوٹل سے نکلا اور سیدھا میرٹھ پہونچا۔ یہان سردار خورشید اور کلو پہلے ہی سے آچکے تھے۔ سب نے مال اور جواہرات مین حصہ بانٹا اور پہر نئے شکار کی تلاش مین ادہر ادہر روانہ ہوگئے۔

غریب مسعود نے حمید کا کئی دن انتظار کیا مگر حمید کہان۔ گھبراکر ڈھونڈھنے نکلا مگر کچھ پتہ نہ چلا مسعود کے پاس اب ساری کائنات تیس روپیہ کے نوٹ ہین۔ اسوقت اسکو اپنے بچپن کا زمانہ یاد آرہا ہے پیاری امینہ اور والدین کا خیال ہے اور انکی غمگین موت کا تصور وہ خوب پھوٹ پھوٹ کر رویا پھر حمید کو مالیر کوٹلہ کے پتہ سے تار دیا مگر تار واپس آیا۔ اب مسعود کو کچھ شک ہونے لگا مگر ابھی حمید کی دوستی کی طرف سے وہ بدعقیدہ نہین ہوا تہا وہ پلٹ کر آگرہ آیا تو یہان نہ فیروزی تہین نہ میان کلو۔ مکان جسمین وہ انلوگون کو چھوڑ گیا تہا اسمین لالہ فسادی لال وکیل کا سائن بورڈ آویزان تہا اور باہر کے جس کمرہ مین جہان فیروزی اور مسعود رہتے تھے وہان لالہ صاحب کی ایک میلی کچیلی متبرک دھوتی جسمین جابجا پیشاب کے دھبے تھے فیروزی اور کلو کی قائمقام پھیلی ہوئی ہوا کہا رہی تھی۔ مسعود کو بڑی حیرت ہوئی کہ یہ ماجرا کیا ہے۔ دیر تک دروازے پر کھڑا سوچتا رہا پہر جاکر ایک سرائے مین قیام کیا۔ مسعود کی سمجھ مین نہین آتا تہا کہ اب وہ کیا کرے اور کہان جائے۔ اسے فکر ہوئی کہ کہین کوئی نوکری ملے تو کرلے پڑھا لکھا تو واجبی تہا جس دفتر مین جاتا تہا وہان بی۔ اے۔ ایم۔ اے اور سال ہا سال کے امیدوارون کی بھرمار پہر قومی تعصب۔ یہہ کچھ پاس نہ تہا اور اسٹیشنون اور ہوٹلون مین مٹی ہاتھ پلیٹ صاف کرتے ہوئے نظر آتے تھے۔ اب اسکی آنکھ کھلی اور آج اسنے

افشانی قوام اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

گویا پہلی مرتبہ ہندوستان کی دنیا کا صحیح نظارہ کیا۔ وہ بچپن کے دوست اور وہ جوانی کے ہمدم اور رفیق جن پر اسے کیا کچھ بھروسہ نہ تھا سب دھوکے کی ٹٹی ثابت ہوئے۔ اب نہ اسکا حسن کام آتا ہے نہ بانکی چتون۔ دنیا نظر مین تاریکی قبر سے بھی بدتر تھی۔ روتا تھا مگر بے سود بچپن کو یاد کرتا تھا مگر بیفائدہ زمانہ ایک خاموش واعظ بن کر گویا چپکے چپکے کہہ رہا تھا کہ وہ باغ اور ندی کی سیر وہ کچے پکے پھلون کا توڑنا وہ پھلیون پر کنکڑیان پھینکنا وہ کسان کے کھیت مین مٹر کی پھلیان اور چنے توڑنے کے لئے گھسنا وہ اسکول کا ناغہ کر کے دن دن بھر اسلم کے یہان شطرنج کھیلنا وہ ادریس اور رشتاق وغیرہ کے گھرون پر پڑے رہنا وہ امینہ کی محبت مین لمبے لمبے خطون کا لکھنا وہ اسکول کو خیرباد کہہ کے والدین کو فریب دینا سب یاد تو ہوگا۔

مسعود کے حافظہ کے سامنے اسکی بداعمالی کی ایک لمبی فہرست پھیلی تھی اور وہ زندگی کے پل پر بیٹھا رو رہا تھا اور اسطرح خیالات کی رو مین آنسو اسے دور تک بہائے لئے گئے کہ اسے یہ بھی ہوش نہ تھا کہ وہ ایک شارع عام پر ہے یا گھر مین۔

شام کا وقت تھا۔ ڈوبتے سورج مین مسعود کے متزلزل ارادون کا عکس پڑ رہا تھا۔ شام کے بھیانک سناٹے نے مسعود کے رنجیدہ دل سے کچھ اُداسی کا اثر مانگ لیا تھا۔ ایسے عالم مین اس سنسان سڑک پر ایک مرد بزرگ چھڑی ہاتھ مین لئے ٹہلنے نکل آئے۔ انھون نے مسعود کے قریب آکر پوچھا کہ کیون روتے ہو۔ مسعود نے یکایک جھجک کر اور ڈر کر کہا کہ کچھ نہین۔

یہ حکایت یار خان ڈپٹی کلکٹر تھے۔ ان پر مسعود کے رونے کا خدا جانے کیا اثر پڑا تھا کہ انھون نے بہت دلدہی کی اور پھر پوچھا۔ مسعود نے مختصراً اپنی سرگزشت بیان کی اور اپنے والدین کے مرنے کا واقعہ بھی دُہرایا اور پھر رو دیا۔ حکایت یار خان شاہجہان پور کے قیام کی وجہ سے مسعود کے والد سے اچھی طرح واقف تھے۔ یہ مسعود کو اپنے ساتھ اپنی کوٹھی پر لائے اور سرائے سے اسکا اسباب بھی منگوالیا۔ اولاد کیطرح اسکی تربیت کی۔ ایک گز بکوٹ اسکے پڑھانے کے لئے رکھ دیا اور اپنے ساتھ دسترخوان پر کھلاتے اور جو خود پہنتے وہ اسکو پہناتے رہے۔ اسوقت انکے اہل و عیال کسی وجہ سے انکے وطن فرخ آباد مین تھے۔ اسیطرح ڈیڑھ سال کا زمانہ کھنچ گیا۔ اسنے اتنے دنون مین محنت کر کے پنجاب یونیورسٹی سے میٹریکولیشن امتحان بھی پاس کر لیا اور انگریزی بولنے چالنے مین خاصی مہارت پیدا ہوگئی۔ دنیا کا بہت کچھ تلخ تجربہ ہو چکا تھا اور وہ ناروا عیش و عشرت کا کڑوا مزہ چکھ چکا تھا۔ لوگون سے ملنا جلنا قطعاً چھوڑ دیا تھا۔ ادھر مسعود کی روحانی اور اخلاقی ترقی ہوئی اُدھر اطمینان اور سکون کی زندگی نے شباب زلیخا کیطرح پھر مسعود کے رنگ و روپ کو چمکا دیا۔ اب وہ تھا یا کتابین تھین یا اخبار اور جریدے۔ جنکے صفحون پر تنہائی مین اس گھر کی رہنی والی مگر آنکھون سے اوجھل امینہ کی جھلک نظر آتی تھی۔ پوشیدہ مراسلت کا سلسلہ اب نئے سرے سے جاری تھا مگر اب الفاظ مین جوش جنون کی جگہ متانت کا عالم زیادہ تھا اور جذب محبت کا زور الفاظ کے پردے مین روپوش تھا۔ مسعود اب امینہ کو کسی اور آنکھ سے دیکھتا تھا۔ مسعود کی نظر مین اب امینہ کی الفت کے ساتھ ادب کا پہلو بھی لئے ہوئے تھین جس پر امینہ کے خیالات مین اُلجھن سی پیدا ہوتی تھی۔ وہ کڑھتی تھی مگر یہ اپنی حد مین رہتا دونون خدا سے لو لگائے امید کے دن گزار رہے تھے اور لطیفۂ غیبی کے منتظر تھے۔

ڈپٹی صاحب نے ایک دن اپنے آرام کمرہ مین مسعود کو بلایا اور اپنی جائداد اور بینک کے روپیہ اور کوٹھی وغیرہ کے متعلق انگریزی چٹھیان دیکر مطلب پوچھا گفتگو کے سلسلہ مین یہ بھی اشارون مین ظاہر کر دیا کہ انکی تمام

خالص روغن بادام کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید فرمائیے

وارث کی تنہا مالک فقط لڑکی ہے جسکا شریک زندگی مسعود کو بنانا انکو دل سے پسند ہے مسعود پر حکایت یار خان کے اتنے احسانات تھے کہ وہ سر نہیں اٹھا سکتا تھا اور پھر اُسکی منہ مانگی مراد ملتی تھی اسنے سر تسلیم خم کر دیا اور آنکھین ڈبڈبا آئین۔ بات دلون مین طے ہو گئی گزری ہو گئی۔ اتنا ہوا کہ بنک کا کچھ حساب اسکے نام سے کھول دیا گیا مسعود اب بالکل گھر کے مالک کیطرح نظر آنے لگا۔

ایک روز وہ ڈپٹی صاحب کے کتب خانہ کی کتابین الٹ پلٹ رہا تھا کہ ۱۹۰۷ء کے ایک اخبار کی اسے جلد مل گئی۔ یہ سنہ اسکو بہت عزیز تھا کیونکہ اسی سنہ مین یہ گھر سے نکلا تھا اور اسکی زندگی کا انقلابی دور اسی سنہ سے شروع ہوتا تھا۔ اسنے الٹ پلٹ کر اخبار دیکھنا شروع کیا تو ایک جگہ یہ خبر دیکھی کہ بمبئی سے ایک جہاز کراچی کو جا رہا تھا سمندر مین طوفان آیا اور جہاز غرق ہو گیا اسی جہاز مین نواب واجد خان صاحب رئیس شاہجہان پور کا اکلوتا فرزند مسعود عالم خان بھی تھا۔

مسعود کو یہ خبر دیکھکر وحشت بھی ہوئی اور حیرت بھی۔ پھر تھوڑی دیر بعد وہ مسکرایا کہ مین تو اچھا خاصا ہٹا کٹا زندہ بیٹھا ہون۔ یہ آخر ماجرا کیا ہے۔ وہ سوچا کہ سوا فیروزی اور حمید کے کوئی دوسرا اس سفر کی تفصیل سے واقف بھی نہین مگر یہ دونون تو برابر میرے ساتھ ساتھ اُس زمانہ مین رہے۔ اسکے چھپوانے سے کیا فائدہ سمجھ مین کوئی بات صاف نہ آتی تھی تاہم اب اسکو سکون اور اطمینان کے ساتھ اپنی خداداد ذہانت کو کام مین لانے کا موقع حاصل تھا اسلئے وہ اس نتیجہ پر بہت جلد پہونچا کہ ہو نہو یہ حمید کی حرکت ہے۔ اسے معلوم تھا کہ امینہ یہ اخبار پڑھتی تھی اور اپنے محلہ مین دو ایک جگہ اور یہ اخبار آتا تھا۔ اسطرح مرنے کی خبر مشتہر ہو جانے پر اسکی طرف سے سب کو صبر آجائیگا اور کسیکو مزید تلاش کی فکر نہ ہوگی۔

اب حمید کیطرف سے اسکے دل مین نفرت پیدا ہونے لگی اور اُسنے بخوبی سمجھ لیا کہ حمید کی دوستی نے اسکا بیڑا غرق کر ہی دیا تھا اور اگر غیبی مدد نہ ہو جاتی تو اسکی زندگی سیلاب مین ایک بہتے ہوئے تنکے سے بھی بدتر ہو جاتی وہ سمجھ رہا تھا کہ اسکی طرح خدا جانے کتنے جوانان قوم کو حمید نے تباہ کیا ہوگا اور نہ جانے کتنے گھرانے تباہ اور بے چراغ کئے ہونگے۔ اب اسکو ایک ایک کر کے سب باتین یاد آتی جاتی ہین جن پر عمل کرنے کے لئے حمید اسکو طرح طرح سے آمادہ کرتا تھا۔ اسے یہ بھی یاد آگیا کہ خود غرضی اور کسی مصلحت سے حمید نے کیونکر ایک بڑی عادت پر رشید کو لگا دیا تھا جس سے اسکو عورتون سے نفرت ہو گئی تھی۔ اسوقت دوپہر کا وقت تھا اور تنہائی کا عالم تھا۔ مسعود کے سامنے حافظہ اور معلومات نے حمید کی تاریک زندگی کا صحیفہ کھول کر رکھ دیا اور وہ اسکی ایک ایک حرکت پر غور کرتا اور نفرین کرتا تھا اور تعجب کرتا کہ کیا تمام رہبران قوم اور معلمین اخلاق آنکھین بند کر کے ملک کی ترقی اور صحت عامہ کے لئے کوشش کر رہے ہین کہ خدا کی دنیا یون بدکارون کے ہاتھون تباہ ہو رہی ہے اور کوئی کچھ بھی اسکا بنا نہین سکتا کیا سب والدین میرے والد مرحوم نواب واجد خان اور میری والدہ مرحومہ کیطرح اپنے لڑکون کی تعلیم اور اوقات فرصت کے مشغلون سے یون بے خبر رہتے ہین۔ کیا نسل انسانی کی تباہی اور اخلاق و صحت کی بربادی کے ذمہ دار معلمین اخلاق اور رہبران ملک اور والدین نہین ہین؟

حمید کا بے کہے سُنے دیرہ دون کے مسلم ہوٹل سے یون غائب ہو جانا اسوقت مسعود کو یقین دلا رہا تھا کہ جو کچھ ہوٹل مین ہوا وہ حمید کی سازش سے ہوا۔ فیروزی اور کلو کا یون غائب ہو جانا کہ انکے نقش قدم

کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ کی ایک شاخ چاندنی چوک دہلی مین ہے

تک کا پتہ نہ ملا تنہا حمید کی عیاری کا نتیجہ تہا۔ یہ دل مین کہتا اور سنبہلتا ہوا مسعود اپنے کمرہ مین چلا آیا اور اپنی نوٹ بک مین کچھ نوٹ کرنے لگا۔

دن گزرا رات آئی اور یوہین کتنے دن رات گزرے یہانتک کہ مسعود کے باغ امید مین بہار آنے کی تاریخ مقرر ہوئی۔ شادی کے رقعے بٹے۔ احباب واعزا کو خطوط بہیجے گئے۔ انتظام ہونے لگا اور ڈپٹی حکایت یار خان صاحب کی لڑکی امینہ کے ساتھ مسعود کا عقد ہو گیا۔ مسعود اور امینہ کی خوشی کا اندازہ کرنے کے لئے انہین دونون کا ایسا دل چاہئے جس گہر مین دو لال شب چراغ بن کر چمکین اسکے مقدر کا کیا کہنا۔

دعوت ولیمہ مین ڈپٹی صاحب نے اپنے اُن جگہون کے چیدہ چیدہ احباب کو بھی بلایا تہا جہان جہان وہ برسر ملازمت رہے تھے شاہجہانپور کے پرانے دوستون مین شیخ سبحان علی اور بسم اللہ بیگ بھی مدعو تھے۔ رقعہ مین نوشاہ کی ولدیت مین نواب واجد خان صاحب کے ساتھ مرحوم کا لفظ دیکھکر یہ لوگ بہت ہنسے۔ شیخ سبحان علی وغیرہ نے نواب واجد خان صاحب سے پوچھا کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ واجد خان نے کہا کہ آپ تو جانتے ہی ہین میرے ایک ہی لڑکا تہا جو گھر سے بہاگ گیا تہا اور اخبارون مین چھپا تہا کہ کراچی جاتے ہوئے وہ سمندر مین ڈوب گیا۔ مدت ہوئی کہ ہملوگ اسے رو پیٹ کر بیٹھے اور اب تو خود مُردون سے بدتر ہین۔ انلوگون نے ڈپٹی حکایت یار خان صاحب کو استفسار حال کے لئے خطوط لکھے شادی اور عقد تو پہلے ہو ہی چکا تہا جسمین مخصوص احباب اور اعزا مدعو تھے یہ دعوت ولیمہ کا رقعہ بعد کو تقسیم ہوا اسکے بعد اب کیا ہو سکتا تہا۔

ڈپٹی صاحب انلوگون کے خط دیکھکر سناٹے مین ہو گئے۔ مسعود کو بلایا۔ ادہر اُدہر کی باتین کرکے پوچھا کہ آپ کو اپنے والدین کے مرنے کی خبر کیسے اور کب معلوم ہوئی تھی۔ اسنے سب حال سنایا۔ مسعود نے بہت کچھ پوچھا کہ جناب نے یہ کیون دریافت فرمایا۔ ڈپٹی صاحب نے کہا یونہین پوچھا۔

اسوقت ڈپٹی صاحب بات کو ٹال گئے اور کچھ کسی سے نہین کہا مگر شیخ سبحان علی بسم اللہ بیگ اور نواب واجد خان کو لکھا کہ آپ لوگون سے کچھ خاص امر مین مشورہ کرنا ہے دعوت کے دن سے دو ایک دن پہلے یہان آجائیے۔ امر معلومہ کے متعلق زبانی گفتگو ہو جائیگی ابھی اسکو یونہین رہنے دیجئے۔

آگرہ جانے کا تہیہ کرکے نواب واجد خان نے مسعود کی مان سے کہدیا تہا کہ مسعود زندہ ہے کچھ کچھ پتہ لگا ہے۔ آگرہ جاتے ہین پہر پلٹ کر سب حال بتائینگے اور اسے یہان لائینگے ادہر مسعود کی مان انتظار کی گہڑیان گن رہی تھی اُدہر بسم اللہ بیگ، نواب واجد خان اور شیخ سبحان علی آگرہ پہونچے اور ڈپٹی حکایت یار خان صاحب سے ملے۔ انہون نے بڑے تپاک سے انلوگون کا خیر مقدم کیا بیٹھے اور باتین شروع ہوئین۔ نواب واجد خان وغیرہ نے سب حال بتایا کہ کیونکر مسعود ایک دن اسکول گیا اور پہر پلٹ کر نہین آیا اسکے کچھ دنون بعد اخبارون مین چھپا کہ وہ سمندر مین ڈوب گیا۔ ڈپٹی صاحب نے اپنے یہان کے حالات بتائے اور کہا کہ آپ لوگ مسعود کو دیکھین تو پہچان سکینگے۔ انلوگون نے کہا بیشک۔

ڈپٹی صاحب خود اُٹھکر مسعود کے کمرے مین گئے اور پوچھا کہ آپ شیخ سبحان علی اور بسم اللہ بیگ شاہجہان پوری کو دیکھین تو پہچان لینگے اُسنے کہا جی "ہان"۔

ڈپٹی صاحب مسعود کو لے آئے جون ہی مسعود اس آرام کمرہ مین پہونچا ہے جہان یہ نو وارد مہمان بیٹھے تھے مسعود بے اختیارانہ جذبات کے زور مین "ابا جان، ابا جان" کہتا ہوا دوڑا اور نواب واجد خان سے چمٹ گیا اور رونے لگا۔ نواب واجد خان بھی رونے لگے۔ دو روز منظر دیکھکر

کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی ایک شاخ امین آباد پارک مین ہے

عکس تحریر جناب پنڈت شیام کشو صاحب نور کانپوری

حضرۃ دل، محبت کیش نور کا سلام شوق قبول فرمائیے

مرقع کے افسانہ نمبر کے لئے ایک کہانی حاضر خدمت ہے، آپ میرے مضمون بھیجنے کو شاید ایک معمولی بات سمجھیں، لیکن یقین کیجئے کہ اس کے صاف کرنے میں میری انتہائی ہمتیں صرف ہوئی ہیں، اور رات کے خاموش لمحے اسی فکر میں گزرے ہیں کہ کسی طرح جلد از جلد یہ افسانہ آپ کی خدمت میں پہونچ جائے، کمبخت بیماری نے دماغی قوتوں کے ساتھ ساتھ قوت عمل بھی سلب کر لی معاذ اللہ

آپ کا
نور

عکس تحریر جناب حامد جمال صاحب

دلی صاحب - السلام علیکم - کل سے معمولی کا مسودہ روانہ کر چکا ہوں اب اس روسی مصنف کے مضمون کا ترجمہ روانہ کرتا ہوں اگر پسند آئے تو شائع کیجئے گا ورنہ ہماری بیکار دیجئے گا -

حامد خاں

عکس تحریر شریمتی اُما دیوی نہرو (مسز شیام لال نہرو صاحبہ)

الہ آباد

۱۰ر جنوری ۲۶ء

—

مکرمی اڈیٹر صاحب۔ تسلیم

ایک افسانہ روانہ کرکے اپنا وعدہ پورا کر رہی ہوں۔ یہ ہندی میں تھا۔ اردو میں ترجمہ کرا دیا ہے۔ میری اردو کی قابلیت کا اندازہ آپ میری خوشخطی سے کر سکینگے

ناچیز

اُما نہرو

عکس تحریر جناب نہرو صاحبہ

جناب اڈیٹر صاحب

[illegible]

[illegible]

[illegible]

سوشیلا

(از پنڈت بابو شیام کشور صاحب ورما سناتن دھرم کالج کانپور)

(۱)

سوشیلا اُروپ چند کی اکلوتی لڑکی ہونے کی وجہ سے اپنے گھر کا روشن چراغ تھی اسکے آرام و آسائش کا خیال روپ چند کی زندگی کا واحد مقصد تھا، یہی وجہ تھی کہ انہون نے بیوی کے مرنے کے بعد اپنی عمر کا بہترین زمانہ تنہائی مین کاٹ دیا اور چودہ برس تک صرف سوشیلا کے خیال سے اپنی زندگی کو بے لطف بنائے رہے، لیکن چونکہ لڑکی کی بہ نسبت لڑکے کی خواہش ہر انسانی طبیعت مین تیز ہوا کرتی ہے اسلئے انہون نے اپنے خاندان کے ایک یتیم لڑکے کو متبنیٰ کر لیا تھا، وہ اسکی تعلیم و تربیت مین کچھ اس انداز سے منہمک رہا کرتے تھے کہ دیکھنے والے حقیقی و غیر حقیقی اولاد مین تمیز نہ کر سکتے تھے، اگرچہ موہن کی عمر اسوقت پندرہ برس کی تھی تاہم وہ انٹرنس مین تعلیم پا رہا تھا، سوشیلا کے لئے گھر ہی پر ایک قابل معلمہ کا انتظام کر دیا گیا تھا، وہ ہندی اچھی طرح لکھ پڑھ سکتی تھی اور سنسکرت کے اشلوک بھی اسے اچھی طرح یاد تھے،

سوشیلا اور موہن مین کسی قسم کا پردہ نہ تھا، وہ دونون بھائی بہن کیطرح ایک ہی مکان مین رہتے تھے موہن کو انگریزی پڑھتے دیکھکر سوشیلا بھی پڑھنے کیلئے بیتاب ہو جاتی تھی مگر روپ چند انگریزی تعلیم نسوان کے سخت خلاف تھے وہ اس قسم کی تعلیم کو لڑکیون کے حق مین زہر قاتل سمجھتے تھے یہی وجہ تھی کہ سوشیلا علانیہ طور پر انگریزی نہ پڑھ سکتی تھی البتہ استانی کے چلے جانے کے بعد جب وہ موہن کے کمرے مین اپنا سبق دہرانے کیلئے جاتی تو چپکے سے انگریزی بھی پڑھ لیا کرتی تھی۔

درس و تدریس کا یہ حسین و دلچسپ سلسلہ اسیطرح قائم رہا یہانتک کہ سوشیلا کی جوانی کا وہ طوفانی زمانہ شروع ہو گیا جسمین کافر مستیان نظر اور جذبات جیسا مین بھی مستور نہین رہتین اور لڑکپن کی بے پروا رفتار کو محمور بنا کر جوانی کے ناز کو طشت از بام کر دیتی ہین، موہن بھی جوانی کی رعنائیون سے بہرہ اندوز ہو چکا تھا، اب اس کا دل بھی کسی نئے جوش اور اچھوتے ولولون کے اثرات سے سنجیدہ رہا کرتا تھا جب سوشیلا شام کو موہن کے کمرے مین داخل ہوتی تو دونون دیر تک کسی پر کیف احساس سے متاثر رہا کرتے تھے انکے پاس اب اپنے نازک تعلقات پر غور کرنے کیلئے وقت نہ تھا، اگر انکے دماغ مین کبھی اسکا خیال بھی آتا تو وہ اسے ایک گونہ حقیقت سمجھکر جلد از جلد بہلانے کی کوشش کرتے ان کا دل کچھ ایسے جذبات کا مرکز تھا جن سے وہ لطف اندوز تو ہو سکتے تھے لیکن اسے بیان کرنے کیلئے انکے پاس الفاظ نہ تھے۔

(۲)

عشق کی یہ ابتدائی خاموش منزلین اسیطرح طے ہوتی رہین یہانتک کہ موہن اب اپنی دلی بیقراریون کے اظہار کا موقع ڈھونڈنے لگا، وہ چاہتا تھا کہ اپنی محبت کا وہ تحفہ جسے اس نے اپنے خون سے رنگین کیا ہے سوشیلا کے حضور مین کسی نہ کسی طرح پیش کر دے مگر اسکی یہ تمام جرأت اسوقت ختم ہو جاتی جب سوشیلا اس سے ملتی اور وہ اس کے رعب حسن سے مبہوت ہو کر کسی دوسرے عالم مین پہونچ جاتا، اسے اپنی کمزوری و بیخبری کا احساس اس وقت ہوتا جب سوشیلا اسکے کمرے سے مسکراتی ہوئی چلی جاتی، امتحانات کے بعد گرمیون کی تعطیل مین بند ہین، ہر طالب علم اپنے امتحان کے نتیجے کا ڈھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ انتظار کر رہا ہے، اشاعت نتائج کے زمانہ کا روزانہ حساب لگایا جاتا ہے، کلنڈر پر سرخ پنسل سے اس تاریخ پر نشانات لگا دئے گئے ہین، ہر طالب علم کی یہی خواہش ہے کہ کسی طرح آسمان کی گردشین تیز ہو جائین اور وہ مقررہ تاریخ جلد آکر اس کشمکش کا خاتمہ

جب آپ ویسی عطریات کا استعمال شروع کرین تو کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر لکھنؤ سے طلب فرمائین

کردے جس مین انتظار کی صبر آزما گھڑیان سب سے زیادہ روح فرسا ہین لیکن فطرت کا مقرر کردہ قانون کسی خواہش و آرزو کی پروا نہین کرتا۔ دن اپنے وقت پر ختم ہوا کئے اور رفتہ رفتہ وہ دن بھی آگیا جس مین امتحانات کے نتائج شائع ہوگئے اور انتظار کرنے والے ناکامی و کامیابی کے اندیشہائے ناگوار سے آزاد۔

موہن جب سوچتا ہے کہ وہ بی، اے ہوگیا ہے تو اُسکا دل وفور مسرت سے اُچھلنے لگتا ہے وہ سوچتا ہے کہ جب مین سوشیلا کو خود جاکر اپنی کامیابی کا مژدہ سناؤن گا تو وہ یقیناً اس پر اپنی مسرت کا اظہار کریگی اور مجھے اپنے دردِ دل کے اظہار کو موقع مل جائیگا۔ یہ خیال کرکے وہ چلا اور آہستہ آہستہ سوشیلا کے کمرے مین داخل ہوگیا، سوشیلا اسوقت بال کھولے ہوئے کسی کتاب کے مطالعے مین غرق تھی اسے موہن کے آنے کی اُسوقت خبر ہوئی جب اُس نے سوشیلا کے شانون پر اپنے کانپتے ہوئے ہاتھ رکھدئے، وہ چونک پڑی اور مسکرا کر موہن کیطرف دیکھنے لگی، موہن نے پرجوش آواز مین کہا، سوشیلا عزیز سوشیلا مین آج تمہین ایک ایسی خبر سنانے آیا ہون جو تمہاری مسرتون مین ایک نئی مسرت کا اضافہ کردیگی، یعنی مین بی۔ اے مین امتیاز کیساتھ پاس ہوگیا، اگرچہ سوشیلا کامیابی کی اس اطلاع کو اس سے پہلے روپ چند اپنے باپ سے سن چکی تھی تاہم اس نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا خدا تمہاری یہ کامیابی تمہین مبارک کرے، مجھے اس خبر سے اتنی خوشی ہوئی ہے کہ شاید تمہارے دوستون مین سے کسی کو نہ ہوئی ہوگی یہ سنکر موہن نے وفور جوش و مسرت مین سوشیلا کے دونون ہاتھ اپنے ہاتھ مین لے لئے، آنکھین ایک دوسرے سے ملین اور دونون نے ایک دوسرے کو محبت کا وہ پیام دیا جسے صرف عاشقون کے دل و دماغ ہی سمجھ سکتے ہین،

سوشیلا نے موہن کیطرف کچھ ایسی اُمڈی ہوئی آنکھون سے دیکھا گویا وہ بھی ایک عرصے سے محبت کے بھڑکتے ہوئے شعلے کو اپنے ضبط و حیا کے پردے مین چھپائے ہوئے ہے، موہن اپنے نخل محبت کو اسطرح بارآور ہوتے ہوئے دیکھکر بے اختیار ہوجاتا مگر کسی کے آجانے سے وہ چونک پڑا اور اپنی حالت سنبھالکر یہ کہتا ہوا کہ "اچھا آج کا سبق یہین تک رکھو کل دیکھا جائیگا" کمرے سے باہر نکل گیا۔

(۳)

ایک دن روپ چند موہن کے امتحان اور آئندہ تعلیم جاری رکھنے کے متعلق گفتگو کر رہے تھے، ہوتے ہوتے گفتگو کا رخ گھر کے انتظامات کی طرف بدل گیا اور روپ چند نے موہن سے کہا، بیٹا موہن میرا خیال ہے کہ سوشیلا کی شادی بہت جلد کہین کردینی چاہئے ماشاءاللہ وہ اب جوان ہوچکی ہے کسی گھر کے متعلق تم بھی غور کرو اور مین بھی فکر کرونگا سوشیلا کا نام اور پھر شادی کا تذکرہ سنکر موہن کی آنکھون کے آگے اندھیرا گیا، اُسکا دماغ چکرانے لگا، سانس تیز ہوئی اور وہ بغیر اسکی پروا کئے ہوئے کہ روپ چند اسکی اس حالت سے کیا خیال کرینگے بلا جواب دئے وہان سے چلا گیا، باہر آکر وہ سوچنے لگا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہئے، کیا وہ سوشیلا جو مجھسے اور صرف مجھ سے محبت کرتی ہے کسی نااہل اور محبت کے پاک جذبے سے بیخبر انسان کے صرف اس لئے سپرد کردی جائیگی کہ وہ اسکے خاندان سے نہین ہے اور رشتے مین بھی کوئی دور کا تعلق نہین رکھتا ہے اور کیا وہ مجھ سے اسلئے چھینی جارہی ہے کہ مین اسکا ہم قوم اور اس کے خاندان سے وابستہ ہون، کاش دنیا کا اندھا اور جابر و بے رحم انسانون کا بنایا ہوا قانون یہ جانتا کہ محبت کا سرچشمہ دو متعلق دلون کی گہرائیون سے پھوٹتا ہے،

(۴)

موہن ان خیالات کو اپنے دماغ مین لئے ہوئے شہر کی جانب چلدیا، تھوڑی ہی عرصے مین وہ شہر کی ایک طویل سڑک کو ختم کرتا ہوا آبادی سے باہر ہوگیا۔ کچھ دنون تو اسکے اسطرح اچانک غائب ہوجانے کا چرچا ہوتا رہا لیکن رفتہ رفتہ تبدیلی ایام نے اسکی یاد کو دماغون سے محو کردیا اور اسکی صورت چشم تصور مین ایک از یاد رفتہ خواب کیطرح دھندلا سا نقش رہ گئی جسکا عکس آئینۂ تفکر پر پڑتا تو ہے لیکن اب دماغون کے لئے اسکی یاد مین کوئی اثر باقی نہین رہا،

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطر شمامۃ العنبر کی خوبی اُسکے استعمال ہی سے معلوم ہوسکتی ہے

سوشیلا کی شادی روپ چند نے بالآخر طے کرلی اور وہ دن آگیا جب یہ موہن سے محبت کرنے والی سوشیلا کسی ایسے شخص سے بیاہی جانے والی تھی جو اُسکی عادات واطوار سے قطعاً ناواقف تھا۔ والدین جو شادی کے فرائض سے جلد از جلد سبکدوش ہونا اپنا مقصد زندگی سمجھتے ہیں اور اسے ایک ناگوار بوجھ کی طرح اپنے کاندھوں سے اُتار کر پھینکدینا اصلی مسرت کا باعث سمجھتے ہیں، اُنہیں نہیں معلوم کہ اس مسرت میں رنج والم کی وہ دل دوز تصویریں پنہاں ہیں جو اپنے غم آفرین اثرات سے انسان کو مطمئن نہیں ہونے دیتیں۔ رسم ورواج کے موجودہ انداز پر سوشیلا کی شادی بھی کسی اجنبی کیساتھ ہوگئی، روپ چند اپنے خیال میں خوشیاں مناکر بیٹھ رہے تھے اب اسکی مطلق پروا نہ تھی کہ یہ دونوں متاہل زندگی کی دشوار گزار گھاٹیوں کو کسطرح عبور کرسکینگے، شادی کے بعد سوشیلا اپنے شوہر کے بنگلے میں رہنے لگی، اگرچہ اس زندگی کو برسوں گزر گئیں مگر دونوں میں محبت نہ ہونا تھی نہ ہوئی، طبیعت کے تضاد نے دونوں کی زندگیاں تلخ کردیں اور وہ مسرت جو شادی کے بعد متصور کی جاتی ہے یہاں مفقود رہی، آئے دن ان دونوں میں کسی نہ کسی بات پر تکرار ہوجایا کرتی، ڈاکٹر سندرلال اب انتہائی طور پر سوشیلا سے بدظن ہوچکے تھے وہ سمجھتے تھے کہ سوشیلا کی اس نفرت کے پردے میں یقیناً کسی کی محبت کام کررہی ہے، مجھے معلوم تھا کہ وہ اپنے قبنی بھائی موہن سے محبت کرتی ہے مگر میں نے اسکا یہ حق چھیننے کے لئے جو جو کوششیں کیں انپر تہذیب انسانی ہمیشہ ہنستی رہیگی، مجھے کیا معلوم تھا کہ اسکی محبت اسقدر دیرپا ہوگی اور سوشیلا اس عیش وعشرت کے باوجود بھی موہن کو نہ بھولیگی، بیشک میں نے غلطی کی اور شدید غلطی کی جسکا نتیجہ سوائے تباہی وبربادی کے اور کچھ نہیں ہوسکتا

(۵)

پانی برس رہا ہے، ڈاکٹر سندرلال کے باغ میں تمام مینا کی بہاریں سمٹ کر آگئی ہیں کوئلیں درختوں میں آموں کے درختوں پر کوک رہی ہیں، سوشیلا ان کی یہ کوک سنتی ہے اور دل ہی دل میں پیچ وتاب کھاکر رہ جاتی ہے، شام کا وقت ہے، ڈاکٹر صاحب آج اپنے ایک بیمار دوست کو دیکھنے گئے ہیں، مکان میں چاروں طرف سناٹا ہے اور سوشیلا خاموش بیٹھی ہوئی ہے، یکایک باغ کے گنجان درختوں کے پیچھے سے گانے کی یہ سریلی آواز سنائی دی ؎

بابا یہ گھر میرا ہے نا گھر تیرا یہ تو چڑیا رین بسیرا ہے

سوشیلا، اس جادو بھری آواز پر تڑپ گئی، آواز برابر قریب ہوتی گئی یہاں تک کہ ایک پریشان حال سادھو درختوں کے کنج سے نکلکر باہر کھڑا ہوگیا، ریاضت کا نور اُسکے چہرے پر برس رہا تھا، اُسکی نظروں میں دنیا ہیچ معلوم ہوتی تھی سوشیلا اُسے دیکھتے ہی کانپنے لگی، اُسکی روح کسی نامعلوم کشش سے سادھو کی طرف کھنچنے لگی، وہ اپنے حافظہ پر برابر زور دیتی تھی مگر اُسکی سمجھ میں کچھ نہ آتا تھا کہ وہ کون ہے، تاہم اسے ایسا معلوم ہوا کہ اُسکی آواز وہ کبھی سن چکی ہے، وہ چلی اور چلکر سادھو کے قدموں پر گر پڑی اُسنے کہا "تمہارا بھلا ہو مجھے اپدیش دیجئے میرا جیون کھٹنائیوں سے بھرا ہے" سادھو جو باوجود ترک دنیا کے محبت کی بیتاب غماعوں کو اپنے دل کی گہرائیوں میں چھپائے ہوئے تھا یہ الفاظ سنکر بیقرار ہوگیا، وہ اس کو بھول گیا کہ اسکی حیثیت کیا ہے اور وہ کہاں ہے، سوشیلا اب پہچان چکی تھی کہ سادھو کے بھیس میں اسی کے ساتھ کا کھیلا ہوا موہن ہے، دونوں بیخود وانداز میں ایک دوسرے سے لپٹ گئے اور معلوم نہیں یہ بیخودی انپر کب تک طاری رہی، سادھو نے اپنی دردناک آواز میں کہا "سوشیلا آج کی ملاقات ہماری آخری ملاقات ہے اور یہ الفاظ جو میری زبان سے نکل کر فضا میں گونج رہے ہیں پھر کبھی نہ نکلینگے" ان الفاظ میں خدا جانے وہ کونسا جادو تھا جسنے سادھو کی دل کی کلفتوں میں آگ لگادی وہ بے چین ہوگیا، آنکھوں سے آگ کے شعلے نکلنے لگے اُسنے اپنا گریبان پھاڑ ڈالا، اُس کے ہاتھ بلند ہوئے جسمیں کوئی تیز چمکدار چیز ڈوبتے ہوئے سورج کی ہلکی شعاعوں میں چمکی اور یکایک بدقسمت سادھو کے سینے میں پیوست ہوگئی گرنے کی آواز کے ساتھ ہی وہ خنجر سوشیلا کے ہاتھ میں تھا، آج پھر دنیا اسکی نظروں میں تاریک تھی اور وہ اپنی اس المناک زندگی کا جلد سے جلد خاتمہ کرلینا چاہتی تھی بنگلے کے نوکر اس منظر کو دیکھکر سوشیلا کی طرف دوڑے مگر اس سے پہلے کہ اُن کے قدم اسکے نزدیک آئیں اسی خنجر نے اسکی روح کو ہمیشہ کے لئے آزاد کردیا، اور دنیا نے دیکھ لیا کہ محبت ورضامندی کے خلاف شادیوں کا کیا انجام ہوتا ہے۔

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ میں تمام عطر صرف روغن صندل سے بنائے جاتے ہیں

خدا حافظ

(از جناب حامد جمال صاحب)

جب کوئی کسی سے جدا ہوتا ہے تو اُس کے احباب مختلف پیرایوں میں اظہار مفارقت کرتے ہیں۔ کوئی امام ضامن باندھتا ہے تو کوئی ہار ڈالتا ہے کوئی سعدی کا شعر پڑھتا ہے "دیدۂ سعدی و دل ہمراہ تست" تو کوئی گرمجوشی سے ہاتھ ملاتا ہے مگر آہ۔ اس دور استادہ کی حالت سے کوئی بھی واقف نہیں ہوتا جس کے پاؤں استقلال کے بارے زمین میں گڑ جاتے ہیں اور جسکے دبیز ہونٹ جذبات کے دباؤ سے ایک دوسرے سے منجمد ہو جاتے ہیں۔

پنجاب میل کے دیو صورت انجن نے جیوں ہی سیٹی دی بدرالنسا کو دکر ڈبے میں داخل ہو گئی اور گاڑی کے پہیئے کے پہلے چکر کیساتھ متعدد رومال جنبش میں آئے۔ گویا یہ جذبات کی لہریں تھیں جو ہوا پر اُڑ کر اُس تک پہونچا چاہتی تھیں مگر وہ گزشتہ صحبتوں کے بار سے اپنے دماغ کو ہلکا کرنے اور ان کے آخری حملے سے بچنے کیلئے اپنے رومال کو زور سے ہلا ہلا کر اُن کو منتشر کرنے اور ان سے پناہ پانے کی کوشش کر رہی تھی۔ ہاں یہ ہنگامہ گرم تھا اور جوش مفارقت میں کتنی ہستیاں جنباں تھیں مگر ایک اور تنہا ایک حمید دُور آڑ میں کھڑا خدا جانے کس قلب سے اس کیفیت کا نظارہ کر رہا تھا۔

وہ خود اس قدر ساکت تھا کہ اسٹیشن کی تمام چہل پہل اور اسکا سارا شور و غل سب اس کے پاس آتے آتے ساکت ہو جاتے تھے وہ ہمہ تن تصویر تھا اور اُس کی آنکھوں کی شعائیں کسی خاص مطمح پر نہیں پڑ رہی تھیں۔ وہ یک بیک انجن کی کرخت آواز سے چونکا اور گاڑی کو چلتے دیکھ کر اُس کے ہونٹ ایک دوسرے سے یک بیک جدا ہو گئے اور ایک نحیف آواز اُس کے منہ سے نکلی جس کو خود اسکے کانوں نے مشکل سے سنا "خدا حافظ"

یہ جملہ خدا معلوم کتنے بار اس کی زبان سے نکل چکا ہے۔ سیکڑوں دوستوں کو اس نے یہی کہہ کر رخصت کیا ہے پچاسوں عزیزوں سے وہ اسی جملہ کے بعد جدا ہو چکا ہے۔ خود بدرالنسا سے اس کے قبل جب وہ جدا ہوتا تھا اور بارہا جدا ہوتا تھا تو اسی جملے کے ساتھ۔ مگر اُسوقت یہ جملہ آئندہ جلد ملاقات کی تمہید ہوتا تھا یہ مفارقتی پیغام آئندہ کے لئے نوید ملاقات ہوتا تھا۔ یہ ہجر کا نوٹس وصل کے سمن کی تعمیل ہوتا تھا۔ اس میں جوش و ارماں کا ایک دریا موجزن رہتا تھا اور اس کے ماتمی پیراہن میں ہزاروں زندگیاں رنگ رلیاں کرتی نظر آتی تھیں۔ مگر آج وہی جملہ جو اس کی حیات کے لئے باعث ارتعاش تھا۔ وہی جملہ جو اُس کے جوش و ولولہ کا محرک تھا وہی جملہ جو اس میں روح پھونکنے کے لئے صور اسرافیل تھا اس کے رہے سہے ہوش اور اس کی باقی ماندہ امید کو لے دیکر جسم سے روح بنکر نکلا۔

بدرالنسا کوئی عفیفہ نہ تھی بلکہ اک شاہد حسن فروش۔ وہ اپنے خداداد حسن اور شوخی کے ساتھ بلا کی ذہین و طباع تھی اور اپنی غیر معمولی قابلیت کی وجہ سے تھوڑے ہی دنوں میں اُسنے

موتیا عطر کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید کیجئے

اپنے تمام ہم پیشوں میں ایک خاص ممتاز حیثیت پیدا کر لی تھی وہ صرف علم موسیقی ہی میں کمال نہیں رکھتی تھی بلکہ جس آب و ہوا میں وہ پلی تھی اور جس گہوارۂ تمدن میں اُس نے نشو نما پائی تھی اُس کے لحاظ سے ایک مکمل عورت تھی۔ اُس نے انسانی فطرت کا اچھی طرح مطالعہ کیا تھا اور حیوانی قوت پر ناز کرنے والی قوم یعنی مردوں کی کمزوریوں سے خوب واقف تھی۔ وہ صرف انہیں پر نہیں عبور رکھتی تھی اور مردوں ہی کی زباں کو اپنی مطلب برآری کا آلہ نہیں بناتی تھی بلکہ اُس کی بہنیں اور خصوصاً اُس کی ماں بھی اس کی خواہشوں کی شکار تھیں۔ ہر وہ شخص جو اُس کے یہاں سے ناراض ہو کر اُٹھتا تھا وہ اُس کا شاکی نہیں بلکہ اُس کی ماں کا ہوتا تھا اور وہ ایک خفیف مسکراہٹ کے ساتھ اُن لوگوں کی حماقت سے لطف اندوز ہوتی تھی۔

جس عورت میں کمسنی ہو حسن ہو اور اتنی عقل و فراست ہو تو اُس کی زندگی کتنی کامیاب ہوگی! اب وہ اپنی دولت کے لئے بھی مشہور ہو چلی تھی۔ لیکن باوجود ان تمام شہرت و نمود کے اُس میں ایک ادبی ذوق بھی تھا۔ اُس کو حسن کی ہنگامہ آرائی اور پیشے کی مصروفیت سے گو بہت کم فرصت ملتی تھی مگر وہ اپنا تھوڑا سا وقت کتب بینی میں روزمرہ ضرور صرف کرتی تھی۔ اور چونکہ عورتوں کی کتب بینی کی کتابیں زیادہ تر مذہبی امور پر چھپی ہوئی ہیں اسی کا غالباً یہ اثر تھا کہ وہ کبھی کبھی نماز بھی پڑھ لیتی تھی اور بلا ترجمہ تلاوت بھی کر لیا کرتی تھی۔

بدر النسا نسوانی عمر کے کمال سے گزر کر اب دو تین برس اور بڑھ گئی تھی یعنی اُس کی عمر تیس ۳۰ چوبیس برس کی تھی اور جس طرح مردوں کی عمر جتنی زیادہ ہوتی جاتی ہے اُن کا معیار حسن بڑھتا جاتا ہے اسی طرح اب اس کے عشاق کی عمریں یا مدتیں زیادہ بڑی ہونے لگیں تھیں یعنی اب وہ جلد جلد اُس کی ماں سے ناراض نہیں ہوا کرتے تھے اس میں متانت و سنجیدگی کے ساتھ ایک انقلاب پیدا ہو رہا تھا جو ہر کمال کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اپنے پیشے کے انتہائی عروج کو پہونچکر اور اس کے تمام نشیب و فراز سے واقف ہو کر اب اس کی طبیعت نے پلٹا کھایا۔ وہ کھانا پکانے اور کپڑا سینے میں دلچسپی لینے لگی اور اکثر پائجامہ دوپٹہ پہن کر اپنے کو ایک بی بی خیال کرنے میں اُس کو ایک خاص مسرت ہوتی تھی گو خود شناسی اس مسرت کو آناً فاناً اضمحلال سے بدل دیتی تھی رفتہ رفتہ اس بی بی بننے کے شوق نے اُس کے دل میں ایک مضبوط جڑ پکڑی اور اب وہ اپنے حلقۂ عشاق پر نظر انتخاب ڈالنے لگی اس میں اُس نے عجلت سے کام نہیں لیا بلکہ طبیعت کی خودداری اور ہر پہلو پر غور و فکر کی عادت نے اس نیک کام میں ایک خاصی مدت لگا دی۔ آخر کار مردے از غیب بروں آید و کارے بکند کا مصداق بنکر ایک شخص اس کے سارے وہم اور وسوسے پر غالب آیا اور اُس نے اس کے ساتھ چپکے سے نکاح پڑھا لیا، ہاں نکاح ضرور چپکے سے پڑھایا مگر عام رواج کے مطابق وہ اس کیساتھ چپکے سے چل نہیں کھڑی ہوئی۔ وہ اپنی تمام ذمہ داریوں کو محسوس کرتی تھی اور خصوصاً اُس کو اپنی ماں کا زیادہ خیال تھا جس کے رزق کا وہی سہارا تھی۔ تھوڑے دنوں کے بعد جب اپنا سارا اہتمام اور اپنے مستقل شوہر سے مزید اطمینان

کارخانۂ صفر علی محمد علی تاجر لکھنؤ کا ٹیلیفون نمبر ۱۳۱ ہے

کر چکی تو اُس نے اس نکاح کا حال اپنی ماں سے کہا جسکا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ چاروں طرف سے لعنت ملامت کی آماجگاہ بن گئی یہ دنیا کی کوئی نئی رسم نہیں ہے۔ وضع خیال کی ہر ندرت و بلندی لامذہبی اور بدچلنی سے تعبیر کی جاتی ہے جس کو بے حس اپنی اصطلاح میں نہایت فخر کے ساتھ وضعداری کہتے ہیں۔ گو یہی انقلاب طبیعت خدا کا قانون تبادلہ ہے۔ بہرحال اسوقت ہمیں اس بحث سے سروکار نہیں۔ بدرالنسا نے اک بدچلنی اور بدمعاشی کے الزام کو جسمیں اُس کے چند پرانے عشاق بھی شامل تھے ایک عورت کے صبر و تحمل سے برداشت کیا اور ایک عورت کے عزم سے ان کا مقابلہ کرنے کے بعد ان پر حاوی ہوئی۔ زمانہ کی مدت نے خود ہی لوگوں کو بے حس کر دیا اور اب وہ اطمینان کی زندگی کچھ دنوں گھر پر بسر کرنے کے بعد اپنی ماں کا پورا پورا انتظام کر کے اپنے شوہر کے ساتھ سسرال روانہ ہوگئی۔

حمید بدرالنسا کو دور سے خدا حافظ کہہ کر کسی طرح اپنے مکان تک پہونچا مگر اب ان کا بھی خدا حافظ ہے۔ گو یہ نئی مصیبت ان کے لئے نہیں ہے۔ یہ صحیح معنوں میں عاشق ہیں یعنی ان چند برگزیدہ ہستیوں میں سے ہیں جن کو مسرت و شادکامی سے کبھی کوئی واسطہ ہی نہیں رہا۔ ان کی تکالیف خیالی سہی مگر عشق تو خیالی جنوں ہی ہے۔ کسی باعمل شخص کو ہجر کی تکلیف نہیں گوارا کرنی پڑتی ان کی انتہائی مسرت یہ تھی کہ بدرالنسا کے ملاقاتی کمرے میں دور ایک گوشہ میں بیٹھ کر دوسروں سے اس کی گفتگو اور مذاق کا لطف اٹھائیں اور چپکے گھر چلے آئیں۔ نہ منہ سے بولیں اور نہ سر سے کھیلیں۔ اب جب وہ عقد کر کے چلدی تو ہائے وائے ہے اور یہ ہیں۔ کچھ دنوں تک تو یہ چارپائی پر پڑے اور اپاہج عاشقوں کی طرح اُس کو کوسا کئے اور اُس کی بیوفائی کا گلہ کیا کئے۔ جس میں سیر و تفریح بھی چھوٹی غذا میں بھی کمی آئی نقاہت و ضعف بھی بڑھا اور اسی کے ساتھ ہی ساتھ حضرت جنوں کی بھی زیادتی ہوئی۔ اب ان کو ترک دنیا کے شوق میں سیاحی کی سوجھی۔ لیکن جو شخص موت سے جتنا ہی بھاگتا ہے اُتنا ہی اُس کا خوف اُسپر غالب رہتا ہے۔ اسی طرح بدرالنسا کے ترک خیال سے انھوں نے گھر چھوڑا مگر اس کے بھوت کا بار ہر قدم کی گردش کے ساتھ ان کے سر پر بڑھتا گیا جس گلی کوچے سے گزرے کبھی اُس کے قہقہے کی آواز سنائی دی۔ کبھی اُس کی تان کانوں میں سمائی جس راہ سے گزرے اُس نے ان کو پیچھے سے پکارا اور غائب ہوگئی۔ جس کوٹھے پر نگاہ پڑی اُس کی سیڑھیوں سے وہ اُترتی نظر آئی جس سرا میں ٹھہرے وہاں رقص و سرود کی ہر محفل میں وہ دکھائی دی۔ سوئے تو آکر اک نگاہ غلط انداز ان پر ڈالی اور اُنکی نیند کافور تھی۔ ایک مدت تک اسی طرح سرگرداں و پریشان پھر اب انھوں نے ایک نئی اپج کی لی۔ آبادی کو چھوڑ کر اب ویرانہ بسانے کی ترکیب ذہن میں آئی لیکن بدرالنسا کہاں۔ ساتھ چھوڑتی ہے، وہ بھی باوفا ہے اور کیسے ساتھ چھوڑ سکتی ہے۔ جس کا وہم خود دماغ بن گیا ہو اور جس کا خیال خود خون بنکر رگوں میں جاری و ساری ہو وہ کیسے ایک منٹ کے لئے بھی علٰحدہ ہو سکتا ہے۔ لارڈ بائیرن اگر ملتے تو ان کو سلام کر کے کہتا کہ حضرت آپ نے تو فرمایا ہے کہ مردوں کی محبت مردوں کی

نفیس عطر دان کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے منگائیے

زندگی سے ایک جداگانہ شے ہے لیکن عورت کی ساری ہستی" مگر یہاں معاملہ بالکل برعکس ہے سوائے اس کے کہ اُن کو مرد نما عورت کہا جائے اور کیا ہو سکتا ہے غرض جنگل میں بھی اسی بلا کا سامنا کرنا پڑا۔ درخت سے اگر کوئی پتہ کھڑکھڑا کر گرا تو بدالنسا تالیاں بجاتی اُتر آئی، اگر ندی میں سوار بہتے دیکھا تو معلوم ہوا کہ اُس نے غوطہ لگایا اور زلفیں اوپر بہ رہی ہیں۔ بونڈے اُٹھے تو اُن میں وہ رقص کرتی نظر آئی، چڑیاں اگر چہچہائیں تو اُس نے بھیرویں گائی، آبشار کے ترنم کی صدا کانوں میں سمائی تو اس کی شیریں کلامی کا لطف ملا۔ مختصر یہ کہ کوئی ایسی شے نہ تھی جس پر انکی نگاہ پڑتی اور بدرالنسا نہ نظر آتی حتیٰ کہ انکو جس چٹان پر ان کا سر ہوتا تھا وہ بدرالنسا کا زانو بن جاتا تھا۔ ایک رات یہ سو رہا تھا کہ بدرالنسا آئی مگر خاموش اور خشم آلود۔ یہ سہما ہوا اُس کی طرف بڑھا مگر وہ غائب تھی۔ یہ اُٹھ بیٹھا مگر اُس پر ایک خوف طاری تھا۔ اب یہ اُس کے اسباب وعلل پر غور کرنے لگا کیا وہ مجھ سے ناخوش ہے؟ میں نے تو کوئی خطا نہیں کی۔ میں تو اُس کا ویسا ہی دلدادہ ہوں جیسا پہلے تھا لیکن نہیں میں اپنے کو اور اُس کو دونوں کو دھوکا دے رہا ہوں وہ ضرور ناخوش تھی۔ اور اُس کی کھلی ہوئی وجہ یہ تھی کہ میں اُس کے خیال کے ترک کرنے کی کوشش میں تمام جنگل اور ویرانے چھان رہا ہوں اور در بدر کی خاک اڑاتا پھرتا ہوں۔ کیا معشوق کے بھول جانے کا نام عشق و وفا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں، لیکن آہ کیا کروں اُس کی یاد سو ہاں روح ہے اس کا بھول ہی جانا بہتر ہے لیکن کیونکر؟ یہ بھی تو اپنے اب بس سے باہر معلوم ہوتا ہے بہرحال اُس کی ناراضگی کسی طرح گوارا نہیں مگر اُس کے خوش کرنے کی صورت؟ اس پر وہ دیر تک ساکت رہا اور آخر جب اُس نے گردن اُٹھائی تو اُس کے چہرے پر ایک خفیف سی بشاشت تھی۔ ہاں مجھکو وطن جاکر ایک صبر و سکون کی زندگی بسر کرنی چاہیئے اور اپنا زیادہ تر وقت عبادت و ریاضت میں صرف کرنا چاہیئے خدا کا نام جب زبان پر ہوگا تو کوئی خیال نہ آئے گا اور مجھے ہر طرح سے امان ملجائے گی۔ اس خیال کا آنا تھا کہ اُس نے فوراً رخت سفر باندھا اور رخت سفر تھا ہی کیا۔ کرتے کے پھٹے دامن سمیٹ کر باندھ لئے اور چل کھڑے ہوئے آخر کار خدا معلوم کہاں کہاں کی خاک چھانتے ہوئے آپ دولتخانے پر تشریف لائے

یہاں آکر آپ نے اپنے مجوزہ پروگرام پر عمل شروع کر دیا ریاست کے انتظام سے پہلے ہی کب سروکار تھا اب بت پرستی کے ترک میں خدا پرستی شروع کی۔ اشراق۔ چاشت۔ تہجد۔ غرض کسی نفل اور سنت کو نہ چھوڑا لیکن بدرالنسا اپنی وفا کی سنت کو کب چھوڑنے والی تھی انھوں نے نیت باندھی اور وہ سامنے کھڑی تھی۔ یہ سجدے میں گئے اور اُن کے ہونٹھ اس کے ہونٹھ سے مس ہوگئے یہ چونک کر اُٹھے اور جلدی سلام پھیرا تو وہ دور کھڑی اور اس کے بعد غائب تھی۔ توبہ و استغفار کی ہر تسبیح کے بعد وہ اُن کے اور قریب آجاتی تھی غرض بدرالنسا کی عینک اُن کی آنکھوں سے سوتے میں بھی نہیں اُترتی تھی اب ان کو اس وہم نے گھیرا کہ یہ تصویر جو ہر وقت میرے سامنے رہتی ہے

خالص روغن بادام کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ سے خرید فرمائیے

وہ واقعی بدرالنسا ہے یا کوئی شیطان یا کوئی فرشتہ جو اس صورت میں رونما ہو کہ میری علویت کا باعث ہوتا ہے۔ ہاں یہ ضرور کوئی فرشتہ ہے۔ عشق مجازی ہی سے تو عشق حقیقی ہوتا ہے ورنہ خدا کا نام لیتے کوئی شیطان کب آسکتا ہے۔ لیکن جنگل میں جب یہ شکل نظر آتی تھی تو غصے سے اس کا چہرہ تمتمایا ہوا تھا، رحمت الٰہی غضب کی صورت میں کب رونما ہوتی۔ لیکن اگر یہ شیطان ہے تو اُس نے بہکایا کیوں نہیں، اُس نے تو ریاضت و عبادت کی ترغیب دی، یہ شیطانی فعل نہیں ہو سکتا۔ اچھا اگر یہ فرشتہ ہے تو کیا خدا نے میرے لئے ایک چوکیدار مقرر کیا ہے جو ہر وقت مجھ پر مسلط رہے۔ اور وہ بدرالنسا ہی کی صورت میں کیوں نمودار ہوتا ہے اور خصوصاً جب میں نماز پڑھتا رہتا ہوں اُس کو تو خواب میں آکر تلقین و ہدایت کرنی چاہیئے نہ کہ خدائی فرض کی ادائگی میں حارج ہو۔ غرض اس مسئلہ کا حل کوئی آسان کام نہ تھا۔ اشتباہ و تیقن میں سخت جنگ تھی۔ ہر وہ دلیل جسکو یہ اپنا سنگ بنیاد بنانا چاہتے تھے آناً فاناً ملیا میٹ ہو جاتی اور یہ چکرا کر رہ جاتے۔ یہ اسی اُدھیڑ بن میں تھے کہ ایک شب تہجد کی نماز ادا کرتے ہوئے جب انھوں نے سلام پھیرا تو اُن کی نگاہ بدرالنسا کی تصویر پر جو کمرے میں ٹنگی ہوئی تھی جا پڑی۔ تصویر کو ایک حرکت ہوئی اور بدرالنسا اپنے حسن کے انتہائی چھب کے ساتھ کھڑی ہوئی تھی۔ اُس کے ہونٹھوں کو یکایک جنبش ہوئی اور اُس نے کہا۔

"حمید۔ حمید۔ تو مجھ سے بھاگتا ہے۔ میرے خیال کے ترک کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بیوقوف کون مجھ سے بھاگ سکتا ہے میں نے کتنے دَور دیکھے ہیں۔ کبھی لیلےٰ بن کر میں نے مجنوں سے بادیہ پیمائی کرائی ہے۔ کبھی شیریں بن کر فرہاد کا خون بہایا ہے۔ کبھی دمن بنکر نل سے تاج و تخت چھڑایا ہے اور کبھی نورجہان بن کر جہاں گیر کی امور سلطنت میں دستگیری کی ہے اب میں بدرالنسا کی صورت میں ظاہر ہوئی ہوں۔ مجھ سے بھاگ کر کوئی مجھ سے چھٹکارا نہیں پا سکتا بلکہ مجھے حاصل کر کے راحت و سکون پا سکتا ہے"..... حمید کے کانوں میں یہ صدا آرہی تھی اور وہ مبہوت و گم آنکھیں پھاڑے تصویر کی طرف دیکھتا رہا۔ اب جب ذرا چونکا تو بدرالنسا کا مجسمہ تصویر میں سمایا ہوا اسی کی طرف رخ کئے دیکھ رہا تھا یہ ایک عجیب اضطراب و دارفتگی میں اُس کی طرف بڑھا اور تصویر کو سینے سے لگا لیا۔

"بے شک بے شک" حمید نے تصویر کو ہاتھ میں لیکر کہنا شروع کیا۔ "مجھ سے بڑی غلطی ہوئی میں تجھ سے چھٹکارا نہیں پا سکتا ہوں مجھے تجھے حاصل کرنا چاہیئے، تجھ سے ہم آغوش ہونا چاہیئے، تیرے پیارے لبوں کے شیریں بوسے لینا چاہیئے۔ اور تیرے قدموں پر اپنا سر نثار کر دینا چاہیئے۔ ہاں عشق و محبت اسی کا نام ہے۔ پرانے احمقوں نے خیالی تصور کا نام عشق رکھ چھوڑا ہے وہ لوگ کتنے بڑے گدھے ہیں جو محبت کو بے غرض بتلاتے ہیں، جب بے غرضی ہوئی تو محبت کہاں؟ کون انسان بے غرض پیدا ہوا ہے یہ قانون قدرت کے خلاف ہے۔ صرف ایک نسبتی فرق ہو سکتا ہے لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی زندہ ہستی بے غرض ہو۔ ایک زاہد کی عبادت میں بھی تو غرض شامل ہے وہ سب کچھ حوروں کے حصول کے لئے کرتا ہے۔ محبت محبت۔ اس کی غایت اور منشا ہی یہی ہے کہ دو ہستیاں ایک دوسرے سے بغلگیر ہو جائیں۔ جذبات کے اُبھار کا نام محبت ہے اور انسان خاکی ہے اور مادیت سے جدا نہیں ہو سکتا اسلئے

کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر چوک لکھنؤ کی ایک شاخ چاندنی چوک دہلی میں ہے

عشق وہی عشق ہے جو مادی خواہشات کا مجموعہ ہو جسمیں جذبات کے بہاؤ اور اخراج کی صورت ہو۔ لطف صحبت ہو۔ گر مجوشی ہو حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے سچ کہا ہے۔ مے دو سالہ و معشوق چارہ سالہ یہ ہے عشق اور عشق کی غایت سچی اور حقیقی زندگی اسی کا نام ہے۔ آہ میں کس خواب خرگوش میں پڑا تھا جو یوں زندگی برباد کی بدر النسا نے سچ کہا کہ لیلی بنکر میں نے مجنوں سے خاک چھنوائی وہ مجھ سے بڑا بیوقوف تھا کہ زندگی بھر نہ سمجھا۔ بھلا میں تو سمجھتا ہی لیکن کیا خاک جیتا مجنوں کو تو زندگی بھر اس کا موقع رہا مگر میں تو سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا کیا اور اس خیال میں غین رہا کہ وہ اگر جسم پر قابض ہے تو میرا اس کا تو صل روحانی ہے، ہائے یہ نہ سمجھا کہ آسمان سے نیلا پن اگر جدا ہو جائے تو آسمان کا وجود کہاں باقی رہتا ہے جسم سے روح اگر نکل جائے تو زندگی کہاں باقی رہتی ہے جو جسم پر قابض ہوگا وہ روح پر بھی اس لئے کہ روح جسم کے اندر ہے نہ کہ جسم روح کے اندر۔ لیکن اب کروں کیا وہ غیر کی ملک ہے۔ کچھ بھی ہو مجھے ہمت نہیں ہارنی چاہیئے مجھے اس کے حصول کی ضرور کوشش کرنی چاہیئے لیکن کیسے اور کیونکر؟

بدر النسا کے عقد کو نو برس کا زمانہ گزرا۔ اس عرصے میں حمید نے اتنے پلٹے کھائے۔ اور اب "کیونکر" کے چکر میں ہیں۔ یہ اسی ادھیڑ بن میں تھے کہ اُن کو معلوم ہوا کہ بدر النسا بیمار ہو کر اپنی ماں کے گھر آئی ہے اور طبیعت زیادہ ناساز ہے یہ سننا تھا کہ ہانپتے کانپتے فوراً اپنے اڈے پر پہونچے اور اُس کی ماں سے جا کر ملے۔ بدر النسا کی خیریت دریافت کی تو معلوم ہوا کہ وہ چراغ سحری ہو رہی ہے انھوں نے گڑگڑا کر یہ التجا کی کہ بدر النسا سے کہو کہ دو منٹ کے لئے مجھ کو اپنے پاس آنے کی اجازت دے۔ ماں بیٹی کے پاس گئی اور حمید کی درخواست پیش کی یہ سنکر بدر النسا کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اُن کی محبت میں نہیں بلکہ گزشتہ گناہوں کی یاد سے۔ اور اُس نے نحیف آواز سے کہا کہ اب میں چند دنوں کی مہمان ہوں بلا لو کیوں خاطر شکنی کیجائے"۔ اُن کی صورت دیکھکر پرانی بدکاریوں کی تمام گرم صحبتیں اُسکو یاد آگئیں اور وہ زار و قطار رونے لگی اُس نے اُن سے ٹوٹے ہوئے جملوں میں کہا حمید صاحب خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اُس نے مجھے راہ راست کی ہدایت کی مجھ ایسی بدکارہ کی توبہ قبول کی اور موت کے خوف کو جو ہر وقت مجھ پر اپنے گناہوں کی وجہ سے طاری تھا اپنے دلیوں اور فرشتوں کی زیارت سے دور کیا، میں موت سے بالکل ہراساں نہیں ہوں بلکہ خوش ہوں کہ یہ ناکارہ زندگی جلد ختم ہو رہی ہے یہ کہتے کہتے جذبات کے بار سے اُسکی سانس اُکھڑ گئی اور اُس نے پانی مانگا۔ اُس کی ماں دوڑ کر پانی لینے گئی اتنے میں بدر النسا نے ایک ہچکی لی اور حمید کو خدا حافظ کہکر ہمیشہ کے لئے ساکت ہو گئی۔

اس اندھے کو یہ تو سوجھا نہیں کہ وہ مردہ ہے یہ اپنے جنون میں اُسکی طرف یہ کہتا ہوا لپکا کہ نہیں۔ تو زندہ رہ اور میری ہو کر زندہ رہ۔ زندگی کا یہی لطف ہے یہ کہکر چاہتا تھا کہ اُس سے لپٹ جائے اور اسکا بوسہ لے لے کہ اُس کی ماں آگئی اور اُس نے زور سے اُس کو ڈھکیل کر کہا کہ دور ہو مردود۔ حمید کی آنکھوں کے نیچے اندھیرا چھا گیا اور اُس نے اپنے منھ پر ہاتھ پھیرا تو خود اسکو اپنے چہرے کی سیاہی کا احساس ہوا۔

ہندوستان بھر میں کارخانہ صفر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ مشہور ہے

اسنہلتا

(از جناب اُما دیوی نہرو صاحبہ)

سورج نکلنے مین ابھی کچھ عرصہ باقی ہے، ہر طرف خاموشی چھائی ہوئی ہے کبھی کبھی اِدھر اُدھر سے چڑیون کے بولنے کی آواز آتی ہے مگر اُن کے فوراً ہی خاموش ہو جانے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُنھون نے محسوس کر لیا کہ صبح ہونے مین ابھی کچھ دیر ہے اور وہ پھر اپنی معصوم نیند مین مصروف ہو گئین، یہ بے ہنگام صدائین خاموشی کو اور بھی دوبالا کر رہی ہین، اندھیرا کچھ ایسا ہے کہ بجائے دنیوی چیزون کے چھپانے کے انکو ڈراؤنا بنا رہا ہے، سب درخت، دیوار، ٹیلے بلکہ کھیت اور میدان تک بھوت پریت کی شکلون مین ظاہر ہو ہو کر دیکھنے والے کو ڈراتے ہین ٹھنڈی ہوا کے جھونکے چل رہے ہین مگر درخت ہلتے معلوم نہین ہوتے شان درختون کے پتون کی سنسناہٹ اُن کے آنے کی خبر دیتی ہے، عجیب تکلیف دہ سمان ہے تمام دنیا ایک مُردہ جسم کی طرح ہو رہی ہے جسمین سے رُوح کو نکلے ہوئے اتنا عرصہ ہو گیا ہے کہ ایک بھیانک مُردنی اُسکے چہرے پر ہمیشہ کے لئے چھا گئی ہے۔

.....

ہیم چندر کے دو منزلے مکان کے بالائی کمرے کی کھڑکی کھلی ہوئی ہے تمام مکان مین سناٹا ہے، ایک چھوٹا سا چراغ اُس تنگ کمرے مین اپنی دھیمی لَو سے روشنی پھیلا رہا ہے مگر کھڑکی کے سامنے اسنہلتا اپنا چہرہ دونون ہاتھ پر رکھے کھڑی ہے اُسکی غم بھری خوبصورت آنکھین قدرے سرخی مائل ہین اور اُنکے گرد ایک ہلکا سیاہ حلقہ معلوم ہوتا ہے، رنگ مین کچھ زردی زیادہ ہے اُس کے پتلے اور خوشنما ہونٹ ایک دوسرے سے ایسے لپٹے ہوئے ہین کہ اُن دونون کے مابین ایک غیر معمولی لیکن نہایت ہی صاف لکیر نمایان ہے، اُس کے چہرے اور اُس کے طرز سے یہ ٹپکتا ہے کہ اُسنے ساری رات اپنی آنکھون مین گزاری ہے اور خدا جانے وہ کون بیکل کر دینے والے خیالات ہین جنھون نے اُسے لمحہ بھر آرام لینے کی مہلت نہین دی، نہین معلوم وہ کون سے عقدے ہین جن کے حل کرنے مین وہ ایسی محو ہے، نہین معلوم وہ کیا باتین ہین جنکا خیال کر کے وہ بار بار آنکھون مین آنسو بھر لاتی ہے درد، انتہا کا درد اُس کے چہرے سے نمایان ہے مگر ساتھ ہی اس کے ہونٹ اور اسکی آنکھین ایک غیر معمولی استقلال کی خبر دے رہی ہین جو عموماً ایسے نازک اور بھولے چہرون مین نہین پایا جاتا.....

اسنہلتا اپنے دھیمی دھیمی اُداس روشنی والے کمرے مین تنہا اپنے خیالات کے طوفان مین ڈوبی کھڑی ہے، باہری دنیا کے وجود کی اسکو کوئی خبر نہین، معلوم ہوتا ہے کہ درد و الم کی ایک دلکش پتلی کسی نے کھڑکی کے سہارے کھڑی کر دی ہے، چراغ کے قریب والی میز پر سے ایک کتاب زمین پر گری، آواز کچھ ایسی تو نہ تھی مگر اسنہلتا پر اُسکا عجیب اثر ہوا، وہ گھبرا گئی، کانپ اُٹھی، اور نہایت ہی ڈری ہوئی نگاہون سے اُسنے سیڑھی کے دروازے کی طرف دیکھا وہان کچھ بھی نہ تھا، وہی چھوٹا سا چراغ اپنی اُداس روشنی کمرے مین پھیلا رہا تھا۔

اسنہلتا پھر اپنے خیالات مین مصروف ہو گئی۔

"انسان بھی عجیب چیز ہے، جس دل پر موت کے خیال نے کوئی اثر

خاص کارخانۂ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا تیار کردہ زردہ تمباکو سیاہ دانہ دار طلب فرمائیے

نہین ڈالا، جس دل" اور فنا کے درمیان چند ہی قدم کا فاصلہ ہے مگر وہ زرا بھی ہراسان نہین، وہی اب اس کتاب کی آہٹ نے ایسا دہڑک رہا ہے کہ روکے نہین رکتا۔ میرے نادان دل! تو یہ بچھا کرتا جی آگئین اور اُن کے آنے کے خیال نے تجھکو اسقدر ڈرا دیا، ایسا ہلا دیا۔ تیرا ڈرنا بیجا نہین کیونکہ اگر تا جی آگئین ہوتین تو ساری مصیبت تیرے ہی سر جاتی۔ دنون کی کاوش اور کوفت کے بعد آج تو اپنی منزل آخر پر پہونچا ہے اور اب تجھ مین اسقدر طاقت باقی نہین کہ تو دوبارہ اُن مصیبتون کو اُس اندرونی کشمکش کو برداشت کر سکے جنہون نے تجھکو مٹا ہی کر چھوڑا۔ مگر تو اب کیون ڈہڑکتا ہے۔ تیرا خوف بے سود ہے، دُنیا ابھی اپنی خواب راحت مین مصروف ہے اور بیشتر اس کے کہ وہ بیدار ہو تیرے اور اُس کے درمیان سدِ سکندر کی گھاٹی ہوگی جسکو کوئی پار نہین کر سکتا ....."

"میرے پیارے دل! جب سے تو میرے قبضے مین آیا، مین نے تجھکو کبھی چین نہ دیا ہمیشہ دوسرون کے آرام کے لئے تجھکو کڑہایا، تجھکو جلایا، تو مچلتا تھا، تو شکایت کرتا تھا مگر مین نے تیری ایک نہ سنی، تجھکو تنگ کر ڈالا دُنیا آرام کی جگہ نہ تھی جو مین تجھکو آرام دیتی۔ مگر اب تو مجھکو معاف کر دے، مین اور تو دونون اب چند ہی لمحون کے ساتھی ہین۔ پھر مین کہان اور تو کہان، یا تو دونون ہمیشہ کے لئے فنا ہو جائینگے یا ایسے ملینگے کہ ایک دوسرے مین کوئی فرق باقی نہ رہے۔

"تین راتین ایسی ہی بے چینی سے گزار چکی ہون اور اف یہ تینون کیسی بھیانک راتین تہین۔ نہ چاند نہ تارے، جدھر دیکھو اندھیرا چھایا ہوا، جدھر غور کرو ڈراؤنی صورتین پیدا ہوتی ہوئی معلوم ہوتی تہین۔ یہ رات اور اسکا اندھیرا میری اندرونی رات کا مقابلہ نہین کرتے، یہ ڈراؤنی صورتین میرے اُن پر ہول خیالات کے مقابلے مین کچھ بھی نہین جنہون نے مجھے ایک عرصے سے بے چین کر رکھا تھا اور آخری تین راتون مین تو میرا خاتمہ ہی کر دیا مگر وہ تو بات بھی اس اندھیرے مین پیدا ہوتی ہوئی ڈراؤنی صورتون کی طرح باطل اور بے بنیاد تھے جہان تک ہو سکا اُنہون نے مجھکو ڈرایا، مجھکو ستایا مگر آخر کار اب مین اُن کے چنگل سے بالکل رہا ہو گئی ....."

"مرنا۔ جینا، کیون مرنا، کیون جینا؟ تا تا، تپا، شادی، یہ سب اُسی طوفان کی موجین تہین جسمین میری ٹوٹی پھوٹی کشتی ڈانوان ڈول تھی اور ہر لحظہ اُس کے ڈوب جانے کا گمان تھا۔ مگر وہ طوفان فرو ہو چکا، اور اسنہلتا اُس دُنیا سے سدھارنے کے لئے تیار ہے۔ آج آفتاب کی تبسم کرنین میرے عاجزانہ سلام کو منظور نہ کرینگی، آج سُوکماری اور من موہنی اپنی چہتون پر چڑھکر میری کہڑکی پر نہ ہونے کا ذکر ایک دوسرے سے کرینگی، اور بیشتر اسکے کہ دن نکلے اسی اندھیرے کے پردے مین اسنہلتا بیرحم دنیا والون کی آنکھ بچا کر دوسری دنیا کو سفر کر جائیگی ....."

"شادی ہماری بربادی ہوئی، اگر شادی کا سوال اس شکل مین نہ اُٹھا ہوتا تو ممکن تھا کہ ہمکو اپنی اصلیت کی خبر بھی نہ ہوئی ہوتی۔ دنیا کی ہر چیز تعجب انگیز ہے مگر انسان سب سے زیادہ، ایک طرف تو یہ آسمان کے تارے اتارتا ہے سمندرون کی گہرائیون کو اپنے انمول موتی اگلنے پر مجبور کرتا ہے، پہاڑ ہوا بادل بجلی سب اُسکے ایک زبردست عالی نظر ہونیکی داد دیتے ہین، کوئی چیز نہین جسپر یہ حاوی نہو اور جو اسکے احاطۂ تحکم سے باہر ہو، اُدھر تنگ نظر اس انتہا کا ہے کہ خود اپنی حالت کو نہین دیکھ سکتا، کمزور اسدرجہ کا ہے کہ اپنی ذاتی اور جماعتی برائیون کو جانتے ہوئے بھی، اُن کے دُور کرنے پر قادر نہین۔ کم ہمت اسقدر ہے کہ خود اپنے تئین مٹاتا ہے، دوسرون کو مٹتے دیکھتا ہے، مگر جان یا مال یا دُنیوی عارضی تکالیف کے ڈر سے اپنے بچانے کی کوشش نہین کرتا، مٹ جاتا ہے مگر ہاتھ نہین ہلاتا، دم نہین مارتا، ذلت اور کم ظرفی اس

صغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطر حنا کا نسخہ کسی دوسرے عطر ساز کو دستیاب نہین ہوا

غضب کی ہے کہ اپنی عمرین غلامی مین گزار تلے ہے۔ سال بہ سال بلکہ صدی بہ صدی غیر اسکو پیرون تلے روندتے ہین مگر یہ اپنی ناپاک جان کو چھاتی سے لگائے اپنے وجود ہی کو منشاے زندگی سمجھتا ہے اور زندہ رہتا ہے....."

"رواج، قانون، اور لاٹھی نے ملکر دنیا مین کسی کو ایسا نہین دبایا، ایسا نہین مٹایا جیسا ہم بدنصیب عورتون کو۔ زمانۂ قدیم مین طاقت بڑی چیز تھی مرد مضبوط تھے، ہماری جسمانی کمزوری نے ہمین گرایا اور ایک بار گرنے کے بعد ہمارے زبردست مقابل نے کبھی ہمکو سر اٹھانے کی مہلت نہ دی تاریخ کے شروع سے ہمارا یہی حال ہے، دنیا کی کوئی چیز نہین ہے جسنے اس عرصے مین ترقی نہ کی ہو مگر ڈوبے تو ہم ڈوبے کہ کبھی ابھرنے کا نام ہی نہین لیا۔ ہر چہار طرف کی ترقی نے ہمکو ہمیشہ زیر تنزل دیکھا، مذہب نے پھیلے مگر ہمارے لئے انھون نے صرف اتنا ہی کیا کہ ہماری غلامی کو اور بھی پاکیزہ تر بنا دیا۔ اگر روحانی ترقی کے باعث کوئی صورت آزادی کی ہوسکتی تھی تو اسکو ہمیشہ کیلئے مٹا دیا اور ہم کو اعتبار دلا دیا کہ خدا ہی نے ہم کو غلام پیدا کیا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ ہم ہمیشہ غلامی ہی مین اپنی عمرین بسر کرین۔ مذہب مین اگر ہمارے موافق کوئی بات پائی گئی تو اسکو قانون نے درست کیا اور اگر قانون بھی بھی سختی نہ کرسکا تو رواج نے ہاتھ بٹایا مگر ہم اس کے شاکی نہین جب بنانے اور بگاڑنے کی طاقت کسی کے ہاتھ مین دیدی جاتی ہے تو قدرت اس بات کی متقاضی ہے کہ وہ طاقت اپنے سنوارنے اور دوسرے کے بگاڑنے مین صرف کی جائے۔ ہر طرف ہم اسی اصول کا وجود دیکھتے ہین....."

ہوا کے جھونکے برابر چل رہے ہین۔ چراغ کی جان خطرے مین ہے۔ میز پر سے کاغذ اڑ اڑ کر نیچے گر رہے ہین، ایک کاغذ کو چوہا گھسیٹے لئے جاتا ہے، شاید یہ وہی خط ہے جو اسنہلتا نے اپنے پتا کے نام لکھا ہے مگر باہری دنیا کا کوئی اثر اسوقت اسنہلتا پر نہین ہے، وہ اپنے خیالات مین ایسی گم ہے اور ایسا سکوت کا عالم اسپر طاری ہے کہ گویا اسکی روح اسکے تن سے پرواز کر چکی ہے۔ اسوقت کی خاموشی اور تنہائی اسکے اندرونی سکوت اور تنہائی کا مقابلہ نہین کرتی اور نہ اُن بے آواز جھونکون مین وہ جانکاہ اداسی ہے جو اس تصویر غم کے جسم سے چار سو پھیلتی معلوم ہوتی ہے۔ اُس کے خیالات کا سلسلہ ٹوٹنے نہین پاتا۔ سالہا سال کے مطالعے اور مشاہدے کا غبار اسکی طبیعت مین بھرا ہے اور آخری چند روز مین اسکے دل ناسور ایسے ابھرے ہین کہ جب تک اسکا خون جگر ختم ہی نہ ہو جائے ان کا بند ہونا دشوار نظر آتا ہے....."

خیالات کی گرد اسنہلتا کے چہرے پر نمایان ہوگئی۔ زرد رنگ مین ہلکی سرخی کے وجود نے غم اور غصے دونون کے جانکاہ اثرات کا کرشمہ دکھایا۔ ہونٹ آپس مین اور بھی مل گئے، سانس تیزی سے آنے جانے لگی اور وہ نقشہ اُسکی صورت مین پیدا ہوگیا جو گھنگھور گھٹا مین برسنے سے پہلے ہوتا ہے۔ مگر اُس نے اپنی طبیعت کو سنبھالا۔ دو تین بار اپنی پیشانی پر ہاتھ پھیرا اور اپنے تھکے ہوئے چہرے کو ہاتھون پر رکھکر اپنے تکلیف دہ خیالات مین محو ہوگئی....."

"انسان کو کیا چیز انسان بناتی ہے؟ علم اور اسپر عمل جس گروہ انسانی مین قطعاً علم نہین اور اسپر عمل نہین اسکی حیوانون سے تفریق کرنا ناممکن ہے۔ دنیا کی جدوجہد مین وہی قوم دوسرون پر سبقت لیجاتی ہے جسمین علمیت باطنی و عملی زیادہ ہوتی ہے، اور افراد مین بھی وہی فرد بشر سربرآوردہ رہتا ہے جو دوسرون سے زیادہ باخبر اور نیکوکار ہو۔ علم طاقت ہے، علم ہمت ہے، علم دولت ہے، علم دنیا کی ان ساری خوبیون کا مجموعہ اور سرچشمہ ہے جو انسان کو انسان بنانے کے لئے ضروری اور لازمی ہین....."

"ہم بدنصیب بے بس، عورتون کو علم سے محروم رکھنے کی کیا کچھ تدبیرین نہین کی جاتین؟ کتابی اور اعلیٰ تعلیم ہمارے لئے غیر ضروری ہے دوسرے ہمارے والدین کے پاس لڑکون کی تعلیم کے بعد اسقدر روپیہ باقی

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطریات خالص عمدہ اور ارزان ہین

نہین پہنچتا کہ وہ غریب لڑکیون کی فضول تعلیم مین خرچ کیا جاسکے۔ تیسرے ہمارے یہان چھوٹی سے چھوٹی عمر مین شادی کا رواج ایک ایسی چیز ہے جس سے ہمارے بزرگ اپنے اعتقادات مذہبی کی بنا پر بچ ہی نہین سکتے اور چوتھے ہم غریبون کو کوئی منشی تو ہونا نہین، کوئی نوکری تو کرنی نہین، پھر ہماری تعلیم پر روپیہ صرف کرنا اُسکو بھاڑ مین جھونکنا نہین تو پھر کیا ہے؟ ہندوستان مین اعلیٰ تعلیم کا مقصد لوگون کو انسان بنانا نہین ہے بلکہ اُن کو نوکر بنانا ہے۔ ہندوستان مین اعلیٰ تعلیم کا مقصد روح کی پرورش نہین بلکہ پیٹ پالنا ہے۔ مگر تعجب ہے کہ وہ تنگدل تنگ نظر تنگ خیال انسان جنہون نے اعلیٰ تعلیم کے مقصد کو ایسا مکروہ بنا رکھا ہے خود ہندوستان ہی کی حالت کو دیکھکر متنبہ نہین ہوتے، نوکری اُنہون نے اپنا منشاے تعلیم رکھا ہے مگر نوکریان اُنکو حاصل نہین ہوتین، پیٹ پالنا اُنکی تعلیم کا اصلی مقصد ہے مگر ہمیشہ اس دنیا مین ٹکڑے ٹکڑے کے لئے ترس ترس کر جان دینے پر مجبور ہین..... ....."

"عورتون کو نوکری نہین کرنی، اسلئے اُنکو تعلیم کی کیا ضرورت ہے۔ یون تو ہماری اعلیٰ تعلیم کا خاتمہ ہوا، کتابی تعلیم کے علاوہ علم حاصل کرنے کے دو ذریعے ہین ہماری آنکھین اور کان آنکھون سے اوّل تو ہم اپنے کتابی سبقون کو دنیوی تجربات کے ذریعے سے پختہ اور وسیع بناتے ہین، دوسرے اگر ہم علمیت سے محروم ہین تو بھی دنیا کی چیزون اور لوگون کا مشاہدہ ہم مین ایک ہوشمندی اور معاملہ فہمی کا مادّہ پیدا کردیتا ہے۔ کان سے ہم دوسرے باخبر آدمیون کی باتین سنتے ہین اور مستفید ہوتے ہین۔ باعلم لوگون سے ملنا جلنا اور اُنکی صحبت سے فیض اُٹھانا بذاتِ خود ایک اعلیٰ تعلیم ہے۔ دُنیا مین بدترین مجرمون اور سیہ کارون کے علاوہ کوئی فرقہ ایسا نہین ہے جو ان قدرتی ذرایع سے فائدہ اٹھانے سے محروم رکھا گیا ہو۔ ہر فرد بشر کو ہر گروہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی آنکھون کانون اور زبان کو اپنے علم کی پختگی کے لئے یا دیگر اُمور دنیوی سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے آزادی کے ساتھ استعمال کرسکے مگر ہم بے بس بے گناہون کی زندگی زمانۂ ہوش سے بستر مرگ تک برابر ایک ایسے قیدی کی زندگی ہے جو اپنی دلی دماغی اور جسمانی آزادی کو ہمیشہ کے لئے کھو بیٹھا ہو۔ ناکردہ گناہ ہم بدترین گرفتاری کے مصائب برداشت کرتے ہین ہمارا چلنا پھرنا اٹھنا بیٹھنا، بولنا چالنا سب ایک ایسے گنہگار کے افعال سے مشابہ ہے جس سے آزادی عمل ہمیشہ کے لئے چھین لی گئی ہو، گھر کی چہار دیواری ہماری دُنیا ہے اور اسی دنیا مین رہکر ہم اپنی زندہ درگور زندگانی کو اختتام تک پہونچاتے ہین.. ....."

"جو جو ناگفتہ بہ اور ظالمانہ طریقے ہماری جسمانی، دلی اور دماغی آزادی کے انحطاط کی غرض سے ایجاد اور رائج کئے گئے وہ ایک نہ ایک صورت مین آجتک موجود ہین اور خوبی یہ ہے کہ ہمارے دل اور دماغ پر ایسا طلسمی پردہ ڈالدیا گیا ہے کہ جو باتین ہمارے لئے باعث بربادی ہین اُنکو خود ہم اپنی بہبودی اور بہتری کا ذریعہ سمجھتے ہین اور شاد رہتے ہین، جن باتون نے ہمین دنیا مین ایک عضو فاضل بنا کر محض اپنے مدمقابل کا تختۂ مشق بنا دیا ہے اور کسی قابل نہین رکھا اُنہین باتون پر ہم اتراتے اور ناز کرتے ہین۔..... ....."

"ہم کو تعلیم نہ دیکر ہم کو دنیوی اور ذاتی تجربات سے محروم رکھکر، ہمکو تمام قابل قدر خصلتون سے دیدہ و دانستہ معرّا کرکے ہمارے ستانے والے ہم پر یہ الزام لگاتے ہین کہ ہم ناقص العقل ہین ہم نکمے ہین اور دنیا کے ہم معاملات مین دخل اندازی کے مستحق نہین، اتنا ہی نہین بلکہ اِن منصف مزاجون کی نگاہ مین ہماری ناقص العقلی اس انتہا کو پہونچی ہوئی ہے کہ خود اپنے افعال کا بھی ہمکو مختار بنانا اُنکی راے مین ہمارے لئے خالی از خطر نہین اور اسوجہ سے گویا محض ہمارے ہی فائدے کی بنا پر اُنہون نے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا انتظام اب تک اُس منیجر کی زیر نگرانی ہے جو ۶۰ سال سے کام کر رہا ہے

ہمین بچون یا پاگلون یا مجرمون کے زمرے مین شامل کر دیا ہے، صرف فرق اتنا ہے کہ بچے عمر ہو کر یا پاگل صحت پاکر، اور مجرم اپنی سزا بھگت کر حقوق انسانی حاصل کر سکتے ہین مگر ہمارا بچپن وہ بچپن ہے کہ عمر جسکو رفع نہین کر سکتی، ہم وہ دیوانے ہین کہ دنیا کے تمام حاذق طبیبون نے جسکو صاف جواب دیدیا ہو اور مجرم بھی وہ سیہ قلب اور سخت دل ہین کہ جسکی سزا کے لئے کوئی میعاد قائم کرنا بنی نوع انسان کے لئے خالی از خطر نہین....."

ہوا کا ایک تیز جھونکا آیا، چراغ گل ہوتے ہوتے بچ گیا اور سیڑھی کے قریب کا دروازہ آواز کے ساتھ بند ہو کر پھر کھل گیا....."

دوسرا جھونکا آیا یہہ پہلے سے بھی زیادہ تیز تھا، چراغ گل ہو گیا اور دروازہ اس زور سے ٹکرایا کہ تمام گھر گونج اٹھا۔ اسنہلتا کی والدہ نے نیند سے چونک کر آواز دی کہ کون ہے؟ ہیم چندر نے تسکین بھرے لہجے مین کہا کہ کوئی نہین ہوا ہے....."

اسنہلتا نے دونون ہاتھون سے سر پکڑ لیا نہین معلوم کہ یہ کسی نامعلوم درد کی چمک کا نتیجہ تھا یا بدن کی سنسناہٹ اسکو تیار ہی تھی کہ وہ چکر کھا کر گرنے والی ہے، یا ممکن ہے کہ ماتاجی کی آواز نے اسکے دل کو اسکے قابو سے باہر کر دیا ہو....."

ایک عرصہ تک وہ دم بخود کھڑی رہی اس کے خیالات کا سلسلہ ٹوٹ گیا اور باہری دنیا کی طرح اسکے دماغ مین علاوہ تاریکی اور سکوت کے کچھ بھی باقی نہ رہا۔ آہستہ آہستہ بدن کی سنسناہٹ کم ہوئی دل کی دھڑکن کا دماغ مین محسوس ہونا موقوف ہوا، چراغ کے گل ہو جانے کا احساس ہوا اور اسکے جلانے یا نہ جانے کے خیال نے پھر سلسلۂ خیالات مین جان ڈالی....."

چراغ جلا۔ کاغذ سب یکجا رکھے گئے، کمرے کے دروازے مین زنجیر پڑ گئی اور اسنہلتا پھر اپنی کھڑکی کے سہارے آکر کھڑی ہوئی....."

چہرے کا عجب حال ہے، وہ خون جو اسمین عارض طور پر غصے کی وجہ سے نمایان ہو گیا تھا اب ایسا غائب ہے کہ اسکی رمق تک بھی باقی نہین، زردی اس انتہا کو پہونچ گئی ہے کہ ہونٹون اور آنکھون کے چارون طرف ایک دل دکھانے والی نیلی جھلک دکھائی دیتی ہے، آنکھون کی سرخی بڑھ گئی ہے اور اسمین ایک خاص نمی پیدا ہو کر اسکے دل کی اصلی کیفیت کا حال دیکھنے والے کو سنا رہی ہے۔ غصہ نہین رہا۔ غم کے جذبات اسپر طاری ہین اور اسکے دل اور دماغ کو اپنے کام مین مصروف ہونے کی اجازت نہین دیتے اسنے پھر کوشش کی، اپنی اُمنڈتی ہوئی طبیعت کو روکا اور اپنے شغل مین مصروف ہو گئی۔

"ماتاجی تم کیون بولین، تمہاری آواز مجھے دنیا کی طرف کھینچتی ہے اور اس بیرحم دنیا مین تمہاری اسنہلتا کو چند ساعتون سے زیادہ رہنا منظور نہین۔ اس دنیا مین اسکا دل، اسکا دماغ اسکی روح کبھی چین نہین پا سکتی جسمانی تکالیف وہ آسانی سے سہہ سکتی تھی، روح کشی کی دائمی مصیبت کا برداشت کرنا اسکے امکان سے باہر ہے....."

"ماتاجی۔ انسانی زندگی کا کیا مقصد ہے؟ ابھرنا اور دوسرون کو ابھارنا یا شادمانی کی لہرون مین مست رہکر عدم کی گھاٹی کے پار اتر جانا۔ تم ہی بولو کہ اسمین سے مجھے کیا نصیب ہو سکتا ہے، خود ابھرنا میرا ممکن نہین کیونکہ میری قسمت دوسرون کے ہاتھ مین ہے اور ایسی صورت مین دوسرون کے ابھارنے کا سوال پیدا ہی نہین ہو سکتا۔ رہا دنیا کا چین، یہہ کچھ تمہاری قربت مین تھا، تمہاری محبت مین تھا، سو ماتاجی تم نے اس سے بھی مجھے محروم کر دینے کی دل مین ٹھان لی، پھر اب کیا باقی رہا....."

"مین دنیا مین رہکر کیا کرونگی۔ ذلت اور بدترین غلامی مین گرفتار

قوام بنا کو خوشبودار ورق دار اور بلا ورق کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے منگائیے

رہ کر گھٹ گھٹ کر فنا ہو جانے سے پہلے ہی جان سے گذر جانا بہتر ہے۔ جفائین خاموشی سے برداشت کرنا اپنے آپ ہی کو برباد نہین کرتا اپنے آپ ہی کو نہین مٹاتا بلکہ دوسرون مین زور و جفا اور ناانصافی کے مادے کو پیدا کرتا ہے اور قائم رکھتا ہے اور اسواسطے وہ شخص جو خاموشی کے ساتھ غیرون کا ظلم برداشت کرتا ہے، ظلم کرنے والون سے زیادہ مجرم اور گنہگار ہے۔ پھر ماتاجی یہہ گناہ بے لذت ہے یا نہین؟ اپنے آپ کو مٹانا اور دوسرون کو نقصان پہونچانا، اور پھر فنا ہو کر ذلت اور گمنامی کی قبر کا گوشہ آباد کرنا....."

"میری شادی کی کیا ضرورت تھی؟ ماتاجی! تم نے کبھی یہ بھی سوچا کہ شادی کے کیا معنی ہین؟ تم نے کتنی لڑکیون کی تباہی اپنی آنکھون سے دیکھی مگر افسوس تمہاری آنکھ نہ کھلی۔ تم نے اپنی اسنہلتا سے کبھی اُسکے دل کی کیفیت نہ پوچھی اور نہ کبھی اس کیفیت کے اظہار کی اسکو ہمت دلائی تم کیسے پوچھتین؟ یہ بزرگون کے طریقے کے خلاف تھا، اور وہ کیسے کہتی رواج کی گیند اسکے حلق مین اٹکی ہوئی تھی، مگر خیر آج ان طریقون اور ان رواجون کے کرشمون کا تماشہ دیکھو۔ آج اسنہلتا وہ شعلہ بھڑکائیگی جو ایک دن انکو خاک ہی کر کے رہیگا۔

"بدتر سے بدتر غلامون کے بیچنے والے بھی انکی قیمت پاتے ہین پیاری ماتاجی، کیا تمہاری اسنہلتا جسکو تم نے اس محبت سے پالا، ان غلامون سے بھی بدتر تھی؟ مجھکو یقین نہین آتا۔ کوئی غلام اس دل سے تمہاری خدمت نہین کر سکتا جیسی کہ وہ کرتی تھی اور کوئی غلام تمسے وہ محبت نہین رکھ سکتا کہ جو اسکو تم سے تھی، پھر آخر تمکو کیا ہوا؟ مجھے دوسرون کو دے ڈالنے کا ارادہ کیون کر لیا اور یہ دے ڈالنا بھی معمولی دے ڈالنا نہین۔ اتنی تعلیم اور تربیت کے بعد بھی مین ایسی غلام نہ ہوئی جسکی کچھ قیمت تمکو ملتی بلکہ اُلٹے میرے خریدار کو تمہین نے قیمت دینا گوارہ کر لیا۔ قیمت تمہارے پاس نہین ہے، مکان بیچوگی، در در ٹھوکرین کھاؤگی، مگر مجھکو جدا کئے بغیر نہین رہ سکتین۔ مین لڑکی تمہین تمہاری دشمن نکلی، اور آج مین تمہارے اس دشمن کی جان لیکر تمہارا حق مادری ادا کرون گی۔ ....."

"تمہارا خیال تھا کہ میری شادی مجھکو خوش کریگی مگر تم نے یہ نہ سوچا کہ وہ شخص جو تمسے اپنی غلامی مین منظور کرنے کے لئے رشوت کا خواستگار ہے میری کتنی قدر کریگا؟ تم نے یہ نہ سوچا کہ اُس شخص کی کتنی وقعت اور محبت میرے نگاہون مین ہوگی اور اُسکی خبث اور غلامی مین کتنا لطف زندگانی مجھکو حاصل ہوگا۔ اور افسوس تمکو یہ بھی خیال نہ آیا کہ تمکو ستا کر، تمکو مصیبت مین پھنسا کر مین اپنا آرام کیسے گوارا کرونگی۔ ماتاجی! قسمت نے ہمکو مٹایا ہے اور ہم برباد ہو چکے مگر لڑکیان ابھی اتنی کم ہمت نہین ہوئین ہین۔ یاد رکھو کہ اپنی اسنہلتا کو اتنا خود غرض سمجھنے مین تم نے بڑی ناانصافی کی ہے ہمیشہ تمہارے آرام مین اُسکا آرام رہا اور اب بھی تمہارے آرام پر وہ جان نثار کر کے بے درد دنیا والونکو یقین دلائیگی کہ بدنصیب عورتون مین بھی اب تک انسانیت کی خوبو باقی ہے۔

"میرا جینا بیکار تھا۔ غلامی کوئی فخر کی چیز نہین جسے کوئی خوشی سے برداشت کرے۔ غلامی کے آرام آزادی اور عزت کی تکالیف سے بدتر اور نفرت انگیز ہوتے ہین۔ یہہ مین جی کر کیا کرتی؟ ایک عمر کی کوفت کے سوا مجھے اور کیا نصیب ہو سکتا تھا اور جب کوفت اور ذلت ہی لے دے کر کسیکا مقصد زندگی باقی رہ گیا ہو تو اس بدنصیب کا دنیا سے گزر جانا ہی بہتر ہے۔ زندگی کا اصلی مفہوم نرتی ہے محض کھانے پینے اور سونے کو کوئی ذی فہم حیات انسانی نہین کہہ سکتا۔ یہ باتین تو حیوانون

تمباکو خوشبودار ورق دار اور بلا ورق کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے منگائیے

اور درختون تک مین موجود ہین اور اگر محض ان ہی مین مبتلا رہ کر کسی نے اپنی زندگانی کا خاتمہ کیا تو وہ انسان نہین حیوان محض ہے - اور انسان ہو کر حیوانون سے بدتر زندگی بسر کرنے سے مٹ جانا کہین اچھا ہے - جب عزت نہین، دولت نہین طاقت نہین، اور ان سب کا ذریعہ حصول یعنی آزادی نہین تو عافیت کے بورئے سمیٹنے سے کیا نتیجہ؟ پیاری ماتا! آزادی کے حصول کی کوشش مین مٹ جانا حیات انسانی کی معراج ہے - جو دوسرون کو آزاد نہین کر سکتے وہ اپنی جان کھو کر اپنے آپ کو ضرور آزاد کر سکتے ہین - اُن کا جان کھونا بے سود نہین - وہ اہل عالم کو یہ دکھا دیتا ہے کہ گو یہ بدنصیب اہل دنیا پر حاوی نہ ہو سکے مگر انکو بھی دنیا اپنا بنانے مین کامیاب نہ ہوئی . . . . . "

"آج بے رحم دنیا والون کے سامنے اسنہلتا اس ہدایت کو زندہ شعلون کے الفاظ مین لکھکر پیش کریگی، وہ انکو دکھا دیگی کہ اُن کے قوانین اُن کے رواج، اُن کے طریقے، ناقابل برداشت ہین، وہ انکو یقین دلائیگی کہ اُن کے ظلمون اور زیادتیون کا پیالہ لبریز ہو چکا ہے اور وہ دن دور نہین کہ جب انکو اُسکے ایک ایک قطرے کا معاوضہ اپنے مظلومون کو دینا ہوگا - اُسکا جلتا ہوا دل اور جسم اُن کو یاد دلائیگا کہ عورت بھی ایک انسان ہے اور انکی مدتون کی جور و جفا نے انسانیت کو اُسمین سے مٹا نہین دیا بلکہ کچھ جذبات انسانی اب بھی اسمین باقی ہین - دنیا والون کی آنکھون پر پردہ پڑا ہے ممکن ہے کہ میرے جسم سے نکلتے ہوئے شعلے اُسکو جلا دین - ممکن ہے کہ میری مثال میری دوسری بہنون کے لئے باعث بیداری ہو اور وہ جذبات انکی زندگی مین پیدا کر دے جنکو وہ اپنے موجودہ عالم بے بسی مین فراموش کئے ہوئے ہین - میری پیاری ماتا! ابھی بولو، سوزش پنہان سے جل جل کر عمر بھر تڑپنا اور دوسرون کو تڑپانا بہتر ہے یا ایک بار دنیا سے گزر جانا . . . . . .

"یہ لو پجاری مندر مین آگیا، اُس نے دیا روشن کر دیا، اب اُسکے گھنٹے گھڑیال کی صدائین لوگون کو بیدار کرونگی - اسنہلتا وقت رخصت قریب ہے اب تمہاری زندگی کا صفحہ ہمیشہ کیواسطے اُلٹتا ہے، ماتا، پتا کو بڑا فکر ہوگا، رو لو، اُن کے لئے رو لو، مگر تمہاری زندگی اُن کے حق مین تمہاری موت سے زیادہ دکھ بھری ہوتی، دل کو مضبوط کرو اور ان کے سکھ پر نثار ہو جاؤ - دنیا تمہاری زندگی کی روادار نہ تھی - تم بھی اُس سے ہمیشہ کے لئے منہ موڑ لو -

"اسنہلتا کے چہرے پر مُردنی کے آثار نمایان تھے - آنکھین بے حرکت، خون کا پتہ نہین اور رنگ کی زردی مین ایک ہلکی ہلکی جھلک نیلے پن کی پائی جاتی تھی - اس کے ہاتھ پاؤن ٹھنڈے تھے - تمام جسم مین ایک عجیب رعشہ سا پیدا ہو چلا تھا - قلب کانپ رہا تھا اور دماغ مین ایک عجیب سناٹے کے احساس کے علاوہ اور کوئی احساس باقی نہ تھا - قریب تھا کہ وہ چکر کھا کر زمین پر گر پڑے - اُسنے دونون ہاتھون سے چوکھٹ کو پکڑ لیا اور اپنی پھیلی ہوئی باہون پر سر کو سہارے کے لئے جھکا یا - چند لمحون بعد اُسنے سر کو اُٹھایا - چوکھٹ چھوڑ دی اور غیر معمولی کوشش کے ساتھ اپنے بدن کو اپنے قابو مین کیا - چراغ کی طرف کو چلی - اُسکو ہاتھ مین اٹھایا اور کمرے کے سامنے والی چھت پر چراغ ہاتھ مین لئے نکل آئی - اب تامل کا موقع نہین بدن جواب دے رہا ہے اور کہین ایسا نہو کہ میری جسمانی کمزوری مجھے اپنے ارادے کے پورا کرنے سے محروم رکھے - دیوتا! مین نے مجھے مدتون جلایا ہے آج تو بھی کہو لکڑ مجھ سے اپنا بدلہ لے لے ممکن ہے کہ تیرے پیدا کئے ہوئے شعلے مجھکو ہی نہ جلائین بلکہ اُس بے خبری کو اُس بے درد خود غرض کو بھی خاک سیاہ کر دین جو نصف دنیا کا باعث بربادی ہے - دنیا والون دیکھو! اس چھوٹے سے چراغ سے اسنہلتا تمہاری بیرحمانہ رسمون اور روح کش رواجون مین آگ لگاتی ہے، اُسکا بجھانا آسان نہین - یہ شعلے اس دنیا مین بلا اپنا مقصد پورا کئے فرو نہین ہوتے" چراغ لباس کے قریب آیا، اُسکی لو کپڑون سے مس ہوئی اور اُس کے دل و جگر کی طرح اسنہلتا کے جسم کو بھی شعلون نے چھپا لیا -

روح گلاب، روح خس، عطر حنا، اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ سے منگائیے

کشتگانِ محبت

(از جناب نذر سجاد حیدر صاحبہ)

منحصر مرنے پہ ہو جسکی مراد
نامرادی اُنکی دیکھا چاہئے

احسن - پیارے دوست تم بہت ہی دُبلے اور مضمحل سے ہو۔ ہم ۵ سال بعد ملے ہین، مین تو غالباً پہلے سے زیادہ یعنی کالج لائف کے زمانے سے بہتر نظر آتا ہونگا، مگر تم بہت ہی نحیف و زار ہو گئے اور ساتھ ہی بیحد افسردہ و خاموش۔

اصغر - ہان اپنی اپنی قسمت ہے۔ شکر کرو کہ تم نے مجکو زندگی مین ایکبار اور دیکھ بھی لیا اگر ۵ سال بعد اب بھی نہ ملسکتے تو غالباً تم اصغر کو زندہ بھی نہ پاتے۔

احسن - (گھبرا کر) کیون آخر اصغر کیون اتنے رنجیدہ ہو، للہ کچھ تو بتاؤ۔ ہم بہت عرصے کے بعد ملے ہین اور آج تیسری ملاقات ہے مگر تمہارا کچھ حال معلوم نہو سکا۔ مین نے اپنی پنج سالہ ہسٹری سنادی بیوی تمکو دکھا دی تین بچے بھی کھیلتے کودتے دیکھ آئے ہو جو حالات تھے بیان کر دئے خدا کا شکر ہے کالج سے نکلکر پُرمسرت زندگی گزار رہا ہون۔

اصغر - بیشک خدا کا شکر گزار ہونا چاہیئے اور مین بھی اُسکا بہت احسانمند ہون جسنے میرے عزیز احسن کو دنیا مین کامران کیا۔ مگر آہ دوست جو بدنصیب جگر فگار اور پُر انتشار ہو وہ اپنا دکھڑا سنا کر کسی شادکام کو کیون افسردہ کرے؟۔

احسن (اصغر کا ہاتھ پکڑ کر) نہین اصغر تمہاری قسم ہے بغیر سنے نہ مانینگے ضرور تم کسی قلبی اُلجھن مین گرفتار ہو تم بہت ہی رنجیدہ و مضطر نظر آتے ہو خدا کیلئے جلدی کہو۔

اصغر - تم ضرور سنوگے؟ مگر اسی سے فائدہ سوا اسکے کہ میرے غم مین سے کچھ حصہ بٹا لوگے اور کیا؟

احسن - ممکن ہے کچھ مدد کر سکون۔

اصغر - مدد سوائے خدا کے کوئی نہین کر سکتا اور جب وقت تھا خدا نے امداد نہ کی مجھ گناہ گار پر رحم نہ آیا تو اب کیا رکھا ہے؟ سب کچھ ہو چکا ہے آہ! مین کیون زندہ ہون؟

احسن - کہئے کہئے بھائی میرا دل سینے مین گھٹا جاتا ہے ہائے تم کسی مصیبت مین مبتلا ہو اور مجکو اسکا علم تک نہین۔

اصغر - اچھا سنو۔ تمہین یاد ہے مین زمانہ طالبعلمی مین کہا کرتا تھا کہ "میری چھٹیون کا زمانہ زیادہ اچھا کشمیر مین گزرتا ہے گھر پر کچھ لطف نہین آتا" تم بھی خیال کرتے تھے کہ کشمیر مقام ہی ایسا ہے۔ اس سے زیادہ کچھ نہین جانتے تھے۔ تم کیا مین بھی نہین سمجھ سکتا تھا کہ کونسی ایسی زبردست کشش ہے جو مجکو بجائے گھر کے وہان لیجاتی ہے۔ اسکے بعد تم نے کالج چھوڑ دیا

کارخانہ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا پتہ صرف "حنا" لکھنؤ کافی ہے

احسن۔ ہان پھر؟ ایکسال بعد تم بھی تو چلے آئے۔

اصغر۔ پس میری المناک زندگی کے آغاز کا وہی آخری سال تھا ایم اے پریوس تک پہنچ چکا تھا کہ والد کا انتقال ہوگیا والدہ کو مالی مشکلات کا سامنا ہوا مجھے ملازمت کو کہا گیا اور تسلیم سے دست بردار ہونا پڑا۔ سرد یان تلاش معاش کی فکر مین گھر گزارین اور مٹی مین کہ بالکل غریب شخص تھا بمشکل گھر سے اجازت لیکر پھر کشمیر پہنچا۔

احسن۔ جلدی کہو وہان کیا تھا؟

اصغر۔ سنو وہان کیا تھا؟ جسنے مجھے تباہ کیا، ہمیشہ کے لئے میری زندگی تلخ کردی، جان سے بیزار کردیا اور حکم ہے کہ "جینا ہوگا" آہ مجھے مرجانے کی بھی اجازت نہین۔

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہ ٭ باز میگوئی کہ دامن ترمکن ہشیار باش

احسن! پیارے احسن، چار سال برابر کشمیر گیا جس دوست کے وہان ٹھہرتا تھا اُس کے قریب بنارس کے ایک لکھپتی آزاد خیال فیشن ایبل رئیس اور بیرسٹر بھی آکر ٹھہرا کرتے تھے، جنکے ساتھ اُنکی فیملی بھی ہوتی تھی اُنکی اپنی تو ایک ہی بیٹی تھی، مگر ایک یتیم بھانجی ساتھ رہتی تھی، جو بہت ہی افسردہ نظر آتی تھی چونکہ میرا دوست بھی معززین مین سے تھا اُسکے ذریعے سے میرا اُن سے تعارف ہوگیا، سیر و تفریح مین، ٹینس مین اور اکثر اُنکے ہان پارٹیون مین مجھے شرکت کا موقع ملتا تھا۔ میری شامت اعمال دیکھئے وہ رئیس زادی میرے ساتھ خاص عنایت سے پیش آنیلگی جسکا مجھپر بہت اثر ہوا دوسرے سال جو گیا تو وہ قدر محبت سے بدلگئی۔ اب تو ہم دونون کو بغیر ملے چین نہین پڑتا تھا مگر وہان سے آکر بھی مین نے تم سے ذکر نہین کیا، اسی خیال سے کہ کسی شریف زادی پر حرف نہ آئے۔ تیسرے سال تم جا چکے تھے، مین وہان گیا وہ بیحد محبت سے ملی، مین ہر روز بلایا جاتا تھا، اپنے بڑے بڑے ذی رتبہ دوستون سے زیادہ میری قدر تھی۔ گھر مین سب پہچان گئے اور میرا اسقدر جانا ناپسند کیا جانیلگا، مگر ہان ایک وہ خاموش یتیم لڑکی تھی جو ضرور مجھ سے کچھ مانوس معلوم ہوتی تھی یا کم سے کم اُسے میرا وہان آنا جانا شاق نہ گذرتا تھا۔ اُسکی وجہ شاید یہ ہو کہ اُسے میری محبوبہ یعنی بیرسٹر صاحب کی بیٹی سے بہت ہی محبت تھی اور وہ بھی اسکو بہت چاہتی تھی۔ اُسی سال میرا یہ حال تھا کہ واپسی محال تھی جدائی کے خیال سے دم گھٹتا تھا، لیکن حالات ایسے تھے کہ زیادہ ٹھہرنا ناممکن تھا جسدن مین آخری بار وہان سے رخصت ہو رہا تھا اُس نے مجھسے کہا کہ آج کے بعد ملنے کا کوئی ذریعہ نہین میرے گھر والے مشکوک ہین اب ہمارا ملنا مشکل ہے" مین بہت حیران تھا کہ کیا کہون گو وہ لڑکی تھی اور ناکتخدا، مین شریف خاندان تعلیم یافتہ نوجوان، مگر مجھ مین ایک ایسی کمی تھی جسنے ہمارے درمیان دائمی رشتہ ہونے نہین ایک سنگین دیوار حائل کردی تھی اور وہ کمی تم جانتے ہو کیا تھی؟ میری کم مائگی۔ اُس شریف طبیعت لڑکی نے صاف صاف کہدیا کہ "میرے باپ کی بیشمار دولت اور تمہاری تہیدستی ہماری دائمی جدائی کا باعث ہے۔ ورنہ ہر طرح میرے گھر والے تمکو پسند کرتے ہین۔ مگر جو ناممکن امر ہو اُسکا خیال کرنا بیکار میرا باپ ہرگز ایک متوسط گھر مین میری شادی نہین کرسکتا" یہ ظاہر تھا اس سے مجھکو کچھ زیادہ صدمہ نہوا کیونکہ اسکی اُمید ہی نہ تھی۔ آخر مین اس روز وہان سے روانہ ہوسکا کیونکہ آخری جدائی نظر آرہی تھی۔ چار دن اور ٹھہر گیا ایکدن شام کے وقت اُسنے مجھکو بلا کر اپنے باغیچہ کے ایک گنجان اور خاموش گوشے مین بیٹھکر کہا۔

"جان سے عزیز اصغر! تم نہین جانتے مین نے تمکو اسوقت کیون بلایا ہے؟ لو سنو اور اگر گوارا کرو یعنی میرے کہے پر عمل کرو تو یقیناً ہم عمر بھر ایک

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا عطر حنا خاص ترکیبون سے بنتا ہے

دوسرے سے آسانی سے مل سکینگے اور کوئی مانع نہوگا"۔

مین۔ جو ارشاد ہو مین حاضر ہون آپکا کوئی فرمان اور مین ٹالون؟ اور جس سے کہ زیست کے سہارے کی بھی امید ہو" یہ سنکر اُسنے میرے قریب ہوکر آہستہ آہستہ یون کہنا شروع کیا۔ اصغر! میرے جان سے زیادہ عزیز اصغر!! ذرا غور سے سنو۔ چار سال سے ہم دونون مین جسقدر محبت ہے اسکا تقاضا یہی ہو سکتا ہے کہ ہم تم عمر بھر ایک لمحے کو بھی جدا نہون۔ مگر بدبختی سے ایسا ناممکن ہے۔ خدا نے مجھے ایک زر پرست گھرانے مین پیدا کرکے تم سے بہت بالاتر کردیا اب میرے والدین مجھکو تمہارے سپرد نہین کرسکتے۔ مگر ہمارے دل ہین کہ ایک دوسرے پر نثار ہوئے جاتے ہین دم بھر کی علیحدگی شاق گزرتی ہے۔ پس اس حالت بے بسی مین کوئی ایسی تدبیر کرنی چاہیئے کہ ہم ایک دوسرے کو دیکھ سکین، ملتے رہین۔ اور وہ سوائے اسکے کچھ ہو نہین سکتی کہ تم میرے رشتہ دار بنجاؤ۔

مین (گھبراکر) کیسے، وہ کسی طرح؟ مین تو غریب نادار ہون۔ وہ۔ اس طرح کہ میرے کنبے مین شادی کرلو اور بہ حیثیت بہنوئی کے مل سکو۔ منظور ہے؟

مین۔ آپکی ایسی کون بہن ہو سکتی ہے جو اس مفلس کو قبول کرے؟

وہ۔ مین بتاتی ہون میری بہی بہن جسکو جان سے زیادہ چاہتی ہون جسپر کہ میرے پیارے اکلوتے بھائی کی بھی جان جاتی ہے۔ جانتے ہو میرا بھائی تمہارا دوست یا اُسکے نام کا دیوانہ اور اُسکی شکل کا پروانہ ہے۔

مین۔ (جلدی سے) پھر آپ یہ کیسے گوارا کرسکتی ہین اور آپکا بھائی میرا کب دوست رہیگا؟ وہ لڑکی مجھکو کیا سمجھیگی؟

وہ۔ یہ سب فیصلے ہولئے۔ آہ آہ! میرے والدین نے زر پرست والدین نے ہم دونون بہن بھائیون کو زندہ درگور کیا ہے ہماری دونون کی زندگی کے خوشیان چھین لی ہین۔ اصغر جس طرح مین تم سے بلند پایہ ہون اُسی طرح میرا بھائی بھی اُس غریب لڑکی سے جو "کنزن" بھی ہے بہت بالا ہے۔ والدین کب گوارہ کرسکتے ہین کہ اُنکا اکلوتا شہزادہ ایک غریب یتیم لڑکی سے بیاہا جائے جسنے ہمارے گھر پرورش پائی ہو۔ خواہ اپنی عزیز ہی کیون نہو ہم نے ہرچند کوشش کی مگر کسی طرح وہ میری بھاوج نہ بن سکی۔ چنانچہ میرے بھائی نے یہ ارادہ کرلیا ہے کہ اب کسی اور سے شادی نکریگا اور زمانۂ دراز کے لیے انگلینڈ جارہا ہے۔ اور مین نے اُس بہن کو رضامند کیا ہے کہ وہ تم سے شادی کرلے تم خیال کرسکتے ہو جبکہ اُسکا ایک سچا چاہنیوالا اسکی وجہ سے شادی نہین کرتا اور ہندوستان چھوڑ رہا ہے وہ کب گوارا کرسکتی ہے کہ شادی کرلے۔ مگر مین نے اپنی محبت کی قسمین دیکر اُسکو اسی امر پر تیار کیا ہے کہ وہ تم سے شادی کرے اور اس صورت سے مجھپر اُسکا یہ احسان ہو کہ مین تم سے مل سکون۔ ادھر تم کو اس پر یہ احسان کرنا ہوگا کہ میرے بھائی سے ٹھنڈے دل سے ملنے دو۔ اصغر! یہ ہندوستانیون کے لیے، ہم مسلمانون کے لئے زرائی بود قابل اعتراض تجویز ہے۔ مگر جب ہمارے دل پاک اور صاف ہین ہم آپس مین مخلصانہ محبت کرتے ہین تو پھر ملنے مین کیا برائی ہے؟، میرا بھائی تو دوسرے کی بیوی بنجانیپر اس لڑکی سے ہرگز نہین ملنا چاہتا، مگر مین نے سمجھایا ہے کہ وہ ہماری بہن ہے کیا بہ حیثیت بھائی کے وہ اپنی خالہ زاد بہن سے نہ مل سکیگا؟ اور تم بھی سچے شریف اور نیک سیرت بلند حوصلہ انسان ہو، کیا میرے بھائی ایسے نیک دل سادہ لوح بچے سے بدظنی کروگے؟ ہرگز نہین وہ مثل بہن بھائی کے آپس مین ملاکرینگے اور رہے بھی اسی طرح آیندہ سے شادی والی کا خیال بھی دل مین نہ آنے پائیگا۔ بلکہ تعلقات دوستانہ رہینگے۔ کہو پیارے اصغر! مین نے

کارخانۂ اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کو قریب ایک صدی کا زمانہ ہوا نیک نامی سے جاری ہے

کیا برا سوچا ہے؟ کیا تم اس قدر تنگ دل ہو کہ اپنی بیوی کا اُسکے چاہنے والے شریف اور سمجھدار بھائی سے ملنا گوارا نکروگے؟" احسن اُس کی اس تجویز سے گو مین بہت گھبرایا کیونکہ مجھپر ثابت تھا کہ بیرسٹر صاحب کا لڑکا جسکی عمر تقریباً اٹھارہ سال کی ہوگی اپنی خالہ زاد بہن پر فدا تھا، ایسی حالت مین وہ مجھسے کب محبت کر سکتی تھی؟ مگر مجھکو اُسکی محبت کی پروا بھی نہ تھی - وہ مجھسے اور مین اُس سے محبت نہین کر رہا تھا بلکہ کسی اور ہی کا حکم بجا لا رہے تھے - آخر مین مجبور ہو گیا اور بلا سوچے وعدہ کر لیا، محض اُس امید پر کہ وہ لسکیگی - اگر کہین اور شادی کی تو میری بیوی بدگمانی کریگی یہ لڑکی اپنی بہن کی شرافت سے واقف ہے اور مجھسے محبت نہین ہے بدظنی نہ کریگی - غرضکہ ہماری شادی ہو گئی - احسن! کیا خوب شادی ہوئی؟

احسن - تم ہی تھے کہ کر لی، مین ہرگز نکر سکتا -

اصغر - اس کمر محبت مین ڈوبکر بھی تمھاری کچھ عقل اور سمجھ رہجاتی تو نکرتے مگر مین تو بالکل بے عقل اور دیوانہ تھا - اتنا ہی غنیمت جانا کہ اُس سے ملسکونگا - وہ غریب بچی مجکو آسانی سے ملگئی اور میری والدہ بھی بہت خوش ہو گئین کہ حسین تعلیم یافتہ امیر گھر کی بہو لائین، گو محبت نہ اسکو مجھسے تھی اور نہ مجھکو اُس سے، مگر اچھا خاصا بنا ہا - اُسینے یہ سوچلیا کہ بیرسٹر صاحب، بیٹے کے دل سے بھلانیکو اُسکی شادی ضرور ہی جلدی کر دینگے اصغر ہی سے کر لو اس مین یہ فائدہ ہے کہ بہن پر احسان ہوگا اسکے لئے مین اور کوئی غیر برابر تھا چنانچہ میری اس شادی کو چھ تھا سال ہے - اتبک اچھی گزر گئی ہے سردیان وہ میرے یہان گزارتی، گرمیان ہم دونون کشمیر مین جو میرے لیے جنت تھی - مگر تا بکے، چار سال تک وہ اپنی شادی کو ٹالتی رہی کہ پہلے بھائی کی ہو جائے پھر کرونگی مگر بھائی نہ یورپ سے واپس آیا نہ شادی ہوئی والدین نے سختی سے مجبور کیا اور وہ بے بس اور مجبور ہو گئی - چنانچہ تین ہی ہفتے گزرے ہین کہ اُسکی نسبت ایک کروڑپتی سیٹھ کے لڑکے سے ہو گئی، جو اسی سال آئی سی - ایس ہو کر واپس آیا ہے، یہ ایک دن ہونا تھا اُسکا چندان غم نہ تھا، مگر آفت یہ ہے کہ وہ لوگ بہت تنگدل اور پرانے دستور کے پابند ہین - پھر بہت دور بمبئی لیجائینگے - وہ اب مجھے اتنا بھی نہ مل سکیگی - اب ہمارے ملنے کی کوئی امید باقی نہین رہی -

احسن - جانیدو - آخر ہمارے سالے نے بھی تو ہمت کی اور اُس لڑکی کا خیال ہٹا دیا انگلینڈ مین مزے کر رہا ہے تم بھی صبر کرو - ممکن ہے کبھی ادھر آنا ہو مل سکے - اتنا غم نکرنا چاہیے صحت بگڑ رہی ہے -

اصغر - احسن! اب میری زندگی محال ہے - میری روح پرواز کر رہی ہے دل بیٹھا جاتا ہے - خدا گواہ ہے جسدن سے میری شادی ہوئی ہے میری بیوی سے پوچھ لو ہم کسی طرح مثل بہن بھائی کے ملتے رہے ہین، مگر صرف دیکھ لینا ہی زندگی تھا - چھ ماہ سردی کے کشمیر کی اسی مین گزر جاتے تھے - سب لوگ ہم سے خوش تھے، کسی کو کوئی شبہہ و بدگمانی کا موقع نہ ملا تھا میری بیوی اُنکی شکر گزار ہے کہ اُنھون نے اچھا نیک شوہر دیا - اور اب ہم مین کچھ کچھ محبت بھی ہو گئی ہے - لیکن اصغر! اب میرا جینا بیکار ہے جب اُس کو ایک نظر بھی نہ دیکھ سکا - جسکے لئے مین نے شادی کا بار اپنے سر لیا تھا - ورنہ مجھ مین اس کام کی ہمت نہ تھی دل اپنا نہ تھا دل مین آرزو نہ تھی، شادی کیسی؟ مگر یون کر لی کہ جس لڑکی سے شادی کر رہا ہون وہ بھی میری طرح زندگی سے بیزار ہے، مجھسے کچھ زیادہ توقعات نہ رکھیگی ورنہ کسی بیگناہ کی زندگی تلخ کرنا گناہ خیال کرتا ہون - مگر اب آہ اب وہ چلی ہمیشہ کو چلی -

احسن - (مسکرا کر) وہ تو تاجر ہین اُنکے کارخانون مین ملازمت کر لو

اصغر - تم تمسخر کرتے ہو - مین یہ کرنیکو بھی تیار ہون، مگر وہ لوگ کب

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا ٹیلیفون نمبر ۱۳۹ ہے

گوارا کرینگے۔ وہ کہتی تھی شوہر کے خلاف مرضی مین اب کسی سے نہ ملونگی مجکو صبر کرو۔ ہر ایک اصغر نہین کہ بیوی کو ملنے دے۔

احسن۔ شادی کب ہے؟

اصغر۔ پرسون۔ وہ مانجھے بٹھادی گئی، مین کل گیا تھا زرد ساری پہنے شادی کی خوشبوؤن مین بسی تھی ایسی کہ جیسے شادی کیوقت میری بیوی۔

احسن۔ آہ کیا مجبوری ہے کیا کیا جائے؟ اصغر اب نہ دیکھسکو گے؟

اصغر۔ ہان ایک بار صرف ایکبار، انہون نے کہا ہے کہ نکاح کے قبل آخری مرتبہ مل جاؤ، اُسکے بعد مجھکو شوہر کی اجازت کے پابند ہی جائیگی

اصغر۔ حیرت ہے اسقدر نیک خیال لڑکی۔ آہ خدا سمجھے ہندوستان والون کو کیسی بے میل شادیان کرتے ہین، لڑکی کو اسقدر تعلیم دی، آزادی دے دی اور عمر بھر کو جہنم مین ڈھکیل دیا۔

احسن۔ اس بیرسٹر نے تو غضب ہی کیا، اس حد تک تعلیم یافتہ اور آزاد ہوکر اولاد کی زندگی تباہ کردی جب ایسے آزاد لوگ یون قدامت پسندی کی مثالین قائم کرین تو بھلا بیچارے پرانے جاہل لوگون پر کیا افسوس ہے۔ شادی اولاد کی اور پسند و انتخاب اپنا۔ اگر کہین شبہہ ہوگیا کہ لڑکا یا لڑکی خود ان جگہ کو پسند کرتے ہین تو اپنی تمام قوت و کوشش صرف کرینگے اس کام پر کہ انکی حسب پسند محبت کی جگہ شادی نہ کرنے دین جس سے انکو اپنے کئے کی سزا ملے۔

اصغر۔ پیارے احسن! کیسا ظلم ہے کسقدر سفاکی ہے کہ یہ لوگ انسان کو اُس عطیۂ قدرت سے محروم کردینا پسند کرتے ہین اور کردیتے ہین جسکو خداوند کریم نے ہر ذی روح مین ودیعت کیا ہے انسان ہی پر کیا منحصر ہے دیکھو یہ چرند و پرند کیا آپس مین محبت نہین کرتے؟ ان کے کیسے پُر محبت و شیرین جوڑے ہوتے ہین محبت ایک فطرتی جذبہ ہے جسکو یہ لوگ پامال کردیتے ہین۔ ہم ہندوستانی لوگ محبت کہان کرسکتے ہین؟ سوا شادی کے وہ بھی شادی کے بعد اگر قسمت نے یاوری کی تو بنگئی، ورنہ حقیقی دلی محبت سے سرشار میان بیوی ہم مین کہان ہین؟ اسی سے بیشتر اُنکو علیحدہ رکھا جاتا ہے، پھر یہ بے بس و مجبور فرقے مین ناکتخدا لڑکے اور لڑکیان ہی نعمت محبت حاصل کرین تو کیسے؟ اور بغیر اسکے بھی جئین تو کیسے؟ احسن! میرے احسن!! اصغر اب زندہ نہ رہیگا آہ بے محبت زندگی مسیود ہے، عذاب قبر سے بدتر ہے۔

احسن (بچشم پرنم) آہ اصغر! پیارے بالکل سچ ہے۔ مگر ہم مجبور ہین ہمکو اسی حال مین جینا پڑتا ہے۔ تمہاری شادی ہوگئی ہے، بیوی بھی اچھی ملی ہے اُس غریب سے دل لگاؤ، الفت کرو اور یونہین اپنی زندگی کے دن بسر کرڈالو۔

اصغر۔ یہ درست ہے، بیوی لاجواب ہے، میری جان نثار ہے، مین اُسکا قدردان۔ مگر احسن، یہ سب کچھ شرعی ہے اور فرض خیالکر کے ایک دوسرے کا خیال کرتا ہے ورنہ مین اُسکا اور وہ میری عاشق نہین ہے۔ چونکہ میان بیوی بنادئے گئے ہین، ہمکو ایک دوسرے کے حقوق شرعی کا خیال "فرائض زوجین" کی پابندی ادا کرنا ہے۔ آہ آہ، ہم چارون کو زندہ مار ڈالا، چارون کی آرزوئین تمنائین میٹ دیگئین، خوشیان چھین لی گئین اب ہمارا جینا عبث ہے۔

احسن۔ (بات ٹالنے کو) اصغر! یہ لوگ تو ہمیشہ کشمیر جایا کرتے تھے تم کہتے تھے، اس سال یہان کیسے آگئے؟

اصغر۔ اس دفعہ داماد صاحب کا حکم تھا کہ شملہ آؤ مین بھی یہین ہونگا۔

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی تیار کردہ اشیاء خالص عمدہ اور بکفایت ہوتی ہے

احسن۔ مری خوش نصیبی تھی کہ وہ آئے تو تم بھی شملہ آگئے ورنہ اب بھی ملنا نہوتا۔

اصغر۔ (گھڑی دیکھکر) اب جانا چاہیئے ۷ بجنے والے ہین اس وقت آخری رخصت کو بلایا تھا" دونون نے اور بچشم تر وہ رخصت ہوئے احسن اندر چلا گیا۔

اصغر۔ آخر مجکو بلایا کیون ہی؟ جب بولنا نہ تھا۔ دیکھو وقت گزرا جاتا ہے آدھ گھنٹہ ہوگیا مجھے بیٹھے ہوئے سُنو کچھ تو کہو مین چلا جاؤن؟ کیا اس خوش نصیب کی طرف سے بولنیکی بھی اجازت نہین؟

عروس (ہاتھ پکڑکر) ہاے ایسا نکرنا۔ آج آپکو بہت دیر مین جانے دونگی اصغر یہی شب ہے بس یہی۔ اسکے بعد عمر بھر کی جدائی۔ یون تو مین ابھی ۲ ہفتے یہان اور رہونگی، مگر کل صبح عقد ہو جائیگا، اسکے بعد دوسرے کی پابندی ہے اور تم سے ہمیشہ کو جدائی ہے اور مین" یہ کہتے کہتے روتی ہوئی اصغر کی گود مین گرکر بیہوش ہوگئی اور بہت دیر کے بعد ہوش آیا۔

اصغر۔ اسقدر رنج نکرو آخر زندگی گزارتی ہے۔ امید ہے وہ اچھا شخص ہوگا جو بہت زیادہ قدر و منزلت کریگا۔ تعلیم یافتہ ہے نیک سنا جاتا ہے۔

عروس۔ یہ سب کچھ سہی مگر وہ مجھسے اسقدر محبت نہین کرسکتا جسقدر میرا اصغر۔ کاش مجکو بے شادی عمر گزارنیکی اجازت ملجاتی۔ اصغر اب ہم کبھی نہ مل سکینگے صورت نہ دیکھ سکینگے۔ خط نہ لکھ سکینگے۔

اصغر۔ تو کیا پھر یہ زندگی ہوگی؟ ہرگز نہین مین اس زندگی کو آج ہی صبح سے پہلے پہلے ختم کرڈالونگا۔

عروس۔ توبہ کرو توبہ اصغر۔ مسلمان ہو یہ دنیا دین مصائب ایکدن ختم ہوجائینگے مگر عذاب عقبےٰ ختم نہوگا۔

اصغر۔ کیسی عقبےٰ؟ جب ہماری دنیا ہی بدمزہ ہوگئی۔ خدا نے نہین ہمارے چاہنیوالون اور عزیزون نے تلخ کردی ہے۔ اور ہم کب برداشت کرتے ہین۔ مین بھی آپ کے بھائی کی طرح کہین کو نکل جاتا مگر آپ نے اور مہربانی کی میرے پاؤن مین ایک زنجیر ڈالدی ہے اور وہ اسقدر نیک و شریف لڑکی ہے کہ مین اسکو دکھ دینا نہین چاہتا۔

عروس۔ ہرگز نہین۔ پیارے اصغر وہ زنجیر نہین وہ ایک نعمت ہے جو تمہاری خدمت اور رفاقت مین عمر تیر کریگی۔ وہ ہماری محسن ہے چار سال تک کس آسانی سے ہمین ملنے دیا۔ کیا تم اُن گھڑیون کو بھول گئے جب وہ ہمین ایک جگہ بٹھا کر خود اُٹھ جایا کرتی تھی۔ اور ہم روکتے تو کہتی "جب اطمینان ہے تو کیون نہ چلی جاؤن" اسی لڑکی کی بدولت چار سال تک ہم حقیقی بہن بھائی کی طرح مل سکے، گویا۔ یہ چار برس ہم نے دُنیا مین گزارے۔ اب دوزخ ہے اور ہم مجرمانِ محبت۔ آہ اس محبت کے ارتکاب جرم" مین ہمکو یہ دائمی جدائی کی سزا ملی ہے۔ خدا مدد کرے اور اب میری زندگی کم کرے اس دُنیا سے اُٹھالے" پھر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اور اصغر کے شانے پر سر رکھدیا۔

اصغر۔ میرے قریب کیون ہوتی ہو؟ آہ اب تم غیر کی ہو میرے ساتھ یہ بے تکلفی بھی ناجائز ہے۔

عروس۔ اصغر تم بھی ظالم نہ بنو کیا مین خواہرانہ حیثیت سے بھی نہین مل سکتی؟ اس ظالم آسمان کے نیچے ہم دونون بہن بھائی بھی نہین رہ سکتے۔

اصغر۔ اگر ایسا ہوسکتا تو آپ ہمیشہ مجکو بھائی خیال کرکے ملا کرتین آج کے بعد سے ہمیشہ کی جدائی کیسی؟

عروس یہ سچ ہے مگر میرا شوہر جو محض اجنبی ہے یہ کب باور کرسکتا ہے کہ مین تمکو بھائی سمجھتی ہون؟ پس اسکی بدظنی سے بچنے کی ایک

تمام ماہرین فن نے اصغر علی محمد علی تاجر عطر حنا کو بہترین عطر مانا ہے

ہی تدبیر ہے کہ آپ کی ہمیشہ کی ہلاکت آفرین جدائی کا تلخ جام پیون اور زندہ رہون۔ میرے اصغر! ایسا ہی تم بھی کرنا اور میری ناز آفرین۔ (اصغر کی بیوی) کو خوش رکھنا۔ آؤ ایکبار مل لو، اچھی طرح مل لو کہ اب ہم نہ ملینگے۔ یہ سنکر مغموم اصغر پہلے اُسکی طرف جھکا اور پھر رُکا۔

عروس۔ کیون میرے اصغر آج ہی سے میری محبت سینے سے نکلگئی کہ مجھ سے یون ہٹتے ہو؟ اصغر! مین تمہارے بغیر جیون گی مگر تمہاری یاد مین جیونگی۔ خاطر خدمت ایک اور کی کرون گی مگر یہ دل ہمیشہ کو تمہارا ہے۔ ابتک تمہارے چاہنے والی صادق دوست تھی، لیکن آج کے بعد سے جان نثار حقیقی بہن سمجھو۔ کیا بعض بعض بھائی اپنی بہنون پر جان نہین دیتے ہماری سچی اور اچھی محبت تا ابد قایم رہیگی ظالم والدین جہان بھیج رہے ہین جاتی ہون جس طرح نازآفرین نے ہمارا حکم مانا مین بھی مانونگی اور ہندوستانی تعلیم یافتہ لڑکی کا نام بدنام نہونے دونگی۔ ورنہ مین بھی سب کچھ کرسکتی تھی، والدین کو کچھ اختیار نہ تھا۔ مگر مین آزادی اور تعلیم پر حرف لانا نہین چاہتی۔ تم بھی ایسا ہی کرو خوشی خوشی ظاہری سہی، زندگی گزارو۔ مگر اصغر! دل مین مجھے یاد رکھنا ہائے ایسا نہ ہو کہ کبھی بھلا دو۔ کیونکہ عرصے کی جدائی مین یاد باقی نہین رہتی۔

اصغر۔ (اُسکا سر اپنے سینے سے لگاکر) مجھ پر یہ بدگمانی ستم ہے مجھکو اسی سر عزیز کی قسم ہے اگر کچھ دن زندہ رہا بھی تو تمہاری یاد مین۔ آہ تم نہین جانتی ہو کہ اس یاد کی تلخی مین بھی کسقدر حلاوت ہے درد فرقت ہی مین بے پایان مسرت ہے کیا تم سے علیحدگی کی گھڑیان مین کسی اور شغل مین بسر کرتا ہون؟ ہرگز نہین۔ اسی یاد، اسی خیال، اسی تصور مین وہ وقت کٹ جاتا ہے تمہاری تصویر ہر وقت پیش نظر رہتی ہے۔

عروس۔ مگر اصغر! یہ بدنصیب اب اس سے بھی محروم ہوتی ہے۔ میرے البم مین تو تمہارا فوٹو جائیگا مگر یہ (گلے کی سنہری زنجیر مین چھوٹی سی تصویر رہتی تھی) آج صبح ہی گلے سے نکالدیجائیگی اور اسکی جگہ ایک دوسرے کی ڈالی جائیگی۔

اصغر۔ ابھی سے اسکی کیا ضرورت ہے؟ یا یہ بھی لازمی ہے؟

عروس۔ ضرورت تو نہ تھی نہ ہوگی، مگر کل ہی شام مسٹر شاد (شوہر) ایک خوبصورت "انک چین" لائے جس مین یہ چیز بھی ہے۔ مین نے کہا بھی کہ فی الحال یہ خالی رہیگی" تو انہون نے فوراً ہی بکس مین سے اپنی ذرا سی شبیہہ بھی نکالدی! اب وہ تیار ہے اور لازمی ہے کہ کل ہی گلے مین ڈال لون۔ مگر میرے اصغر! کیا یہ دلسوز کام مین خوشی سے کر رہی ہون؟ جو تصویر آج نکالی جائیگی وہ تو میرے دل پر نقش ہے اور جو ڈالی جائیگی وہ ادائے فرض و خوشنودی شوہر کی باعث ہوگی۔

اصغر۔ ظالم کس کس تیاری سے ملا ہے چھوٹی تصویر بھی بنوالی اور اسقدر جلدی اُسے زیب گلو بھی دیکھنا چاہتا ہے۔

عروس۔ اصغر ہماری طرح وہ بھی خوش نصیب نہین ہے میرے والدین اُسے دھوکہ دے رہے ہین، کاش وہ کسی کو چاہتا، کوئی اُسے چاہتی اور وہ سچی زندگی اور حقیقی راحت حاصل کرتا۔ اب میرے ساتھ وہ طمانیت قلب، وہ مسرت کہان پائیگا؟ بدقسمت ہے۔ خوبصورت ہے، نوجوان ہے، مالدار ہے، مگر میرے خیال مین بہت ہی کمبخت و بدنصیب ہے۔

اصغر۔ اور جو خوش نصیب ہوجائے، اُسکی خوبیان تمپر اثر کرکے دل پر قبضہ کرسکین تو پھر دونون کو مسرت بے پایان حاصل ہوسکتی ہے۔

عروس (طنز سے) ہان ممکن ہے جیسے کہ یہ ممکن ہے کہ نازآفرین کی خوبیان اصغر کو اپنا کرلین۔ (اسپر وہ جھینپ گیا اور سر جھکالیا) دیکھو اصغر! وہ سامنے والے گلاب کے تختے پر کیسی چاندنی چھٹک رہی ہے

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کی شہرت کا باعث صرف عطر حنا ہے

ہم کبھی وہان بیٹھا کرتے تھے - ابھی ابھی چند ہفتے پیشتر -

اصغر - مین دیکھہ رہا ہون میری نظر اُسی پر ہے، آہ آج آخری نظر اور پُر حسرت نظرین پڑ رہی ہین کبھی وہ جگہ باعثِ شگفتگی رُوح ہوتی تھی مجھے آج سے کئی سال قبل کا وہ وقت بھی یاد ہے جبکہ بار اول ہم اسی جگہ ملے تھے - یاد ہے ؟

عروس - ہان خیال آیا پہلی بار مسٹر صفدر (اصغر کا وہ دوست جس نے کشمیر مین اُس سے ملایا تھا اور پہلی بار تختہ گلاب ہی پر مقدمات ہوئے تھے) نے آپ کو ہم سے ملایا تو ہم گلاب کے قریب بیٹھے تھے وہین چا، پی تھی صرف مقام کا فرق ہے ورنہ مقام بالکل کشمیر کے اُس مرکز محبت کی جگہ سے مشابہ ہے -

اصغر - اکثر ہم کشمیر مین اُسی جگہ بیٹھا کرتے تھے، مین نے اپنے گھر مین بھی اس ترکیب سے درختون کے صحن چمن ایک جگہ بنائی ہے، جہان تنہائی اور جدائی کی ناگوار گھڑیان کسی کے تصور مین بیٹھکر گزارا کرتا ہون - یہان شملہ کے چند روزہ قیام مین بھی وہی نقشہ پیش نظر رہا، مگر اب آہ اب ؟

عروس - اب کہان ہم، کہان یہ گلاب - اصغر! مین نے خود کوشش سے یہان آتے ہی کچھ گملے جمع کرکے اس گلاب کے قریب ہی اس ترکیب سے ایسا مقام بنایا تھا کہ میرے اصغر کو کشمیر مین تختہ گلاب کے قریب کی نشست بہت پسند تھی تو اس پہاڑ پر بھی اُسی جنت کا نمونہ کیون نہ بنایا جائے مگر آج معلوم ہوا کہ تم فیض آباد (اصغر کا وطن) مین بھی اسکی نقل کر چکے ہو - آہ آج یہ بھی چھوٹ رہا ہے مجھکو جتنی گلاب سے انسیت تھی اب نفرت ہو جائیگی - جب میرا اصغر ساتھ نہو تو اسے کیا کرنا ہے -

اصغر - مین نے بھی یہ ارادہ کرلیا ہے کہ گھر جاکر سب سے پہلے اُس کیاری کو آگ لگا دی جائیگی - آہ جب دل و جگر جل کر خاک ہو گئے تو گلاب کو کیا کرنا ہے -

عروس - اصغر! اب ۹ بجنے والے ہین - کہدون ہائے کیسے کہون کہ جانا ہوگا - میرا کھانا تو آج نہین آئیگا، مگر ساتھ امان جان بھی آئینگی اسلئے بہتر ہے کہ چلے جاؤ یا کھانا یہین کھا لو نا زآفرین بھی یہین کھائینگی -

اصغر - مین آج کھانا نہ کھاؤن گا میرے سینے مین ہلکا ہلکا درد ہے دل گرا جاتا ہے کھانے سے تکلیف بڑھ جائیگی - (اور اُٹھنے لگے) اچھا رخصت

عروس (پکڑ کر لپٹکر) ہے ہے اسقدر جلدی اور یون بیگانہ وار ؟

اصغر - پھر اور کیسے اور کب ؟ تمھین نے جانیکو کہا تھا میری تو سمجھ مین نہین آرہا ہے کہ کیا کرنا چاہیے، حواس کچھ گم ہو رہے ہین، جلدی چلا جاؤن تو بہتر ہے -

عروس (پریشانی سے) کیا سبب یہین لیٹ جاؤ تھوڑا پانی پیو، مین "اسپرلے ایمونیا" کے چند قطرے دیتی ہون تنہا گھر جاکر کیا کروگے بیوی تو یہین ہے " اس کے یہ کہتے کہتے وہ خود ہی عالم بے اختیاری مین فرش پر گر گیا اور اس پریشان صورت دُلہن نے سنبھالکر لٹایا، پانی چھڑکا اور گلاب سنگھائینگی - جب ذرا آنکھین کھولین تو پانی دیا - اُس نے دکھا کر سینے پر چند تر و تازہ چمکتے ہوئے گلاب کے پھول پڑے ہین - پہلے تو عادت کے موافق اٹھا کر آنکھون سے لگائے ہونٹون سے مس کئے مگر فوراً ہی گھبرا کر اُٹھ بیٹھا اور الگ رکھکر کہنے لگا -

"اب اُنکی قدر محبت چھوڑ دینی ہے نا ؟ آج سے گلاب تو بالکل نہ دیکھا جائیگا پھر اُن تینون پھولون کو اٹھا کر نہین ان کے ساتھ ایسا نہین کرسکتا یہ تو کسی کے دئے ہوئے ہین - اِن پیارے ہاتھون نے مٹھی سے علیحدہ کرکے مجھ تک پہونچائے ہین انکو ہمیشہ ہمیشہ اپنے پاس رکھونگا بلکہ مرتے وقت کفن مین بھی پھول ساتھ جائینگے -

علاوہ عطریات کے اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے کارخانہ کا تیار کردہ روغن اور نہایت اعلیٰ عرقیات طلب فرمائیے

عروس - اصغر ایسی باتین نکرو میرا دل بیٹھا جاتا ہے ہوش مین آؤ، تم تو کچھ بیجو اسی کی باتین کر رہے ہو۔

اصغر - مین ہوش مین ہون تمہارے قریب ہون، مگر کتنی دیر کو؟ چلون بتاؤ آخر کتنی دیر کو؟ اس طویل زندگی مین سے کتنا عرصہ یہان گزار سکتا ہون؟ اب اٹھا دیا جاؤنگا؟ در اصل ہٹا دیا جاؤنگا؟ اور یہ آخری ملاقات ہے، اسکے بعد پھر نہ دیکھ سکونگا؟ خدا کے لئے جلدی کہو میرا دم گھٹتا ہے، اصغر کا چہرہ سرخ ہو گیا پسینہ آگیا پھر فوراً ہی زردی چھا گئی اور وہ لرز کر زمین پر گر گیا۔ عروس غریب خود بیجو اس تھی اسنے جلدی سے اپنی بہن نازآفرین کو بلایا دونون نے بیحد کوشش کی مگر انکو ہوش نہ آنا تھا دس بج چکے اور وہ اسی طرح پڑا رہا، حواس درست ہو گئے تھے مگر ابھی اٹھنے کے قابل نہ تھا پسینہ برابر آرہا تھا۔ اسکا سر اسوقت اسی کے زانو پر تھا، وہ جانتا تھا کہ آج کے بعد موقع یہ کبھی میسر نہ ہوگا دونون کی آنکھون سے جھڑی لگی تھی۔ اصغر کے ہاتھ مین اسکا ہاتھ تھا جسکو اپنے سینے پر رکھ چھوڑا تھا بہت دیر بعد یون بولا اصغر مین اب چلا جاؤن؟ نہین تو ساتھ لیتے چلو۔ بخدا مین جدائی مین زندہ نہ رہ سکونگا۔ میری سمجھ اور عقل جا چکی ہے صرف ایک روح باقی ہے وہ بھی نکلجائیگی۔

عروس - کیا کرون؟ میرے پیارے اصغر! مین کیا کرون؟ آہ یہی ہو سکتا ہے کہ ہم دونون اسی جگہ یونہین اپنا خاتمہ کر دین اور ہمیشہ کو ایک ساتھ رہین

اصغر - ہمین یہ بھی بخوشی منظور ہے۔ مگر دونون نہین صرف ایک اپنی جان سے پیاری بچھڑ جانیوالی پر قربان ہو جائے صرف اجازت درکار ہے۔

نذر سجاد حیدر

لمعاتِ بسمل

(جناب مولوی سید امین الحسن صاحب رضوی بسمل موہانی)

پھر جی اٹھونگا مجھکو مسیحا جلائے کیون
پامال کر کے مجھکو کوئی آزمائے کیون

دامن عزیز ہو جسے اپنا وہ بیوفا
میرا مزاج پوچھکے مجھکو رلائے کیون

بلبل کے جوش جذبۂ گلچین کی روک کیا
پوچھے کوئی چمن مین بھلا گل کھلائے کیون

پہلے رہا لحاظ کہ بگڑے کہین نہ بات
اب یہ ندامتین ہین کیا صبر ہائے کیون

دشمن کی بزم مین ان ستمگار رعب حسن
دل پر نہ اختیار ہو جسکو وہ جائے کیون

اے ہمنشین جسے ہو دل اپنا عزیز، وہ
اس شوخ فتنہ کار سے آنکھین ملائے کیون

رحمت کو میکدے سے تعلق نہین اگر
میخانے ہی کی سمت گھٹا آئے جائے کیون

بسمل اگر نہین تھا کبھی آپ کو عزیز
مرقد پہ اسکی آپنے آنسو بہائے کیون

اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کے عطر حنا کا نسخہ کسی دوسرے [illegible] یاب نہ ہو سکا

نقد و تبصرہ

(۱) **دنیائے افسانہ** - از جناب محمد عبدالقادر صاحب سروری ایم۔اے۔ ایل۔ ایل۔ بی قیمت ۴ ؎ شرکتبۂ ابراہیمیہ اتحادی اسٹیشن روڈ۔ حیدرآباد۔ دکن

یہ کہنا شاید غلط نہو کہ تمام ادبی دنیا اسوقت مختصر افسانہ نویسی کے دور سے گزر رہی ہے اردو ہر چند کہ ایک نئی زبان ہے لیکن اسمین بھی مختصر افسانہ نویسی کی طرح پڑ چکی ہے۔ یہ دیکھکر مسرت ہوتی ہے کہ جناب عبدالقادر صاحب سروری نے ضرورت زمانہ کو ملحوظ رکھ کر "دنیائے افسانہ" مرتب کی اور اردو خوان اصحاب کو اس سے روشناس کیا۔ غالباً اپنے موضوع پر اردو زبان مین یہ پہلی تصنیف ہے اور کامیاب تصنیف ہے۔ کتاب مذکور کے بعض حصون سے ہمین اختلاف ہے مثلاً جناب مصنف کا خیال ہے کہ شاعری اور ناول کا موضوع ایک ہے۔ یہ تعمیم Generalization ہمارے خیال مین اپنے حدود سے متجاوز ہوگی۔ شاعری اور ناول نویسی دونون فنون سے متعلق ہین یہان تک تو ضرور دونون مین ایک ہی صفت مشترک ہے اس سے آگے بڑھنا ہمارے خیال مین ایک مصنف کی مستقل روش کے منافی ہے۔ بہرحال مصنف کا یہ نقش اول پبلک کی ہمت افزائی اور قدر دانی کا مستحق ہے۔ کتاب کی دوسری جلد بھی تیار ہو رہی ہے ہم توقع کرتے ہین کہ وہ بھی جلد ہمارے ہاتھون مین ہوگی۔ زیر نظر کتاب مین بیس عنوانات قایم کیے گیے ہین۔ افسانون کی اہمیت۔ فنون لطیفہ اور افسانہ۔ افسانون کی پیدایش حقیقت اور افسانہ۔ افسانون کی قسمین۔ افسانے کا ارتقا۔ ناول کی پیدایش۔ ناول کا موضوع۔ ناول کے عناصر۔ اعلیٰ ناول کے خصوصیات۔ مختصر قصے۔ مختصر قصون کا فن۔ اردو زبان اور افسانے۔ ابتدائی دور کے افسانے۔ فورٹ ولیم کالج کی کوششین۔ اردو ناول۔ اردو مختصر افسانے۔ اردو افسانون کا مستقبل۔ عنوانات پر نظر ڈالنے سے فوراً پتہ چلتا ہے کہ جناب مصنف نے کتاب کو مفید اور کارآمد بنانے مین کوئی کوشش اٹھا نہین رکھی۔ آخر کتاب مین اشاریہ بھی موجود ہے جسنے کتاب کو مفید تر بنا دیا ہے۔ ہم امید کرتے ہین کہ اردو دان پبلک نوجوان مصنف کی قدر دان ثابت ہوگی۔

(۲) **سیر گل** - یعنی مختصر افسانون کا مجموعہ از جناب جلیل احمد صاحب قدوائی بی۔اے علیگ مع مقدمہ از خواجہ غلام السیدین صاحب بی۔اے۔ ایم ای ڈی مطبوعہ مسلم یونیورسٹی پریس علیگڈھ عہ ہر مین مصنف سے یا یونیورسٹی علیگڈھ یا کاشانۂ اوناؤ کے پتہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

جناب جلیل کے افسانون کا مجموعہ سیر گل ہمارے ہاتھون مین ہے ان افسانون مین سے بعض ملک کے مشہور اور مقتدر رسایل مین چھپکر شایع ہو چکے اور پبلک سے داد تحسین حاصل کر چکے ہین۔ اس مجموعے مین اکثر افسانے مترجم ہین انمین سے بھی اکثر مشہور انگریز نگار جیکوب اور ایک فرانسیسی سحر طراز موپساں کے قلم کا شرمندۂ منت ہے۔ ادبیات مین ان افسانہ نویسون کا جو درجہ ہے اس سے افسانہ خوان طبقہ ناواقف نہین جہانتک ترجمے کا تعلق ہے ہم وثوق کے ساتھ کہ سکتے ہین کہ حضرت مترجم بہت کامیاب رہے ہین۔ ان افسانہ نگارون کے افسانون کا دنیا کی اکثر زندہ علمی زبانون مین ترجمہ ہو چکا ہے اردو ادب کا دامن اگر ان جواہر پارون سے خالی ہوتا تو مقام افسوس تھا۔ شکر ہے کہ جلیل صاحب نے اردو ادب کو ان گرانمایہ افسانون سے تہی دامن نہ رکھا خود جناب مصنف نے اپنے افسانون مین بھی دلکشی کا سامان فراہم کرنے مین کوتاہی نہین کی ہے کم از کم اردو ادب مین موصوف کے افسانے بھی بلند جگہ پانے کے مستحق ہین۔ کتاب کی افادی حیثیت کو دیکھتے ہوئے جناب خواجہ غلام السیدین صاحب کا مقدمہ کسیطرح نظر انداز نہین کیا جا سکتا۔ مقدمہ نگار کی سب سے پہلی خصوصیت سپر سماری وہ اٹھتے ہی پڑتی ہے یہ ہے کہ مقدمہ نویس نے افسانہ نگار کی بابت جو رائے قایم کی ہے وہ غیر ذمہ دارانہ نہین کہی جا سکی ورنہ عموماً یہ ہوتا ہے کہ مقدمہ نگار کا قلم مصنف یا مؤلف کا بیجا قصیدہ خوانی کو اپنا فرض سمجھتا ہے اور بجائے اسکے کہ کتاب کیلئے مفید ہو گمراہ کن ثابت ہوتا ہے۔ کتاب کی لکھائی چھپائی دیکھتے ہوئے یہ قیمت بھی کچھ زیادہ نہین کہی جا سکتی۔

وصل بلگرامی

عطر و عطریات کے اصغر علی محمد علی تاجر عطر لکھنؤ کا کارخانہ کا تیار کردہ روغن اور نہایت اعلیٰ عرقیات طلب فرمائیے

تعجب خیز رعایت

(گھڑیوں کی لوٹ) سولہ روپیہ کا مال دس روپیہ میں

محصول ڈاک و پیکنگ بھی معاف

آپکا نام بھی سنہری حروف میں گھڑیوں اور ٹائم پیس کے ڈیل پر مفت چھاپ دیا جائیگا۔

دونوں گھڑیاں اور ٹائم پیس مفت منگانیوالوں کو مفت مل سکتی ہیں محصول ڈاک بھی معاف

یہ رعایت صرف مال کی نکاسی اور پبلک کی فائدہ رسانی کیلئے ہے۔ وقت کو غنیمت جانکر جلد آرڈر دیجئے ایسا نہ ہو اسٹاک ختم ہو جائے اور دوسرے چالان کا انتظار کرنا پڑے

کلائی پر باندھئے

پاکٹ میں رکھئے

جگانیوالا چوکیدار

اصلی اعلیٰ قسم کی سیسے واچ	نیو فیشن گولڈ رسٹ واچ	مقبول عالم الارم ٹائم پیس
نکل سلور کیس	مختلف وضع کی فینسی بہت	طالب علموں کے کام کی چیز ہے
بالکل نیا ڈزائن قابل دید	مضبوط خوبصورت صحیح ٹائم	یہ ٹائم پیس بہت مضبوط بلند آواز
ٹائم کی صحیح مضبوط پرزے	دینے والی امتحان کی ہوئی معہ	میں الارم دیتا ہے ہمارا امتحان کیا
امتحان کی ہوئی معہ چین	اسٹراپ۔ قیمت چھ روپیہ	ہوا کہ نقلی بلا الارم کے ٹائم پیس
قیمت پانچ روپیہ صرف	محصول و پیکنگ وغیرہ ۸ر	بچے جو بالکل ہمکا یہ چیز ہے
محصول ڈاک و پیکنگ وغیرہ ۸ر		قیمت چار روپیہ آٹھ آنہ
		محصول ڈاک ۱۲



(نوٹ) ایک یا دو گھڑیوں کے خریداروں کو صرف مندرجہ بالا قیمتیں لینی چاہئیں البتہ محصول ڈاک و پیکنگ کی رعایت ہوگی

ملنے کا پتہ:- منیجر جان سن واچ ہوس رجسٹرڈ پرس و سٹ اینڈ واچ کمپنی ایس بی میرٹھ (یوپی)

نوایجاد سنہری چوڑیاں

مستورات کیلئے بینظیر تحفہ

یہ نہایت خوبصورت نازک اور منقش چوڑیاں حال ہی میں تیار ہو کر آئی ہیں انہیں ایک خول کی صورت میں بنایا گیا ہے۔ ان کے اندر رنگین ریشمی چوڑیاں اس عمدگی سے فٹ کی گئی ہیں کہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ بیش قیمت زبرجد یا یاقوت نیلم یا پکھراج کے نگینے جڑے گئے ہیں۔ بدون استعمال کیے ایک نگینہ اور دوسرے میں فرق نہیں آتا نہ سیاہی آتی ہیں۔ خواتین کیلئے [illegible] روپیہ کا کام نکالا جا سکتا ہے [illegible] فروخت ہوتی ہیں جلد منگوائیے تاکہ سٹاک ختم نہ ہو جائے [illegible] قیمت ڈھائی روپے تین سٹ [illegible] فرمائش کے ساتھ [illegible]

منیجر گولڈن سٹور پوسٹ بکس نمبر ۴

لاہور

تری کی لوٹی

نہایت اعلیٰ قسم کی ملائم بانات روان باریک اور گھنا۔ رنگ پختہ بانات دبیز و پتیل

جیسی پسند ہو قیمت ہر دو قسم ایک ہی ہے۔ صرف ۵ روپیہ پھندنہ ۸ر محصول وغیرہ ۶ر

ناپسند ہونے پر واپسی کی شرط

کے۔ اینڈ کینز کمپنی فیض بازار نمبر ۲۷

پوسٹ بکس نمبر ۳۲ دہلی



گھڑی ساعت

ہاکی

گھڑی



سلف فیلنگ فونٹن پن

از خود سیاہی کھینچنے والا فونٹن پن گولڈن نب انگلینڈ کی مشہور کمپنی کا بنا ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت خوشخط لکھتا ہے اور برسوں کام دیتا ہے۔ قیمت تین روپیہ آٹھ آنہ (۳/۸)

مشہور مصنفوں کی مشہور کتابیں

صرف ایک روپیہ میں

پُراسرار دلہن	۳۲ صفحہ	۲ر	شریف بدمعاش	۲۹ صفحہ	خونی دارغہ ۹۲ صفحہ ۴ر
ترکی دلہن	۱۰۶ "	۴ر	شریف چور	۱۰۰ "	جورو کا غلام ۵۲ " ۲ر
محل خانہ شاہی	۱۶۸ "	۶ر	نانا صاحب کی لوٹ	۱۰۲ "	غمخوار بیوی ۲۰ " ۱ر
اسرار امریکہ	۱۱۶ "	۴ر	کرشمۂ رقابت	۱۲۰ "	حسن بن صباح ۱۰۰ " ۴ر
انگریز ڈاکو	۱۳۲ "	۶ر	اندر پرست	۱۱۲ "	بچھڑی دلہن ۲۰۰ " ۱۰ر
سونے کی چڑیا کامل	۱۴۴ "	۴ر	انوکھا فقیر	۱۳۶ "	عیاش شوہر وفادار بیوی ۲۰۰ " ۲ر
عیاشی کا خفیہ راز	۱۲۴ "	۴ر	حیات شیخ چلی	۲۸ "	قاتل کا قاتل ۷۶ " ۲ر
نوابی دربار	۹۲ "	۳ر	ہوائی بندوق	۳۸ "	خونی بیوی ۱۶۴ " ۶ر
دو جورو کا شوہر	۶۰ "	۴ر	بچھڑوں کا ملاپ	۵۲ "	حسینوں کا مذاق باتصویر ۱۰۰ " ۱ر
انوکھی معشوقہ	۸۴ "	۳ر	خونی آقا	۶۸ "	دیوان چرکین ۳۶ " ۱ر
انقلاب فرانس	۱۹۶ "	۶ر	بہرام کی واپسی	۳۶ "	دیوان جان صاحب ۱۰۰ " ۴ر
وفادار دلہن	۱۰۴ "	۴ر	شوقین لڑکا	۵۲ "	مثنوی زہر عشق باتصویر ۳۶ " ۲ر
ترکی حرم سرا	۷۶ "	۲ر	خونی ساحر	۱۲۴ "	عاشقانہ خطوط و کتابت ۳۶ " ۱ر

نوٹ: اس کے علاوہ دو روپے یا اس سے زائد پر ایک آنہ تین روپے یا اس سے زائد پر ایک روپیہ یا اس سے زائد پر دس روپے تک ۱ر فی روپیہ کا کمیشن بھی دیا جاتا ہے اور فہرست کتب مفت۔

المشتہر: منیجر مفید عام بک ڈپو لکھنؤ

جوہر تمباکو کی خوش نما

خوش ذائقہ — خوبصورت — نقرئی وطلائی

گولی تمباکو خوردنی

جن کو خاص طریقہ سے ہمارے کارخانے نے محنت اور جانفشانی سے تمباکو کی مضرت دفع کرکے تیار کیا ہے شیشی مین بھرے ہونے سے سچے موتی معلوم ہوتے ہین۔ شایقین اور خصوصاً امرا کے قابل یہ شے بے مثل ہے نمونہ طلب فرماکر ملاحظہ فرمائیے۔

نرخنامہ حسب ذیل ہے

گولی تمباکو نقرئی فی تولہ ۱۰۰ روپیہ ۶ گولی تمباکو طلائی فی تولہ ۸ گولی تمباکو سادہ بلا ورق فی تولہ ۴

مقتدا خان اقتدا خان تاجر تمباکو و عطر وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

MORRIS CARS



for 1928

ماریس گاڑی کی خصوصیات

۱- انگلش کار ہے اور اس لئے مضبوطی کے لحاظ سے بے مثل۔

۲- کچی سڑکوں پر بھی نہایت آسانی اور حفاظت کے ساتھ چلتی ہے۔

۳- اس کے سارے پرزے ہندوستان ہی میں ملجاتے ہیں۔

۴- قیمت صرف دو ہزار سات سو پچاس روپیہ ہے۔

اس سے اونچی قیمت کی گاڑیاں بھی ہمارے یہاں موجود ہیں

ایڈلجی اینڈ کو دی موٹر گیرج نیو سول لائنس۔ لکھنؤ